باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

167

ماہنامہ عبقری ® لاہور

مئی 2020ء رمضان المبارک 1441 ھجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50 روپے

رمضان کے اعمال اور ٹوٹکوں سے چمکتا دمکتا، مہکتا عبقری آپ کے ہاتھوں میں!!!

# خواب کی تعبیر معلوم کرنا خود سیکھئے

## رمضان میں بنا میک اپ کے جلد کی تروتازگی

- رمضان، نکلتا سورج اور سورۃ رحمٰن کا خاص عمل! ہر مسئلہ کا حل
- جنت سے زمین پر اتاری گئی بوٹی کے حیران کن فوائد
- سحری ڈبل روٹی اور افطاری برگر؟ ذرا خیال کیجئے!
- بدگمان شوہر کی بدگمانی ختم! ٹوٹا گھر دوبارہ خوشحال
- ہر مشکل، پریشانی، جادو، جنات، بندش کا حل
- یہ دس باتیں اپنے بچوں سے کبھی نہ کہیں!

چھاتی کی گلٹی! بارش کے پانی سے بالکل ختم

شیخ الوظائف کی کراچی آمد

جمعہ 21 اگست سے لیکر اتوار 23 اگست 2020ء تک گوشہ درود وسلام کراچی میں خصوصی پڑھنا درود و دعا 23 اگست بروز اتوار بعد نماز ظہر اختتامی دعا و اجازت

مزید تفصیلات کیلئے 0322-4688313




آخری سٹیج کا کینسر ختم!


جس عورت کو ڈاکٹر نے بانجھ کہہ دیا اس کیلئے لاجواب عمل

رمضان میں گرمی سے بچنے کے آزمودہ 2 ٹوٹکے

فالودہ گھر پر بنائیں چاہے کھائیں چاہے پئیں موج اڑائیں

ہر لمحہ نیکی کیلئے تیار رہیں! نا معلوم یہ آخری رمضان ہو!









رمضان المبارک میں ان کتب پر 50% ڈسکاؤنٹ

یہ ڈسکاؤنٹ صرف دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے ملے گا۔

یہ محدود آفر اپریل اور مئی 2020ء تک ہے

# فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر | عنوان |
|---|---|---|---|
| 3 | نسلوں سے برکت چھن گئی عبرتناک انجام | 37 | جڑی بوٹیوں کی ملکہ سے ملاقات کیجئے |
| 4 | ہر لمحہ نیکی کیلئے تیار رہیں! نامعلوم یہ آخری رمضان ہو! | 38 | زکوٰۃ! مال بڑھانے اور محفوظ بنانے کا گر |
| 5 | صحابہ کرامؓ کیلئے درندوں کا عاجزی اور کلام کرنا | 39 | جنات کا پیدائشی دوست (سلسلہ وار) |
| 6 | دس باتیں اپنے بچوں سے کبھی نہ کہیں! | 41 | رمضان المبارک سورج اور سورۂ رحمٰن کا خاص عمل ہر مسئلہ کا حل |
| 7 | آخری سٹیج کا کینسر ختم! | 44 | روزے میں پیاس کی شدت کیسے کم کی جائے؟ |
| 8 | ڈپریشن یا معدہ خراب! آئیے روزہ افطار کریں! | 45 | قارئین کے آزمودہ ٹوٹکے |
| 9 | موسم گرما کی شدت میں صحت بخش غذاؤں کا ساتھ | 48 | بے جان ٹانگوں میں جان اس عمل کی برکت سے آئی |
| 10 | حضرت خواجہ معروف کرخیؒ کے روحانی وظائف | 51 | رمضان! کھجور کا انرجی ڈرنک اور جدید سائنس |
| 12 | صحت مند رمضان' گرمی کا توڑ دیسی مشروبات پئیں | 52 | چالیس دن پی لیں! شوگر ہمیشہ کیلئے کنٹرول |
| 13 | جسمانی بیماریاں اور ان کا علاج | 53 | حقارت سے امارت کا انوکھا سفر |
| 14 | روحانی امراض اور ان کا علاج | 54 | آپ کا خواب اور روشن تعبیر |
| 15 | میری زندگی کیسے بدلی؟ | 55 | بقیہ جات |
| 16 | روزے میں پیاس کی شدت سے نجات کا روحانی عمل | 56 | دوران وضو کے چند عمل لاکھوں نیکیاں |
| 17 | خوابوں سے رہنمائی حاصل کرنا سیکھئے | 57 | فالودہ گھر پر بنائیں' چاہے کھائیں چاہے بیچیں |
| 18 | رمضان میں جلد کس طرح چمکدار رکھی جائے؟ | 58 | معدہ خراب ہے! آئیے علاج بتاتا ہوں |
| 20 | سورۂ کہف کے فوائد اور کرشمات | 59 | عبقری دواخانہ کی ادویات نے مجھے حکیم بنادیا |
| 23 | ہچکی کے مریض شفاء پانی کا سچا ٹوٹکہ لیں! | 60 | سحری ڈبل روٹی اور افطاری برگر؟ ذرا خیال کیجئے! |
| 24 | لاکھوں نے آزمایا اور شفاء پائی! | 61 | عبقری روحانی چلہ اور دعا (اجتماع) |
| 26 | یتیم بچی ایابات سر پر اور کھانے کا انتظام نہیں! | 63 | ہجویری محل' گوشۂ درود و سلام اور عبقری حویلی کے اعمال |
| 29 | بھائیوں کی زمین پر قبضہ' نسل در نسل تباہی چل رہی | 64 | پورے سال کی مبارک تحریریں تسبیح خانہ لاہور میں گزارئیے |
| 34 | لسی فطری مشروب' رمضان میں انوکھے فوائد | 65 | عبقری ادویات بمعہ نرخ نامہ |
| 35 | قارئین کی آزمودہ تحریریں | | |


**ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں**

ایجنسی ہولڈر اپنی مہر لگائیں


عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ۞ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ (القرآن)

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ، جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

شمارہ نمبر 11 | جلد نمبر 14 | مئی 2020 رمضان المبارک 1441 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور مئی 2020ء — مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

(ایڈیٹر) شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبر شپ 1260 روپے (بذریعہ ڈاک) بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر


## تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اسلام اور اس کی بلند نظری نے جمہوریت سکھائی ہے۔ اسلام نے مساوات سکھائی ہے۔ ہر شخص سے انصاف اور رواداری کا حکم دیا ہے۔ کسی بھی شخص کے پاس کیا جواز ہے کہ وہ عوام الناس کیلئے انصاف' رواداری اور دیانتداری کے اعلیٰ معیار پر مبنی جمہوریت، مساوات اور آزادی سے گھبرائے۔ (کراچی بار ایسوسی ایشن 25 جنوری 1948ء)

| | |
|---|---|
| جگنو کی روشنی ہے کاشانۂ چمن میں | یا شمع جل رہی ہے پھولوں کی انجمن میں؟ |
| آیا ہے آسماں سے اڑ کر کوئی ستارہ | یا جان پڑ گئی ہے مہتاب کی کرن میں؟ |

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

## مجھے ضرور پڑھیں!

الحمدللہ! لاکھوں قارئین پڑھتے اور پھر لکھتے ہیں' ہم آپ کی تحریریں باری آنے پر ضرور شائع کریں گے۔ اگر کسی وجہ سے ڈاک ہم تک نہ پہنچی تو مجبوری ہے۔ تحریر پر اپنا موبائل یا فون نمبر ضرور لکھیں۔ نوٹ: حکیم صاحب کی ڈاک کے ساتھ جوابی لفافہ لازماً لگائیں تاکہ جواب دیا جاسکے۔

ایڈیٹر کی کتابیں' رسالہ آپ کی نظر سے گزرا حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے' بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکر گزار ہوں گے' ایڈیٹر کی کتابیں دراصل تالیفات ہیں جس کیلئے دوسری کتب' رسائل' جرائد سے استفادہ کیا گیا ہے' وضاحت کرنا لازم سمجھتے ہیں' مؤلف کا ان کے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ بطور حوالہ مختلف لوگوں کی تحریریں اور نظریات شائع کیے گئے ہیں۔

## فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں' رسائل' ڈائجسٹ' میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل وکتابیں محفوظ ہوں' ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں' وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک' ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

## عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے' وہاں سالہاسال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے' برتن' جوتے' فرنیچر' رضائیاں' اپنی زکوٰۃ' صدقات' عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں شکریہ! رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

## عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی' سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں' کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں' سامان ونقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

**ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔**


خط وکتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت وامن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

E mail:contact@ubqari.org || فون / فیکس 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803



محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا


نقشہ: مزنگ چونگی قرطبہ مسجد کے ساتھ عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے۔

ایڈیٹر کے قلم سے

# حال دل

## نسلوں سے برکت چھن گئی عبرتناک انجام

جو میں نے دیکھا، سنا اور سوچا (قسط اول)

### آسٹریلین گائے کا فارم ناکام کیوں ہوا؟

نذیر احمد راج مستریوں کا کام کرتا ہے کہنے لگا: ایک صاحب بیرون ملک سے اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے واپس آئے' اعلیٰ قسم کی آسٹریلین گائے لیں' ہر گائے لاکھوں روپے کی تھی' ان کا ذوق تھا کہ بہت بڑا فارم بنایا جائے' لوگوں کو خالص دودھ مہیا کیا جائے اور گائے کو سائنسی انداز میں پالا جائے' بہت بہترین انتظام کیا اور گائے کا لاجواب بہترین فارم بنایا۔ ملازمین رکھے' انہیں بہت اچھی تنخواہیں دیں۔ خود صبح آتے تھے اور فارم ہاؤس کو چیک کرتے' تسلی کر کے پھر واپس چلے جاتے۔ اس نے ملازموں کی خدمت میں کوئی کسر نہیں چھوڑی' یہ بات مجھے نذیر احمد بتا رہا تھا جو وہاں (فارم ہاؤس) راج مستری کا کام کرتا تھا وہ کچھ دن وہاں کام کرتا رہا' کچھ دن کام کرنے کے بعد اس نے انوکھا نظام دیکھا جس کی وجہ سے وہ شخص جو آسٹریلیا سے سارا نظام لائے تھے ناکام ہو گئے' ہوا یوں کہ گائیوں نے دودھ دینا کم کیا' پھر ختم کر دیا' گائے کمزور ہو گئیں' وہ حیران تھے کہ سارے سائنسی نظام' ساری احتیاطی تدابیر اور ان کو بھرپور غذائیں دی جاری ہیں آخر یہ سارا نظام کیوں ختم ہوا؟ نذیر احمد نے مزید بتایا کہ میں نے دیکھا کہ ایک ملازم فارم ہاؤس کی چھت پر کھڑا ہوتا تھا' ایک سڑک تھی جس کا بڑا گیٹ دور سے نظر آتا تھا اور صاحب کے آنے کا ایک وقت تھا اس وقت سے پہلے جانوروں کو بہترین گھاس ڈال دی جاتی تھی' وہ ملازم جیسے ہی گاڑی کو دیکھتا تھا اور جب گاڑی فارم کی حدود میں داخل ہوتی تو وہ سیٹی بجاتا تھا اور گائے گھاس کی طرف چھوڑ دی جاتی تھیں جب وہ آتا تو گائے گھاس کھا رہی ہوتیں' ہر چیز او کے ہوتی وہ گائے کو دیکھتا نظام کو دیکھتا ہر چیز کو پرکھتا اور واپس چلا جاتا' ادھر وہ جاتا اور ادھر اس کے جانے کے فوراً بعد گائے کے آگے سے گھاس ہٹا لیا جاتا کیونکہ اگر وہ گائے گھاس کھائیں گی موٹی تازی صحت مند ہو جائیں گی اور اس کا فارم ہاؤس چل پڑے گا' اب یہ گھاس نہیں دیں گے وہ کمزور ہوں گی گائے اس کو بیچنی پڑیں گی' نظام سارا خراب ہو گا اور پھر یہ وہی گائے اس سے لے لیں گے۔ آخر کار ایسا ہوا کہ وہ گائے روز بروز کمزور ہونا شروع ہوئیں اور ان کا دودھ ختم ہوتا گیا' وہ حیران تھا کہ میں گھاس بھی دیتا ہوں تمام چیزیں دیتا ہوں اور ان کو بہترین انجکشن اعلیٰ قسم کی ویکسی نیشن کرتا ہوں لیکن آخر مسلسل ایسا کیوں ہو رہا؟ اس نے کئی بار اس کا کھوج لگانے کی کوشش کی لیکن تمام ملازم آپس میں ملے ہوئے تھے وہ انجکشن نہیں لگاتے تھے' بیچ دیتے تھے' وہ ادویات نہیں کھلاتے تھے' فروخت کر دیتے تھے' وہ گھاس نہیں کھلاتے تھے' انہوں نے اپنے جانور دوسری طرف رکھے ہوئے تھے' ان کو وہ چارہ کھلاتے تھے۔ آخر کار اسے ناکام کر دیا گیا اور اسے اپنا سارا فارم ہاؤس بیچنا پڑا' پھر اتنا مایوس ہوا کہ ملک چھوڑ کر واپس آسٹریلیا چلا گیا۔

### مالک تو ناکام ہوا مگر ملازم بھی دربدر کی ٹھوکریں کھا رہے

ایک شخص تھا جس کا نام تو کچھ اور تھا لوگ اس کو ''ڈسکو'' کہتے تھے وہ ایک بھینسوں کے باڑے میں کام کرتا تھا مالک کی بہت تعریف کرتا' خوشامد کرتا' ان کے گھر میں دودھ' بالائی' مکھن پہنچاتا' انہیں راضی کرتا جس وقت مالک نے وزٹ کرنا ہوتا تھا وہ ایک خاص قسم کی سیٹی اور آواز نکالتا تھا' اس کے بعد تمام ملازم چوکنے ہو کر جانوروں کی خدمت پر لگ جاتے جب مالک چلا جاتا تو جانوروں کو نہ پانی دیتے' نہ گھاس دیتے' نہ سردی گرمی سے بچانے کیلئے کچھ نظام بناتے۔ آخر کار وہ ناکام ہو کر چلا گیا لیکن مالک تو ناکام ہو گیا ملازم پہلے آسٹریلیا والے فارم ہاؤس والے اور جو موجودہ ہیں آج بھی آنکھوں کے سامنے ہیں' دربدر کی ٹھوکریں' دربدر کی ذلت اٹھا رہے کیونکہ انہوں نے اپنی بدبختی کی وجہ سے برکات کا نظام اپنی نسلوں اور خود سے چھین لیا۔

### محکمہ زراعت کے بڑے افسر اور ملازم کی بے حسی

ایک چوہدری صاحب ہیں جو محکمہ زراعت کے بہت بڑے افسر ریٹائر ہوئے ہیں' گاؤں میں ان کے والد رہتے تھے' یہ شہر میں رہتے ہیں۔ جب تک والد گاؤں میں تھے جانوروں کی دیکھ بھال بہترین رہی' والد صاحب نے لمبی عمر پائی فوت ہو گئے' انہوں نے وہ ملازم جو موجود تھے ان کو نظام دے دیا لیکن والد صاحب کے بعد جانوروں (گائے بھینسوں) کا نظام کمزور ہونا شروع ہو گیا' وہ کمزور ہوئیں دودھ کم ہو گیا سب کچھ ختم ہونا شروع ہو گیا' یہ حیران ہوئے کہ آخر وجہ کیا ہے؟ جب یہ جاتے گھاس بھی ہوتا' چیزیں بھی ہوتیں نظام بھی ہوتا' آخر کار انہوں نے سوچا کہ اس کیلئے خفیہ نگرانی کی جائے' جب خفیہ نگرانی کی' انہوں نے ملازم کو کہا کہ جانور کو پانی پلائیں یہ پیاسے نظر آ رہے ہیں' ہم واپس آ رہے ہیں اور چیک کریں گے کہ جانوروں نے پانی پیا یا نہیں پیا؟ اب انہوں نے نگرانی کی اور ایک جگہ چھپ کر کھڑے ہو گئے' ملازم نے ایک ہاتھ میں بالٹی لی' دوسرے ہاتھ میں چھڑی تھی' گائے یا بھینس جتنی بھی تھیں ان سب کے منہ کو پانی لگاتا جب وہ پینا شروع کرتیں تو چھڑی مارتا' صرف منہ کو پانی لگتا تھا۔ اسی طرح سب کے منہ کو اس نے پانی لگایا۔ یہ جب واپس آئے تو ملازم سے پوچھا پانی پلا دیا' تو ملازم نے جواب دیا: جی بالکل سب کو پلا دیا اور سب سیراب ہیں' جب انہوں نے بتایا کہ ہم نے تو تمہیں آنکھوں سے دیکھا کہ تم نے ان کے منہ کو پانی لگایا ہے جب وہ پانی پینا شروع کرتیں تو تو چھڑی سے انہیں مارتا تھا' آخر کار یہ سخت مایوس ہو گئے اور انہیں اپنے جانور بیچنا پڑے۔

### میرے والد رحمۃ اللہ علیہ کی ہم دونوں بھائیوں کو نصیحت

ہم جب چھوٹے تھے تو ہمارے پاس بہت خوبصورت بڑی آسٹریلین گائے تھی' میرے بھائی اس وقت چھوٹے تھے' میرے بھائی نے مجھے خود بتایا کہ جب دودھ دھونے والا آدمی آتا تھا تو والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے اس کے اوپر کھڑا ہو جا جب دودھ دھوئے تو اس کو دیکھتے رہنا' ایک دفعہ بھائی کہنے لگے کہ (اور یہ بات میں نے خود بھی دیکھی) وہ شخص جو دودھ دھونے آتا تھا وہ دودھ پی رہا تھا' تھنوں سے ہی پی رہا تھا' اور بہت زیادہ پی رہا تھا اور ہمیں بالٹی بھر کر دیتا تھا لیکن بہت زیادہ وہ خود پی جاتا تھا اور انسان یہ بھی نہیں سوچ سکتا تھا کہ یہ کوئی برتن لایا یا چوری کر کے لے جائے گا' بھینس کو گھاس نہیں ڈالتا تھا' احتیاط نہیں کرتا تھا' آخر کار سخت سردی میں بھینس نے بچہ دیا اس نے احتیاط نہ کی' بھینس کو سردی لگ گئی' وہ سخت بیمار ہو گئی۔ اس طرح کے واقعات مسلسل ہوتے تھے جس کی وجہ سے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی وصیتوں میں یہ بات لکھی ہم دو بھائی ہیں دونوں کو یہ بات لکھی کہ کبھی خود جانور نہ پالنا اور دوسری چیز کہ خود زمینیں کاشت نہ کرنا' ٹھیکے پر دینا' یعنی کبھی زمینوں پر نہ جانا۔ (جاری ہے)

خالص جڑی بوٹیوں کا کمال دیسی کریم
نام دیسی اور کام ولائتی کریموں سے کہیں زیادہ
ہر گھر میں ہر وقت اور ہر تکلیف کیلئے
کیل، مہاسے، چھائیاں، داغ دھبے دور کرنے کا آزمودہ قدرتی علاج
جلد کی تمام بیماریوں کیلئے دیسی کریم پر بھروسہ کریں
قیمت:-/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# ہر لمحہ نیکی کیلئے تیار رہیں! نا معلوم یہ آخری رمضان ہو!

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

ہفتہ وار درس سے اقتباس

یہ روزہ جو رکھ کر بندہ اللہ کی بارگاہ میں پہنچے گا' اللہ اس کی نسلوں کو فاقے سے بچائے گا' یاد رکھیے گا اللہ بھوکا رکھ کر کھلاتا ہے اللہ پیاسا رکھ کر پلاتا ہے اللہ دکھ بظاہر دے کے تیرے دکھوں کو دور کرتا ہے' اللہ تجھے حکم دے کر آزماتا ہے اور اس آزمائش میں نسلوں کیلئے فقر غربت تنگ دستی کے دروازے ختم کر کے خیر کے دروازے کھولتا ہے اور عافیت کے دروازے کھولتا ہے روزہ کبھی بھی بندے کو غریب نہیں کرتا روزہ ہمیشہ بندے کو مال دار کرتا ہے کیوں میرا اللہ کہتا ہے تو نے میری مانی ہے میری خاطر پیاسا رہا ہے جا میں تجھے عطا کروں گا۔ میں آج ایک آیت سن رہا تھا' جس نے مجھے جھنجھوڑ دیا' ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دعا مانگی رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۔اللہ سے توبہ مانگی' مغفرت مانگی پھر ایک مطالبہ کیا آگے مطالبہ کیا کہ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا پہلے توبہ مانگی، نبی معصوم اور ابراہیم توبہ مانگ رہے توبہ مانگنے کے بعد کہا کہ مولا میری لڑی میں سے کوئی نبی دے' کمال ہے میں یہ آیت سن رہا تھا اور مجھے جھٹکے لگ رہے تھے کہ واہ ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اللہ سے مانگنے کی کیا ترتیب رکھی پہلے توبہ مانگی' کعبہ بنایا' محنت کی' محنت کرنے کے بعد کہا کریم قبول فرمالے' قبول فرمانے کے بعد پھر توبہ استغفار کیا پھر کہا مولا میری نسلوں میں کوئی ایسا نبی دے جو شہنشاہ نبی ہو اور وہ تشریف لائے۔ اللہ نے تمام دعائیں قبول فرمائیں۔ عمل سے پہلے دعا قبول' عمل کے درمیان دعا قبول اور عمل کے بعد دعا قبول۔ ہم نے رمضان المبارک کے ایک ایک پل ایک ایک پر محنت کرنی ہے' ایک ایک لمحے کو ضائع نہیں ہونے دینا' نا معلوم میرا آخری رمضان ہے نا معلوم آئندہ رمضان میں مجھے ایسا روگ لگ جائے میں تراویح نہ پڑھ سکوں' میں تسبیح نہ کرسکوں خدانخواستہ میں روزہ نہ رکھ سکوں' نا معلوم میری زندگی کے چند لمحے کیسے گزریں کیا ہو؟ کس طرح ہو کوئی خبر نہیں۔ یہ نیت کر کے رات کو سوئیں کہ کل کا روزہ میری آنکھوں کا روزہ ہے' میرے کانوں کا روزہ' میری زبان کا روزہ' میرے جذبوں کو روزہ' میری سوچوں کا روزہ' میرے پیٹ کا روزہ اور میرے موبائل کا روزہ۔ موبائل کا روزہ ایسے کہ صرف موبائل انتہائی ضرورت کے وقت ہی استعمال کریں۔

## رمضان میں بھوکا رہنے کا انعام! نسلوں سے فاقے ختم

ایک ریاست کا نواب تھا وہ بیمار ہو گیا اس کے ساتھ اس کا ایک وزیر' جی حضوری تھا' وزیر' جی حضوری' ایک وزیر ہوتا ہے جیسے' پرسنل سیکرٹری' بادشاہ بیمار ہو گیا اس سے کھایا پیا نہ جائے وزیر جی حضوری اس کے ساتھ بیٹھ کر کھاتا تھا ہمیشہ پہلا نوالا وزیر جی حضوری کھاتا تھا کہ کھانے میں زہر تو نہیں' نواب کے پاس باقاعدہ ایسے برتن ہوتے تھے اگر زہر ہوتا تو برتن اسی وقت ٹوٹ جاتا کیونکہ نوابی میں زہر کا مسئلہ بہت زیادہ ہوتا ہے' کون بندہ انتظار کرے کہ نواب صاحب فارغ ہوں تو میری باری آئے لہٰذا وزیر جی حضوری اس بات کا خیال رکھتا تھا کہ پہلا لقمہ تو میں نے کھانا ہے۔ بیمار ہونے کی وجہ سے بادشاہ نے کھانا پینا چھوڑ دیا جو بھی کھانا لائے بادشاہ نہ کھائے۔ ایک دن گزر گیا' وزیر جی حضوری نے بھی کچھ نہیں کھایا' بادشاہ خاموش' نڈھال پڑا دیکھ رہا' وہ اس کے پاؤں دبا رہا' اس کی خدمت کر رہا' علاج کر رہا' دو دن گزر گئے تین دن گزر گئے' آخر کار کہنے لگا: تم تو کھالو' کہنے لگا: آقا ساری عمر تو آپ کے لقمے کھائے ہیں' اب میرا جی نہیں چاہتا آپ نہ کھائیں اور میں کھاؤں' میرا جی نہیں چاہتا' چوتھا دن گزر گیا بادشاہ کی طبیعت میں کچھ سہولت ہوئی اس نے چند لقمے کھائے تو ایک لقمہ وزیر جی حضوری نے کھالیا۔ بادشاہ جب صحت مند ہو گیا' کھانا کھایا پھر اس نے بھی پہلا لقمہ کھالیا باقی بچا ہوا بادشاہ کا وہ کھالیتا تھا' بادشاہ نے کہا میرے جی میں ایک بات آرہی ہے' وزیر نے پوچھا کیا؟ بادشاہ نے کہا: تجھے میں سات گاؤں نہ دے دوں' اس دور میں گاؤں دیئے جاتے تھے گاؤں سے مراد یہ ہے کہ سینکڑوں مربع زمین' اس نے کہا: جی مجھ میں تو کوئی ایسی خاص بات تو نہیں ہے' بادشاہ نے کہا: میں نے تجھے بیماری میں' دکھوں میں دیکھا تو میری خاطر بھوکا رہا میں تو مجبوری میں بھوکا تھا پر تو عشق میں بھوکا تھا۔ قارئین! میرا اللہ کہتا ہے میرے بندے میں تو ویسے ہی پاک ہوں پر تو میری خاطر بھوکا رہا' لا تجھے میں سات گاؤں دیتا ہوں اور رب کے سات گاؤں کیا ہیں؟ دنیا کا بخت دیتا ہوں' راحت دیتا ہوں' رحمت دیتا ہوں' خوشیاں دیتا ہوں' کامیابیاں دیتا ہوں اور اس بھوک کے بدلے تیری نسلوں کو فاقوں سے بچاؤں گا' غربت سے بچاؤں گا' در در کے کشکول سے بچاؤں گا' در در کا بھکاری بننے سے بچاؤں گا۔ (جاری ہے)

انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے

**خطبات عبقری کا مطالعہ کریں**

### 16 درس سنے اور شادی ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمیں کسی نے عبقری رسالہ دیا' فون کے ذریعے آپ سے ملاقات کا ٹوکن ملا' ابا جی آپ کے پاس آئے' آپ نے انہیں درس سننے کا حکم دیا' ابا جی دفتر عبقری سے درس کے میموری کارڈ لے آئے' ہم نے درس سننا شروع کردیئے' چند ماہ بعد پھر ملاقات کا ٹوکن ملا' میرے ابا جی اور بھائی آئے' اس وقت ان کی شادی نہیں ہوئی تھی' آپ نے بھائی کو سختی سے درس سننے کی تلقین کی' بھائی نے صرف 16 درس سنے تو ایسا سبب بنا کہ ان کی فوراً شادی ہوگئی' پھر میری باجی نے اپنی شادی کے نہ ہونے کا خط لکھا' جوابی خط میں آپ نے ان کو بھی میموری کارڈ کے ذریعے سارا دن درس سننے کا لکھا' انہوں نے چند ہفتے درس سنا' اور ان کی شادی بہت ہی اچھی جگہ پر ہو چکی ہے۔ درس کے بعد جو دعا ہوتی تھی وہ اس دعا میں بھرپور شرکت کرتی اور رو رو کر دعا مانگتی تھی' روزانہ پانچ سے سات درس تک سن لیتی' سارا دن درس سنتی اور دعائیں مانگتی' اللہ کریم نے کرم فرمایا اور اس کی شادی ہوگئی۔ (نذیر احمد' بہاولنگر)

شفائے حیرت سیرپ
ہر قسم کی کھانسی، دمہ، الرجی کیلئے خوش ذائقہ اور فوری اثر سیرپ
گلے کی سوزش، ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے
پھیپھڑوں کو طاقت دے کر پھیپھڑوں کے زخم بھرتا ہے
"شفائے حیرت" پھیپھڑوں میں موجود بلغم کو ختم کرتا ہے
دورے والا دمہ ختم
بچوں، بوڑھوں، جوانوں و خواتین سب کیلئے یکساں مفید
قیمت 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کیلئے درندوں کی عاجزی اور کلام کرنا

انتخاب: ابولبیب شاذلی

حمزہ بن اسید رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک انصاری آدمی کے جنازہ میں بقیع کی طرف نکلے پس اچانک ایک بھیڑیا اپنے ہاتھ بچھائے ہوئے راستہ پر بیٹھا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ بھیڑیا وظیفہ طلب کرنے آیا ہے اس کو وظیفہ دو، صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا آپ کی کیا رائے ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر بکری کے چرانے والے ریوڑ میں سے ہر سال ایک بکرا، صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ تو بہت ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیڑیے کی طرف اشارہ کیا یعنی فرمایا کہ تُو توان پر جھپٹا مار دیا کر یہ سن کر بھیڑیا چلا گیا۔ جہینہ نے بیان کیا کہ بھیڑیوں کا وفد جو تقریباً سو کی تعداد میں تھا آیا جس وقت کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے اور بیٹھ گیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ رضی اللہ عنہم سے فرمایا کہ یہ بھیڑیوں کا وفد تمہارے پاس آیا ہے تم سے سوال کررہا ہے کہ تم اپنے کھانوں میں سے ان کے لیے کچھ مقرر کردو، باقی سے تم بے خوف ہو جاؤ، صحابہ رضی اللہ عنہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اپنی ضروریات کی شکایت کی۔ راوی کہتے ہیں کہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے ان بھیڑیوں کو بھگا دیا تو یہ نکلے اور ان کے لیے آوازتھی۔ (بحوالہ: حیاۃ الصحابہ حصہ دوم صفحہ نمبر 681)

# بھیڑیا مجھ سے انسانوں کی طرح بات کرتا ہے!

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ بھیڑیا ایک بکری پر جھپٹا اور اسے پکڑ لیا چرواہا اس کی طلب میں چلا اور اس بکری کو بھیڑیے سے چھین لیا، بھیڑیا اپنی دم زمین پر ٹیک کر بیٹھ گیا اور اس نے کہا تو اللہ سے کیوں نہیں ڈرتا ہے؟ تو نے مجھ سے ایسا رزق چھین لیا کہ جو اللہ نے مجھے دیا تھا اس چرواہے نے کہا اے لوگو! بڑے تعجب کی بات ہے بھیڑیا مجھ سے انسانوں کی طرح بات کرتا ہے تو بھیڑیے نے کہا سن! میں تجھے اس سے زیادہ عجیب بات کی خبر دوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم یثرب میں ہیں جو لوگوں کو ان باتوں کی خبریں دیتے ہیں جو پہلے گزر چلیں۔ راوی کہتے ہیں اس چرواہے نے اپنی بکریوں کو ہنکایا یہاں تک کہ مدینہ میں داخل ہوا اور ان کو مدینہ کے گوشوں میں سے کسی گوشہ میں چھوڑا پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر دی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا آواز دی گئی کہ نماز تیار ہے اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے تو چرواہے سے کہا کہ لوگوں کو بھی بتادو اس نے لوگوں کو بتایا (یعنی کچھ اس پر بیتا تمام لوگوں کو سنایا)۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس نے سچ کہا ہے قسم اس ذات کی کہ محمدؐ کی جان اس کے ہاتھ میں ہے قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک کہ درندے انسانوں سے کلام نہ کرلیں اور انسان سے اس کے کوڑے کا تسمہ کلام نہ کرلے اور اس کے جوتے کا تسمہ کلام نہ کرے اور اس کی ران اسے ان باتوں کی خبر نہ دیدے جو اس کے گھر والوں نے اس کے بعد پیدا کی ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ اس چرواہے کو مکلم الذئب کہا جاتا تھا۔ ابن وہب کی روایت میں ہے کہ اسی جیسا واقعہ سفیان بن حرب اور صفوان بن امیہ کے ساتھ پیش آیا انہوں نے بھیڑیے کو پایا تو اس نے ایک لڑکے کو پکڑنا چاہا وہ لڑکا حرم میں داخل ہوگیا تو وہ بھیڑیا واپس چلا گیا ان دونوں نے اس بات سے تعجب کیا تو بھیڑیے نے کہا اس سے زیادہ عجیب بات یہ ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم بن عبداللہ مدینہ میں ہیں جو تم کو جنت کی طرف بلاتے ہیں اور تم ان کو دوزخ کی طرف بلاتے ہو تو ابوسفیان نے کہا قسم لات و عزیٰ کی! اگر میں اس کا تذکرہ مکہ میں کروں تو مکہ والے چھوڑ دیں۔ (بحوالہ: حیاۃ الصحابہ حصہ دوم صفحہ نمبر 685)

# اے درندے! میری نسبت کا خیال کر

محمد بن منکدر سے روایت ہے کہ حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خادم فرماتے ہیں کہ میں نے سمندر کا سفر کیا میری وہ کشتی ٹوٹ گئی جس میں میں بیٹھا ہوا تھا میں کشتی کے ایک تختہ پر بیٹھ گیا، مجھ کو اس تختہ نے ایک ایسی جھاڑی میں لا ڈالا جس میں شیر تھا وہ شیر میرے ارادہ سے میری طرف لپکا میں نے کہا اے ابوالحارث! میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا غلام ہوں یہ سن کر اس شیر نے اپنا سر چھپالیا اور میری طرف متوجہ ہوا اور مجھے اپنے کندھے پر اٹھالیا یہاں تک کہ مجھے اس جھاڑی سے نکالا اور مجھے راستہ پر لا رکھا اور آہستہ سے آواز کی تو میں نے یہ خیال کیا کہ اب اس نے مجھے رخصت کیا ہے یہ میری اس شیر سے آخری ملاقات ہوگی۔

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ خادم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا کہ میں سرزمین روم میں لشکر سے بھٹک گیا یا یوں فرمایا کہ گرفتار کرلیا گیا تو وہاں سے بھاگ کھڑا ہوا، اپنے لشکر کی تلاش میں، پس اچانک میں نے ایک شیر کو دیکھا اور میں نے اس سے کہا کہ اے ابوالحارث! میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا غلام ہوں اور میری بات اس اس طرح ہوئی ہے تو شیر دم ہلاتا ہوا سامنے آیا اور میرے پہلو میں کھڑا ہوگیا جب کبھی کوئی آواز سنتا تو اس کی طرف مائل ہوتا پھر وہ میرے پہلو کے برابر آتا اور چلتا اسی طرح وہ کرتا رہا یہاں تک کہ مجھے لشکر تک پہنچا دیا پھر وہ شیر ان سے واپس لوٹ گیا۔

وہب بن آبان قرشی نے بیان کیا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کسی سفر کے لیے نکلے وہ چلے جارہے تھے اچانک لوگوں کو دیکھا کہ ٹھہر گئے ہیں دریافت کیا کہ یہ لوگ کیوں کھڑے ہیں؟ لوگوں نے کہا کہ ایک شیر راستہ پر ہے اس سے یہ لوگ خطرہ محسوس کررہے ہیں، یہ اپنی سواری سے اترے اور اس شیر کے پاس گئے اور اس کا کان پکڑ کر مروڑا اور اس کی گدی پر ہاتھ مارا اور اس کو راستہ سے ہٹادیا اور اس کے بعد فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیرے متعلق جھوٹ نہیں فرمایا میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے یہ ابن آدم پر جب ہی مسلط کیا جاتا ہے جب ابن آدم اس سے ڈرتا ہے اور اگر ابن آدم صرف اللہ سے ڈرے تو اس کے اوپر اللہ کا غیر مسلط نہیں کیا جاتا اور ابن آدم اسی کی سپردگی میں دیا جاتا ہے جس سے ابن آدم امید لگاتا ہے اور اگر ابن آدم صرف اللہ سے امید لگائے تو اللہ اس کو اپنے غیر کی سپردگی میں نہ دے۔ (بحوالہ: حیاۃ الصحابہ حصہ دوم صفحہ نمبر 683)

**کیا آپ موبائل پر فری ٹوٹکے پانا چاہتے ہیں؟**

مشکلات جتنی بھی ہوں الجھنیں حد سے زیادہ ہوگئی ہوں فری بالکل فری! بس اپنے موبائل پر Follow لکھ کر سپیس دے کر ubqari لکھیں اور 40404 پر میسج کریں اور روزانہ دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے انوکھے حیرت انگیز وظیفے اور ٹوٹکے بالکل فری پائیں۔ نوٹ: 40404 ٹویٹر کی ایک فری SMS سروس ہے کوئی بھی ادارہ اس سروس کو اپنی سہولت کیلئے اپنے نام سے شروع کرسکتا ہے۔ 40404 سے عبقری کے نام کے بغیر آنے والے میسج عبقری کی طرف سے نہیں ہیں۔ صرف وہی میسج عبقری کے ہیں جن کے شروع میں عبقری لکھا ہوگا۔

# دس باتیں اپنے بچوں سے کبھی نہ کہیں!

حرم فاطمہ، فیصل آباد

آپ شاید اپنے بچوں سے یہ باتیں کہتی ہوں گی جیسے ''آنے دو اپنے ابو کو، شکایت کروں گی تمہاری'' یا ''اپنی بہن جیسے بنو!''۔ مگر ایسی بہت سی باتیں ہیں جو اپنے بچوں سے آپ کو نہیں کہنی چاہئیں۔ اسی میں، آپ کی اور آپ کے بچوں کی بھلائی ہے۔ **(1) بہت اچھے! یا شاباش!:** تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ ہر بار آپ کے بچے کی جانب سے کوئی نئی بات سیکھنے پر ''بہت اچھے'' یا ''شاباش'' وغیرہ جیسے عام سے الفاظ کہنا بجائے اس میں اعتماد پیدا کرنے کے، آگے بڑھنے کے لیے اسے آپ کی تعریف کا محتاج بنا دیتے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ بچوں کی تعریف مناسب و موزوں مواقع پر کریں اور مختصر الفاظ استعمال کریں یعنی بجائے اس کے کہ ''بہت اچھا کھیلے'' یہ کہیں کہ ''اپنے ساتھیوں کا تم نے اچھی طرح ہاتھ بٹایا''۔ **(2) محنت میں عظمت:** سچ ہے کہ بچہ جتنا زیادہ وقت سیکھنے میں صرف کرے گا اس کی مہارت اتنی ہی بڑھے گی۔ مگر دوسری جانب یہ پرانی کہاوت اس دباؤ کو بڑھا سکتی ہے جو آپ کا بچہ جیتنے یا مہارت حاصل کرنے کے لیے برداشت کر رہا ہوتا ہے۔ ماہرین کہتے ہیں۔'' اس سے یہ پیغام جاتا ہے کہ اگر آپ سے غلطی ہوگئی ہے تو اس کا مطلب ہے کہ آپ نے محنت نہیں کی۔ اکثر ایسے بچوں کو دیکھا گیا ہے جو اپنے آپ سے یہی سوال کر کے خود کو کوس رہے ہوتے ہیں کہ میرے ساتھ مسئلہ کیا ہے؟ میں مسلسل محنت کر رہا ہوں مگر پھر بھی سب سے بہتر نہیں''۔ اس کے بجائے اپنے بچوں کو مزید محنت کرنے کی ترغیب دیں اور اس کی حوصلہ افزائی کریں۔ اس کی کارکردگی میں بہتری آئے گی اور اس بہتری پر اسے فخر بھی ہوگا۔ **(3) تمہیں کچھ نہیں ہوا:** آپ کے بچے کو اگر چوٹ لگ جائے اور وہ دھاڑیں مار کر رونا شروع کر دے تو یقیناً آپ کا دل اسے یہ تسلی دینے کو چاہے گا کہ اسے زیادہ چوٹ نہیں لگی۔ لیکن یہ کہنے سے کہ ''تمہیں کچھ نہیں ہوا'' ممکن ہے کہ وہ اور زیادہ برا محسوس کرنے لگے۔ ماہرین کہتے ہیں کہ ''آپ کا بچہ اس لیے رو رہا ہے کہ اسے کچھ ہوا ہے''۔ اس صورت حال میں آپ کا کام ہے بچے کو اس کے جذبات سمجھنے اور ان پر قابو پانے میں مدد دیں، ان کی نفی نہ کریں۔ اسے سینے سے لگائیں اور کچھ ایسا کہہ کر کہ ''واقعی تمہیں تو چوٹ لگی ہے'' اس کے محسوسات کو تسلیم کریں۔ پھر اس سے پوچھیں کہ وہ کیا چاہتا ہے۔ پٹی کی جائے یا اسے پیار کیا جائے! **(4) جلدی کرو:** اس کے باوجود کہ اسے سکول کے لیے دیر ہو رہی ہے آپ کا بچہ اپنے جوتوں کے تسمے خود باندھنے کی ضد کر رہا ہے (حالانکہ ابھی اسے تسمے باندھنا ٹھیک طرح سے نہیں آئے)۔ مگر اسے جلدی کرنے کو کہنا اس پر دباؤ بڑھا دے گا۔ ایسے موقع پر اپنا لہجہ نرم رکھتے ہوئے کہنا چاہیے ''دیر ہو جائے گی بیٹا'' جس سے یہ پیغام جائے گا کہ آپ دونوں ایک ہی مشکل کا سامنا کر رہے ہیں۔ کام جلدی کرنے کے عمل کو کھیل میں بھی تبدیل کیا جا سکتا ہے یہ کہہ کر کہ ''دیکھیں پہلے کون اپنا یونیفارم پہنتا ہے!''۔ **(5) میں ڈائٹنگ کر رہی ہوں:** آپ وزن میں کمی کر رہی ہیں؟ یہ بات اپنے تک رکھیں۔ اگر آپ کا بچہ ہر روز آپ کو ترازو پر کھڑے ہو کر وزن کرتے اور خود کو ''موٹی'' کہتے ہوئے سنے گا تو انسانی جسم کے بارے میں وہ غلط تصور تخلیق کر سکتا ہے اس کی بجائے یہ کہنا بہتر ہوگا کہ ''میں صحت بخش غذائیں استعمال کر رہی ہوں کیونکہ اس سے میں ہشاش بشاش رہتی ہوں'' یہی طریقہ ورزش کیلئے بھی استعمال کریں کیونکہ ''مجھے ورزش کرنی ہے'' سے یہ تاثر مل سکتا ہے کہ یہ ایک بوجھ ہے جبکہ یہ کہنے سے کہ ''آج کا دن بہت اچھا ہے۔ میں ٹہلنے جا رہی ہوں'' آپ کی بچی یا بچہ متاثر ہو کر آپ کیساتھ شامل ہو سکتے ہیں۔

# بچوں کی شخصیت میں کمی نہیں دیکھنا چاہتے تو یہ پڑھیے

**(6) دیکھ بھال کرو یا احتیاط کرو:** آپ کے بچے پارک میں منکی بارز پر لٹک رہے ہوں اور آپ انہیں کہیں ''احتیاط سے کھیلو!'' تو بڑی حد تک ممکن ہے کہ وہ گر جائیں۔'' آپ کے الفاظ ان کی توجہ بھٹکا دیں گے، ان کا ذہن منتشر ہوگا۔ ماہرین کہتے ہیں کہ اگر آپ کو تشویش ہے تو بچوں کے قریب رہیں تاکہ اگر وہ لڑکھڑائیں تو آپ انہیں سنبھال سکیں۔ **(7) پہلے کھانا ختم کرو، پھر میٹھا ملے گا:** یہ جملہ کہنے سے بچے کے نزدیک انعام کی اہمیت بڑھ جاتی ہے اور کھانے کی اہمیت کم ہو جاتی ہے اور وہ کھانے سے لطف اندوز نہیں ہو پاتا۔ اس لیے ایسے مواقع پر کہنا چاہیے ''پہلے ہم کھانا کھائیں گے پھر میٹھا'' الفاظ بدلیں گے تو خیالات بدلیں گے اور بچوں پر مثبت اثر پیدا کریں گے۔ **(8) ہمارے پاس پیسے نہیں:** اپنے بچے کی جانب سے کسی کھلونے کی فرمائش کرنے پر یہ جملہ دہرانا بہت آسان ہے مگر خیال رہے کہ یہ کہنے سے آپ کے بچوں پر غلط تاثر پڑ سکتا ہے جو انہیں احساس محرومی میں مبتلا کر سکتا ہے اور جب آپ کوئی مہنگی گھریلو شے خریدیں تو چھوٹے بچے اپنی معصومیت میں آپ سے استفسار کر سکتے ہیں کہ ''آپ تو کہہ رہی تھیں کہ آپ کے پاس پیسے نہیں۔ پھر یہ چیز کیسے خرید لی؟'' لہٰذا یہی بات کہنے کا کوئی متبادل طریقہ منتخب کریں جیسے ''ہم یہ نہیں خرید رہے کیونکہ ہمیں کئی اہم چیزیں خریدنی ہیں۔ اس کے لیے پیسے بچا رہے ہیں''۔ اور آپ کا بچہ بحث پر اتر آئے تو آپ کے پاس بچاؤ کا راستہ یہ ہے کہ اسے سمجھانا شروع کر دیں کہ بچت کس طرح کی جاتی ہے۔ **(9) کسی اجنبی سے بات مت کرو:** چھوٹے بچوں کے لیے یہ بات سمجھنا مشکل ہوتا ہے۔ وہ اگر کسی کو جانتے نہ ہوں پھر بھی اس کے اچھے رویے کی بنا پر وہ اسے اجنبی نہیں سمجھتے۔ مزید یہ کہ بچے اس بات کا غلط مطلب لے کر پولیس والوں یا فائر فائٹرز کی مدد لینے سے بھی انکار کر سکتے ہیں کیونکہ وہ انہیں پہلے سے نہیں جانتے۔ بجائے اس کے کہ انہیں اجنبیوں سے ڈرایا جائے آپ ان کے سامنے چند مناظر تخلیق کر سکتے ہیں کہ ''اگر کوئی ایسا شخص جسے تم نہیں جانتے، تمہیں ٹافی دینے کی کوشش کرے تو کیا کرو گے؟'' اسے بتا دیں کہ ایسی صورت میں وہ کیا کریں گے پھر انہیں درست عمل سے آگاہ کریں۔ **(10) میں تمہاری مدد کرتی ہوں:** آپ کا بچہ اگر بلاک ٹاور بنانے یا کوئی معمہ ختم کرنے کی کوشش کر رہا ہو تو فطری طور پر آپ اس کی مدد کرنا چاہیں گی۔ خبردار ایسا مت کیجئے۔ اگر آپ بہت جلدی اس کی مدد کرنے لگیں گی تو بچے کی سوچنے کی صلاحیت پر ضرب پڑے گی اور وہ جواب کے لیے دوسروں کی طرف دیکھے گا۔ البتہ آپ اس کی مدد کر سکتی ہیں مگر اس سے ایسے سوالات کر کے کہ ''اس جگہ بڑا پیس لگے گا یا چھوٹا؟'' یہ وہ چھوٹی چھوٹی چیزیں ہیں جو کہ ہمیں سمجھنا چاہیے کہ ان کے کرنے اور نہ کرنے سے بچوں کی شخصیت پر بہت اثر پڑے گا۔ اگر ہم اپنے بچوں کی شخصیت میں کمی نہیں دیکھنا چاہتے تو ہمیں اس کا خیال رکھنا پڑے گا۔

کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد وبال کیوں؟

معاشرے میں پائے جانیوالے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ

اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ ''کمر درد جوڑوں کا درد کورس'' آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو چکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت 800 روپے ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# ڈیپریشن یا معدہ خراب! آئیے روزہ افطار کریں!

عبدالرحمان، لاہور

افطار کے موقع پر دسترخوان انواع و اقسام کی نعمتوں سے بھرا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس بابرکت مہینے میں رزق کشادہ کردیتے ہیں جس کا غلط مطلب ہم زیادہ کھانا سمجھتے ہیں اور خوب کھاتے پیتے ہیں۔ رمضان المبارک میں غیر متحرک طرزِ زندگی، نیند کا پورا نہ ہونا، چٹ پٹی اور مرچ مصالحے والی غذاؤں کا استعمال اور ذہنی دباؤ عام معمولات میں شامل ہوتے ہیں۔ شروع رمضان میں کی جانے والی بداحتیاطی عروج کو جا پہنچتی ہیں، نصف رمضان تک اگر ایسے میں معدے کی تکالیف بڑھنے لگیں تو اس کے عوامل پر غور کرنا ضروری ہے۔ اگر خدانخواستہ معدے میں زخم ہوجائے تو پریشان ہونے کے بجائے اس کی وجوہ جان لیجئے کہ اس بیماری میں معدے کا استر چھل جاتا ہے۔ معدے اور آنت میں ہونے والے زخم تقریباً بے ضرر ہوتے ہیں اور بروقت تشخیص اور علاج سے ٹھیک ہوسکتے ہیں۔ اگر سینے میں جلن اور کھانا کھانے کے بعد تیزابیت محسوس ہو تو یہی دراصل اس بیماری کی مخصوص علامت ہے، جو کھانے کی نالی سے شروع ہوکر آنتوں اور معدے تک جا پہنچتی ہے۔ پیٹ میں درد ہوتا ہے اور خاص کر پسلیوں کے نیچے ہوتا ہے۔ اگر آنت سے شروع ہوکر آنتوں کا درد ہو تو کھانے کے بعد ختم ہوجاتا ہے اور تین گھنٹے بعد شروع ہوتا ہے۔ اگر پیٹ پھول جائے اور معدے میں بھاری پن ہو، اسی طرح منہ میں کھٹے پانی کا اچھال ہو تو سمجھ لیجئے کہ غذا کی نالی میں تیزابیت کی زیادتی ہوگئی ہے۔ اگر بھوک میں کمی ہوتی چلی جارہی ہو اور وزن بھی گر رہا ہو، طبیعت میں گرانی اور متلی کا احساس ہو یا اُلٹی آجائے (خاص کر خون کی اُلٹی) تو اس کیفیت کو سنجیدگی سے لینا چاہیے، فوراً معدے کے ڈاکٹر سے رابطہ کرلینا چاہیے۔ خدانخواستہ آنت کا زخم پھٹ جانے کی صورت میں سرجری کی ضرورت پڑسکتی ہے۔ پھیپھڑوں اور جگر کے مریضوں میں یہ بیماری جلد پروان چڑھتی ہے۔ گردے میں درد یا ان کے ناکارہ ہوجانے کی صورت میں بھی معدے پر دباؤ پڑتا ہے۔ ڈپریشن اور اسٹریس کے مریضوں میں بھی معدے کا زخم ایک عام شکایت ہے۔ مسلسل ناامیدی، مایوسی اور تفکرات میں گھرے رہنے والے افراد کے معدے تیزابیت خارج کرنے لگتے ہیں۔ معدے یا آنت سے خون آنا ایک مسئلہ ہے جس کا ہنگامی طور پر علاج ضروری کرانا ہوجاتا ہے۔ یہ علاج اگر بروقت کرویا جائے تو چار سے چھ ہفتوں میں مریض کو آرام آسکتا ہے۔ اگر مریض کی عمر 75 سال سے اوپر ہو اور وزن میں کمی واقع ہورہی ہو تو تشخیص کے لیے ٹیسٹوں کی ضرورت پیش آتی ہے۔ زخم کو آگے بڑھنے سے بچانے یا روکنے کے لیے متوازن غذا کی ضرورت ہوتی ہے۔ رمضان خیر و عافیت سے گزر جائے اور صحت کے مسائل کھڑے نہ ہوں۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ متوازن غذا کا استعمال کریں اور روزے کو شرعی اور اخلاقی ضابطوں کے ساتھ پورا کرکے افطار کے دسترخوانوں کو ثقیل غذاؤں سے نہ سجائیں۔ چاٹ مصالحوں اور سرخ مرچوں کا استعمال کرکے معدے کو آزمائش میں نہ ڈالیں۔ سحری میں شوربے والا سالن اور بغیر چھنے آٹے کی روٹی مفید رہے گی۔ کھجور سحری میں بھی کھانے کی عادت ڈالیں اور افطار میں پھلوں اور سبزیوں پر مشتمل ڈشز اہتمام سے بنائیں تاکہ گرمیوں کے طویل روزے میں معدے کے خالی رہنے سے نفسیاتی طور پر پیدا ہونے والے خلاء کو نرم، سرد، معتدل اور وٹامنز کے علاوہ صحت افزاء پانی سے پُر کیا جائے۔

**لذت بھرے پکوان صرف چکھئے:** اگر زبان کے چٹخاروں سے طبیعتیں سیر ہوسکتیں تو جسم میں وٹامنز کی کمی کبھی نہ ہو پاتی۔ بہتر یہی ہے کہ لذت بھرے پکوان چکھنے کی حد تک استعمال کئے جائیں اور اس کے بعد رات کا کھانا سادہ غذا پر مشتمل ہو۔ یہ کھانا اہم ہوتا ہے اسے ترک کرنے والے افطاری کے لوازمات سے پیٹ بھر چکے ہوتے ہیں۔ لہٰذا انہیں بھوک اس شدت سے نہیں ستاتی۔ البتہ ہاضمے کی خرابی کے بعض مسائل ضرور سر اٹھاتے ہیں کیونکہ یہ ثقیل غذائیں دیر سے ہضم ہوتی ہیں۔ رمضان المبارک تطہیر معاملات کا مہینہ ہے چنانچہ دیگر معاملات زندگی کے ساتھ ساتھ کھانے پینے کی عادتوں کو بھی بہتر خطوط پر استوار کرنا بہت سی الجھنوں سے بچاتا ہے۔

# صبر و ضبط کا امتحان افطار کے وقت

**روزے کی حالت میں انسانی بدن پر رونما ہونیوالی تبدیلی:** دراصل ماہ رمضان کو رب تعالیٰ نے لوگوں کے لیے عام طور پر اور مسلمانوں کے لیے خاص طور پر نازل فرمایا ہے۔ جس میں اس کی حکمتیں پوشیدہ ہیں۔ رمضان کریم کے فیوض و برکات کا شمار انسانی ذہن شمار ہی نہیں کرسکتا، رب العزت نے انسانی جسم کی ساخت کے مطابق سال میں ایک مرتبہ روزے فرض کئے ہیں۔ علاوہ ازیں نفلی روزے انسان اپنی ضرورت اور ہمت کے مطابق سال کے چند دن چھوڑ کر بھی رکھ سکتا ہے جو کہ ایک بابرکت بات ہے۔ رمضان کریم کے مہینے اور اس ماہ میں رکھے جانے والے روزوں کی فضیلتوں کا ادراک انسان کے بس سے باہر ہے۔ یہاں پر ہمارا مقصد روزے کی حالت میں انسانی بدن پر رونما ہونے والی تبدیلی ہے جو کہ رب کریم کی ایک خاص حکمت ہے، اس حکمت کے تحت جس طرح ایک موٹر کار کیٹ ٹیوننگ ایک خاص وقت میں ضروری ہوتی ہے اسی طرح انسانی جسم کے افعال و حرکات بھی ایک تبدیلی سے گزرتے ہیں، جس سے نئے آنے والے ماہ و سال تک جسم کو ایک نئی توانائی ملتی ہے اور وہ مذہبی اور معاشرتی اقدار کے مطابق ایک پرسکون بہتر زندگی گزارتا ہے۔

**دماغ کو ہلکی اور مناسب خوراک مہیا کیجئے:** رمضان المبارک کے شروع ہوتے ہی انسانی دماغ ایک نئے جذبے سے کام شروع کردیتا ہے چونکہ انسانی جسم دماغ کے احکامات کے تابع کام کرتا ہے اس لیے ضروری ہے کہ انسانی دماغ کو ہلکی اور مناسب خوراک مہیا ہونی چاہیے جس سے وہ اپنے فعال درست طور پر انجام دے سکتے۔ اس کے لیے ابتدائی کھانا یعنی سحری خصوصی اہمیت کی حامل ہے۔ کوشش ہونی چاہیے کہ موسم کے حوالے سے اس کا اہتمام کیا جائے جس سے وہ جسم پر بار گراں نہ گزرے۔

**صرف نمک چکھ لیجئے 27 قسم کے امراض سے محفوظ رہیے:** افطار تک وقت آسانی سے گزر جائے۔ افطار کے وقت بھی صبر و برداشت سے کام لیتے ہوئے عام روٹین کی افطاری مناسب مقدار میں لی جائیں۔ بعد از نماز مغرب جسم ایک ٹھہراؤ اور سکون کی حالت میں ہوتا ہے کچھ وقفہ دے کر کھانے کا اہتمام کریں۔ روزہ ہمیشہ سنت نبوی ﷺ کے مطابق کھجور یا نمک سے افطار کیا جائے۔ نبی کریم ﷺ کی ایک حدیث کے مطابق اگر (عام دنوں میں بھی) کھانے سے پہلے نمک چکھ لیا جائے تو انسانی جسم ستائیس قسم کی بیماریوں سے محفوظ رہ سکتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ذہنی اور جسمانی کام کرنے والوں کیلئے بہترین تحفہ (قیمت 440 روپے) | چند دنوں کے استعمال سے صحت قابل رشک بنائیں<br>چندروز کا استعمال اور برسوں کی بھولی باتیں یاد آجائیں | تمام اعضاء کیلئے آب حیات<br>گھر بھر کی ضرورت | جسم و جان کیلئے شاہی ٹانک<br>تندرستی ٹانک |

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# موسم گرما کی شدت میں صحت بخش غذاؤں کا ساتھ

عبید اللہ، گوجرانوالہ

موسم گرما اپنی شدت کے ساتھ صحت بخش غذاؤں کا بھی موسم ہے اور خصوصاً پھلوں کا بادشاہ آم کی فصل کی پیداوار اسی موسم میں پکتی ہے' اس کے علاوہ خربوزہ، تربوز، کیلا، لوکاٹ، آلوچے، آلو بخارے، کھجور، ناریل اسی موسم کی فصلیں ہیں۔ اسی طرح اکثر تیں سبزیوں کی پیداوار بھی اسی موسم میں ہوتی ہے۔ ان پھلوں اور سبزیوں کو گرمیوں میں کھانے سے انسانی جسم میں قوت مدافعت کے ساتھ توانائی کی کمی کو دور کیا جا سکتا ہے۔ ان سبزیوں و پھلوں میں قدرت نے پانی کی مقدار رکھی ہے جو موسم کی سختی سے نپٹنے کا بہترین ذریعہ ہے۔

موسم گرم کے امراض میں ہیضہ یا کالرہ، آنتوں کی بیماری، ڈینگی، ٹائیفائیڈ، ملیریا، جسم میں پانی کی کمی اور لو لگنا وغیرہ ہے۔ ان میں اکثر بیماریوں کا تعلق بالواسطہ عدم احتیاط سے وابستہ ہے جس میں بازاروں کی ناقص غذا کھانا' اکثر دیکھنے میں آیا ہے جہاں پر کھانے پینے کی چیزیں فروخت کی جا رہی ہوتی ہیں وہی جگہیں مکھیوں اور مچھروں کی افزائش گاہیں ہوتی ہیں۔ بچوں کی بیماری گیسٹرو اور خسرہ عام ہوتی ہے۔

اس کے لئے احتیاطی تدابیر یہ ہیں کہ پانی پینے سے پہلے ابال کر ٹھنڈا کر کے استعمال میں لانا چاہیے۔ بازاروں کی غذاؤں سے پرہیز کرنا چاہیے۔ کھانے سے پہلے ہاتھوں کا دھونا بعد میں منہ کی کلی کرنا، گھر کی صفائی ستھرائی، کھلی فضاء میں سونے کے لئے مچھروں سے بچاؤ کے لئے مچھر دانیاں استعمال کرنا، کمروں میں زہریلے حشرات سے بچنے کے جراثیم کش اسپرے کرنا وغیرہ شامل ہے۔

گرمی کے موسم کی ایک عام بیماری لو یا سن اسٹروک کی ہے جب گرمی شدت سے لگتی ہے تو بچے کیا بڑے بھی شدت گرمی سے متاثر ہو جاتے ہیں۔ وہ طالب علموں جن کا سکولوں کو آنا جانا پیدل ہوتا ہے اور وہ لوگ جو دھوپ میں محنت مشقت کر کے اپنے گھر کا چولہا جلاتے ہیں، احتیاطی تدابیر کے طور پر سر کو ڈھانپ کر دھوپ میں کام کرنا چاہیے اور بچوں کو چھتری وغیرہ کا استعمال کرنا چاہیے اگر راستے میں شدت گرمی سے لو لگ چکی ہے تو فوراً سایہ دار اور ٹھنڈی جگہ پر جا کر بیٹھ جائے اگر پانی میسر ہے تو پی لیں کیونکہ لو کی بیماری کا تعلق جسم میں پانی کی کمی سے ہوتا ہے۔ گیلے کپڑے کو ٹھنڈا کر کے گلے کے دونوں طرف لپیٹ دیں۔ زمین پر لیٹ کر پاؤں جسم سے تھوڑا اوپر اٹھا دیں جس سے خون کا بہاؤ دماغ کی طرف تیز ہو جاتا ہے اور گھبراہٹ دور ہوتی ہے۔ گھر سے نکلتے وقت خوب پانی پی لیا جائے تو لو لگنے کے امکانات کم ہوتے ہیں۔ گھر کے دیسی ٹوٹکے بھی لو کی بیماری کو رفع کر سکتے ہیں۔ املی، انار دانہ، آلو بخارہ اور مصری چاروں چیزوں کو ملا کر شربت بنا دیا جائے تو دل و دماغ اور جگر کو ٹھنڈک پہنچا کر سکون دیتا ہے۔ یہ نسخہ یرقان کے مریضوں کے لئے بھی مفید ہے۔ اسی طرح لسی، ستو، کچی لسی جو کم دودھ میں پانی ملا کر بنائی جاتی ہے میں چینی اور نمک ملا کے لو کے مریض کو پلایا جائے تو اس بیماری سے افاقہ ہوتا ہے۔ گرمیوں کے موسم میں گھروں میں روزمرہ کی پکائی جانے والی غذاؤں کو دوسرے وقت کیلئے نہیں رکھنا چاہیے جو اکثر فریج میں رکھ دی جاتی ہیں اور گرمیوں میں ایسی غذائیں فوڈ پوائزنگ کی وجہ بنتی ہیں جس سے ہیضہ یا کالرہ کی بیماری ہو جاتی ہے۔ گرمیوں میں نیم کے پتوں کو ابال کر اس کے پانی سے نہایا جائے جو جلدی بیماریوں ختم کرنے کے لئے مفید ہے۔

# دھنیے کا لاجواب مشروب ایک منفرد اور فرحت ٹانک

موسم سرما گرما میں جسم کو حدت سے بچانے اور بدن ٹھنڈا رکھنے کیلئے قلفہ کے تنے کا رس استعمال کرنے سے گرمی دانوں اور ہاتھ پاؤں میں جلن کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔ اس کے پتوں کا لیپ کیا جائے تو تب بھی بدن کو ٹھنڈک مہیا ہوتی ہے۔ **مہندی:** مہندی کے پتوں میں اگر رنگ چڑھانے والے ایسڈز پائے جاتے ہیں تو اس کے پتے اور بیج بھی ایسے طبی اثرات رکھتے ہیں جس سے جلد کے امراض سے تحفظ اور گرمی کی حدت سے نجات حاصل ہوتی ہے۔ موسم گرما میں گرمی دانے بہت تنگ کرتے ہیں۔ مہندی کے پتوں کو پانی میں پیس کر متاثرہ حصوں پر لگایا جائے تو گرمی دانے ختم ہو جاتے ہیں۔ گرمی میں پاؤں جلتے ہیں، لہٰذا ایسے افراد کو چاہیے کہ پاؤں کے تلوؤں پر مہندی گھول کر لگائی جائے۔ گرمی سے سر درد ہونے لگے تو مہندی کے پھولوں اور سرکہ سے بنے پلاسٹر کو پیشانی پر لگایا جائے تو سر درد ختم ہو جاتا ہے اور بدن سے حدت خارج ہو جاتی ہے۔ **صندل:** صندل سفید خوشبودار جڑی بوٹی ہوتی ہے۔ یہ دل کیلئے فرحت بخش ٹانک ہے تو گرمیوں میں اس کا شربت گرمی سے پیدا ہونے والے عوارض سے بچاتا ہے۔ گرمیوں میں پیدا ہونے والے گرمی دانوں کیلئے صندل کی لکڑی کا لیپ بہت زیادہ مفید ہے۔ حدت سے جھلسی جلد پر یہ آزمودہ نسخہ لگایا جائے تو بے جا بہنے والا پسینہ رک جاتا اور ٹھنڈک کا احساس پیدا کرتا ہے، اس کے لئے صندل کی خشک لکڑی کا سفوف عرق گلاب میں ملا کر جسم کے متاثرہ حصوں پر لگایا جاتا ہے۔ صندل کا تیل گرم مزاج افراد کے دل اور معدہ کو تقویت دیتا اور گرم ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ **چھوٹی الائچی:** سبز الائچی کو پانی میں پیس کر اس کا شربت حسب ضرورت میٹھا ملا کر ٹھنڈا کر کے دن میں دو بار پی لیا جائے تو بدن کی حدت کم ہوتی اور پیشاب کھل کر آتا ہے۔ اس کے علاوہ اگر الائچی کے بیجوں کو پیس کر کھانے کا ایک چمچ کیلے کے پتوں اور آملے کا رس ملا کر دن میں تین بار پلایا جائے تو پیشاب کے جملہ امراض، سوزش مثانہ، سوزش گردہ سے افاقہ ہوتا ہے۔ گرمیوں کے موسم میں الائچی کا خالص مشروب فرحت قلب کا باعث بنتا اور پسینہ سے پیدا ہونے والی ناگوار بو کو دور کرتا ہے۔ **دھنیا:** گرمیوں میں دھنیے کا مشروب باقاعدہ پیا جائے تو یہ خون میں کولیسٹرول کم کرتا، پیشاب لاتا اور گردوں کو متحرک رکھتا ہے۔ **دھنیے کا مشروب بنانے کا طریقہ یہ ہے:** خشک بیج پانی میں ابال کر چھان لیں اور ٹھنڈا ہونے پر اس کو استعمال کر سکتے ہیں۔ **اسپغول:** اسپغول مسکن سرد مزاج اور معمولی سا مسہل ہے یہ پیشاب آور جلدی بافتوں پر خوشگوار اثرات مرتب کرتا ہے۔ گرمیوں میں صبح ناشتے کے وقت یا شام کے وقت اسپغول، گوند کتیرا ٹھنڈے دودھ میں ملا کر پیا جائے تو طبیعت خوشگوار ہوتی اور بدن گرمی کی کثافتوں سے محفوظ رہتا ہے۔

چہرہ کتنا ہی بدصورت ہو داغ دار ہو یا چہرے کے کیل مہاسے نہ جاتے ہوں بس خون صفاء
جلد کی خرابی پرانی خارش اس کی وجہ خون کی خرابی ہو کسی قسم کا انفیکشن ہو الرجی ہو یا شوگر کی وجہ سے ہو بس خون صفاء کے استعمال سے ہر جلدی امراض سے چھٹکارا۔
(بڑوں بچوں کیلئے یکساں مفید) نکھری بے داغ جلد کو داغدار کرنے کی اصل وجہ کا اصل علاج
خون صفاءٔ
جڑی بوٹیوں کا ایسا لاجواب مرکب ہے جو نہایت بے ضرر اور بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے لاکھوں نے آزمایا اور مفید پایا۔
قیمت -/120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# حضرت خواجہ معروف کرخیؒ کے روحانی وظائف

## چیچک وغیرہ کے خاتمے کے لئے

چیچک، داغ، چنبل، ایگزیما اور اس طرح کے امراض کیلئے یہ عمل نہایت ہی مفید ہے۔ طریقہ عمل یہ ہے کہ جب چیچک وغیرہ کے داغ ظاہر ہوں تو ایک نیلا دھاگا لیکر اس پر سورۂ رحمٰن پڑھنا شروع کرے۔ اجب بھی فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پر پہنچے تو دھاگے میں ایک گرہ لگا کر پھونک مارتا جائے۔ جب سورت مکمل ہوجائے تو دھاگے کو مریض کے گلے میں ڈال دے۔

## سانپ، بچھو، کھٹمل، مچھر وغیرہ کے خاتمے کے لئے

اگر گھر میں موذی جانور مثلاً سانپ، بچھو، کھٹمل، لال بیگ، کن کھجورے، مچھر وغیرہ آنے کا خدشہ ہو یا ہر قسم کے سپرے کے باوجود بھی گھر سے ختم نہ ہوتے ہوں تو اس سورۂ رحمٰن کو 7 دن تک روزانہ 7 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور وہ پانی گھر کی دیواروں پر چھڑکیں تو تمام موذی چیزوں سے اللہ تعالیٰ کے نام کی برکت سے حفاظت ہوگی۔

## گلے کے امراض کے لئے

جس شخص کا گلا خراب رہتا ہو یا سینہ تنگ ہو، تھوڑی سی دیر میں سانس پھول جاتا ہو، دمہ ہو، بالخصوص نعت خواں، قاری قرآن اور خطیب حضرات کیلئے یہ عمل بہت کار آمد ہے۔ طریقہ عمل یہ ہے کہ سورۂ رحمٰن کی پہلی دو آیات کو 1000 مرتبہ روزانہ بعد نماز عشاء، 41 دن تک پڑھے۔ اللہ کی توفیق سے اس مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

## حاملہ خواتین کیلئے خاص تحفہ

حاملہ خواتین جن کے ہاں بچے کی ولادت ہونے والی ہو تو چند گھونٹ پانی پر سورۂ واقعہ کو 7 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور وہ پانی اس عورت کو پلادیں۔ درد سے نجات اور فوری ولادت کیلئے نہایت آزمودہ ہے۔

## تمام حاجات پوری ہونے کے لئے

اپنی تمام حاجات چاہے وہ کسی بھی قسم کی ہوں اور بالخصوص رزق سے متعلق حاجت کیلئے ایک ہی نشست میں 41 مرتبہ سورۂ واقعہ اول وآخر درود پاک 7 مرتبہ پڑھنے سے تمام حاجات پوری ہوں گی اور اللہ تعالیٰ کے نام یَارَزَّاقُ کی برکت سے رزق کی بارش ہوگی۔

## برکت پانے کیلئے خاص چلہ

سورہ حشر کی آخری تین آیات میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے ایک خاص تاثیر وبرکت ہے اُن میں ہر مرض کی شفاء، اور ہر حاجت کو پورا کرانے کی صلاحیت رکھی گئی ہے۔ اسی وجہ سے ان کو اسم اعظم بھی کہا جاتا ہے۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ کس طرح اس کی برات کو سمیٹا جائے؟ اس کیلئے بزرگان دین کا خاص چلہ میں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں جو واقعی لاجواب ہے۔ طریقہ عمل یہ ہے: گیارہ دن اعتکاف کی طرح لوگوں سے بالکل علیحدہ رہے۔ مسجد میں (اگر عورت کرے تو گھر کے ایسے کمرے میں جہاں لوگوں سے میل ملاپ بالکل ہی کم ہو) اور روزے رکھے اس دوران ان آیات مبارکہ کی کثرت کے ساتھ دیوانہ وار تلاوت کرتا رہے۔ بارھویں دن اعتکاف سے اٹھ کر غسل کرے اور 21 مستحق لوگوں کو پیٹ بھر کر کھانا کھلائے، عمل پورا ہوجائے گا۔ اس کے بعد روزانہ ہر نماز کے بعد 3 مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ اللہ کی توفیق سے ایسی برکات کا نزول ہوگا جو بیان سے بھی باہر ہیں۔

# جس عورت کو ڈاکٹر نے بانجھ کہہ دیا اس کیلئے لاجواب عمل

## صاحب کشف بننے کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اللہ کریم اس کے دل کی آنکھیں کھول دیں اور وہ صاحب کشف بن جائے تو اُسے چاہیے کہ وہ روزانہ 41 مرتبہ سورۂ مُلک کو پڑھنے کا معمول بنالے ایک وقت آئے گا اس کی آنکھوں کے سامنے سے پردے ہٹ جائیں گے۔

## جگر کی خرابی کا علاج

اگر کسی کا جگر کام نہ کرتا ہو اسے پیلیا ہوگیا ہو یا کھانا ہضم نہ ہوتا ہو، یا اس کے چہرے اور پاؤں پر ورم آگیا ہو تو ایسی تمام صورتوں میں مندرجہ ذیل آیت باوضو ایک کاغذ کے ٹکڑے پر لکھ کر موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈال دے اور یہی آیت چینی کے بغیر پھول والی پلیٹوں پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو لکھے اور ایک پلیٹ روزانہ پانی سے دھو کر نہار منہ (صبح کچھ کھایا نہ ہو) مریض کو پلائیں۔ چند دن کے علاج سے انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو فائدہ ہوگا اور وہ صحت یاب ہوجائے گا۔ وہ آیت یہ ہے: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ قُلۡ لَّوۡ کَانَ الۡبَحۡرُ مِدَادًا لِّکَلِمٰتِ رَبِّیۡ لَنَفِدَ الۡبَحۡرُ قَبۡلَ اَنۡ تَنۡفَدَ کَلِمٰتُ رَبِّیۡ وَلَوۡ جِئۡنَا بِمِثۡلِہٖ مَدَدًا ○ (الکہف 109)

## جو عورت بانجھ مشہور ہو اس کیلئے

اگر کوئی عورت بانجھ مشہور ہو اور حمل نہ ٹھہرتا ہو تو مندرجہ ذیل آیت باوضو کوئی سنار چاندی کی تختی پر کندہ کردے اور اس تختی کو پلاسٹک کوٹنگ کراکے (تعویذ کی طرح) وہ عورت اپنی چوٹی میں باندھ لے اس دوران اپنے مرد سے قربت کرتی رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد حاملہ ہوگی۔ آیت۔ اِنَّ اللّٰہَ فَالِقُ الۡحَبِّ وَالنَّوٰی ؕ یُخۡرِجُ الۡحَیَّ مِنَ الۡمَیِّتِ وَمُخۡرِجُ الۡمَیِّتِ مِنَ الۡحَیِّ ؕ ذٰلِکُمُ اللّٰہُ فَاَنّٰی تُؤۡفَکُوۡنَ ○ (الانعام 95)

## جان و اولاد کی حفاظت کیلئے

جو شخص کسی دشمن سے اپنی یا اپنی اولاد کی جان کو خطرے میں محسوس کرتا ہے تو اسے چاہیے کہ مندرجہ ذیل آیت کو باوضو کسی سنار سے چاندی کی تختی پر نقش کرالے اور 40 مرتبہ یہی آیت باوضو پڑھ کر اس تختی پر دم کردے اور وہ چاندی کا ٹکڑا انگوٹھی میں نگینے کے نیچے رکھ لے۔ اس انگوٹھی کو اپنے ہاتھ کی انگلی میں پہن لے اور کبھی نہ اتارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جان ومال اور اولاد محفوظ رہیں گے۔

اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّکۡرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوۡنَ ○ (الحجر 9)

## زبان میں لکنت اور توتلاپن دور کرنے کے لئے

اگر کسی شخص کی زبان میں لکنت اور توتلاپن ہو، لڑکھڑاہٹ یا خود اعتمادی کی کمی ہو، کہیں دو چار لوگوں کے سامنے بات نہ ہوتی ہو، اچھے برے فیصلہ کرنے کی صلاحیت نہ رکھتا ہو، جھجک بہت زیادہ ہو، فوراً پسینے میں شرابور ہوجائے تو ایسے شخص کو چاہیے کہ سورۂ جمعہ کو دن میں 3 مرتبہ کسی بھی وقت باوضو پڑھ لیں، یہ عمل 41 دن تک بلاناغہ کریں۔

عبقری کی ادویات کے سوفیصد رزلٹ پر لوگوں کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید اس میں اسٹرائیڈ یا انگریزی ادویات پیس کر شامل کی گئی ہیں لیکن الحمدللہ عبقری ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے پوری مقدار اور مکمل نگرانی میں تیار کی جاتی ہیں۔ کئی لوگوں نے اپنے اطمینان کیلئے عبقری ادویات کے لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروائے اور الحمدللہ عبقری کی ادویات ہر قسم کے اسٹرائیڈ سے پاک ثابت ہوئی ہیں۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# شب قدر کی پرنور عبادات

محمد تحسین، ملتان

جوشخص اس شب میں چار رکعتیں پڑھتا ہے اس طرح سے کہ سورۂ فاتحہ اور سورۂ تکاثر ایک بار اور سورۂ اخلاص گیارہ بار پڑھے تو اللہ اسکو موت کی سختیوں سے محفوظ کردیتا ہے اور اس سے عذاب قبر دور کردیتا ہے اور نور کے چار ستون عطا فرماتا ہے کہ ہر ستون پر ہزار محل ہونگے۔

اللہ تعالیٰ شب قدر میں فرماتا ہے جبریل علیہ السلام طاہر اے میکائیل علیہ السلام ذاکر اے اسرافیل علیہ السلام راکع فرشتوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والوں کو چن لو اور گنہگاروں کی زیارت کرنے جاؤ پس ان میں سے ہر فرشتہ کیساتھ ستر ہزار فرشتے اترتے ہیں اور انکے ساتھ چار جھنڈے ہوتے ہیں لواء الحمد' لواء المغفرۃ' لواء الکرم' لواء الرحمۃ پھر ہر آسمان والوں یہاں تک کہ جنت کی حورعین تک کو سنائی دیتا ہے پھر سب کہتے ہیں اے رضوان یہ کونسی رات ہے وہ جواب دیتا ہے کہ پیشی کی رات ہے آج تمہارے خاوند تم پر پیش ہوں گے اسکے بعد حجاب اٹھتا ہے اور وہ اپنے اپنے خاوندوں کو دیکھتی ہیں پھر فرشتے اترتے ہیں اور نبی کریم ﷺ کی قبر پر لواء مغفرت اور لوائے رحمت کعبہ کے اوپر اور لوائے کرامت بڑے پتھر کے اوپر اور لوائے حمد آسمان اور زمین کے درمیان کھڑا کرتے ہیں پھر کوئی گھر جس میں مسلمان مرد ہو یا عورت ایسا نہیں رہتا جس میں فرشتہ داخل نہ ہوتا ہو پس جو بیٹھا ہوتا ہے فرشتہ اس کو سلام کرتا ہے جو ذاکر ہوتا ہے اسکو جبریل علیہ السلام سلام کرتے ہیں اور جو نماز پڑھ رہے ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ ان پر سلام نازل فرماتے ہیں۔ کعب احبارؓ بیان کرتے ہیں جو صدق کیساتھ شب قدر میں تین بار لا الہ الا اللہ پڑھتا ہے اللہ ایک بار کے عوض میں اسکی مغفرت فرماتا ہے ایک بار کے عوض میں اسے دوزخ سے نجات دیتا ہے اور ایک بار کے عوض اسے جنت میں داخل کرتا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے روایت ہے جوشخص عشاء کے بعد شب قدر میں سات بار سورۂ قدر پڑھتا ہے تو اللہ اس کو ہر بلا سے عافیت میں رکھتا ہے اور ستر ہزار فرشتے اس کیلئے جنت کی دعا کرتے ہیں اور جو جمعہ کے دن نماز سے پہلے تین بار اسے پڑھتا ہے تو اس دن جتنے نماز پڑھنے والے ہوتے ہیں سب کے برابر اس کیلئے نیکیاں لکھتا ہے۔

## نوافل شب قدر

شب قدر میں جس طرح بھی اور جتنا بھی اللہ کے حضور اپنا عجز و نیاز پیش کیا جائے کم ہے چنانچہ شب قدر میں بیدار رہ کر ہم بھی اسی طرح عبادت کریں جس طرح ہمارے نبی محترم ﷺ کرتے تھے یعنی کثرت سے نوافل پڑھیں تاکہ اللہ ہم سے راضی ہوجائے۔ تفسیر یعقوب چرخی سے منقول ہے کہ اس رات میں دو رکعت نفل اسطرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص سات مرتبہ پڑھیں' نوافل مکمل کرنے کے بعد ستر مرتبہ یہ وظیفہ پڑھیں' انشاء اللہ' اس نماز کو پڑھنے والا اپنے مصلے سے نہیں اٹھے گا کہ اللہ پاک اسکے اور اسکے والدین کے گناہ معاف فرما کر مغفرت فرمادیگا اور اللہ تعالیٰ فرشتوں کو حکم دے گا کہ اس کیلئے جنت آراستہ کرو اور فرمایا کہ وہ جب تک تمام بہشتی نعمتیں اپنی آنکھ سے نہ دیکھ لے گا اسوقت تک اسے موت نہ آئیگی' مغفرت کیلئے یہ نماز بہت ہی افضل ہے۔ اَسْتَغْفِرُ اللہَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ۔

# 27 ویں شب! صرف ایک مرتبہ یہ سورتیں پڑھ لیں!

**چار رکعت نوافل:** جو کوئی چار رکعت اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین بار سورۂ قدر اور سورۂ اخلاص پچاس بار پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد سجدے میں جا کر ایک مرتبہ سُبْحَانَ اللہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَاللہُ اَکْبَرُ کہے تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول فرمائیگا اور اسکے تمام گناہ معاف فرمادیگا۔ **سولہ رکعت نوافل:** شب قدر میں آدھی رات کے بعد چار چار رکعت کرکے سولہ نوافل اسطرح پڑھیں کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کا فرون تین مرتبہ اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پانچ مرتبہ' تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ فلق تین مرتبہ اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ ناس گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ اسطرح چار چار کرکے سولہ رکعت نوافل پورے کرلیں۔ اسکے بعد مندرجہ ذیل وظیفہ کثرت سے پڑھیں جو اس رات کا خاص وظیفہ ہے۔ اللہ تعالیٰ اس طرح نوافل پڑھنے والے پر رحم فرمائے گا اور اسے آئندہ نیک اعمال کرنے کی توفیق حاصل ہونا شروع ہوجائے گی۔ وظیفہ یہ ہے:۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ

**شب قدر میں ذکر الٰہی:** نوافل اور تلاوت قرآن پاک کے بعد اللہ کا ذکر کرنا بھی بہت افضل ہے لہٰذا اس رات میں کثرت سے اللہ کا ذکر کرنا چاہیے۔ احادیث میں ذکر کے متعلق بہت زیادہ ترغیب دی گئی ہے کیونکہ اللہ کا ذکر بہت ہی اعلیٰ درجہ رکھتا ہے۔ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا میں تمہیں تمہارے ان اعمال سے خبردار نہ کروں جو تمہارے بہترین اعمال ہیں اور تمہارے مالک کو پسند ہیں اور درجات کے لحاظ سے بہت بلند ہیں اور زر و مال کے خرچ سے بھی بہتر ہیں اور جنگ سے بھی' صحابہؓ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ آپ ہمیں بتادیں تو آپ نے فرمایا وہ اللہ کا ذکر ہے۔ (ابن ماجہ' ترمذی) حضرت عائشہ صدیقہؓ سے مروی ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ہے کہ جس نے لیلۃ القدر میں شب بیداری کی اور اس رات میں دو رکعت نماز پڑھی اور اللہ تعالیٰ سے بخشش مانگی۔ اللہ تعالیٰ اسے معاف کردیں گے اور اس نے اللہ تعالیٰ کی رحمت میں غوطہ لگایا اور اسے جبرئیل علیہ السلام اپنا پر لگائیں گے اور وہ جنت میں داخل ہوگیا۔ (1) عصر سے مغرب: زیادہ سے زیادہ استغفار پڑھیں۔ (2) مغرب سے عشاء تک: سترہ مرتبہ یہ کلمات پڑھیں۔ یَا نُوْرُ یَا نُوْرَ یَا نُوْرَ یَا مُنَوِّرَ النُّوْرِ نَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ (3) نماز عشاء کے بعد: عشاء کے بعد ایک مرتبہ سورۃ یٰسین' سورۃ دخان' سورۃ ملک' دو رکعت نماز نفل' ہر رکعت میں ایک بار سورۃ القدر اور پندرہ مرتبہ سورۃ الکوثر۔ اس رات میں نوافل' تلاوت کلام پاک' کلمہ طیبہ' درود شریف اور استغفار کی کثرت کریں۔ اللہ سے اس کی رضا اور جنت طلب کریں اور اللہ کی ناراضگی اور دوزخ سے پناہ طلب کریں۔

رمضان المبارک کی اکیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ قدر ایک ایک بار اور سورۃ اخلاص ایک ایک مرتبہ پڑھے' سلام پھیرنے کے بعد ستر مرتبہ درود پاک پڑھے' انشاء اللہ یہ نماز پڑھنے والے کے حق میں فرشتے دعائے مغفرت کرینگے۔

رمضان المبارک پچیسویں شب کو 7 مرتبہ سورۃ دخان پڑھنے والے کو عذاب قبر سے حفاظت ملے گی' انتیس شب کو 7 مرتبہ سورۂ واقعہ پڑھنے والے کیلئے رزق میں فراخی پیدا کردی جاتی ہے۔

خاص الخاص عمل کے بعد **جادو شکن تیل**
کالا جادو' جنات' نظر بد' سفلی عمل' بدروحوں کے برے اثرات' لاعلاج بیماریاں' گھریلو جھگڑے' اولاد کی نافرمانی' مسلسل ناکامیاں' دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کردیا ایسے حالات میں **جادو شکن تیل** کا استعمال مایوسی کو ختم کرکے آس اور امید دلاتا ہے۔ (قیمت **40** روپے)

# صحت مند رمضان، گرمی کا توڑ دیسی مشروبات پیئیں

سنیہ شفیق، کراچی

موسم گرما میں جب آفتاب سر پر چمکتا ہے تو جانور، چرند، پرند اور انسان بے چین ہو کر سائے کی تلاش اور ٹھنڈی ہوا کی جستجوں میں سرگرداں ہو جاتے ہیں۔ پرندے پیاس کے مارے درختوں کی شاخوں میں منہ کھولے بیٹھے ہوتے ہیں اور بازار سنسان ہو جاتے ہیں۔ موسم گرما کی پہلی طلب فرحت بخش مشروبات ہوتے ہیں تاکہ گرمی کی شدت کے احساس کو کم کیا جاسکے۔ ولائتی مشروبات ہمارے علاقائی موسمی تقاضوں کو پورا نہیں کرتے۔ ان کی بہ نسبت ہمارے دیسی مشروبات زیادہ فرحت بخش ہوتے ہیں۔ اگر ساتھ رمضان المبارک بھی ہو تو پھر ان مشروبات کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ لیموں کی اسکنجبین، املی آلو بخارے کا شربت، دودھ، دہی کی لسی، ستو کا شربت، بادام، خشخاش اور جو کا شربت۔ ان تمام مشروبات کا استعمال گرمی میں طمانیت کا احساس دلاتا ہے۔ یہ صحت وتندرستی دیتے ہیں اور توانائی بھی بحال کرتے ہیں۔ ان کو تیار کرنا انتہائی سہل ہے اور کم خرچ میں گھر پر انہیں حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق تیار کیا جاسکتا ہے۔ یہ قوتِ مدافعت میں بھی اضافہ کرتے ہیں۔

**لیموں کی اسکنجبین:** لیموں تازگی، توانائی اور صحت دینے والا پھل ہے۔ یہ جراثیم کش ہے اور اس میں معدنی نمکیات، فاسفورس، فولاد اور حیاتین بھی موجود ہوتے ہیں۔ لیموں کی اسکنجبین میٹھی بھی بنتی ہے اور نمکین بھی، یہ لیموں کے رس میں پانی اور حسب ذائقہ نمک یا چینی ڈال کر بنائی جاتی ہے۔ بعض گھروں میں چینی کا شیرہ تیار کر کے بوتلوں میں بھر کر رکھ لیا جاتا ہے اور جب ضرورت ہو سہولت سے لیموں نچوڑ کر اور شیرہ ڈال کر اسکنجبین بنالی جاتی ہے جب کہ اگر لیموں کے رس میں شہد اور پانی ڈال کر پیا جائے تو اس کی افادیت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ اس سے نہ صرف گرمی کی شدت کم ہوتی ہے، بلکہ اختلاج قلب میں بھی یہ مشروب بہت مفید ہے۔ ذیابیطس کے مریضوں کو سفید شکر سے پرہیز کرنا ہوتا ہے البتہ ڈاکٹر سے پوچھ کر وہ شہد کی کچھ مقدار کا استعمال کر سکتے ہیں۔

**املی آلو بخارے کا شربت:** یہ شربت گرمیوں میں بہت پیا جاتا ہے۔ گلی گلی لوگ ریڑھیوں پر املی آلو بخارے کا شربت بیچتے نظر آتے ہیں مگر اسے نہایت سہولت اور صفائی کے ساتھ گھر پر تیار کیا جاسکتا ہے۔ اس کے لیے آدھا کلو املی اور آدھا کلو آلو بخارا پانچ سے چھ گھنٹوں کے لیے پانی میں بھگو دیں۔ پھر انہیں گرینڈ کرلیں یا صاف ستھرے ہاتھوں سے ملیں اور چھان کر گٹھلیاں علیحدہ کرلیں۔ پھر اس مرکب کو دو کلو چینی کے ساتھ پکائیں مناسب گاڑھا ہونے پر ٹھنڈا کر کے بوتلوں میں بھرلیں۔ بوتلیں فریج میں رکھیں تو شربت زیادہ عرصے تک محفوظ رہے گا۔

**ستو کا شربت:** ستو نبی کریم ﷺ کی خاص مرغوب غذا تھی۔ یہ جو سے بنتے ہیں اور کالی جو سے بنے ہوئے ستو بہترین ہوتے ہیں۔ یہ جو کے آٹے کو ہلکی آنچ پر بھون کر تیار کئے جاتے ہیں۔ گرمی کے موسم میں یہ مشروب واقعی راحت جان ہوتا ہے۔ ستو کا شربت بھی املی آلو بخارے کی طرح گرمیوں میں گلی گلی ریڑھیوں اور ٹھیلوں پر بکتا ہے۔ مگر یقین سے نہیں کہا جاسکتا کہ تجارتی بنیادوں پر فروخت ہونے والے اس شربت میں صاف ابلا ہوا پانی یا دُھلے ہوئے ستو شامل کئے گئے ہیں یا نہیں؟ اس لیے اسے گھر پر تیار کرنا بہتر ہے۔ ستو میں شکر پانی اور برف ڈال کر نہایت لذیذ اور فرحت بخش مشروب تیار ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ روح افزاء، بزوری یا الائچی وغیرہ کے شربت میں دو چمچ ستو شامل کرنے سے اسے زیادہ مفید بنایا جاسکتا ہے۔

# جو کا پانی! بچوں کیلئے ٹانک حاملہ خواتین کیلئے متوازن غذا

**بادام کا شربت:** بادام پروٹین، وٹامن اور معدنی اجزاء جیسے زنک، فولاد، کیلشیم اور میگنیشیم کا بہترین ذریعہ ہوتے ہیں۔ بادام چھلکے سمیت کھائے جائیں تو ان کی تاثیر گرم ہوتی ہے، مگر انہیں پانی میں بھگو کر چھلکے اتار لئے جائیں تو یہ ٹھنڈک بخشتے ہیں۔ اس لیے گرمیوں میں بادام کا شربت بنایا جاتا ہے۔ **شربت بنانے کے لیے:** مغز بادام 250 گرام رات کے وقت پانی میں بھگو دیں۔ صبح کے وقت چھلکا اتار کر خوب رگڑائی کریں جب اچھی طرح رگڑ لیں تو پانی، آدھا کلو چینی، چھوٹی الائچی پانچ عدد، چند قطرے کیوڑہ اور چھ چمچ عرق گلاب ڈال کر پکالیں۔ مناسب گاڑھا ہونے پر اتارلیں اور ٹھنڈا کر کے بوتلوں میں بھرلیں۔ فریج میں رکھیں تو شربت زیادہ عرصے تک محفوظ رہے گا۔

**خشخاش کا شربت:** یہ جسم کی گرمی ختم کرتا ہے۔ خشخاش میں پروٹین، کیلشیم، پوٹاشیم، وٹامن، فولاد، زنک اور میگنیشیم موجود ہوتے ہیں۔ اس لیے اس کا شربت فرحت بخشنے کے ساتھ ساتھ غذائیت کا حامل بھی ہوتا ہے۔ اس کا شربت بنانے کے لیے آدھا کلو خشخاش رات بھر پانی میں بھگو دیں، صبح اچھی طرح صاف کر کے اس کی رگڑائی کرلیں۔ اگر اس مقصد کے لیے کونڈی ڈنڈے کا استعمال کریں تو بہتر ہے کیونکہ اس طرح پیسنے سے تمام غذائی اجزاء محفوظ رہتے ہیں۔ اچھی طرح رگڑائی کر کے خشخاش کا دودھ حاصل کرلیں اور ململ کے کپڑے سے چھان کر باقی بچا پھوک چھوڑ دیں۔ اب خشخاش کا دودھ ایک کلو چینی، چھ عدد الائچی، 100 ملی گرام عرق گلاب، چند قطرے کیوڑہ اور 60 گرام کشتہ چاندی ڈال کر پکالیں۔ مناسب گاڑھا ہونے پر بوتلوں میں بھرلیں۔ بوتلیں فریج میں رکھیں تو شربت زیادہ عرصے تک محفوظ رہے گا۔

**جو کا شربت:** جو اور جو کا پانی طب اسلامی میں مریضوں کے لیے بہترین غذا اور دوا تصور کئے جاتے ہیں۔ امریکی ماہرین نے بھی دریافت کیا ہے کہ ''جو'' خون میں شکر اور چربی کی مقدار کو متوازن رکھتا ہے۔ یہ بچوں کے لیے بہترین ٹانک اور حاملہ عورتوں کے لیے بھی مقوی غذا ہے۔ مغربی ممالک میں بھی لوگ جو کا پانی بہت شوق سے پیتے ہیں کیونکہ وہ بھی اب اس کی افادیت سے آگاہ ہو چکے ہیں۔ اطباء کے مطابق ''جو'' کا پانی تقریباً سو بیماریوں میں مفید ہوتا ہے، بلڈ پریشر، دل کے امراض، پیٹ، معدے کے امراض، قبض اور گردوں کی تکلیف میں نہایت مفید ہوتا ہے۔ ''جو'' کا شربت قوتِ مدافعت بڑھاتا ہے اور بخاروں کی تپش میں مفید ہے۔ یہ پیاس میں تسکین بخشتا ہے، فرحت اور تازگی عطا کرتا ہے۔ شربت بنانے کے لیے جو یا جو کا دلیہ ایک کپ، پندرہ کپ پانی ڈال کر پکائیں۔ تین سے چار گھنٹے بعد یہ دودھیا پانی بن جائے گا۔ چاہیں تو اسے چینی ڈال کر پکائیں اور ٹھنڈا کر کے بوتلوں (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

قوتی گولیاں
خود کو شادی کے قابل نہ سمجھنے والوں کیلئے عبقری کا خاص تحفہ شوگر کے مریض استعمال کریں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔
بے طاقتی، بے رغبتی کیلئے قوت اور طاقت کا موجیں مارتا ہوا انوکھا سمندر
قوت وشباب کا بے بہا خزانہ
خواتین ہوں یا مرد ان سب کیلئے قوتی گولیاں لاجواب علاج ہیں۔ ایک مرتبہ کا استعمال زندگی بھر کا فائدہ۔
قیمت صرف 500 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

# جسمانی بیماریوں کا شافی علاج — طبی مشورے

پہلے ان ہدایات کو غور سے پڑھیں: ان صفحات میں امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

## شرم کے مارے کچھ لکھ بھی نہیں سکتی

میرا ایک مسئلہ ہے کہ میری عمر گزر گئی ہے شادی نہیں ہوئی۔ اب میرے پریڈز ختم ہو گئے ہیں اور میرے جسم میں خون اتنا گرم ہو جاتا ہے کہ پورے وجود میں چنگاریاں سی لگ جاتی ہیں دل گھبراتا ہے میں شرم کے مارے کسی سے کہہ بھی نہیں سکتی میں بہت پریشان ہوں۔ (پوشیدہ)

مشورہ: محترمہ آپ کا تفصیلی خط میرے سامنے پڑا ہے' یہ ہمارے معاشرے کا المیہ ہے کہ ہم عین شادی کی عمر میں بچیوں کی شادی نہیں کرتے اور اس کا خمیازہ اس بچی کو ساری عمر بھگتنا پڑتا ہے۔ بہرحال آپ اپنے طبی مسائل کے لیے عبقری دواخانہ کی ''ٹھنڈی مراد'' اور ''جوانی گولیاں'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق چند ہفتے مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ میری والدین سے گزارش ہے کہ اپنے بچوں کی شادیاں ان کی شادی کی عمر ہوتے ہی کر دیں۔

## مجھے ہیپاٹائٹس سی ہے! خدارا کوئی علاج بتائیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ آٹھ سال سے بیمار ہوں' مجھے ہیپاٹائٹس سی ہے' جس کی وجہ سے میرا کاروبار بھی بہت زیادہ متاثر ہوا ہے' میں اس بیماری سے آٹھ سال سے مسلسل لڑ رہا ہوں' خدارا مجھے کوئی علاج بتائیے' کوئی نسخہ یا دوا بتائیے تا کہ میری طبیعت بحال ہو سکے اور میں بھی صحت مندانہ زندگی گزار سکوں۔ (م۔لاہور)

مشورہ: پنساریوں کی دکان سے ''بندال ڈوڈا'' کے نام سے عام مل جاتی ہے۔ تھوڑی سی دوائی لیکر رات کو گرم پانی میں بھگو دیں صبح وہی پانی ڈراپس میں بھر کر یا ویسے ہی ناک میں چند قطرے ڈالیں دونوں طرف ناک سے تھوڑی ہی دیر میں پانی بہنا شروع ہو جائے گا۔ یہ عمل دن میں کم از کم تین بار کریں' یہی پانی دن میں صبح شام ایک گلاس پئیں' حیرت انگیز طور پر یرقان حتیٰ کہ کالا یرقان بھی ختم ہو جاتا ہے۔ ایک نہیں کئی مریضوں پر یہ آزمائش ہو چکی ہے لاجواب تحفہ ہے۔

## جب بھی دبئی آتا ہوں بیمار ہو جاتا ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دبئی میں رہتا ہوں' یہاں تقریباً ایک سال پہلے مجھے سانس پھولنا' کھانسی جیسے مسائل پیدا ہوئے' تین چار ماہ پہلے علاج کیلئے پاکستان آیا' میں خود کو بالکل تندرست محسوس کرنے لگا' ایک ماہ دوائی کھائے بغیر میں پاکستان رہا اور بالکل ٹھیک رہا لیکن جس دن سے دبئی واپس آیا ہوں' مسئلہ دوبارہ شروع ہو گیا ہے۔ (ج، دبئی)

مشورہ: آپ اگر مندرجہ ذیل ترکیب آزمائیں تو انشاء اللہ زندگی بھر کیلئے یہ بیماریاں ختم ہو جائیں گی۔ ہاں مستقل مزاجی سے کچھ عرصہ ادویات استعمال ضرور کریں۔ جلد بازی ہرگز نہ کریں۔ 'اطریفل اسطخدوس' کسی اچھے دواخانہ کی بنی ہوئی ایک چمچ چھوٹا ایک گرم پانی کے کپ میں گھول لیں اور تھوڑا تھوڑا کر کے پی لیں۔ دن میں تین بار یا کم از کم 2 بار صبح وشام استعمال کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ پرانی الرجی کا اکسیری علاج ہے۔ ھوالشافی: پودینہ، خشک اجوائن دیسی، دونوں ہم وزن کوٹ کر سفوف تیار کریں اور آدھا چمچ دن میں تین بار پانی یا چائے کے ہمراہ استعمال کریں۔ کچھ عرصہ کے استعمال سے ان شاء اللہ مرض بالکل ختم ہو جائیگا۔ اس کے ساتھ آپ عبقری دواخانہ کی 'ستر شفائیں' دن میں کم از کم پانچ مرتبہ چنے کے دانے کے برابر استعمال کریں۔ انشاء اللہ!

## میرا دماغ بہت کمزور ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں' میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرا دماغ بہت کمزور ہے' جس کی وجہ یہ ہے کہ میں بچپن میں تقریباً چالیس فٹ کی بلندی سے گرا تھا' میرے سر میں چوٹ لگی تھی اور ناک کی ہڈی بھی ٹوٹ گئی تھی' ہر چیز بھول جاتا ہوں' کچھ بھی یاد نہیں رہتا' بعض اوقات تو بات کرتے کرتے بھول جاتا ہوں کہ کیا بات کر رہا ہوں۔ اس کے علاوہ معدہ میں بہت جلن ہوتی ہے کافی ادویات اور ٹھنڈی چیزیں استعمال کیں لیکن فائدہ نہیں ہوا' اس کا بھی حل بتا دیں' اللہ رب العزت آپ کو دنیا و آخرت کی کامیابیاں عطا فرمائے۔ آمین! (محمد شفیق' ایبٹ آباد)

مشورہ: آپ کو ایک انتہائی کامیاب نسخہ بتا رہا ہوں' اس نسخے کے استعمال سے دماغی کمزوری دور ہو جاتی ہے' یادداشت انتہائی تیز ہو جاتی ہے' یہ ایک خاندانی راز تھا جو کسی مخلص نے عبقری کے لاکھوں قارئین کیلئے لکھا تھا' آج تک اس کے مشاہدات اور فوائد ہمیں مل رہے ہیں' آپ کو بھی یہی نسخہ تجویز کرتا ہوں' مستقل مزاجی سے یہ استعمال کریں ان شاء اللہ آپ کی دماغی اور جسمانی کمزوری اس نسخہ سے دور ہو جائے گی۔

ترکیب: برہمی بوٹی 100 گرام' ورچ 20 گرام' گل منڈی 20 گرام' مصری 50 گرام' فلفل دراز 5 گرام' مرچ سیاہ 5 دانے' مغز بادام شیریں 20 عدد' باریک کوٹ چھان کر اصل شہد کے ہمراہ گولیاں بقدر دانہ مٹر تیار کر لیں۔ ان گولیوں کے استعمال سے دماغ اور یادداشت بے حد مضبوط ہوتی ہے۔ حافظہ تیز ہو جاتا ہے۔ علماء حضرات اور طلباء کیلئے انتہائی مفید ثابت ہوا ہے۔ موسم سرما میں گرم دودھ سے' گرما میں تازہ دودھ سے دو عدد قرص صبح نہار منہ اور رات سوتے وقت لیں۔ معدہ کی جلن کیلئے ٹھنڈی مراد کھائیں۔

## پھپھو کے بیٹے کی وجہ سے پریشان ہوں!

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں رسالہ عبقری ہر ماہ بڑے شوق سے پڑھتی ہوں' جو مسئلہ آپ سے بیان کرنا مقصود تھا وہ یہ کہ میری پھپھو کا بیٹا جو کہ دس سال کا ہے اس کا دھیان پڑھائی کی طرف بالکل بھی نہیں ہے' باقی ہر کام بڑے شوق سے کرتا ہے' ہر شرارت میں سب سے آگے ہے' میری پھپھو کا اکلوتا بیٹا ہے وہ بہت پریشان ہیں۔ کوئی نسخہ' دوا یا وظیفہ بتائیے تا کہ وہ پڑھائی میں بہتر ہو۔ آپ کی بہت شکر گزار رہوں گی۔ (ت' راولپنڈی)

مشورہ: آپ اپنی پھپھو کو بتائیں کہ عبقری دواخانہ کی ''روشن دماغ'' گولیاں اور فلفس فولاد سیرپ اپنے بیٹے کو لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں اور جب بھی وہ سکول جانے لگے تین مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھ کر اسے دم کر دیا کریں۔ اس کے علاوہ وہ گھر میں جب بھی پڑھنے کیلئے بیٹھے یا ٹیوشن جانے لگے تو تب بھی تین مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھ کر دم کر دیا کریں۔ انشاء اللہ اس کی دماغی صلاحیتیں بھی اجاگر ہوں گی اور پڑھائی میں اس کا دل بھی خوب لگے گا۔

اصلاح معدہ وجگر پیکیج
معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کر کے پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔
معدے اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج
معدے کے کینسر کو ختم کرتی ہے معدے کے زخم کی خاص دوا
قیمت صرف 440/- روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382
www.ubqari.org

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج | روحانی بیماریوں کا روحانی علاج | کالے جادو سے ڈسی دکھ بھری کہانیاں

قارئین! جب دینی زندگی پرخزاں آتی ہے تو بے دینی اور کالی دنیا کا عروج ہوتا ہے۔ اگر آپ کسی کالی دنیا، کالی دیوی یا کالے جادو کے ڈسے ہوئے ہیں تو لکھیں ہم قرآن وسنت کی روشنی میں اس کا حل کریں گے۔ جسکا معاوضہ دعا ہے۔ براہ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا، جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خط لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں۔ خط کھولتے وقت پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ فرد کا نام موبائل نمبر اور کسی شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور لکھیں۔ جسمانی مسئلے کے لئے خط علیحدہ ڈالیں

## کالے جادو کا مارا ہوں! خودکشی کیلئے زہر بھی نہیں!

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! گزشتہ پانچ سال سے بیروزگار ہوں' میرے اوپر کالا جادو کروایا گیا ہے' روزگار کی طاقتور بندش ہے' ہر جگہ نوکری کیلئے جاتا ہوں مگر کسی جگہ سے خوشی کی خبر نہیں ملتی' ہمارے گھر میں غربت' فاقے' تنگدستی ہے' نہ والد کے پاس روزگار ہے نہ میرے پاس' آپ ہی بتائیں ہم کہاں جائیں؟ حتیٰ کہ خودکشی کیلئے زہر بھی نہیں خرید سکتا؟ زندگی سے مایوس ہوں کوئی وظیفہ بتایئے! (ع، جھنگ)

جواب: ایک دفعہ کلمہ پڑھیں اور جب مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پر پہنچیں تو اس کو لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں جب بھی پڑھنا شروع کریں اول تین مرتبہ درودشریف ضرور پڑھیں اور جب وظیفہ ختم کریں تو آخر میں تین مرتبہ درودشریف ضرور پڑھیں۔ یہ ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں' وضو ناوضو' پاک ناپاک ہر حالت میں پڑھیں۔ یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔ ان شاء اللہ آپ کی تمام مایوسیاں خوشخبریوں میں بدل جائیں گی۔ یہ وظیفہ بے شمار کا آزمایا ہوا ہے۔

## شوہر نشہ کا عادی! پاگل ہوچکا! چار بچے ہیں

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! تین سال سے مسلسل عبقری پڑھ رہے ہیں' آج میں اپنا ایک بہت بڑا مسئلہ لے کر حاضر ہوئی ہوں۔ سات سال پہلے میری شادی (ا) نامی شخص سے ہوئی ہے' شادی کے بعد معلوم ہوا کہ (ا) نشہ کرتا ہے' اب چار بچے ہیں اور (ا) اتنا نشہ کرتا ہے کہ اب بالکل پاگل ہوچکا ہے' بچوں کی طرح تنگ کرتا ہے' گھر میں درس چلاؤں تو اسے وحشت ہوتی ہے' ایک کمرے میں بند کرکے رکھتی ہوں' نشہ نہ دوں تو مرنے والا ہوجاتا ہے' میرے دن رات عذاب بن چکے ہیں' خدارا مجھے کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں کہ میرا شوہر ٹھیک ہوجائے اور نارمل انسانوں کی طرح زندگی گزارے۔ (ش، سیالکوٹ)

جواب: ان کے جسمانی علاج کیساتھ آپ سارا دن سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ پڑھیں' اس کا چند دنوں میں سوا لاکھ مکمل کریں' اسی طرح ایک، تین، پانچ، سات، نو سوا لاکھ کریں۔ جتنا زیادہ پڑھیں گی اتنا جلد مسائل حل ہونگے۔ اس کے علاوہ سورۂ لہب ہر دو گھنٹے کے بعد تین مرتبہ پڑھ کر اپنے شوہر پر پھونک مار دیا کریں۔ ان شاء اللہ بہت جلد مثبت نتائج دیکھیں گی۔

## حج پر جانے کی شدید خواہش ہے! وظیفہ بتایئے

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! حج پر جانے کی بہت خواہش ہے' دو سال سے حج کی درخواست دے رہے ہیں مگر منظور نہیں ہو رہی اس مرتبہ تو وہ بھی جمع نہ کروا سکے' معاشی حالات اچانک خراب ہوگئے ہیں' خدارا کوئی وظیفہ بتادیں کہ اللہ کریم ہم دونوں (میاں بیوی) کو حج پر بلالے اور معاشی حالات بہتر ہوجائیں۔ (سلمیٰ جمیل' لاہور)

جواب: آپ سورۂ فتح (پارہ 26) کی 27 نمبر آیت، 27 مرتبہ' 27 مرتبہ درود ابراہیمی اور 27 مرتبہ تلبیہ (لبیک اللھم لبیک ۔۔ الخ) روزانہ ہر نماز کے بعد پڑھیں۔ ان شاء اللہ بہت جلد اسباب پیدا ہوجائیں گے اور بلاوا بھی آجائے گا۔

## میرا شوہر مجھے طلاق دینا چاہتا ہے!

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میرے خاوند اپنے چند رشتہ داروں کی باتوں میں آکر مجھے طلاق دینا چاہتے ہیں' مگر میں اپنا گھر بسانا چاہتی ہوں' انہوں نے دو نوٹس بھیج دیئے ہیں' کبھی کہتے ہیں کہ میں اسے طلاق نہیں دوں گا کبھی کہتے ہیں کہ میں اسے ضرور طلاق دوں گا۔ میں بہت پریشان ہوں' میں اپنا گھر برباد ہوتے نہیں دیکھ سکتی۔ براہ مہربانی مجھے کوئی وظیفہ بتادیں کہ شوہر طلاق نہ دے اور میرے ساتھ خوش رہے۔ (ایک بیٹی)

جواب: آپ ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل اول و آخر تین مرتبہ درودشریف کے ساتھ پڑھیں۔ اس کے علاوہ سارا دن سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں وضو بے وضو ہر حالت میں یَارَبِّ مُوْسٰی یَا رَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں۔ ان شاء اللہ آپ کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔

## نظر بد کی کاٹ کا طریقہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنے بیٹے کی خوشیاں دیکھنے کو ترستی ہوں' کسی شعبہ میں کامیاب نہیں ہوتا' جس سے معلوم کروایا اس نے یہی کہا کہ اس کو شدید نظر بد لگی ہوئی ہے' مجھے نظر بد کی کاٹ کا طریقہ بتادیں تاکہ یہ اپنی زندگی میں کامیاب ہوسکے اور میں اس کی خوشیاں اپنی زندگی میں ہی دیکھ لوں۔ (پریشان حال ماں)

جواب: اگر کسی بچے یا بڑے کو نظر لگ گئی ہو تو اس کیلئے باوضو سورۂ قلم کی آیات نمبر 51 اور 52 تین تین مرتبہ پڑھ کر نظر بد والے انسان پر روزانہ کم از کم تین مرتبہ دم کریں۔ دو سے تین دن اسی طرح دم کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہوگی۔

## 35 سال عمر! شادی نہ ہوسکی' کاروبار تباہ ہوچکا

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! چار سال سے میرا کام بالکل بند ہے' اپنا کاروبار کرتا تھا' میری عمر 35 سال ہوچکی ہے' باوجود کوشش کے میری شادی ابھی تک نہ ہوسکی' کام میں بھی بالکل دل نہیں لگتا' سر میں ہر وقت درد رہتا ہے' دن بدن قرض بڑھ رہا ہے' میرے پاس اپنا مکان بھی نہیں ہے' مجھے دکان میں لگانے کیلئے بھی نقش دیں۔ (م۔ح' لاہور)

جواب: رمضان کا مبارک مہینہ ہے آپ اپنی شادی کی نیت کرکے یہ 12 نوافل اس طریقے سے ادا کریں۔ ان شاء اللہ اسی سال آپ کی شادی بہترین جگہ پر ہوجائے گی۔ رشتوں کی رکاوٹ، رزق میں وسعت' برکت اور قرضوں سے نجات کیلئے رمضان شریف کے گیارہویں اور بارہویں روزے کی درمیانی رات کو بعد نماز عشاء، دو دو رکعت کرکے 12 نفل اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک بار سورۂ اخلاص پڑھیں۔ 12 نفل پڑھ کر 100 مرتبہ درودشریف پڑھیں۔ پھر تمام نفل اور درودشریف کا ثواب حضور نبی کریم ﷺ کو پہنچائیں اور پھر حضور نبی کریم ﷺ کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر خلوص دل' انکساری' عاجزی سے دعا کریں۔ نوٹ: یہ عمل اگر 12 رمضان کو نہ کرسکیں تو 27 ویں شب کو بھی کرسکتے ہیں۔ کسی دوسرے کی نیت کرکے بھی کرسکتے ہیں۔ اجازت عام

چاند جیسے مکھڑے کے متلاشی عبقری کی چہرہ شفاء کیوں بھول گئے؟

آزمودہ طبی فارمولہ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں قیمت 150 روپے

دانے' کیل مہاسے' چھائیاں' داغ' گڑھے' پیپ دار' الرجی' رنگت میں تبدیلی ہو یا چہرے کا سیاہ ہوجانا اعتماد سے استعمال کریں۔

چہرہ شفاء صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

میری زندگی کیسے بدلی؟

# چار مرتبہ خودکشی کی کوشش کرچکی! کاش! موت آجائے

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کردیئے گئے ہیں کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

قارئین! حضرت جی کے درس موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں روزانہ سنیں' آپ کے گھر گاڑی میں ہروقت درس ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ ہمیشہ خوش اور آباد رکھے آپ کا سایہ ہم پر سدا قائم دائم رہے اور آپ سے جڑے ہوئے سب لوگوں پر اللہ تعالیٰ اپنی رحمت ہروقت نچھاور کرے۔ آمین۔ الحمدللہ میں 2017ء مئی سے میں عبقری کی مستقل قاریہ ہوں' میں لفظوں میں کیسے بیان کروں کہ میں آپ کی اتنی شکر گزار ہوں بتا نہیں سکتی' اللہ تعالیٰ آپ کو اور عبقری کو ہمیشہ ہمیشہ سلامت رکھے' عبقری ایک بہترین استاد اور رہنما ہے۔ عبقری سے جڑ کر میری زندگی امن سلامتی اور سکھ کا گہوارہ بن گئی ہے یہاں میں آپ کو بتاتی چلوں کہ میری شادی کو 9سال ہوچکے ہیں' میں نے شادی شدہ زندگی بڑی اذیت ناک گزاری میرے ذہن کی دنیا سب برباد تھی' نہ نماز کا ہوش' نہ قرآن کا' میکے اور سسرال کے طعنے سننے کو ملتے تھے ہر انسان مجھے بوجھ سمجھتا تھا' اللہ تعالیٰ نے اسی دوران تین بچے بھی دیئے دو بیٹے' ایک بیٹی مگر میں اپنے بچوں کی تربیت بھی صحیح طرح نہیں کرسکتی تھی' ہروقت غصے سے بھری رہتی' گھر والے' شوہر' میکے والے سب مجھ سے تنگ اور میں ان سب سے تنگ' ہروقت (نعوذ باللہ) دعا کرتی یا اللہ مجھے موت دیدے' مجھ میں ناشکری اتنی آگئی کہ میں نے چار دفعہ خودکشی کرنے کی کوشش کی مگر میرے رب رحمان نے مجھے زندگی عطا فرمائی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے آج میں سب کی عزیز ہوں۔ اب آتی ہوں اصل موضوع کی جانب مئی 2014 کو میں شاپنگ کرکے واپس گیٹ پر کھڑی رکشہ کا انتظار کررہی تھی اچانک بک سٹال پر نظر پڑی' ٹائٹل کی ہیڈ لائنز پڑھی تو اس کی طرف کھنچی چلی گئی' قریب آئی تو عبقری نے آواز دی اے کدھر جارہی ہو ذرا مجھ سے تو ملاقات کرو میں نے فوراً سے خود ہی اپنے ہاتھوں میں لیا' ہدیہ دیا اور رکشہ میں بیٹھ کر پڑھنا شروع کردیا' گھر آکر سارے کا سارا پڑھ لیا مگر پھر دوبارہ ایک ایک موضوع پڑھا اور عبقری روح میں اتر گیا مجھے ایک سچے عاشق کی طرح عبقری رسالے سے عشق ہوگیا' ایک اور بات پہلے مجھے عبقری خریدنے کیلئے بک سٹال پر جانا پڑتا تھا جو میرے گھر سے کافی دور ہے مگر اب اللہ تعالیٰ کے فضل کرم سے عبقری تو جیسے میرا ہمسایہ ہے ہر ماہ کی چار یا پانچ تاریخ کو میرے دروازے پر آکر دستک دیتا ہے اور کہتا ہے لو بہن میں آگیا' مجھے ہر ماہ شدت سے انتظار رہتا ہے اور جب عبقری رسالہ آتا ہے تو مجھے بے حد خوشی ہوتی ہے آنکھوں میں ایک عجیب سی چمک آجاتی ہے۔ عبقری کا مطالعہ کرنے کے بعد میرے اندر بہت تبدیلیاں آئیں پھر میں نے اچھی اچھی کتب پڑھنا شروع کردیں' میرے ابو ہمیشہ کہتے تھے کہ جو انسان خود نہیں بدلتا اللہ اس کا مقدر اچھا نہیں کرتا' ابو مجھے سمجھاتے مگر میں اس وقت نادان تھی مگر اب سمجھ میں آیا کہ واقعی عبقری رسالہ میرے لیے کتنا کارآمد ہوا میں نے خود کو بدل ڈالا۔ میرے اردگرد کا ماحول خود بخود خوشگوار ہوگیا۔ میں نماز قرآن کی پابند ہوگئی اپنے بچوں کی اچھی تربیت کرنے لگ گئی میرا بڑا بیٹا 7 سال کا ہے اس سے چھوٹی بیٹی 5 سال کی دونوں ماشاء اللہ لگن سے سپارہ پڑھتے ہیں' بیٹے نے تو ناظرہ قرآن پڑھ لیا ہے اور بیٹی ابھی سپارہ پر ہے۔ بیٹا ماشاء اللہ نماز ابھی سے پڑھنے کا شوقین ہے اور اکثر گھر سے ساتھ مسجد میں چلا جاتا ہے۔ بچے چھوٹے مگر بہت سلجھے ہوئے سمجھدار ہیں۔ مجھے اب اپنے آپ پر بھی فخر ہوتا ہے کہ اب میں ایک اچھی بیٹی ہوں میرے والدین مجھ سے بہت خوش ہیں ڈھیروں دعائیں دے کر رخصت کرتے ہیں' شوہر ہمیشہ مسکراہٹ کیساتھ ملتا ہے وہ بھی مجھ سے بے حد راضی ہے جو ہمیشہ مجھ پر غصہ ہی کرتا تھا مارتا پیٹتا تھا۔ مجھے اور کیا چاہیے زندگی سے آخرت خود ہی سنور رہی ہے۔

# ایسا صدقہ جاریہ جس کا نقد رزلٹ ملا

عبقری کو دیکھ کر اس میں جتنے وظائف ہوتے ہیں ان کو پڑھتی ہوں اپنی زندگی میں استعمال کرتی ہوں۔ قارئین! آپ یقین کریں' میرا کچن عبقری' میرا بیڈ روم میں عبقری' میرا پورا گھر عبقری' میرے بچے عبقری' خاص کر ہدیہ کرنے والا عمل میرے لیے سونا ہیرا ہے۔ اس عمل نے میری زندگی کی ہر مشکل حل کردی ہے جیسے ہی یہ عمل کرلوں ایک گھنٹے میں میرا کام ہوجاتا ہے' ابھی آج ہی بلکہ ابھی ہی کام ہوگیا میرا بہنوئی جس سے میرا جھگڑا ہوگیا تھا وہ میری بہن کو مجھ سے ملنے حتیٰ کہ موبائل فون پر بات کرنے سے بھی سختی سے منع کرتا تھا۔ میں نے سوچا عبقری ہدیہ (تقسیم) کروں' بہن سے ملے کافی عرصہ ہوگیا دل کرتا ہے اُدھر ہدیہ کرنے کا ارادہ کیا اُدھر وہ بوتل کے جن کی طرح حاضر ہوگیا' لوگ اپنے مسائل لے کر پیر فقیروں کے پاس جاتے ہیں لیکن میرے لیے میرا رہبر عبقری ہے اور میں مرتے دم تک اسکی گرویدہ ہوں' عبقری سے میرے زندگی میں ہزاروں تجربے ہیں مگر یہ پہلی ملاقات ہے وقتاً فوقتاً میں اپنے تجربات سے آگاہ کرتی رہوں گی کیونکہ عبقری میرے لیے پتہ نہیں کیا چیز ہے' میں بیان نہیں کرسکتی مجھے تو اس نے زمین سے اٹھا کر آسمان پر بٹھا دیا اور میں اپنے رب سے باتیں کرتی ہوں اپنے آقا صلی اللہ علیہ وسلم پر ہر وقت درود و سلام کے نذرانے پیش کرتی ہوں۔ قارئین! آپ یقین کیجئے اس محلے میں مجھے کوئی نہیں جانتا تھا مگر اب رمضان ہو یا ربیع اوّل' پورا مہینہ میں آئے دن کسی نہ کسی گھر سے بلاوا آجاتا ہے' باجی آپ ضرور آئیں اور میرا پورا مہینہ افطاری' قرآن خوانی' درود شریف کی محافل میں گزر جاتا ہے کیونکہ میں اچھی اور سیرت طیبہ پر مبنی کتابیں پڑھتی ہوں' اس لیے درس کے لیے بھی جاتی ہوں مجھے خود بھی اپنے آپ پر یقین نہیں آتا ہے کہ واقعی میں پہلے والی ہوں مگر نہیں میرے اندر عبقری آگیا ہے جس نے مجھے اپنے مولا کا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا دیوانہ بنادیا ہے' باقی میں ''جنات کا پیدائشی دوست'' شوق سے پڑھتی ہوں' حضرت علامہ لاہوتی پراسراری کے وظائف استعمال کرتی' ان کو بھی دل کی گہرائیوں سے سلام پیش کرتی ہوں میں بھی عبقری سے جڑنا چاہتی ہوں' آپ میری اس گزارش کو ضرور قبول کرلیں کیونکہ میری زندگی میں بہت تجربے ہیں جن کو میں قارئین کی نذر کرنا چاہتی ہوں۔ (پوشیدہ' گجرات)

ستر سے زائد لاعلاج، پیچیدہ اور انوکھی بیماریوں کیلئے سوفیصد شفاء
ستر شفائیں
دل کے والو کھولنے میں اتنی لاجواب کہ سرجن حیران
جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے ایک انوکھا تریاق معدے کے تمام امراض میں یکساں مفید
لاعلاج مریض صرف چند دنوں سے ہمیشہ کیلئے صحت یاب جوڑوں کے ہر قسم کے امراض کا بارہا کا آزمودہ علاج (قیمت صرف 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# روزے میں پیاس کی شدت سے نجات کا روحانی عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پرانی بات ہے میں کوہ میدان ضلع کرک اور میانوالی کی سرحد پر پہاڑی وادی ہے ایک ضروری کام کے سلسلے میں گیا۔ وہاں ایک ساتھی نے بتایا کہ جب گرمی ہو تو درود شریف پڑھیں تو گرمی دور ہو جاتی ہے اس بارے میں اپنے تجربات عبقری کے قارئین کی نذر کرتا ہوں۔ ایک دفعہ میں کلاس روم میں ڈرائنگ کر رہا تھا کلاس روم طلباء سے بھرا ہوا تھا بجلی نہیں تھی' گرمی شدید تھی میں نے طلباء سے درود شریف پڑھنے کا کہا تمام طلباء نے کہا استاد جی ٹھنڈ ہو گئی گرمی جاتی رہی۔ میں رمضان شریف میں اپنے شہر سے دو کلو میٹر دور ایک جگہ پر کام کے سلسلے میں جاتا تھا' جون کا مہینہ تھا ایک ساتھی کے ساتھ ایک دیہات میں جاتا ہوا' روزہ بھی تھا' گرمی بھی شدید تھی' تیز دھوپ تھی اور گرم لو چل رہی تھی' جیسے آگ برس رہی ہو۔ ظہر کے بعد میری واپسی ہوئی دو کلو میٹر ایک برساتی نالہ تھا ہر طرف ریت ہی ریت درود شریف کا ورد شروع کر دیا سارا راستہ پیدل طے کیا ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے ٹھنڈ میں چل رہا ہوں گرمی کا ذرا احساس نہ ہوا۔ (حکیم ریاض حسین' ٹکڑوال میانوالی)

# ایسا آسان وظیفہ! نعمت ملے بھی اور ہمیشہ بڑھے بھی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کہتے ہیں کہ جب اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کیا جائے تو اللہ راضی ہوتا ہے اور نعمت ملنے پر جب ہم شکر ادا کرتے ہیں تو خوشی میں اللہ ہمیں اور نعمتیں عطا کرتا ہے اور نعمت استعمال کرنے کے بعد الحمدللہ کہنے سے اللہ اس نعمت کا حساب بھی نہیں لے گا۔ الحمدللہ کے ثمرات کے حوالے سے میں اپنا ذاتی تجربہ بیان کرنا چاہتا ہوں۔ اسی رمضان شریف کی بات ہے کہ گرمی بہت زیادہ تھی، روزہ بھی تھا کہ اللہ کی رحمت جوش میں آئی اور ابرِ رحمت شروع ہو گئی۔ میں بہت خوش ہوا اور الحمدللہ کہا! بارش خوب برسنے کے بعد تھم گئی' میں نے پھر الحمدللہ کہا اور دل میں سوچا کہ الحمدللہ کہنے سے اللہ پھر نعمت عطا کرتا ہے تو ہوسکتا ہے دوبارہ پھر بارش شروع ہو جائے۔ اللہ کی شان دوبارہ پھر بارش شروع ہو گئی۔ ایک اور واقعہ رمضان شریف کا بیان کرتا ہوں میں گزشتہ کئی رمضان المبارک سے مکمل نماز تراویح نہیں پڑھ رہا تھا۔ اس بار ارادہ کیا اور ہر نماز تراویح پڑھنے کے بعد الحمدللہ کہتا یہ سوچتے ہوئے کہ الحمدللہ کہنے کی وجہ سے اللہ مجھے کل پھر نماز تراویح پڑھنے کی ہمت دے گا۔ اتفاق سے مجھے موشن لگ گئے اور کھڑے ہونے کی ہمت نہ تھی۔ میں نے عشاء کی نماز پڑھی اور سوچا کہ آج تراویح نہیں پڑھی جائے گی۔ میں پیچھے جا کر بیٹھ گیا کہ نماز تراویح نہیں پڑھنی نماز تراویح شروع ہو گئی نجانے کیا ہوا کونسی طاقت تھی کہ میں بھاگ کر نماز تراویح میں شامل ہو گیا۔ نماز تراویح پڑھنے کے دوران ہی میری طبیعت بھی ٹھیک ہو گئی اس سے پہلے پیٹ میں بہت اپھارہ تھا کھڑا ہونا دشوار تھا یہ سب کچھ الحمدللہ کی برکت ہے۔ یہ آزمانے کے بعد الحمدللہ پر میرا ایمان اور پختہ ہو گیا۔ جو مانگنا ہوتا ہے شکر کر کے مانگ لیتا ہوں' اللہ ضرور عطا فرماتے ہیں۔ (عمران مجید، بورے والا)

# چھاتی کی گلٹی! بارش کے پانی سے بالکل ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو صحت والی لمبی زندگی عطا فرمائے آپ کا سایہ تادیر ہمارے سروں پر قائم رہے۔ عبقری رسالہ میں آئے اعمال و وظائف اور ٹوٹکوں سے لوگوں کے مسائل حل ہو رہے ہیں۔ عبقری رسالہ میں بارش کے پانی کے متعلق پڑھا' میں نے بارش کے پانی پر عمل کر کے اپنی ایک رشتے دار کو پانی دیا' اس کی چھاتی پر چھوٹی سی گلٹی تھی اور اس کو تکلیف اتنی زیادہ تھی کہ وہ اپنے بدن پر قمیض بھی برداشت نہیں کر سکتی تھی۔ ڈاکٹر نے پانچ لاکھ روپے آپریشن کے مانگے تھے میں نے بارش کے پانی پر دم کر کے دیا پہلے گھونٹ پر ہی اللہ تعالیٰ نے اسے شفاء کی امید دلا دی' چند ہفتوں میں ہی اس کا درد بالکل ختم اور پھر آہستہ آہستہ گلٹی بھی ختم ہو گئی۔ (مسز عمران' ملتان)

# کامیابی کا صرف ایک موقع

مولانا وحید الدین خاں

انگریزی کے ایک شاعر نے کہا ہے ''جس شخص کو دنیا میں بڑا آدمی بننا ہوتا ہے وہ اس وقت کام میں مصروف رہتا ہے جس وقت عام لوگ سو رہے ہوتے ہیں'' مطلب یہ ہے کہ ایسا آدمی صرف عام وقتوں میں ہی کام نہیں کرتا بلکہ اس وقت بھی کام کرتا ہے جب کہ لوگ اپنے کام سے فارغ ہو کر آرام کر رہے ہوتے ہیں' وہ لوگوں سے زیادہ کام کرتا ہے اس لیے وہ لوگوں سے زیادہ ترقی حاصل کرتا ہے' یہ ایک حقیقت ہے کہ زیادہ بڑی کامیابی ہمیشہ بڑی محنت کا نتیجہ ہوتی ہے۔

ہندوستان کے مشہور سائنسدان کو نوبل انعام دیا گیا ان سے کسی نے کہا کہ سائنس دانوں نے جو بڑی بڑی دریافتیں کی ہیں ان میں سائنس دانوں کا اپنا کوئی کارنامہ نہیں' کیونکہ اکثر دریافتیں محض اتفاق سے حاصل ہوئی ہیں۔ سائنسدان نے جواب دیا: ہاں' مگر ایسا اتفاق صرف ایک سائنس داں کو پیش آتا ہے: ''سائنسی دریافتیں (مثلاً بجلی کی دریافت) اکثر اس طرح ہوئی ہیں کہ ایک سائنس داں اپنی تجربہ گاہ میں تحقیق کر رہا ہے تحقیق کرتے کرتے اچانک ایک چیز چمک اٹھی' اب سائنس داں نے اس کی کھوج شروع کی یہاں تک کہ وہ ایک نئی دریافت تک پہنچ گیا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ نئی دریافت اگرچہ اچانک ہوتی ہے مگر یہ اچانک دریافت اسی شخص کے حصہ میں آتی ہے جو مسلسل تحقیق و تلاش میں لگا ہوا ہو۔ کوئی آدمی بے کار بیٹھا ہوا ہو تو اس کے ساتھ ایسا خوش قسمت لمحہ کبھی نہیں آئے گا۔

یہی معاملہ زندگی کی تمام ترقیوں کا ہے بڑی کامیابی اکثر کسی کے حصہ میں اس طرح آتی ہے کہ وہ اپنے کام میں لگا ہوا ہے وہ محنت میں رات دن ایک کئے ہوئے ہے پھر اچانک ایک موقع سامنے آتا ہے اور وہ اس کو استعمال کر کے آگے بڑھ جاتا ہے۔ یہ موقع اچانک آتا ہے اور پہلے سے بتائے بغیر آتا ہے کوئی شخص دن کو کام کرے اور رات کو غافل ہو تو رات کو وہ موقع آئے گا اور وہ اس سے فائدہ اٹھانے سے محروم رہے گا اسی طرح کوئی شخص رات کو کام کرے اور دن کو غافل ہو تو دن میں وہ موقع آئے گا اور وہ اس سے فائدہ اٹھانے سے محروم رہ جائے گا۔ بڑی کامیابی ہمیشہ بڑی جدوجہد سے حاصل ہوتی ہے۔ بڑی کامیابی حاصل کرنے کی دوسری کوئی صورت نہیں۔

خون افزا ٹانک
خون بنانے والی گولیاں
☆ کمی خون کی ہر وجہ کا حل۔ ☆ صالح خون پیدا کرے' جسم کو فربہ اور توانا بنائے ☆ چہرے کا رنگ نکھارے۔ دل کو فرحت اور معدہ و جگر کو تازگی دے۔ ☆ سالہا سال کی تھکاوٹ' اسٹریس' ڈیپریشن کا چند ڈبیوں سے خاتمہ ☆ بھوک بحال اور صحت شاندار بنائے ☆ خواتین کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔
قیمت:-/120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# خوابوں سے رہنمائی حاصل کرنا سیکھئے

تلخیص ملک، اسلام آباد

خواب انسان کے لیے ایک طلسماتی معمہ ہے اور شاید یہ اس کی سمجھ میں نہ آنے والی صفت ہی ہے جس کی وجہ سے ہر شخص نت نئے خواب دیکھنے میں ایک گونا گوں کشش محسوس کرتا ہے۔ عام طور پر انہیں حقیقت سے الگ کوئی چیز سمجھا جاتا ہے لیکن دراصل ان کا حقیقت سے ایک گہرا تعلق ہوتا ہے۔ جیسا کہ مشہور زمانہ ماہر نفسیات سگمنڈ فرائیڈ کا نظریہ ہے کہ خواب انسانی ذہن کی ان خفیہ اور اہم ترین نفسیاتی گتھیوں کا نتیجہ ہوتے ہیں جنہیں ہمارا شعور اندر ہی اندر سلجھانے کی کوشش کرتا رہتا ہے۔ نیند ہی کے دوران ہمارا دماغ بظاہر چھوٹی موٹی نظر آنے والی باتوں کو ریکارڈ کرتا ہے۔ برطانوی ماہر نفسیات کرسٹوفر ایون کا کہنا ہے کہ خواب نیند کے عالم میں خود بخود پیدا ہونے والی کوئی معمولی چیز نہیں بلکہ ہماری نیند کا ایک اہم مقصد خواب دیکھنا بھی ہے۔ ایسی کئی مثالیں موجود ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ انسان خوابوں کو اپنی زندگی میں کس قدر مددگار بنا سکتا ہے۔ ایک مشہور سائنسدان فریڈرک نے بینزین نامی ایک کیمیکل کی ساخت بھی خواب کے ذریعے دریافت کی تھی۔ برٹرانڈ رسل خود کو درپیش آنے والے مسائل کے حل کے لیے خواب ہی سے مدد لیا کرتا تھا۔

## ڈراؤنے خواب نظر آنا کوئی نفسیاتی مرض نہیں

ڈراؤنے خواب نظر آنا کوئی نفسیاتی مرض ہرگز نہیں یہ دراصل اکثر انسان کو بہتر راہ سجھاتے اور اسے زندگی کے چیلنجز کا پامردی سے مقابلہ کرنے کے قابل بناتے ہیں۔ اکثر لوگ کوئی خوفناک خواب دیکھ کر وحشت سے جاگ جاتے ہیں یا رونے اور چیخنے لگتے ہیں۔ بیدار ہونے کے کافی دیر بعد تک ان کی سانسیں منتشر رہتی ہیں اور وہ ذہنی طور پر سخت پریشان رہتے ہیں۔ انہیں یہ احساس ہونا چاہیے کہ اس طرح کی شدید کیفیات دراصل ان کے جسم میں رونما ہونے والی چند ضروری کیمیائی تبدیلیوں کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں جس کا مقصد یہ ہرگز نہیں ہوتا کہ خواب نفسیاتی طور پر ان کے دماغ یا شخصیت پر بھی اثر انداز ہورہا ہے۔ ڈراؤنے خواب کے نتیجے میں اس قسم کی کیمیائی تبدیلیاں ضروری ہیں کیونکہ اس دوران انڈرین الائن غدود جسم سے ایک ایسا ہارمون خارج کرتا ہے جو ہمیں مشکل اور خطرناک حالات سے نمٹنے میں مدد دیتا ہے۔ ہم میں سے ہر شخص اپنے خواب کو کنٹرول کرسکتا ہے اور اس طرح انہیں اپنی شخصیت کی بناوٹ اور دیگر کئی مسائل کے حل کے لیے استعمال کرسکتا ہے۔ مثلاً اس سے کام یا کھیل کی کارکردگی اچھی ہوسکتی ہے اور ذہنی و جذباتی پریشانیوں سے چھٹکارا پایا جاسکتا ہے۔ خاص طور پر وہ لوگ جنہیں ڈراؤنے خواب پریشان رکھتے ہیں ان کے لیے یہ بات کسی خوشخبری سے کم نہیں ہوگی کہ وہ اپنے خوابوں کے ذریعے خود کو پرسکون و آسودہ بنا سکتے ہیں۔ ہمیں اکثر اپنے خواب دھندلے خاکوں کی صورت میں یاد رہتے ہیں جو روزمرہ کی زندگی میں مصروف رہنے سے دماغ سے اوجھل ہوجاتے ہیں لیکن پریکٹس کے ذریعے آپ خود کو ایسی حالت میں لاسکتے ہیں جہاں آپ کو یہ احساس ہونے لگے گا کہ آپ خواب دیکھ رہے ہیں۔ نہ صرف یہ بلکہ آپ انہیں وقتاً فوقتاً اپنی مرضی کے مطابق ڈھال بھی سکتے ہیں۔ آپ میں سے بعض لوگوں نے یہ ضرور نوٹ کیا ہوگا کہ کبھی کوئی خواب دیکھتے ہوئے آپ خوابیدہ سی حالت میں یہ محسوس کرلیتے ہیں کہ کس قسم کا خواب چل رہا ہے پھر آپ نیند میں جاری واقعات و اجزاء میں اپنی مرضی کے مطابق تبدیلیاں کرتے ہیں اور اس طرح خواب اور شعور کی ملی جلی کیفیت میں اپنی نیند گزارتے ہیں۔ اس کے برعکس جن لوگوں کا شعور دوران خواب بالکل سویا رہتا ہے انہیں یوں لگتا ہے جیسے واقعی حقیقی واقعات سے دوچار ہورہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب وہ یک بیک بیدار ہوتے ہیں تو خوف یا مایوسی کی کیفیت میں مبتلا ہوجاتے ہیں۔

# خواب کی تعبیر معلوم کرنا خود سیکھئے

خوابوں کو اپنی مرضی کے مطابق ڈھالنا کئی لحاظ سے فائدہ مند ہے، اس سے آپ کے ذہن پر کوئی برا اثر نہیں پڑے گا اور آپ دنیا اور دنیا میں اپنے مقام کو بہتر طور پر سمجھ سکیں گے۔ خواب دیکھنا ایک نارمل فعل ہے کیونکہ خواب کی کیفیت میں دماغ ان تمام مسائل اور پہلوؤں کی منظر کشی و عکاسی کرتا ہے جو آپ کی موجودہ زندگی سے متعلق ہوتے ہیں۔ لہٰذا جب آپ کو یہ احساس ہوتا ہے کہ آپ خواب دیکھ رہے ہیں تو اس سے آپ اپنے خواب کو اپنی مرضی سے مثبت خطوط پر چلا سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنے خوابوں پر کنٹرول کرلیں گے تو ان کے ذریعے آپ اپنی خواہشات، خوف اور من پسند خیالی چیزوں سے واقفیت حاصل کرسکیں گے۔ اکثر لوگ ان ہی سوالوں کے جوابات کی تلاش میں ساری زندگی سرگرداں رہتے ہیں کہ وہ کیا چاہتے ہیں؟ ان کی ترجیحات کیا ہیں؟ وہ کیا پسند یا ناپسند کرتے ہیں؟ ان سب باتوں کو سمجھ کر ہی آپ اپنی شخصیت کو صحیح راہوں پر گامزن رکھ سکتے ہیں چونکہ آپ اپنے خوابوں پر مکمل قابو رکھتے ہیں لہٰذا اگر کوئی خوفناک خواب بھی دیکھتے ہیں تو کوئی خاص اثر نہیں لیتے چونکہ آپ کو معلوم ہوتا ہے کہ یہ محض خواب ہے۔

## اپنے خوابوں کی تعبیر خود دریافت کیجئے

خواب کسی پہیلی کی مانند ہوتے ہیں لیکن چونکہ یہ مختلف ٹکڑوں میں تقسیم ہوتے ہیں لہٰذا اس کا مطلب اس وقت تک نہیں سمجھا جاسکتا جب تک انہیں ایک ایک کرکے بامعنی طریقے سے ملایا نہ جائے۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ اکثر اس بات سے پریشان رہتے ہیں کہ جو خواب انہوں نے دیکھا اس کا بھلا کیا مطلب ہوسکتا ہے؟ دراصل ایک خواب کا مطلب کیا ہے یہ جاننے کے لیے آپ کو تمام ٹکڑوں یا علامات کو ملا کر ایک تصویر کی شکل دینی ہوگی تبھی خواب کا مکمل مفہوم واضح ہوسکے گا۔ اس کے علاوہ ہر شخص کے خواب کا مفہوم بھی جدا جدا ہوتا ہے۔ چاہے دو افراد کے خواب ایک جیسے ہوں مگر دونوں کی زندگی کے اثرات اور ذہنی رجحانات مختلف ہوں گے لہٰذا ہر ایک کے لیے اپنے خواب کا ایک الگ مطلب ہوگا۔ بعض اوقات جن خوابوں کا مطلب سمجھ میں نہیں آتا ان کا اگر انسان کسی ایسے خواب سے موازنہ کرکے دیکھتا ہے جو بار بار آتا رہتا ہو تو باآسانی ان کی تہہ تک پہنچ سکتا ہے۔ جب آپ خوابوں کی تعبیر کرنے کے لیے بیدار ہوں تو خواب میں جو کچھ دیکھا تھا اسے کسی ڈائری میں تحریر کریں اور یہ اندازہ لگانے کی کوشش کریں کہ ان کا کیا مطلب ہوسکتا ہے۔ خواب کے اجزاء کا اپنی موجودہ زندگی کی باتوں سے تعلق جوڑنے کی کوشش کریں۔ شروع میں آپ خواب کی باتیں یاد نہیں کر پائیں گے لیکن اس سے پریشان مت ہوں بس اپنے خیالات کو آزاد چھوڑ دیجئے۔ آہستہ آہستہ آپ خواب یاد کرنے اور ان کی تعبیر معلوم (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

آنکھ شفاء
موسمی و بائی اور تمام آنکھوں کے امراض کیلئے
آشوب چشم، موتیا بند، دھندلا پن، سوزش چشم، ضعف چشم، آنکھیں درد کرتی ہوں، صبح کے وقت آنکھیں کیچڑ سے جڑ جاتی ہوں یا بوجھل ہوتی ہوں، آنکھوں کے سامنے پتنگے سے اڑتے ہوں، آنکھوں میں دھندلا غبار یا جالا ہو، آنکھوں میں خارش ہو، نظر دن بدن کمزور ہوتی جارہی ہو، آنکھوں کی قبض، ان تمام امراض کو دور کرتا ہے۔ قیمت 70 روپے

# رمضان میں جلد کس طرح چمکدار رکھی جائے؟

نرگس ارشد، سیالکوٹ

خوبصورت، صحت مند اور جوان جلد یقیناً ہر عورت کی خواہش ہے اور اس کے حصول کے لیے ہر ممکن جتن بھی کیے جاتے ہیں۔ موسم گرما اور ماہ رمضان میں روزہ اور گرمی سے اسکن پر مضر اثرات پڑ سکتے ہیں کیونکہ جسم کی ضرورت کے مطابق وٹامنز اور منرلز نہیں مل پاتے جس کی وجہ سے اسکن پژمردہ اور تھکی ہوئی نڈھال نظر آتی ہے۔ لیکن اگر افطار اور سحری میں مکمل اور بھرپور متوازن غذائیت والی اشیاء استعمال کی جائیں تو کوئی شک نہیں کہ آپ کو کوئی نقصان پہنچے۔ اگر آپ چند مخصوص غذا کا ہی استعمال کریں گی تب آپ کی اسکن خراب ہونے کا اندیشہ ہوسکتا ہے۔ اس لیے ایسی غذا استعمال کریں جو اسکن کے ساتھ بالوں اور ناخنوں کی مضبوطی اور خوبصورتی کا باعث ہے وہ کون سی غذائیں اور غذائی اجزاء ہیں جو آپ کی جلد کو صحت مند رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

**وٹامن اے:** جلد کے لیے ایک بہت ہی اہم وٹامنز وٹامن اے ہے یہ جلد کو ڈی ہائیڈریشن یا پانی کی کمی کا شکار ہونے سے بچاتا ہے جلد کو خشک نہیں ہونے دیتا بلکہ جلد کو ہموار نرم و ملائم بناتا ہے۔ گاجر وٹامن اے کا بھرپور خزانہ اور ذریعہ ہے اس کے علاوہ آڑو، خوبانی، پالک اور ہرے پتوں والی تمام سبزیوں میں وٹامن اے کی بھرپور مقدار پائی جاتی ہے۔ اس لیے رمضان میں آپ اپنے جوسز مینو میں گاجر کا جوس بھی شامل کرسکتی ہیں ہفتہ میں کم سے کم ایک بار اس کا پینا بہت فائدہ دے گا۔ سلاد اور اس کے پتے ہر روز ہی افطار کے دستر خوان کی زینت بننا لازمی ہے۔ ہرے پتوں والی دیگر سبزیوں جیسے ساگ، پالک وغیرہ کی کوئی مزیدار ڈش تیار کی جاسکتی ہے۔ وٹامن اے کے حصول کے لیے یہ تمام اجزاء لازمی تصور کیے جاتے ہیں۔

**وٹامن بی:** وٹامن بی نہ صرف ڈی ہائیڈریشن سے بچاتا ہے بلکہ یہ اوائل طور پر بننے والی جھریوں اور لائنوں کے بننے کے عمل کو بھی سست کردیتا ہے وٹامن بی کے حصول کا اہم ذریعہ گوشت، پھلیاں اور دالیں ہیں۔ سو اپنے افطار مینو میں مرغی، مچھلی اور گوشت کی کوئی نہ کوئی مرکزی ڈش ضرور رکھیں۔ دالوں کا سوپ اور پھلیوں کی بھجیا بھی تیار کی جاسکتی ہے سفید ڈبل روٹی کی جگہ گندم کے آٹے سے تیار شدہ ڈبل روٹی کا استعمال زیادہ بہتر ثابت ہوتا ہے۔

**وٹامن ای:** ایک اور اہم وٹامن وٹامن ای جو کہ نہ صرف جھریوں کے عمل کو روکتا ہے بلکہ مردہ ہوجانے والے خلیات کی جگہ نئے خلیات پیدا کرنے کا سبب بنتا ہے وٹامن ای Nuts اور سبزیوں میں پایا جاتا ہے۔

**جلد کی چمک کیلئے یہ پھل افطار دستر خوان پر ضرور کھائیے!:** وٹامن سی جلد کی ہر طرح سے نشوونما کے لیے بہترین تصور کیا جاتا ہے اس سے اسکن ہموار، نرم، چمکدار اور صحت مند رہتی ہے بالوں اور ناخنوں کو چمک کے ساتھ مضبوطی عطا کرتا ہے اور اس کے مسلسل استعمال سے بال اور ناخن بڑھنے لگتے ہیں۔ وٹامن سی زیادہ تر پھلوں میں پایا جاتا ہے جیسا کہ لیموں، اورنج، اسٹرابیری، ٹماٹر، سنگترہ اور تربوز اس کے حصول کے بہترین ذرائع ہیں۔ اپنے افطار یا سحری کے مینو میں مندرجہ بالا پھلوں میں سے کسی بھی پھل کا تازہ جوس اسکن اور صحت کے لیے افادیت بخش ہوتا ہے۔ ہفتہ میں کم سے کم تین بار ان فروٹ جوسز کا استعمال کرنا اسکن کے تمام مسائل سے چھٹکارا دے سکتا ہے۔

# رمضان میں بنا میک اپ کے جلد کی تروتازگی

وٹامن اے، سی ای کے ساتھ ساتھ زنک اور Selenium میں اینٹی آکسیڈنٹ کی بھرپور تاثیر پائی جاتی ہے جو کہ جلد کے خلیات کی حفاظت اور ان کی تعمیر کا کام سرانجام دیتے ہیں جس سے اسکن صحت مند رہتی ہے۔ سیلینیئم اور زنک سی فوڈز میں پایا جاتا ہے سو اپنے افطار میں سی فوڈز کا اضافہ کبھی کبھار کرلینا ہی بہت ہے۔ **اومیگا تھری فیٹی ایسڈ:** جلد کی حفاظت اور اسکی صحت کے لیے اومیگا تھری فیٹی ایسڈ بہترین جز و جانا جاتا ہے اس منرل کا سب سے بڑا ذریعہ مچھلی ہے اس لیے ہفتہ میں دوبارہ اپنے افطار میں مچھلی کی تیار شدہ کوئی نہ کوئی ڈش ضرور شامل کریں۔ یاد رکھیں فرائی مچھلی کے بجائے گرلڈ مچھلی زیادہ فائدہ دیتی ہے۔ (۱) جنک فوڈ اور اسی قسم کے دوسرے کھانے سے دور رہیں۔ کینڈیز، چاکلیٹ، پزا، فرنچ فوڈ اور فرنچ فرائز جیسی تمام ڈشوں کو نظرانداز کردیں۔ کیونکہ یہ اشیاء اسکن پر ایکنی اور نشانات بننے کا سبب بنتے ہیں۔ اس لیے اپنے چہرے کو صحت مند اور چمکدار بنانے کے لیے آپ کو ایسی تمام ڈشز سے اجتناب برتنا ہوگا۔ (۲) رمضان کے مہینے میں بھاری بھرکم ایکسرسائز نہیں کی جاسکتی اس کی سب سے بڑی وجہ وقت کی تنگی کا ہونا ہے کیونکہ رمضان میں کام زیادہ اور وقت کم کا فارمولا پورے ماہ اپلائی ہوتا ہے اس لیے ایک ریگولر ایکسرسائز کے لیے وقت نکالنا خاصا مشکل ہوتا ہے۔ لیکن ہلکی پھلکی ایکسرسائز جیسے واک کرنا، چہل قدمی اور کچھ ایسی انڈور گیمز جن سے تھکاوٹ نہ ہو کی جاسکتی ہیں۔ افطار کے بعد اور سحری تک کم از کم آٹھ نو گلاس پانی پئیں اور فجر کی نماز کے بعد کچھ وقت ایکسرسائز کو بھی دیں۔ یہ ایکسرسائز اسکن کو شاداب اور تازہ رکھے گی کیونکہ ایکسرسائز سے خون کے دورانیہ میں تیزی آئے گی جس سے جلد پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ اس ماہ کسی بھی قسم کے ذہنی دباؤ اور ڈپریشن کو اپنے اوپر سوار مت کریں کیونکہ اسٹریس کی زیادتی کا براہ راست اثر جلد پر پڑتا ہے اسٹریس ایکنی کی پیداوار کا سبب بنتا ہے اس لیے ہر ممکن طریقے سے اس سے بچیں۔ (۳) جتنا ممکن ہوسکے دھوپ سے بچیں کیونکہ سورج کی الٹرا وائیلٹ تیز شعاعیں جلد کے لیے انتہائی نقصان دہ ہوتی ہیں۔ سورج کی شدت چہرے پر جھلسنے اور جلنے کے نشانات پیدا کرتی ہے رمضان میں غیر ضروری طور پر گھر سے باہر نکلنے سے گریز کریں اور اگر جانا اہم ہو تو سن گلاسز، اسکارف، چھتری اور سن بلاک کا استعمال ضرور کریں۔ (۴) صحت مند کھانا، پانی، جوسز اور فروٹ کے استعمال سے جسم کے میٹابولزم سسٹم کو منظم اور متوازن رکھیں جس سے چہرے اور اسکن کے کئی مسائل سے بچا جاسکتا ہے۔ (۵) جسم اور جلد کو پانی کی کمی کا شکار نہ ہونے دیں اور اس کے لیے سحری اور افطار کے دوران خوب پانی پئیں، پانی پر مبنی موئسچرائز، کلینزر اور ٹونر اپلائی کریں۔ اگر آپ کی جلد چکنی ہے تب صرف ٹھنڈے پانی سے چہرہ بار بار دھوئیں اس سے اسکن پر سے آئل ختم ہونے میں مدد ملتی ہے۔ (۶) رمضان میں جہاں دیگر معمولات متاثر ہوتے ہیں وہاں نیند کے اوقات کار میں بھی تبدیلی واقع ہوتی ہے لیکن کوشش کریں کہ اپنی نیند مکمل کریں اور جسم کو آرام دیں تھکاوٹ اور نیند کی کمی بھی چہرے کی اسکن پر مضر اثرات ڈالتی ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

معجون شفایابی

گزشتہ 70 سال سے اپاہج اور معذور افراد کو تندرست اور توانا بنانے والی کامیاب ترین دوا

بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے

لولے لنگڑے اپاہج، معذور، سر میں پانی بھر جانا، مسلسل بے ہوش یا غنودگی میں رہنا، اس مرض میں مبتلا بچے ہوں یا بڑے سب کیلئے یکساں مفید

پولیو کے شکار مردوں کا درد اور خاص طور پر بوڑھوں کیلئے تو معجون شفایابی بڑھاپے کا سہارا ہے قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# آسان نبوی عمل اور ہزاروں فرشتوں کی صبح و شام دعائیں

ام شایان، لاہور

اس میں کوئی شک نہیں کہ مریضوں کی تیمارداری کرنا نہایت اہم فن ہے اور جتنا اہم ہے اتنا ہی اپنی نوعیت کے لحاظ سے عبادت کا بھی درجہ رکھتا ہے کہ اس میں صبر و تحمل، ایثار، ہمدردی اور محبت کی سخت ضرورت ہے اور یہ صفات خدا ترس اور درد آشنا دل رکھنے والے انسان ہی میں پائی جاتی ہیں مگر اس فن سے واقفیت حاصل کرنا ہر انسان خصوصاً خواتین کے لیے نہایت ضروری ہے۔ کیونکہ ہر گھر میں بیماری آسکتی ہے لہٰذا امور خانہ داری میں فن تیمارداری کو خصوصیت کے ساتھ کچھ دخل ہے، جو اپنے مختلف اصولوں کے اعتبار سے بہت وسیع معنی رکھتا ہے۔

بیماریوں کے کھانوں کی طرف گھر والوں اور خصوصاً تیماردار کو خصوصی توجہ سے کام لینا چاہیے، ان کی غذا، طاقت بخش، زود ہضم ہو، مختلف امراض میں بعض چیزوں سے قطعی پرہیز کرنا چاہیے کیونکہ وہ چیزیں مریض کے لیے سخت مضر ہوتی ہیں۔ غذا کی تیاری میں توجہ، ہمدردی اور سلیقہ مندی کی ضرورت ہے تاکہ غذا جلی ہوئی کڑوی، کسیلی، زیادہ نمکین و میٹھی اور مریض کی مرضی و پسند کے خلاف نہ ہو۔ بیماری کے حملوں کی وجہ سے مریض کی طبیعت چڑچڑی اور زود رنج ہو جاتی ہے، اس کا دل ذرا سی بات کو بھی جلد محسوس کرلیتا ہے اور اس کی طبیعت رنجیدہ ہو جاتی ہے۔ اس لیے خوش ذائقہ غذا تیار کر کے خوشنمائی اور خلوص و محبت کے ساتھ مریض کے سامنے لائی جائے تاکہ مریض کی بھوک کھل جائے اور وہ رغبت سے کھانا کھالے، کیونکہ مقوی غذا پر ہی مریض کی تندرستی کا دارومدار ہے۔ بیمار کے سامنے ایک دفعہ میں بہت سا کھانا نہ لایا جائے بلکہ مختلف چیزیں چھوٹی چھوٹی صاف پلیٹوں میں تھوڑی تعداد میں نکالی جائیں۔ رات کو مریض کو جگا کر کھانا کھلانے کی کبھی کوشش نہ کریں۔

ایک دن پہلے پکائی ہوئی غذا مریض کو نہیں کھلانی چاہیے اور جن چیزوں کو کھانے سے ڈاکٹروں نے مریضوں کو منع کیا ہے اس کے سامنے نہ لائی جائیں نہ کھائی جائیں بلکہ ہر دوسرے یا تیسرے گھنٹے کے بعد تھوڑا تھوڑا دودھ، سوپ، کم پکے ہوئے انڈے، چاول کا پانی، اراروٹ، ساگودانہ، دلیہ، تازہ پھلوں کا رس، بھنے ہوئے آلو، ڈبل روٹی کے سلائس، دُھلی ہوئی مونگ کی دال کی نرم کھچڑی ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق دیتے رہیں۔ آج کل ڈاکٹر ہر قسم کے مریضوں کو زیادہ سے زیادہ پانی پلانے کا مشورہ دیتے ہیں کیونکہ پانی کی فراوانی سے جسم کے فاسد مادے نکل جاتے ہیں۔ آنتوں اور گردوں کی صفائی ہو جاتی ہے۔ مریض کے پینے والا پانی اُبال کر چھان کر ٹھنڈا کرلیا جائے کیونکہ ہر شخص منرل واٹر خریدنے کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ مریض کو دودھ بالائی اتار کر دیا جائے، کیونکہ بالائی ثقیل ہوتی ہے۔ سوپ یا یخنی بغیر چربی کے گوشت (جس کے لیے گردن کا گوشت بہتر مانا جاتا ہے) یا پھر چوزے کے گوشت کا بنایا جائے مگر بوٹی نہ کھلائی جائے۔ اراروٹ زود ہضم اور ہلکی غذا ہے۔ حریرہ یا دلیہ جو گیہوں کے آٹے سے موٹی سوجی نکال کر بنایا جاتا ہے یہ بذات خود بڑی طاقت بخش غذا ہے۔

مریض کی خدمت یعنی تیمارداری عطیہ خداوندی ہے اور اس کو انجام دینے والا دنیا کی مقبولیت کے علاوہ آخرت کے انعامات کا بھی مستحق ہوتا ہے کہ اس نے خدا کے ایک کمزور و ناتواں مجبور اور معذور بندے کی دادرسی اور خبر گیری کا کام نہایت صبر و تحمل اور محنت سے انجام دے کر حق انسانیت ادا کیا اور اگر اس میں خدا اور رسول ﷺ کی خوشنودی کا خیال مقدم ہے تو اس کے اجر کا اندازہ لگانا انسان کے بس کی بات نہیں۔ گو کہ یہ کام خدا مسبب الاسباب ضرورت کے وقت کسی نہ کسی سے انجام دلا ہی دیتا ہے کہ مصیبت میں بندوں کی مدد بجز اس کے اور کوئی نہیں کرسکتا۔ اپنوں کا وجود تیمارداری کے لیے زیادہ موزوں ہے کہ خالق عالم نے رشتوں کا تسلسل اسی لیے وابستہ کردیا ہے کہ بوقت ضرورت ایک دوسرے کے کام آسکیں اور خلوص و ہمدردی کے ساتھ مریض کی عیادت کرسکیں، ورنہ غیروں اور عزیزوں میں کوئی فرق نہیں۔

# ہائے نامعلوم ہماری اولاد پر کس نے جادو کروا دیا

ثانیہ، منڈی بہاؤالدین

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں تمام ماؤں کو یہ کہنا چاہتی ہوں کہ خدارا اپنے بچوں کے سامنے ان کے باپ کے خلاف کوئی غلط بات مت کہیں اور نہ ہی بچوں کے سامنے شوہر سے لڑیں اور بچوں سے ان کے باپ کے خلاف غلط باتیں مت کہیں اس طرح بچوں کی نظروں میں باپ کا مقام گر جاتا ہے اور وہ اپنے باپ کو اسی نظر سے دیکھتا ہے جس نظر سے ماں اسے دکھاتی ہیں۔ یاد رکھیں یہ مائیں اور عورتیں بھی ہوتی ہیں جو مردوں کو ٹھیک بناتی ہیں یا بگاڑتی ہیں اگر مائیں اپنے بیٹوں کو دوسروں کی عزت کرنا سکھائیں، احساس برتری نہ دے بلکہ بہنوں کے جتنا مقام دیں تو بیٹا کبھی بھی آگے جا کر ماں کو بھی برا نہیں کہے گا اور تمام ان مردوں سے جو والد بھی ہیں سے گزارش کرتی ہوں کہ بچوں کے سامنے کبھی بھی اپنی بیویوں پر ہاتھ مت اٹھائیں نہ انہیں پیٹیں اس طرح بچے خوف اور احساس کمتری کا شکار ہو جاتے ہیں میں نے خود بچوں کو ذہنی مریض بنتے دیکھا ہے خاص کر کے 14 سے 20 سال تک کی عمر کی لڑکیوں کو جنہوں نے شروع سے ہی اپنے باپ کی ناانصافی اور ظلم کو دیکھا اور ماں کو روتے اور لڑتے دیکھا' بچپن سے ہی لاشعوری طور پر ان کے ذہن میں جو چیزیں بیٹھ گئیں تھیں جو کہ اب جوان ہوتے ہوئے ذہنی بیماری کی شکل میں وہ چیز باہر نکل رہی تھی اور ماں باپ ڈاکٹروں اور فقیروں کے پاس جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ 'ہائے! نامعلوم ہماری اولاد پر کس نے جادو کروا دیا ہے' خدا کے لیے بچوں کی تربیت سچے اصولوں پر کریں' چھوٹے بچے کو یہ پتہ نہیں ہوتا کہ اس کے ماں باپ اس کے لیے کیا کچھ کررہے ہیں لیکن بچپن میں ہی اس کے والدین کا دل ہوتا ہے کہ وہ سب کچھ سمجھ جائے' ان کا سہارا بنے اور ان کا بوجھ اٹھائے اگر آپ اسے اچھے کردار کا انسان نہیں بنائیں گے تو وہ کسی کا کیا اپنا بوجھ بھی نہیں اٹھا پائے گا۔ اس لیے ضروری ہے کہ آج ہم اپنے خاندانی ماحول پر نظر ڈالیں کیونکہ انسان کی اصل شخصیت اس کے گھریلو ماحول سے ہی بنتی ہے اور زیادہ تر گھر پر ہی عیاں ہو کر اثر ڈالتی ہے' اس لیے اگر والدین اپنے بچوں کو ذہنی طور پر مفلوج ہونے سے بچانا چاہتے تو انہیں چاہیے کہ ان کے سامنے لڑائی مت کریں' فسادمت کریں انہیں گھریلو اچھا ماحول دیں' روٹی، کپڑے، تعلیم اور ضروریات زندگی دینے سے بچے کا کردار زیادہ پختہ نہیں ہوتا جتنا کہ اس کے گھریلو رویوں اور ماحول سے اس کی شخصیت پروان چڑھتی ہے میرے خیال میں ہر انسان کو شادی کرنے سے پہلے میاں، بیوی کے حقوق و فرائض اچھی طرح پڑھ کر جان لینا چاہیے اور سمجھنا چاہیے اور ان پر عمل کرنے کیلئے خود کو تیار کرنا چاہیے تاکہ ایک بہترین زندگی گزارنے کے قابل ہوسکیں۔


مکمل دماغی اور جسمانی ٹانک
فٹنس فولاد ٹانک
چہرے کو گلنار بنائے
فٹنس فولاد ٹانک
بچوں کیلئے انمول تحفہ
کاروباری' ملازم پیشہ مردوں' عورتوں اور بچوں کیلئے قابل اعتماد ٹانک
لیکوریا کی مریضہ کیلئے بہترین ٹانک۔ حاملہ عورت کا بہترین ساتھی
خون بڑھانے کیلئے توانائی بخش ٹانک
قیمت 120 روپے

# سورۂ کہف کے فوائد اور کرشمات

حکیم فاروق، چڑھوئے والا

(۱) حضرت ابودرداءؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جس نے سورۂ کہف کی شروع کی دس آیات یاد کرلیں۔ وہ دجال کے فتنے سے محفوظ ہوگیا۔ اور ایک روایت میں سورۂ کہف کی آخری دس آیتوں کے یاد کرنے کا ذکر ہے۔ (مسلم)

(۲) حضرت ابودرداءؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جس نے سورۂ کہف کی شروع کی تین آیتیں پڑھ لیں وہ دجال کے فتنے سے بچالیا گیا۔ (ترمذی)

(۳) حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص سورۂ کہف کی آخری دس آیتیں پڑھ لے تو یہ پڑھنا اس کے لیے دجال کے فتنے سے بچاؤ ہوگا۔ (عمل الیوم واللیلۃ للنسائی)

(۴) حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص جمعہ کے دن سورۃ کہف پڑھ لے وہ آٹھ دن تک یعنی اگلے جمعہ تک ہر فتنہ سے محفوظ رہے گا، اور اگر اس دوران دجال نکل آئے تو یہ اس کے فتنہ سے محفوظ رہے گا۔ (تفسیر ابن کثیر)

(۵) حضرت ابوسعید خدریؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جس نے سورۂ کہف کو (حروف کی صحیح ادائیگی کے ساتھ) اس طرح پڑھا، جس طرح کہ وہ نازل کی گئی ہے تو یہ سورت اپنے پڑھنے والے کے لیے قیامت کے دن اس کے رہنے کی جگہ سے لے کر مکہ مکرمہ تک نور بن جائے گی۔ جس شخص نے اس سورت کی آخری دس آیات کی تلاوت کی پھر دجال نکل آیا تو دجال اس پر قابو نہ پاسکے گا۔ (مستدرک حاکم)

(۶) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جو شخص جمعہ کے دن سورۂ کہف کی تلاوت کرے گا، اس کے قدم سے لے کر آسمان کی بلندی تک نور ہو جائے گا، جو قیامت کے دن روشنی دے گا، اور گزشتہ جمعہ سے اس جمعہ تک کے اس کے سب گناہ معاف ہو جائیں گے۔ (صغیرہ گناہ مراد ہیں)۔ (مجموعہ افادات: شیخ الاسلام مفتی تقی عثمانی مدظلہ)

(۷) سورۃ کہف پڑھنے سے گھر میں سکون و برکات نازل ہوتی ہیں۔ ایک مرتبہ ایک صحابیؓ نے سورۃ کہف پڑھی، گھر میں ایک جانور بھی تھا۔ وہ بدکنا شروع ہوگیا، انہوں نے غور سے دیکھا کہ کیا بات ہے؟ تو انہیں ایک بادل نظر آیا جس نے انہیں ڈھانپ رکھا تھا۔ صحابیؓ نے اس موقع پر ذکر جب نبی کریم ﷺ سے کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اسے پڑھا کرو، قرآن پڑھتے وقت سکینت نازل ہوتی ہے۔ (بحوالہ: صحیح بخاری، فضائل سورۃ الکہف، مسلم، کتاب الصلوٰۃ، بقراءۃ القرآن، تفسیر مسجد نبوی، ص799)

(۸) اگر کسی شخص کو رات کے وقت جاگنا منظور ہو اور کوئی جگانے والا نہ ہو اور خود بھی اٹھنے کی امید نہ ہو تو وہ شخص نماز عشاء کے بعد سورۃ الکہف پڑھ کر سو جائے۔ انشاء اللہ جس وقت اٹھنے کا ارادہ کرے گا اسی وقت آنکھ کھل جائے گی۔ (مجرب عمل ہے)۔ (وظائف الصالحین، ص70)

(۹) جو شخص قرض میں گرفتار ہو اور قرض اترنا مشکل ہوگیا ہو تو بعد نماز جمعہ سورۃ الکہف سات بار پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے پوری توجہ اور یکسوئی کے ساتھ دعا مانگا کرے۔ انشاء اللہ اس کا قرض اتر جائے گا۔ (وظائف الصالحین، ص70)

(۱۰) سورۃ الکہف کو لکھ کر ایک بوتل میں ڈال دیں اس بوتل کو گھر میں رکھنے سے محتاجی اور قرضہ سے نجات ملے گی اور اس کے گھر والوں کو کوئی نقصان نہ دے سکے گا۔ گھر دشمن کے شر اور خطرے سے محفوظ رہے گا۔ (اعمال قرآنی، صفحہ نمبر94، حصہ دوم)

# تسبیح خانہ میں تین روز گزارے! کالے جادوگروں کا جادو ناکام

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! بندہ ناچیز بہت پریشان تھا' تسبیح خانہ میں ہونے والے ہر جمعرات کے درس میں آتا رہا جس سے بہت روحانی سکون ملا۔ مجھ پر متعدد جادوگروں نے سخت جادو کر رکھا تھا اور مجھے جان سے مار دینے کی کوششیں کیں مگر تسبیح خانہ میں اعمال کرنے کی وجہ سے اللہ کی مدد نے مجھے نئی زندگی بخش دی' تسبیح خانہ میں روحانی چلہ کے دوران کروائے گئے وظائف پڑھنے سے میرے مسائل ختم ہوئے' ہمارے گاؤں میں ایک شخص کالے علم کے ماہر تھا جس نے متعدد گھر اجاڑے' میرے گھر پر عمل کیا مگر میں تسبیح خانہ میں ہونے والے روحانی چلہ میں شرکت کی وجہ سے بچ گیا۔ گاؤں کے لوگ کالے علم کے ٹوٹکے پڑھتے ہیں میرے دل کو تکلیف ہوتی ہے' مگر میں تسبیح خانہ سے ملنے والے وظائف پڑھتا ہوں تو میرے دل کو سکون مل جاتا ہے۔ اللہ کریم نے تسبیح خانہ میں گزارے تین روزہ چلہ کی برکت سے مجھے کالے علم سے بچائے رکھا۔ (غلام رسول' سیالکوٹ)

### خیریں اور برکات میرا انتظار کررہی ہیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تسبیح خانہ میں ہونے والے تین روزہ روحانی چلہ میں شرکت کی' جس سے مجھے جسمانی' دماغی اور روحانی سکون حاصل ہوا ہے' میری سوچ اور جذبے میں نمایاں اور مثبت تبدیلی رونما ہوئی ہے' ایک یقین کی کیفیت ہے جیسے میں نے زندگی میں بہت بڑا سرمایہ جمع کرلیا ہو اور خیریں اور برکات میرا انتظار کررہی ہیں' میری زندگی میں نمایاں اور روشن تبدیلی رونما ہوچکی ہے' اللہ کریم نے مجھے میری سوچ سے زیادہ نوازا ہے' تسبیح خانہ میں گزارے تین روزہ چلہ کی وجہ سے جسمانی اور دماغی طور پر خود کو بہت بہتر محسوس کررہا ہوں' میری پریشانیاں ختم ہورہی ہیں اللہ تعالیٰ آپ اور آپ کی نسلوں کو تاقیامت شاد باد فرمائے' آپ کے درجات بلند و بالا فرمائے اور تسبیح خانہ کا فیض ہمیشہ جاری رہے۔ (طیب' لاہور)

**سیاہ دل صاف:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں تسبیح خانہ میں ہونے والے روحانی چلہ میں شریک ہوا اس سے باقی ساتھیوں نے جو کچھ پایا تو شاید میں نہ پاسکا کیونکہ میرا دل بہت کالا تھا' شاید اسے مزید کھرچنے کیلئے اس طرح کے مزید روحانی چلوں کی ضرورت ہے لیکن ایک بات سمجھ میں آئی کہ اور وہ یہ کہ ہم آپ کا شکر کن الفاظ میں ادا کریں ہمارے پاس الفاظ نہیں' آپ نے ہم پر بہت بڑا احسان کیا کہ تسبیح خانہ میں ہفت روزہ روحانی چلہ شروع کیا تاکہ اللہ تعالیٰ کے ذکر سے اپنے سیاہ دل کو صاف کرسکیں۔ میرے دل کی سیاہی دور ہورہی ہے۔ (عابد حسین' ایبٹ آباد)

**جادو شکن پانی**
خاص الخاص عمل کے بعد کالا جادو' جنات' نظر بد' سفلی عمل' بدروحوں کے برے اثرات' لاعلاج بیماریاں' گھریلو جھگڑے' اولاد کی نافرمانی' مسلسل ناکامیاں' دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کر دیا ایسے حالات میں ''جادو شکن پانی'' کا استعمال مایوسی کو ختم کرکے آس اور امید کو دلاتا ہے۔
قیمت صرف 60 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# جانوروں میں بدہضمی دور اور بھوک بڑھانے کا نسخہ خاص

## کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

### بکرے کی اوجڑی بند! بڑا مسئلہ آسان حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرض ہے کہ میں عبقری کا پرانا قاری ہوں' اپنے شہر میں عبقری رسالہ ہر مہینے مفت تقسیم کررہا ہوں تاکہ غریب بھائیوں کا بھلا ہوا۔ ایک ٹوٹکہ کسان بھائیوں کے لیے بھیج رہا ہوں۔ بعض دفعہ قربانی کے لیے خریدے ہوئے بکروں' دنبوں کو لوگ سوکھی روٹیاں' سویاں' بچا ہوا کھانا' چاول وغیرہ زیادہ مقدار میں کھلا دیتے ہیں جس سے ان کے معدے کی حرکت اور کھانا پینا اور جگالی بند ہوجاتی ہے اس کو "بند" کہتے ہیں۔ اس کا علاج انتہائی آسان ہے۔ جانور (بکرے یا دنبے) کو مکسچر کارمینیٹو 100cc پلائیں۔ اس کے علاوہ سیون اپ' پیپسی یا کوک کوئی بھی بوتل پوری پلادیں جانور کو چھ گھنٹے گھاس نہ دیں' پانی پلائیں۔ جانور بالکل ٹھیک ہوجائے گا۔ (ڈاکٹر محمد بخش میر غلام حیدر تالپور' میرپور خاص سندھ)

### کھیت میں خوب برکت کے لئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں' میرے تایا ابو ایک کسان ہیں' انہوں نے ایک مرتبہ مجھے ایک روحانی ٹوٹکہ بتایا کہ میری فصل کی پیداوار میری امید کے مطابق نہ ہوتی تھی' مجھے ایک بزرگ نے ایک عمل بتایا کہ جس وقت بیج بویا کرو اس وقت سورۂ واقعہ کی تلاوت 3 مرتبہ کرلی جائے' فصل میں بہت ہی زیادہ اضافہ ہوتا ہے۔ میں نے یہی عمل کرنا شروع کردیا ہے' میری فصل کی پیداوار بڑھنا شروع ہوگئی۔ (عائشہ فضل' اوکاڑہ)

### جانوروں میں بدہضمی اور بھوک بڑھانے کا نسخہ خاص

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ اور عبقری کی تمام ٹیم کو' آپ کے تمام اہل وعیال کو صحت' زندگی اور خوشحالی عطا فرمائے۔ ایک نسخہ "کسان دوست" کالم کیلئے حاضر خدمت ہے' پوری امید ہے کہ میرے باقی نسخہ جات کی طرح اس کو بھی جلد ہی عبقری میں اشاعت کا موقع ملے گا تاکہ مخلوق خدا بھرپور فائدہ اٹھاسکے۔ یہ بہترین نسخہ ہے' الحمدللہ جس دوست کو بتایا اس نے تعریف کی' ہم نے تو اس نسخہ کو انسانوں پر بھی آزمایا اور بہترین پایا۔ قارئین عبقری نوٹ فرمالیں!

ھوالشافی: سونف 500 گرام' چرائتہ 200 گرام' اجوائن 250 گرام' زیرہ سفید 250 گرام' ریوند چینی 250' سونٹھ 150 گرام' کالی مرچ 100 گرام' میٹھا سوڈا 200 گرام' نمک سیاہ 250 گرام' نمک سفید 250 گرام' پنیر ڈوڈی (تخم حیات) 200 گرام۔ تمام اجزا باریک کوٹ لیں کوٹنے ہیں' گرائنڈ نہیں کرنے۔ بڑا جانور ہو تو 100 گرام۔ چھوٹا جانور بکرا ہو وغیرہ ہو تو صرف 20 گرام۔ یہ دوا صرف ہفتے میں دو مرتبہ دیں' گڑ میں پیڑا بناکر کھائیں۔ (ہومیو ڈاکٹر ظفر حمید ملک اٹک سٹی)

### کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

جانور شفاء: سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور کو موٹا تازہ صحت مند' سدا بہار رکھنے کیلئے جانور شفاء مویشی پال حضرات کیلئے بہت ضروری ہے۔ (قیمت-/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# امن وسکون اور راحت کے متلاشی حضرات کیلئے عبقری حویلی کا خصوصی اعمال پیکیج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ آٹھ سال سے مسلسل پڑھ رہے ہیں' تین سال پہلے میری نوکری ختم ہوگئی' کافی جگہ نوکری ڈھونڈی مگر نہ ملی' بمشکل ایک جگہ پر مارکیٹنگ کی نوکری ملی مگر مسئلہ یہ پیدا ہوگیا کہ میری کمپنی مجھے ماہانہ ٹارگٹ دیتی جو مجھے ہر ماہ ہر صورت پورا کرنا ہوتا تھا مگر گزشتہ ایک سال سے ملکی حالات کی وجہ سے آرڈر پورا نہ ہوتا جس کی وجہ سے میری نوکری خطرے میں پڑگئی' رسالہ عبقری پڑھنا شروع کیا' جب عبقری رسالہ میں "عبقری حویلی" میں ہونے والے اعمال کے متعلق پڑھا اور اس کے لوگوں کے تجربات پڑھے تو وہاں جانے کیلئے بے چین ہوگیا' مجھے ہفتہ اتوار چھٹی ہوتی ہے لہٰذا میں ہر ہفتہ کی صبح گھر سے نکلتا تقریباً ایک گھنٹے کی مسافت کے بعد عبقری حویلی احمد پور شرقیہ پہنچ جاتا' وہاں خوب اعمال کرتا' میری پریشانی ان دنوں سب سے بڑی یہی تھی کہ میرا ٹارگٹ پورا ہوجائے اور میری نوکری بچ جائے۔ یقین جانیے! جب سے ہفتہ میں صرف ایک دن چند گھنٹے کیلئے عبقری حویلی جانا شروع ہوا ہوں' میرا ماہانہ ٹارگٹ پورا ہوتا ہے اور کمپنی بھی مجھ سے اب بہت خوش ہے کہ یہ بندہ ایسے ملکی حالات میں بھی ٹارگٹ کو سو فیصد اچیو کرتا ہے۔ الحمدللہ! اس کے علاوہ بھی مجھے عبقری حویلی میں جاکر بہت کچھ ملا' نماز پڑھنا تو دور مجھے کبھی خیال بھی نہ آتا تھا کہ کبھی نماز بھی پڑھتے ہیں' اب سارا دن مارکیٹنگ کے دوران جہاں بھی اذان ہوجائے میں سارے کام چھوڑ کر پہلے مسجد ڈھونڈتا اور نماز ادا کرتا ہوں' دعائیں قبول ہونا شروع ہوگئیں' گھر میں برکت آئی' رزق میں اضافہ ہوا۔ اب تو جب تک ہفتے میں ایک مرتبہ عبقری حویلی میں جاکر اعمال اور وہاں تھوڑی بہت پودوں اور کیاریوں کی دیکھ بھال کی خدمت نہ کرلوں دل کو سکون ہی نہیں ملتا۔ (قاسم ظہور' بہاولپور)

### عبقری حویلی میں روحانیت کے انوکھے مشاہدات

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! جوانی انجانے دیوانے پن میں گزر گئی' ہوش سنبھالا تو زندگی کے 40 سال بیت چکے تھے دامن میں افسوس کے سوا کچھ نہ تھا۔ خیر اللہ کا کرم عبقری حویلی کے ذریعے سے جینے کا ڈھنگ ملا' زندگی کا اصل مقصد ملا' اللہ سے لو لگانے کے گر ملے اور راحت سکون کا ہر وہ سامان ملا جو میں چاہتا تھا۔ عبقری حویلی میں ایام بیض کا عمل کیا' وہ انوارات کھلے کہ تحریر اس کے احاطہ سے قاصر ہے۔ اللہ کی یاد اور اس کے انعامات کا تصور کرکے عبقری حویلی میں بیٹھا تو عجیب مشاہدات سامنے آئے۔ قلبی اطمینان ملا، گھر میں سکون ملا، ذہنی الجھنوں، ڈیپریشن سے افاقہ ہوا اور وہ کچھ ملا اگر بیان کروں تو آپ یقین نہ کریں۔ (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

تمام بدن کیلئے شاہی ٹانک جسمانی دردوں سے آزاد زندگی
جسم میں انقلابی قوت پیدا کرنے والا انوکھا نسخہ زرغوانی نقرائی
ایسی نعمت جو وجود کے بال بال کو روحانی اور جسمانی شفاء بخشے
لاغر انسان کو بھی قابل فخر صحت مند انسان بنادیتی ہے
فالج، رعشہ، لقوہ کا یقینی علاج شوگر کے مریض مایوس کیوں؟
شاہی ٹانک بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب کیلئے یکساں مفید
بادشاہ، نواب، روساء اور امراء کیلئے خاص طور پر بنایا نسخہ اب آپ کیلئے بھی
قوت خاص کیلئے حیرت انگیز طور پر موثر قیمت صرف 2200 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# پھلبہری کے مریض شفایابی کا سچا ٹوٹکہ لے لیں!

ملازم حسین شاہ، بلیہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! نہایت ادب سے التماس ہے کہ خداوند اقدس آپ کو اپنا قرب خاص عطا فرمائے دنیا و آخرت کے حوادث سے آپ کی حفاظت فرمائے' آپ کے اہل خانہ کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اور تسبیح خانہ کے فیض کو یونہی عام فرمائے۔ اللہ کریم عبقری کے مخلصین، معاونین و محبین کو اپنی طرف سے جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین! بندہ ناچیز کے پاس دو نسخے ہیں جو آزمودہ ہیں۔ وہ یہ کہ جسم پر داغ جو سفید رنگ کے پڑ جاتے ہیں جنہیں شاید اردو زبان میں "پھلبہری" کہتے ہیں اور ہمارے یہاں (ہمارے علاقہ میں) سرائیکی میں جس شخص کو پھلبہری کے داغ ہوں اس کو "ڈبہ" کہا جاتا ہے۔

## پھلبہری سے نجات کا میرا آزمودہ ٹوٹکہ

پھلبہری کے داغ مجھے بچپن میں جب عمر تقریباً دس سال کے نزدیک تھی نکلے میری اماں جان کے بقول کہ یہ شاید دودھ یا لسی کے ساتھ مچھلی یا انڈہ کھانے سے شروع ہوئی (مگر اس میں بھی شاید حقیقت نہیں کیونکہ یہ ان کا صرف خیال ہے) میری پنڈلیاں' چہرہ اور جسم کے دیگر حصوں پر سفیدی نکلی جس کی وجہ سے معاشرے میں مجھے لوگ "ڈبہ" کہنے لگے۔

کسی نے بتایا کہ "رائی" کے بیج روزانہ پانی کے ساتھ دن میں دو یا تین بار ایک ایک مٹھی پھانک لیں' اللہ تعالیٰ نے فضل فرمایا میں نے رائی کا استعمال چند ہفتے مستقل مزاجی سے کیا اور پھلبہری ختم ہوگئی اب میرا جسم بالکل ایک نارمل انسان کی طرح ہے اور ہاں مجھے اب لوگ "ڈبہ" بھی نہیں کہتے۔ میری ایک کزن کو بھی پھلبہری کی شکایت ہوئی۔ میں نے اسے بتایا تو اسے بھی بہت فائدہ ہوا۔ واضح رہے کہ رائی دراصل سرسوں کی ہی ایک قسم ہے اور بیج بھی تخم سرسوں کے برابر ہوتے ہیں جن کا رنگ سفید و سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے۔

## میرے کزن کی پھلبہری کا علاج کیسے ہوا؟

میرے ایک چچازاد بھائی کو پھلبہری ہوئی تو میرے ایک دوسرے کزن نے جو کہ حکیم ہیں اور طبیہ کالج بہاولپور سے فارغ ہیں اس نے بتایا کہ 'باپچی' کا تیل ان داغوں پر لگاؤ۔ انہوں نے "باپچی" کے بیج لیکر "کولہو" سے تیل نکلوایا لیکن تیل نہ نکلا تو میرے کزن نے جو حکیم ہیں انہوں نے خاص طریقہ سے کہ جیسے عرق کشید کیا جاتا ہے تیل نکال دیا انہوں نے یہ تیل لگانا شروع کیا تو کچھ عرصہ میں ہی اس کی پھلبہری ختم ہوگئی۔

## والدہ کی جلدی بیماری کا انوکھا علاج

میری والدہ گھریلو خاتون ہیں' وہ سرف، سوڈا خود تیار کرتیں اور گھر کی چھوٹی موٹی مرمت کیلئے سیمنٹ وغیرہ کا کام بھی خود ہی کرلیتیں اور ہاتھوں پر کسی قسم کی کوئی احتیاط نہیں کرتیں یعنی کبھی دستانے وغیرہ نہ پہنتی تھیں جس سے وجہ سے کہنیوں تک ان کے ہاتھ کا رنگ تبدیل ہوگیا' جلد پھٹنے لگی' ہر وقت خارش رہتی' خون بہنے لگتا' کبھی کبھی تو صورت حال اس قدر خراب ہو جاتی کہ ہاتھوں میں ہر وقت کی خارش سے پیپ بہنے لگتی' بہت علاج کروائے وقتی طور پر فائدہ ہو جاتا لیکن یہ مستقل حل نہ تھا' کسی نے بتایا کہ گائے کی چربی کو پگھلا کر اس کو متاثرہ جگہ پر لگائیں۔ گائے کی چربی کے استعمال نے الحمدللہ ہمیشہ کیلئے خارش سے نجات دے دی۔

# ناک کی ٹیڑھی اور بڑھتی ہڈی کے لیے شفائی نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک نسخہ عبقری قارئین کی نذر کر رہا ہوں امید ہے بے شمار قارئین کے کام آئے گا۔ نسخہ یہ ہے کہ ہومیوپیتھک کی چار دوائیاں ٹیوکریم 30 طاقت میں، کالی بائیک 30 طاقت، لیمنا مائیز 30 طاقت والی یہ تینوں صبح و دوپہر شام 10 قطرے پانی میں ملا کر پینے ہیں اور تھوجا 200 طاقت والی ہر جمعہ کو 10 قطرے لینے ہیں یعنی ہفتے میں ایک بار۔ ٹیڑھی ہڈی یا بڑھتی ہڈی میں نارمل ہو جاتی ہے ایک ماہ میں ہی آرام آجاتا ہے اور اگر مرض زیادہ بگڑا ہوا ہو تو تین ماہ بھی لگ سکتے ہیں۔ ٹیڑھی ہڈی یا بڑھی ہڈی اپنی اصل حالت میں آجاتی ہے یعنی کم ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے نزلہ رہتا تھا وہ نزلہ بھی دور ہو جاتا ہے جب ہڈی نارمل ہو اور ناک کے غدود نارمل ہوں' ان سے ناک کے غدود بڑھے ہوئے بھی نارمل ہو جاتے اور ہڈی بھی نارمل ہو کر ٹھیک حالت میں آجاتی ہے۔ میری ناک کی ہڈی بڑھی ہوئی اور ٹیڑھی تھی ڈاکٹروں نے آپریشن کا کہہ دیا تھا لیکن میں نے ہومیوپیتھک کی ادویات ڈاکٹر کے مشورہ سے ایک ماہ استعمال کیں' میری ہڈی نارمل ہوگئی اور غدود نارمل ہو کر آرام آگیا' پہلے ہر دم نزلہ رہتا تھا وہ بھی ہٹ گیا لیکن استعمال کرنا شرط ہے۔ ساتھ اگر نزلہ پھر بھی نہ جائے تب بھی ادویات کا استعمال نہیں چھوڑنا کیونکہ آخر آرام آجاتا ہے اور بہت اگر نزلہ پھر بھی ساتھ رہے تو ساتھ کوئی انگریزی دوائی یا جوشاندہ پی سکتے ہیں' یہ دوائیاں عام نزلے میں استعمال نہ کریں' یہ صرف ناک کی بڑھی ٹیڑھی ہڈی کیلئے ہے جس کی وجہ سے نزلہ رہتا ہے باقی عام نزلے کے لیے جوشاندہ یا کوئی اور دوائی استعمال کر سکتے ہیں۔ (ذکاءاللہ، لاہور)

# رمضان میں گرمی سے بچنے کے آزمودہ دو ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رمضان المبارک میں مئی میں آرہا ہے اور ان شاء اللہ جب یہ شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہوگا تو پہلا عشرہ چل رہا ہوگا' اس موسم میں سارا دن شدید دھوپ رہتی ہے اور دوران روزہ یہ دھوپ آپ کو بہت زیادہ پریشان کر سکتی ہے۔ میں قارئین عبقری کیلئے اپنا ایک آزمودہ مشروب لایا ہوں' یقیناً جو بھی سحری کے وقت استعمال کرے گا سارا دن اسے نہ دھوپ ستائے گی نہ پیاس۔ ھوالشافی: حسب ضرورت آلو بخارا اور املی کو ہموزن لیکر پانی میں رات کو بھگو دیں' صبح املی کی گٹھلی نکال املی گرائنڈ کریں اور پکالیں۔ آلو بخارا بھی پیس لیں۔ چھوٹا سا ٹکڑا ادرک' چند دانے پودینہ کے پتے' تھوڑی سی طباشیر ڈال کر گرائنڈ کر کے برف ڈال کر سحری کے وقت پی لیں' کبھی بھی دھوپ نہیں لگے گی' رمضان المبارک کے علاوہ بھی سخت گرمی خاص کر کے حبس کے دنوں میں صبح و شام ایک گلاس پی لیں' کبھی بھی موسم گرما کے امراض آپ کو نہ ہونگے' گرمی کی شدت' حدت' لو آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکے گا۔ اس کے علاوہ ایک اور بالکل سادہ مگر بہت مفید ٹوٹکہ ہے اگر کوئی آلو بخارا' املی نہیں لے سکتا اور گرمی کے اثرات سے بھی بچنا چاہتا ہے تو اسے چاہیے ابلے ہوئے چاولوں کا پانی (پیچ) نکال کر برف' نمک' چینی ڈال کر پی لیں' اس سے بھی دھوپ اثر نہیں کرتی۔ (راحیلہ خان، سیالکوٹ)

ناک شفاء دائمی نزلہ' الرجی' چھینکیں' ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا کیلئے ناک میں ڈالنے والے قطرے

نزلہ کی وجہ سے دماغی کمزوری
بال سفید ہونا۔ نیند کا نہ آنا
موسمی تبدیلی کی وجہ شدید الرجی کا ہونا
قیمت -/100 روپے

الرجی سے پیدا بیماریوں کیلئے ناک شفاء کا کچھ عرصہ استعمال ہمیشہ کیلئے نجات کا سبب بنتا ہے۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

## ذہنی سکون کیلئے ضروری

بی ایس سی میں اپنی ایک کزن سے پڑھا۔ وہ مجھ سے پانچ سال بڑی ہے۔ پاس ہونے کے بعد اس کیلئے تحائف خریدے کہ عید کے موقع پر دیدوں گا۔ اس سے پہلے اس کی منگنی کی خبر مل گئی تو فون پر مبارکباد دی۔ جواب میں وہ بہت ہنسی، پتا نہیں وہ میرے پاس ہونے پر خوش تھی یا اپنی منگنی پر۔ عجیب عجیب سے خیالات آرہے ہیں۔ وہ کیا سننا چاہتی ہے؟ (فرحان، ملتان)

مشورہ: وہ یہی سننا چاہتی تھی جو آپ نے کہا اسی لئے تو اس کو ہنسی آئی۔ ایک لڑکی جس نے پڑھایا، وہ شفقت رکھتی ہوگی۔ یقیناً آپ کے دل میں بھی اس کا احترام ہوگا۔ عجیب سے خیالات جنہیں کہا نہ جاسکے، اپنے ذہن میں آنے سے روکیں، ذہنی سکون کیلئے ایسا کرنا ضروری ہے۔

## شرمندگی کا احساس

میرا بیٹا آٹھویں جماعت میں فیل ہوگیا۔ میں نے یہ بات سب رشتے داروں سے چھپائی اور اس کے سکول جاکر کہا کہ کسی بھی طرح اس کو کچھ نمبر دے کر پاس کردیں۔ ہیڈ مسٹریس جو پہلے بہت اچھے اخلاق سے ملتی تھیں اس بار انہوں نے توجہ نہ دی مجھے بہت شرمندگی کا احساس ہوا۔ شوہر سے کہا وہ جاکر ملیں لیکن انہوں نے صاف انکار کردیا۔ سوچتی ہوں سکول بدل دوں۔ بچے کے ذہن پر تو نئی کلاس میں آنے سے اچھا اثر ہی ہوگا۔ (ش، فیصل آباد)

مشورہ: وقتی طور پر بچہ خوش ہوجائے گا کہ بڑی کلاس میں آگیا لیکن اس کو پڑھنے میں مشکل ہوگی کیونکہ بنیاد کمزور ہے۔ آٹھویں جماعت دوبارہ پڑھنے دیں، اس کو معلوم ہوجائے گا کہ پاس ہونے کا طریقہ سکول بدلنا یا رعایت سے نمبر حاصل کرنا نہیں بلکہ محنت کرنا ہے۔ بنیاد مضبوط ہوگی تو نویں جماعت پڑھنے میں دشواری کا سامنے نہیں ہوگا۔ تب یقیناً میٹرک میں اچھا گریڈ لانے کی توقع کی جاسکے گی۔

## مذاق کرتا ہوں تو لوگ بُرا مان جاتے ہیں

ہنسی مذاق پسند ہے۔ دکھ اس وقت ہوتا ہے جب میں کسی سے مذاق کرتا ہوں اور وہ برا مان جاتا ہے۔ آئینے میں اپنا چہرہ بہت سنجیدہ نظر آتا ہے۔ گھر والوں کے خیال میں میری شخصیت رعب والی ہے۔ دوست مجھ سے مذاق کرتے ہیں مجھے برا نہیں لگتا۔ میرے ساتھ معاملہ الٹ کیوں ہے؟ (اسلم، راولپنڈی)

مشورہ: ہوسکتا ہے آپ مذاق میں کچھ سخت جملے کہہ دیتے ہوں۔ اگر آپ دیکھنے میں سنجیدہ اور بردبار لگتے ہیں تو اپنے مزاج میں خوش اخلاقی کا اضافہ کرلیجئے۔ مذاق کرتے ہوئے خاص خیال رکھیں کہ دل آزاری نہ ہو، اپنا فطری انداز اپنایا جائے۔ ہر شخص عزت و احترام کا مستحق ہے لوگوں کی عزت کرنے والے ہردلعزیز ہوجاتے ہیں۔ مزاح نگاروں کی تصانیف پڑھیں، گفتگو دلچسپ ہوجائے گی۔

## جب سے پاکستان چھوڑا پریشان ہوں!

میری عمر 22 سال ہے۔ یونیورسٹی کی طالبہ ہوں جب سے پاکستان چھوڑا ہے پریشان ہوں، ابتداء میں ٹھیک تھی پھر بیمار ہوگئی اس کے بعد ہر چیز کو اپنے اوپر حاوی کرنے لگی۔ یہاں کی زبان مشکل ہے، سیکھ نہیں پائی اس کی کمی محسوس ہوتی ہے۔ کسی سے بات کروں یا کچھ لکھوں، ہمیشہ افسردگی کی باتیں کرتی ہوں جیسے مجھے کوئی غم ہو۔ آج کل اپنی تعلیم کی وجہ سے پریشان ہوں۔ دوسروں کو ہر بات کا حوصلہ دیتی ہوں پر اپنی ذات کی سمجھ نہیں آتی کیا کروں۔ میں نے اپنی زندگی میں عجیب سی کشمکش پیدا کرلی ہے۔ (الف، بیرون ملک)

مشورہ: کسی نئے ملک، نئے ماحول اور اجنبی زبان بولنے والے لوگوں میں تنہا رہنے سے مایوسی پیدا ہونا فطرتی بات ہے، خاص طور پر ان حالات میں افسردگی زیادہ ہوتی ہے جب اہم مقاصد کو نظر انداز کردیا جائے مثلاً آپ تعلیم پر خصوصی توجہ نہیں دے پا رہیں۔ وہ ساری باتیں جو حوصلہ دینے کیلئے دوسروں سے کہتی ہیں انہیں ایک کاغذ پر لکھ لیں اور ایسی جگہ لگادیں جہاں آپ کی بار بار نظر جاتی ہو۔ خط میں اس بات کی کمی ہے کہ کس ملک میں ہیں، اکیلی ہیں یا فیملی کے ساتھ۔ بیماری کیا ہوئی تھی اگر چیزوں کو اپنے اوپر حاوی کرنے لگی ہیں تو یہ توانائی نئی زبان سیکھنے اور تعلیم کو سمجھنے میں کیوں نہیں لگائی جاسکتی۔ غیر اہم اور فضول باتوں کو دماغ سے نکال کر صرف اہم اور مثبت خیالات کو جگہ دیں۔

## چھ ماہ سے زیادہ اداسی

گزشتہ چھ ماہ سے میری طبیعت ہر چیز سے الجھنے لگی۔ بس اپنا کمرہ اور اپنا بستر ہونا، نہ کچھ پڑھنا اچھا لگتا نہ کسی سے ملنا۔ کوئی خود ہی بات کرنے آجاتا تو بھی دل گھبراتا ہے، کھانا پینا بھی چھوڑ دیا۔ امی سکول ٹیچر ہیں وہ بھی میری کیفیت کو نہ سمجھیں۔ اپنی ایک دوست کے مشورے سے نفسیاتی معالج کو دکھایا کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ پندرہ دن بعد علاج چھوڑ کر پھر پہلے والی کیفیت میں کھوگئی۔ (ن۔ش، اسلام آباد)

مشورہ: چھ ماہ سے زیادہ اداسی، پژمردگی اور غم کی کیفیت رہے تو سمجھ لینا چاہیے کہ نفسیاتی مرض ڈپریشن ہے۔ آپ نے اپنی کیفیت بہت بہتر انداز میں بیان کی۔ دکھ مجھے اس بات کا ہوا کہ دوبارہ مایوسی کی طرف چلی گئیں اور بہتری کی امید بھی نہ رکھی۔ ایک طرف ادویات کا استعمال تو دوسری طرف خود کو بہتر محسوس کرنے والی تجویز پر عمل، وہ بھی مسلسل اور مستقل مزاجی کے ساتھ، صبر آزما کام ہے جبکہ پہلے والی حالت میں رہنا نسبتاً آسان مگر تکلیف دہ ہے۔ ارادہ کریں، پکا ارادہ کہ گھبراہٹ اور لاتعلقی کی کیفیت سے باہر آنا ہے۔ کمرے کے اندھیرے چھوڑ کر قدرتی روشنی میں بھی وقت گزار کر دیکھیں، بہتری محسوس ہوگی۔

## اس کا ضمیر مرچکا اس کو بھول جاؤ

ہم دو بہنیں اور ایک بھائی ہے۔ بھائی کی تعلیم پر جتنا روپیہ پیسہ خرچ کیا وہ اتنا ہی بگڑتا ہے۔ پہلے لڑکیوں کے چکر میں پڑا پھر نشہ کرنے لگا ہم نے کسی کو بتایا نہیں۔ اس نے وہ زیورات بھی نکال لیے جو والدین نے ہماری شادی کیلئے بنوا کر رکھے تھے اب گھر چھوڑ کر چلا گیا۔ والد کو اس پر بہت غصہ ہے۔ وہ کہتے ہیں۔ اس کا ضمیر مرچکا ہے، اس کو بھول جاؤ۔ (ثناء، لاہور)

مشورہ: خواہشات نفس کا غلام فرد ان پر قابو پانے کی صلاحیت کھو بیٹھتا ہے۔ عقل انسانی ذہن کے اندر حقائق کو جانچنے، پرکھنے اور مسائل حل کرنے کا ذریعہ ہے جو نفسانی خواہشوں، ضمیر کے تقاضوں اور معاشرتی حقیقتوں کے مابین مفاہمت کرواتا ہے۔ جو شخص اخلاقی حدود اور پابندیوں کا خیال نہ کرے، اپنوں کے جذبات کا بھی لحاظ نہ ہو احساس جرم نہ ہو، ضمیر کی خلش نہ رہے تو ایسا شخص محبت دینے اور پانے سے بھی محروم ہوجاتا ہے۔ اس کو نفسیاتی طور پر صحت مند نہیں کہا جاسکتا، فی الحال بھائی سے کوئی امید نہ رکھیں۔ یہ ہوسکتا ہے کہ اس کے دوستوں سے مل کر اس کو نشے کے نقصانات سے آگاہ کیا جائے، ضمیر کو جگایا جائے کہ وہ مجرمانہ زندگی چھوڑ کر پرسکون اور خوشگوار زندگی کی خواہش کرے۔ ان ارادوں کے بعد اس کے رویئے میں بہتری ممکن ہے۔

الرجی، چھینکیں، دائمی نزلہ، ناک کی ہڈی کا بڑھنا (کورس)

ناک کی ہڈی کا بڑھنا ناک کا بند رہنا جلدی مسائل حتیٰ کہ الرجی

دائمی نزلہ الرجی کے شکار افراد کیلئے تیر بہدف لاتعداد کا آزمودہ کورس سفید اور گرتے بال، دماغ کمزور، حافظہ ضعیف ہو تو یہ کورس آپ کو ناامید نہ کرے گا کچھ عرصہ مستقل مزاجی کا استعمال درج بالا بیماریوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا

قیمت صرف -/600 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# یتیم بچی! بارات سر پر اور کھانے کا انتظام نہیں!

زاہدہ پروین، لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی 2005ء میں ہوئی‘ جب میری شادی کے دن مقرر ہوئے تو شادی سے 20 دن پہلے تک شادی کے اخراجات اور برات کے کھانے وغیرہ کا کوئی بندوبست نہیں تھا‘ میں اپنے بڑے بھائی کے ساتھ رہتی تھی کیونکہ میرے والدین وفات پاچکے تھے۔ میرے کل تین بھائی ہیں لیکن کچھ معاملات کی وجہ سے ان سب کی آپس میں بول چال بند تھی اور ان کے معاشی حالات بھی انتہائی خراب تھے‘ کہیں سے بھی پیسوں کا کوئی بندوبست نہیں ہو رہا تھا اور نہ ہی کوئی قرضہ مل رہا تھا جب شادی میں صرف تین دن رہ گئے تو میں نے یہ دعا پڑھنا شروع کردی‘ یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابْ کو بے حساب یعنی لاتعداد پڑھنا شروع کردیا۔ صرف ایک دن پڑھا کہ میرے چھوٹے بھائی جن کی بڑے بھائی سے بات چیت بالکل بند تھی‘ میرے اس بھائی نے آکر مجھ سے پوچھا کہ کیا برات کے کھانے کے اخراجات کا کچھ بندوبست ہے تو میں نے رو کر کہا کہ ابھی تک کوئی انتظام نہیں ہوا۔ میرے اس بھائی نے فوراً اپنے دفتر میں اپنے باس سے بات کی تو انہوں نے بغیر کوئی تفتیش کیے حامی بھرلی فوراً میرے بھائی کو اپنے گھر بلایا تمام اخراجات کا تخمینہ لگایا اور 100 باراتیوں کیلئے بہترین کھانے کا آرڈر دے دیا۔ الحمدللہ! بارات والے دن اتنے اچھے انتظامات ہوئے کہ ہر کوئی حیران تھا کہ ان کے پاس تو کچھ تھا ہی نہیں‘ اور کھانا اتنا عمدہ اور بہترین تھا کہ جس نے کھانا کھایا وہ تعریفیں کرتا ہوا پنڈال سے نکلا۔ بے شک وہ مسبب الاسباب ہے اس نے ایسی جگہ سے سبب بنایا کہ میرے وہم و گمان میں بھی نہ تھا اور اتنا زبردست سبب بنایا کہ لوگ شادی کے کافی عرصہ بعد تک میری شادی کے کھانے کی تعریفیں کرتے رہے۔ قارئین! یہ میری زندگی کا ایک بہت بڑا واقعہ ہے جسے میں مرتے دم تک نہیں بھولوں گی کہ برات سر پر ہے اور کھانے کا انتظام نہیں اور اللہ کریم نے یک دم سبب بنایا اور سب کچھ بہترین ہوگیا۔

# دو الفاظ سے کینسر زدہ بواسیر ختم

محمد سرور ساجد، رحیم یار خان

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں رحیم یار خان کا رہنے والا ہوں‘ عبقری رسالہ پڑھتے ہوئے تقریباً تین سال ہوگئے ہیں‘ اس شمارے نے اگر میں یہ کہوں کے ہمارے علاقہ میں انقلاب برپا کردیا ہے تو کچھ غلط نہ ہوگا‘ بے شمار مسائل کا حل ہمیں صرف اسی شمارہ کی وجہ سے ملا ہے‘ وظائف پڑھ کر رب کریم سے پانے کا گر ہمیں صرف اسی شمارہ نے دیا ہے‘ اسی رسالے کی برکات ہیں کہ لوگ آج تسبیح اور مصلے کی اہمیت کو جان گئے ہیں‘ لوگ پانچ وقت کی نماز پڑھنا شروع ہوگئے ہیں‘ ذکر اذکار اور مسنون اعمال پر آگئے ہیں‘ ایک سو فیصد سچا آنکھوں دیکھا قصہ قارئین عبقری کی نذر ہے:۔

میرے چھوٹے بھائی کو بواسیر تھی جس کے پھوڑے بن جاتے تھے اور میرا بھائی خود ہی پھوڑے کو کاٹ دیتا تھا جو کہ ڈاکٹر کے پاس شرم کی وجہ سے نہیں جاتا تھا بالآخر مسئلہ زیادہ بڑھ گیا تو ڈاکٹر سے چیک کروایا تو ڈاکٹر نے ٹیسٹ کروائے جس میں کینسر ثابت ہوگیا۔ ڈاکٹر نے پہلے آپریشن کا کہا کہ آپریشن ہوگا بعد میں پھر کہنے لگے کہ آپریشن نہیں ہوسکتا اس کی جڑیں اندر تک چلی گئی ہیں۔ تو میرا بھائی مایوس ہوگیا۔ پھر مجھے عبقری رسالے میں آپ کا بتایا ہوا عمل حٰم لَا یُنْصَرُوْنَ کا وظیفہ یاد آیا۔ میں نے اپنے بھائی کو وظیفہ بتایا کہ یہ وظیفہ کرو۔ تو میرے بھائی نے پڑھنا شروع کیا تو اللہ کی ذات پاک کا بہت کرم ہوا آج میرا بھائی بالکل ٹھیک ہے اور اپنا کام وغیرہ بھی کررہا ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ پاک آپ کو سدا اسی طرح خدمت خلق کی توفیق دے اور خاتمہ بالایمان کرے اور عبقری کی ساری ٹیم کی اللہ حفاظت فرمائے اور نیکی کی جانب گامزن رکھے۔

## گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

## استخارہ عجیب صرف پانچ منٹ میں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کیلئے ایک نایاب تحفہ پیش خدمت ہے۔ یہ استخارہ میرے اور میرے ملنے والے احباب کے استعمال میں ایک عرصہ سے ہے۔ طریقہ کچھ یوں ہے کہ باوضو ہوکر سورۃ فاتحہ گیارہ مرتبہ‘ سورۃ اخلاص گیارہ مرتبہ‘ تیسرا کلمہ گیارہ مرتبہ‘ درود شریف اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ پھر دو رکعت نفل برائے استخارہ کی نیت سے کھڑے ہوجائیں۔ پہلی رکعت میں فاتحہ پڑھتے ہوئے جب اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ پر پہنچ جائے تو اسے مسلسل دہراتے جائیں۔ اچانک کوئی نادیدہ قوت آپ کی گردن اور سینہ دائیں یا بائیں طرف موڑے گی۔ دائیں طرف مڑنے کا مطلب ہے کہ کام آپ کیلئے ٹھیک ہے جبکہ بائیں طرف مڑنے کا مطلب کام نہ کرنے کا اشارہ ہے۔

## رمضان میں کھجور کا مزیدار شیک

چند کھجوریں لیں‘ دھو کر صاف کرلیں۔ اس کی گٹھلیاں نکال کر الگ رکھ دیں یا پھینک دیں‘ اب کھجور کو بلینڈر میں ڈال کر حسب ضرورت دودھ ڈال کر چند منٹ تک چلائیں‘ جب کھجور اور دودھ اچھی طرح مکس ہوجائیں تو گاڑھا شربت سا بن جائے گا۔ افطاری میں نوش فرمائیں‘ بہت طاقتور ہے۔

## خونی و بادی بواسیر کیلئے

**ھوالشافی:** تارامیرا‘ رسونت خشک‘ کافور‘ سنا مکی ہموزن سفوف بنا کر کیپسول بھرلیں۔ صبح‘ دوپہر‘ شام ایک کیپسول ہمراہ تازہ پانی کے ساتھ‘ بہت ہی مجرب اور آزمودہ ہے۔

**دائمی کیرا‘ نزلہ زکام و قبض:** دارچینی‘ لونگ اور جلوتری ایک ایک تولہ‘ مصبر تین تولہ۔ سب کو الگ کوٹ چھان لیں‘ پھر گولی بقدر دانہ مسور بنائیں‘ صبح‘ دوپہر‘ شام تازہ پانی کے ساتھ ایک گولی۔ (بحوالہ عبقری جلد نمبر 10)

استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی‘ جسمانی‘ نفسیاتی معالج ثابت ہونگے۔
قیمت فی جلد -/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں
گھریلو ناچاقیوں‘ رزق کی تنگی‘ پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور طبی معلومات سے مکمل طور پر

خاتون شفاء حیض کی بے قاعدگی کا آخری علاج
جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتی لڑکیوں کے امراض کا آزمودہ علاج
چہرے پر بال ہوں یا داغ دھبے خاتون شفاء سے نئی زندگی پائیں
ایام درد سے آئیں تو اعتماد سے استعمال کریں اور درد سے چھٹکارا پائیں
حیض کی بے قاعدگی کی شکار خواتین کیلئے خوشی کی نئی کرن
شادی کے بعد جسم موٹا ہو رہا ہو تو خاتون شفاء استعمال کریں
داغ دھبے چھائیوں کا آزمودہ علاج
صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# نمازِ تراویح! ہر سجدہ کے عوض ڈیڑھ لاکھ نیکیاں

بنت سہیل، لاہور

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ رمضان کی ایک رات میں باہر نکلے دیکھا مسجدوں میں قندیلیں روشن ہیں اور لوگ قرآن پڑھ رہے ہیں آپ نے کہا: اللہ تعالیٰ! عمرؓ کی قبر کو روشن کرے جیسے انہوں نے ہماری مسجدوں کو روشن کیا۔ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے تراویح کی 20 رکعات پڑھیں اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں 20 شہر عطا فرمائیں گے ہر شہر اتنا بڑا ہوگا کہ اس میں آدمی ایک مہینہ تک چلتا رہے تو پھر بھی ختم نہ ہو۔ فرمایا جو ایمان دار بندہ بھی ان راتوں میں سے کسی رات میں نماز تراویح پڑھتا ہے اس کیلئے ہر سجدے کے بدلے اللہ تعالیٰ ڈیڑھ ہزار نیکیاں لکھتا ہے اور اس کیلئے جنت میں ایک گھر سرخ یاقوت سے بناتا ہے جس کے ساٹھ ہزار دروازے ہوں گے اور ان میں سے دروازہ کے متعلق ایک محل سونے کا جو سرخ یاقوت سے آراستہ ہوگا۔ (بیہقی)

حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کسی شخص نے نبی کریم ﷺ سے نماز تراویح کی فضیلت پوچھی' آپ ﷺ نے فرمایا بندہ رمضان شریف کی پہلی رات گناہوں سے ایسا پاک صاف ہو جاتا ہے جیسے اس کی ماں نے اسے ابھی جنا ہو' دوسری رات اس کے اس کے بشرطیکہ وہ دونوں مومن ہوں گناہ بخشے جاتے ہیں اور تیسری رات ایک فرشتہ عرش کے نیچے سے پکارتا ہے اے بندے تو نے اپنے عمل کو خالص کیا اللہ تعالیٰ نے تیرے اگلے گناہوں بخش دیا اور چوتھی رات اس کو تورات اور زبور اور انجیل اور قرآن مجید کی تلاوت کے بقدر ثواب ملتا ہے اور پانچویں رات جس نے نماز پڑھی اسے مسجد حرام یعنی مکہ مکرمہ اور مسجد مدینہ منورہ اور مسجد اقصیٰ یعنی بیت المقدس میں نماز پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔ چھٹی رات اس کو اللہ تعالیٰ اس شخص کا ثواب دیتے ہیں جس نے بیت المعمور کا طواف کیا اور اس کے لئے تمام پتھر اور ڈھیلے استغفار کرتے ہیں اور ساتویں رات کا ثواب اس قدر ملتا ہے گویا اس نے موسیٰ علیہ السلام کو پایا اور مدد کی ان کی فرعون اور ہامان پر اور آٹھویں رات وہ اس قدر ثواب پاتا ہے جس قدر اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ثواب دیا اور نویں رات گویا اللہ اور حضرت نبی ﷺ کی عبادت کی مثل اور دسویں رات کو اللہ تعالیٰ اسے دنیا اور آخرت کی بہتری دیتے ہیں اور گیارہویں رات اگر دنیا سے چلا گیا تو گناہوں سے ایسا پاک وصاف جائیگا جیسا کہ ماں کے پیٹ سے ابھی پیدا ہوا تھا اور بارہویں رات کی فضیلت یہ ہے کہ اس کا چہرہ قیامت کے دن چودھویں رات کے چاند کی طرح چمکتا ہوگا اور تیرہویں رات کی فضیلت یہ ہے کہ وہ قیامت کے دن تمام برائیوں سے محفوظ آئے گا اور چودھویں رات کی فضیلت یہ ہے کہ قیامت کے دن رشتے دار آئیں گے اور گواہی دیں گے کہ تحقیق اس نے نماز تراویح پڑھی تھی پس اس سے قیامت کے دن حساب نہیں لیا جائیگا اور پندرھویں رات اللہ تعالیٰ اس کے لئے دوزخ سے چھٹکارا اور دخول جنت کی خوشخبری لکھ دیتا ہے اور سترھویں رات اللہ تعالیٰ اس کو نبیوں کی عبادت کا ثواب دیتے ہیں اور اٹھارہویں رات ایک فرشتہ آواز دیتا ہے' اے اللہ کے بندے تحقیق اللہ تجھ سے اور تیرے والدین سے راضی ہوا اور انیسویں رات اللہ اس کے درجوں کو فردوس میں بلند کرتا ہے اور بیسویں رات اس کو اللہ تعالیٰ شہداء اور صالحین کا ثواب دیتا ہے اور اکیسویں رات اس کیلئے اللہ تعالیٰ جنت میں ایک نور کا گھر بناتا ہے اور بائیسویں رات وہ قیامت کے دن تمام غم اور پریشانی سے محفوظ آئیگا اور تئیسویں رات اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت میں ایک شہر بناتا ہے اور چوبیسویں رات اس کی چوبیس دعائیں قبول ہوتی ہیں اور پچیسویں رات اللہ تعالیٰ اس سے عذاب قبر اٹھا دیتا ہے اور چھبیسویں رات وہ پل صراط سے مثل بجلی کے گزرے گا اور اٹھائیسویں رات اللہ تعالیٰ بہشت میں اس کا ایک درجہ بلند کرتا ہے اور انتیسویں رات اس کو اللہ تعالیٰ اس کو ہزار مقبول حج کا ثواب دیتا ہے اور تیسویں رات کا ثواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس سے فرمائیں گے اے بندے میرے جنت کے میوے کھا جو تیرا جی چاہے اور غسل کر پانی سلسبیل سے اور پی آب کوثرؐ میں تیرا رب ہوں اور تو میرا بندہ' جب نماز تراویح کی فضیلت اس قدر ہے تو مسلمانوں کو لازم ہے کہ ایسی نماز کبھی ہاتھ سے نہ جانے دیں تھوڑے روز تکلیف گوارا کریں اور اس کو ترک کر کے آخرت کے اس عظیم ثواب سے محروم نہ رہیں۔

# سحری! ہر لقمہ کے عوض ایک سال عبادت کا ثواب

حضور ﷺ نے فرمایا کہ تین چیزیں مرسلین کے اخلاق سے ہیں۔ روزہ کھولنے میں جلدی کرنا' دیر سے سحری کھانا اور مسواک کرنا۔ پس روزہ کھولنے میں عجلت کرنی چاہیے ستارے ظاہر ہونے سے پہلے افطار کرو کیونکہ مشرکین کی عادت تھی کہ وہ کچھ رات آجانے کے بعد روزہ کھولتے تھے۔ اس میں ایک بھید یہ ہے کہ نماز حضور قلب وطمانیت خاطر سے ادا ہوتی ہے۔ حضور ﷺ ہمیشہ نماز سے قبل روزہ افطار کر لیتے تھے اور فرماتے کہ افطار کے وقت دعا خیر کرو کیونکہ یہ قبولیت کا وقت ہے۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جس نے سحری کھائی اس کو ایک غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا اور جنت میں اللہ تعالیٰ اس کو قسم قسم کی نعمتیں عطا فرمائیں گے اس کی نیکیوں کا پلہ بھاری رہیگا اور سحری کے ہر لقمہ کے عوض اسے ایک سال کی عبادت کا ثواب ملے گا اور قیامت کے دن اس کھانے کا حساب ہوگا۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ سحری ساری کی ساری برکت ہے اسے نہ چھوڑا جائے اور نہیں تو کم از کم ایک گھونٹ پانی ہی پی لیا کرو اس لیے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے ملائکہ سحری کھانے والوں پر رحمت نازل فرماتے ہیں۔ رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ رمضان المبارک میں ہر رات افطار کے وقت دس لاکھ انسانوں کو دوزخ کی آگ سے اللہ تعالیٰ خلاصی مرحمت فرماتے ہیں اور اگر جمعہ کی شب ہو تو یہ ساعت (گھڑی) میں ایسے دس لاکھ انسانوں کو آگ سے خلاصی ملتی ہے جو اپنے اعمال کی بدولت جہنم کے مستحق ہو چکے تھے۔ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو ماہ رمضان میں کسی روزہ دار کو حلال کمائی سے روزہ کھلواتا ہے' تمام ماہ رمضان کی راتوں میں فرشتے اس کیلئے دعائے رحمت کیا کرتے ہیں اور جبرائیل علیہ السلام اس کیلئے رحمت کی دعا کرتے ہیں اور ایک روایت میں ہے کہ شب قدر میں جبرائیلؑ اس سے مصافحہ کرتے ہیں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا تین اشخاص ایسے ہیں کہ جو وہ کھاتے ہیں اس کا ان سے حساب نہیں لیا جائے گا بشرطیکہ انکا کھانا حلال ہو' روزہ دار' سحری کے وقت بیدار ہونے والا' اللہ کی راہ میں چوکیداری کرنے والا۔

معذور شفاء ٹانک
ہر قسم کی معذوری۔ فالج۔ لقوہ۔ دماغی کمزوری۔ ڈیپریشن۔ مرگی۔ بچوں کا سوکھا پن یا پیدائشی معذوری ان تمام امراض کیلئے صرف چند ماہ استعمال کریں۔ (قیمت 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# جنات کی شرارتوں نے جینا حرام کردیا!

ف۔ت، کراچی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تقریباً پندرہ دن ہوئے ہیں گھر میں عجیب واقعات ہونے لگے ہیں چونکہ میں اکیلی رہتی ہوں تو بہت زیادہ ڈر لگ رہا ہے۔ گھر میں شروع شروع میں کچھ اس طرح ہونے لگا کہ گھر کا سامان غائب مثلاً آٹا، سبزی، صابن، فریج سے گوشت، دلیہ، چونکہ میں اکیلی ہوں تو سارا سامان میں اکیلی ہی لاتی ہوں۔ چوتھی منزل پر گھر ہے سیڑھیاں چڑھ کر سامان لانا بہت مشکل ہے پھر بچے کو بھی اٹھانا ہوتا ہے اس کے بعد سامان غائب' بہر حال میں نے صبر کرلیا لیکن پھر اور بہت کچھ ہونے لگا اور ناقابل برداشت ہے آپ پڑھیں گے تو آپ کو بے حد حیرانی ہوگی۔ پہلے پہل میں سمجھتی رہی کہ گھر اوپن ہے کوئی مرد یا بچہ دیوار پھلانگ آتا ہے اور لے جاتا ہے میں یہ سوچ کر خود کو تسلی دیتی رہی۔ مالک مکان سے شکایت کی تو وہ قسمیں کھانے لگے کہ یہاں کوئی نہیں آسکتا۔ آپ محفوظ ہیں میں آپ کو گارنٹی دیتا ہوں لیکن حکیم صاحب کچھ دن پہلے فرش پر پانی پڑا ہوا تھا میں نے کپڑا رکھ دیا اور اندر آکر کپڑے دھونے لگی جیسے ہی باہر نکلی تو کیا دیکھتی ہوں کہ کپڑا دور پڑا ہوا تھا وہ بالکل ایسے پڑا ہوا تھا کہ جیسے کسی نے بہت احتیاط سے ویسے ہی رکھ دیا ہو، کمرے میں آئی تو بچے کی پیلے رنگ کی کرسی ہے اس کے اوپر لال مارکر سے گندی سی شکل بن ہوئی تھی۔ میں پھر ڈر گئی کیونکہ گھر میں ریڈ مارکر نہیں ہے اسے میں نے بڑی مشکلوں سے صاف کیا اب مسلسل ایسا ہونے لگا ہے کچن جاؤ تو توا ابھی اوپر رکھو تو نیچے رکھا ہوتا ہے، نیچے رکھوں تو اوپر رکھا ہوا ہوتا ہے۔ میں پیچھے کرکے رکھتی ہوں کہ بچے کی پہنچ سے دور رہے وہ ہر چیز کو پکڑ لیتا ہے' اس نے چلنا شروع کردیا ہے لیکن وہ تو اپھر نزدیک رکھا ہوا ہوتا ہے بچے کی پہنچ میں ہوتا ہے۔ چائے کے مگ ایک دوسرے کے اوپر چڑھے ہوئے ہوتے ہیں کچن میں تلاوت لگاتی ہوں' ٹیپ ریکارڈر پر صبح کو اسکے بٹن آن ہوتے ہیں رات کو میں آف کرکے سوتی ہوں پانی پینے کے لیے بیس کلو کے کین خریدتی ہوں کولر سے پانی غائب بیس کلو کا کین دو دن میں ختم جبکہ پہلے ایسا نہیں ہوتا تھا گھر میں صرف میں ہوں میں تو اتنا پانی نہیں استعمال کرتی بیس کلو کا کین اپنی جگہ سے دور رکھا ہوا ہوتا ہے جہاں میں رکھواتی ہوں۔ مجھے سمجھ نہیں آتی یہ کین کوٹ اٹھا کر دور رکھ دیتا ہے یہ سب کیا ہو رہا ہے' میری عقل تسلیم نہیں کر رہی۔

# جنات بچے کے کھلونے سے کھیلتے ہیں

کل ایک عجیب واقعہ ہوا بچے کا کھلونا ہے پیلے رنگ کا چارپائی کے نیچے پڑا تھا میں اسے دیکھ رہی تھی کمرے سے اور بچے کو دودھ پلا رہی تھی میرے دیکھتے ہی دیکھتے وہ کھلونا خود بہ خود پوری قوت سے دور جا گرتا ہے اس کے اردگرد بہت سارے کھلونے پڑے ہوئے تھے لیکن وہ ہلتے تک نہیں۔ بچے کو سوتا کمرے میں چھوڑ کر جاتی ہوں تو میرے نکلتے ہی رونے لگتا ہے۔ یوں لگتا ہے میرے کمرے سے نکلتے ہی کوئی طاقت اسے جگا دیتی ہے بہت بری طرح روتا ہے پہلے تو اس طرح نہیں روتا تھا۔ سورۂ بقرہ لگاتے ہی باہر سے بہت سارے کتوں کے بھونکنے کی آوازیں آنے لگی کتوں کا اتنا شور اتنا شور میں نے اپنی زندگی میں نہیں سنا حیرت کی بات ہے کسی انسان کی آواز نہیں سنائی دے رہی تھی یوں لگتا تھا کہ جیسے سب کو سانپ سونگھ گیا ہے جبکہ رات کے 9 بجے تک آوازیں آتی رہی لیکن پھر اس کے بعد میں نے کسی عورت کی رونے کی آواز سنی عجیب سی آواز تھی جیسے کہ وہ چیخ رہی ہے اور رو رہی ہے' عجیب سی آواز تھی میں بیان نہیں کرسکتی۔ میں نے پہلے ایسی آواز نہیں سنی۔ ہاں ایک بات یاد آئی ان تمام واقعات ہونے سے پہلے ایک دن اچانک میرے موبائل میں جنات کی وڈیو اور ان کی عجیب و غریب شکلیں آرہی تھیں میں روزانہ صبح کو نیٹ آن کرکے بچے کو نعتیں یا تلاوت سنواتی ہوں جیسے کہ نیٹ آن کیا تو جنات کی ویڈیو اور انکی شکلیں آ رہی تھیں پھر اس کے بعد موبائل بار بار وارننگ دے رہا تھا کہ آپ کے موبائل میں جن گھس گیا ہے میں نے کوئی توجہ نہیں دی لیکن اس کے دن سے ہی یہ (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

# نماز سے لاپرواہی

حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ حق تعالیٰ شانہ نے یہ فرمایا کہ میں نے تمہاری اُمت پر پانچ نمازیں فرض کی ہیں اور اس کا میں نے اپنے لیے عہد کرلیا ہے کہ جو شخص ان پانچوں نمازوں کو ان کے وقت پر ادا کرنے کا اہتمام کرے اس کو اپنی ذمہ داری پر جنت میں داخل کروں گا اور جو ان نمازوں کا اہتمام نہ کرے تو مجھ پر اس کی کوئی ذمہ داری نہیں۔

ایک دوسری حدیث میں یہ مضمون اور وضاحت سے آیا ہے کہ حق تعالیٰ شانہ نے پانچ نمازیں فرض فرمائی ہیں جو شخص ان میں لاپرواہی سے کسی قسم کی کوتاہی نہ کرے اچھی طرح وضو کرے اور وقت پر ادا کرے۔ خشوع و خضوع سے پڑھے حق تعالیٰ شانہ کا عہد ہے کہ اس کو جنت میں ضرور داخل فرمائیں گے اور جو شخص ایسا نہ کرے۔ اللہ تعالیٰ کا کوئی عہد اس سے نہیں۔ چاہے اس کی مغفرت فرمائیں، چاہے عذاب دیں۔ کتنی بڑی فضیلت ہے نماز کی کہ اس کے اہتمام سے اللہ کے عہد میں اور ذمہ داری میں آدمی داخل ہوجاتا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ کوئی معمولی سا حاکم یا دولت مند کسی شخص کو اطمینان دلا دے یا کسی مطالبہ کا ذمہ دار ہوجائے یا کسی قسم کی ضمانت کرلے تو وہ کتنا مطمئن اور خوش ہوتا ہے اور اس حاکم کا کس قدر احسان مند اور گرویدہ بن جاتا ہے' یہاں ایک معمولی عبادت پر جس میں کچھ مشقت بھی نہیں ہے مالک الملک دو جہاں کا بادشاہ عہد کرتا ہے پھر بھی لوگ اس چیز سے غفلت اور لاپرواہی کرتے ہیں اس میں کسی کا کیا نقصان ہے اپنی ہی کم نصیبی اور اپنا ہی ضرر ہے۔ (بحوالہ: فضائل نماز، باب اوّل، صفحہ نمبر ۳۰۸، فضائل اعمال، شیخ الحدیث حضرت مولانا ذکریا صاحب) (انتخاب: م۔ا، لاہور)

## دو چمچ دہی اور ایک چھوٹی الائچی! لاجواب روزہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رمضان المبارک جاری اور گرمی کا بھی موسم ہے' دوران روزہ پانی کی شدت محسوس نہ ہو اس کیلئے یہ ٹوٹکہ میرا آزمودہ ہے اور گزشتہ کئی سال سے آزما رہا ہوں سو فیصد کامیاب ہے۔ سحری کے وقت دو چمچ دہی میں ایک چھوٹی الائچی مکس کرکے پی لیں اس سے پورا دن افطار کے وقت تک پیاس نہیں لگے گی آرام سے ہر روزہ گزر جائے گا۔ ان شاء اللہ (ج، لاہور)

ہیپاٹائٹس نجات سیرپ

سائنٹیفکیٹ سے پاک

موذی ترین مرض کا مؤثر ترین علاج۔ صرف چند بوتلیں پیئیں اور اپنا ٹیسٹ کروائیں۔ بے شمار صحت پاچکے۔ ہر عمر ہر فرد کیلئے یکساں مفید۔ جگر کو طاقت دے خون بڑھائے چہرے پر رونق لائے۔ (بڑی بوتل 320 چھوٹی 120 روپے میں)

# بھائیوں کی زمین پر قبضہ! نسل در نسل تباہی چل رہی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کرے آپ خیریت سے ہوں۔ میری والدہ محترمہ کے قریبی رشتہ داروں میں ایک خاتون کے سات بیٹے تھے اور وہ سارے علاقے میں ست پتری (یعنی سات بیٹوں والی کے نام سے معروف تھی) اس کے بیٹے ایک گاؤں میں کاشتکاری کرتے تھے اور اپنے اتفاق واتحاد اور دینداری کی وجہ سے خوشحال زندگی گزار رہے تھے۔

محترمہ کے بڑے بیٹے نے 1966 میں مشترکہ کھاتے سے سندھ میں 325 ایکڑ زمین خرید لی اور اپنے نام لگوالی۔ یہ صریحاً بھائیوں کی حق تلفی تھی اور انہوں نے احتجاج بھی کیا لیکن بڑے بیٹے نے کوئی پروانہ کی اور تین بیٹوں کے ساتھ سندھ منتقل ہوگیا اور وہاں زمین کی دیکھ بھال کرنے لگا۔ سہولت کی خاطر اس نے چند سندھی کسانوں کو ملازم رکھ لیا اور معاملات خوش اسلوبی سے چلنے لگے۔

اس شخص کا بڑا بیٹا افتخار خوبصورت نوجوان تھا۔ اونچا لمبا صحت مند اور شہ زور' وہی زمینوں کے معاملات کی نگرانی کرتا تھا اور اپنی ظاہری شخصیت اور خوشحالی کی وجہ سے پورے علاقے میں خاصی اہمیت اختیار کرگیا تھا۔ سندھ میں زمینداری کرتے ہوئے آٹھ دس سال ہی گزرے تھے کہ ایک روز افتخار کا اپنے ایک سندھی ملازم سے جھگڑا ہوگیا افتخار ایک خاص قسم کے غرور میں مبتلا ہوگیا تھا اس نے ملازم سے توہین آمیز رویہ اختیار کیا اسے مارا گالیاں دیں نتیجہ یہ کہ اس ملازم نے موقع پا کر ایک روز پشت سے افتخار پر حملہ کیا اور اس کے سر پر کلہاڑی کا سیدھا وار کرکے کھوپڑی کے دو ٹکڑے کردیئے اور فرار ہوگیا۔ اس شخص کی دنیا اندھیر ہوگئی اور وہ اتنا خوفزدہ ہوا کہ دونوں بیٹوں کے ساتھ بھاگ کر واپس پنجاب میں آگیا اور زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا کہ اسے فالج ہوگیا اور وہ ناکارہ ہوکر کئی سال تک چارپائی سے لگا رہا۔ بدقسمتی سے اس کی بیگم بھی اسی مرض میں مبتلا ہوگئی اور لمبے عرصے تک موت وحیات کی کشمکش سے دوچار رہی۔ دونوں کو بڑی مشکل سے زندگی کی قید سے رہائی ملی۔ اس شخص کے بیٹوں نے سندھ والی زمین ٹھیکے پر دے دی وہ لگان وصول کرنے کے لیے کبھی کبھی ہی وہاں جاتے تھے۔ لیکن عجیب بات یہ ہوئی وہ زمین کلر اور تھور کا شکار ہوکر نصف سے زیادہ بیکار ہوگئی پھر اس زمین ہی کے حوالے سے دونوں بھائیوں میں شدید اختلاف پیدا ہوگیا اور وہ آخری حد تک ایک دوسرے کے دشمن ہوگئے ان میں سے ایک بے اولاد تھا دوسرے کی اولاد تو تھی لیکن نالائق اور غیر ذمہ دار تھی۔ (ڈاکٹر عبدالغنی فاروق، منصورہ لاہور)

# والد سے بدسلوکی کا بھیانک اور عبرت انگیز انجام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری یہ کہانی عبقری رسالہ میں ضرور شائع کیجئے تاکہ لوگوں کو معلوم ہو کہ والد کی عزت نہ کرنے اور ان سے بدسلوکی کا انجام کیا ہوتا ہے۔

میری والدہ ایک یتیم خانے سے Adopted ہیں۔ میرے نانا نے انہیں یتیم خانے سے Adopt کیا تھا کیونکہ میرے نانا ایک صاحب جائیداد' امیر کبیر بھی تھے۔ پھر عہدہ بھی اچھا ملا چیف انجینئر آف ایریگیشن مقرر ہوئے ان کی کوئی بیٹی نہیں تھی' بیٹی کے شوق میں میری امی کو Adopt کیا۔ ان کے اپنے تین بیٹے تھے جو ابھی بھی ہیں' یعنی میرے تین ماموں، میرے نانا کی شادی خاندان میں جائیداد کی وجہ سے کرنا ضروری تھا اس لیے ان کی شادی میری نانی جو عمر میں ان سے دس سال بڑی تھی ان سے کردی گئی۔ میری نانی اماں اکلوتی بیٹی تھیں اور بہت زیادہ جائیداد کی اکلوتی وارث اس لیے خاندان میں ہی شادی کرنا ضروری تھا' پرانی رسومات کے مطابق دس سال چھوٹے کزن (میرے نانا) سے' جب میری نانی کی شادی کردی گئی۔ میرے نانا کینیڈا سے پڑھ کر آئے تھے اور تھوڑی سوچ بھی اور تھی' جیسا ماحول' بہت کوشش کی میری نانی اماں کے ساتھ چلنے کی لیکن میری نانی اماں ان سے بات کم ہی کرتی تھیں کیونکہ ان کے پاس جائیداد بہت تھی اور عمر میں بھی میرے نانا ابو سے بڑی تھیں' میرے نانا ابو کا خیال ایک نوکرانی یا ملازمہ گھر میں رکھی ہوئی تھی وہ ہی کرتی تھی۔ وہ ملازمہ میرے نانا کے لیے ساری ساری رات دروازے پر انتظار کرتی ان کی خدمت کرتی میرے نانا نے بہت عمر میں جا کر اس نوکرانی سے شادی کرلی۔ بہت امیر تھے اتنے امیر کے میری امی ابو کی وفات کو 20 سال ہوگئے پھر بھی عزت سے ہمیں پالا اور میرے ماموں بھی بغیر کمائے سالوں سے بڑے بڑے گھروں میں عیاشی سے رہ رہے ہیں۔ میرے نانا اللہ والے تھے بہت پیسہ اللہ کے نام پر بھی دیا اور میری امی کو کیونکہ بیٹی بنایا تھا بزرگوں کا ایک بہت بڑا گھر بھی دے دیا۔ جب میرے ماموں کو میرے نانا کی دوسری شادی (جو ملازمہ سے کی) کا پتہ چلا تو انہوں نے باپ کی ایسی تیسی کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی، مارا، لڑائیاں کیں تعلق توڑ دیا۔ جب میرے نانا نے میری امی کے نام بزرگوں کا گھر دیا تو تینوں بیٹوں نے باپ کے خلاف کیس کردیا ان پر اسلحہ بھی تان لیا۔ اصل میں دونوں باتیں مل گئیں ایک ملازمہ سے شادی والی اور دوسری یتیم لڑکی کو جائیداد میں حصہ دینے والی۔ خیر میرے نانا کے بھائیوں نے اپنے بھائی کو بیٹوں کی بندوق کا نشانہ بننے سے بچایا۔ مکان کا کیس چلتا رہا کہ اچانک میرے نانا اور پھر اس کے بعد میرے ابو روڈ حادثہ میں وفات پاگئے جس کی وجہ سے میرے ماموں نے میری امی کے گھر پر سے کیس واپس لے لیا اب وہ گھر ہمارا ہے۔

مگر والد کے ساتھ بدسلوکی کے جرم میں ماموں کا کیا ہوا وہ پڑھیے۔ سب سے بڑا مکینیکل انجینئر عمر اس وقت 70 کے قریب ہوگی جس جائیداد کے پیچھے آج تک باپ کو برا بھلا کہتے ہیں حالانکہ دو دو بڑے گھروں کے مالک ہیں وہ بھی کراچی جیسے شہر میں' وہ بھی بنا کچھ اپنا کمائے' اللہ نے انہیں بے اولاد رکھا اور کوئی اولاد نہیں دی اور ایسا نظام چلا کہ وہ 20,25 سالوں سے تو میں دیکھ رہی ہوں بس اپنے گھر میں بیٹھے رہتے ہیں یا لوگوں کے گھر جا کر انہیں تنگ کرتے ہیں مہمان بن کر' آپ یہ دیکھیں کہ وہ آج تک باپ کو کوستے ہیں کیا یہ جائیداد اتنی کم ہے ان کے لیے کہ 25 سالوں یا شاید اس سے زیادہ وہ بنا کام کاج کیے بنا محنت کیے باپ کی بنائی جائیداد اڑا رہے ہیں ماں کی طرف سے بھی بہت ملا خیر اللہ نے انہیں بے اولاد رکھا۔ دوسرے بھائی کا حال پڑھیے۔ دوسرے ماموں امریکہ چلے گئے وہاں گوری سے شادی کرلی ایک بیٹی اور ایک بیٹا ہے دونوں عیسائی ہیں اور ماموں کو اس عمر میں دوسری شادی کرنی پڑی' بڑھاپے کا سہارا کون بنتا مگر دیکھیں جائیداد ان کے بھی کسی وارث کے کام نہ آئی ان کا بھی نام ونشان مٹ گیا۔ (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

اکسیر البدن کامیاب بچپن' لاجواب جوانی بے مثال بڑھاپا
بے رونق جسم' پچکے گال' آنکھیں دھنسی ہوں یا نسوانی حسن کی شدید کمی ہو علاج صرف اکسیر البدن ☆☆ کمزور حافظہ ہو امتحان کا خوف یاد ماغی وجسمانی کام کرنے والے صرف اکسیر البدن کو اپنا ساتھی بنائیں اور ہر میدان میں کامیابی
چند خوراکوں سے ہی مردانہ طاقت بحال دل ودماغ، اور جگر کی طاقت پائیں
قیمت صرف-/300 روپے

| | | |
|---|---|---|
| نہ بولتے بچے فرفر بولیں گے | احساس کمتری کا علاج | رمضان میں بدہضمی کا علاج |
| پوشیدہ ورم کا علاج بتائیے | زندگی اجیرن | شوہر حیات مگر بیوگی جیسی زندگی |

قارئین! زیر نظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ تجربہ کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

## اپریل کے جوابات

1۔ محترم آپ کا سوال میں نے پڑھا‘ آپ نے اپنا مسئلہ لکھا کہ آپ کی بچی تین سال کی ہوگئی مگر بول نہیں پا رہی‘ یہی مسئلہ میری ایک بھتیجی کے ساتھ بھی تھا‘ ہمیں کسی نے ایک ٹوٹکہ بتایا تھا کہ گھر کی دیوار یا چھت پر پرندوں کے لیے پانی رکھیں جس میں چڑیا وغیرہ آکر پانی پی لیں پھر چڑیا کے جوٹھے پانی کے چند قطرے روزانہ بچی کو پلا دیئے جائیں بچی بولنا شروع کردے گا اور ایسا ہی ہوا‘ بچی نے پھر اتنا بولنا شروع کیا کہ اسے زبردستی ڈانٹ کر چپ کروانا پڑتا تھا۔ آپ بھی یہ کرسکتے ہیں۔ (شہریار‘لاہور)

2۔ بہن! میرے ساتھ بھی یہی مسئلہ تھا‘ میں کسی سامنے بات کرنا چاہتا تو جسم پسینے سے شرابور ہوجاتا ہے اور بعض اوقات تو میرے ہاتھ کانپنا شروع ہوجاتے تھے‘ عبقری رسالہ میں میں نے ایک وظیفہ یَابَاعِثُ یَانُوْرُ رات کو سوتے وقت دل پر ہاتھ رکھ کر گیارہ مرتبہ پڑھنا ہے‘ میں نے یہ عمل شروع کردیا‘ میرے اندر خوداعتمادی پیدا ہوگئی۔ آپ بھی یہی عمل کیجئے اس کے علاوہ روزانہ نماز فجر کے بعد نکلتے سورج کے سامنے کھڑی ہوجائیے اور لمبی سانس کھینچ کر اسے اپنے اندر روک کر رکھیں جب قوت برداشت جواب دے جائے تو پورے پریشر کے ساتھ ہوا کو باہر نکالیں کہ آواز پیدا ہو۔ اسی طرح کم از کم پندرہ مرتبہ کیجئے۔ اکیلے کمرے میں شیشے کے سامنے کھڑی ہوجائیے اور زور زور سے پورے جوش سے بات کیجئے‘ چند دن کی پریکٹس کے بعد آپ میں اتنا حوصلہ اور ہمت پیدا ہوجائے گی کہ آپ ایک مجمع سے بھی بات کریں گی تو آپ کو گھبراہٹ نہ ہوگی۔ (عمر‘ راولپنڈی)

3۔ عبقری دواخانہ کے ڈراپر ”کان شفاء“ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے بچی کو استعمال کروائیں۔ (شبانہ‘پشاور)

4۔ آپ سحری و افطاری میں دہی کا رائتہ ضرور استعمال کریں اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کی ”ہاضم خاص“ کا استعمال افطاری کے بعد ضرور کرلیا کریں۔ ان شاء اللہ آپ کی ریح کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔

## مئی کے سوالات

1۔ محترم قارئین السلام علیکم! میری ایک کزن ہے جس کو پوشیدہ مقام پر اندرونی ورم کی بیماری لاحق ہوگئی ہے‘ جو ڈاکٹر کے مطابق پھیل کر مثانے تک اور اوپر رحم تک جاسکتا ہے۔ ابھی اس کی عمر 20 سال ہے‘ غیر شادی شدہ ہے‘ ڈاکٹر شادی کا مشورہ دیا ہے لیکن ان حالات میں اس کی شادی بھی نہیں ہوسکتی‘ وہ بی ایس سی کی طالب علم ہے‘ دن بدن کمزور ہوتی جارہی ہے‘ جسم پر غیر ضروری بال آرہے ہیں‘ پہلے بہت چست تھی اب دن بدن ست ہورہی ہے‘ تھوڑا سا کام کرتی ہے تو اس کی دھڑکن تیز ہوجاتی ہے‘ خدارا کوئی ایسا نسخہ بتائیں کہ اس کا ورم ٹھیک ہوجائے اور پہلے کی طرح ہوجائے۔ (پوشیدہ‘ کراچی)

2۔ میری شادی کو دس سال ہوگئے‘ اولاد نہیں ہے‘ شادی کے بعد میرے شوہر نے میری طرف دیکھا بھی نہیں‘ ابھی ایک سال پہلے اس نے دوسری شادی کرلی‘ میں بہت پریشان ہوں‘ الجھی ہوئی ہوں‘ میں سسرال میں بیوہ کی طرح زندگی گزار رہی ہوں‘ قارئین میری گزارش ہے یہ مجھے کوئی وظیفہ بتادیں‘ امید ہے آپ ناامید نہیں کریں گے۔ (پوشیدہ)

3۔ محترم قارئین! میرے ساتھ کچھ طبی مسائل ہیں‘ ہروقت کمر‘ گھٹنوں‘ ٹخنوں میں درد رہتا ہے‘ اعصابی کمزوری زبردست ہے‘ اکثر دل کی دھڑکن تیز رہتی ہے‘ دائیاں گھٹنا‘ پنڈلی اور ٹخنا برف کی طرح ٹھنڈا ہوجاتا ہے‘ میرے ان مسائل کی وجہ سے میری زندگی اجیرن ہوچکی ہے‘ اگر کسی قاری کے پاس ان مسائل کا حل ہے تو مجھے ضرور بتایئے‘ میں انتظار کروں گی۔ (ع‘ گجرات)

4۔ قارئین! میری بڑی بہن کی شادی کو چار سال ہوگئے ہیں‘ اولاد نہیں‘ میری شادی کا مسئلہ ہے کہیں رشتہ طے ہوہی نہیں رہا‘ میرا چھوٹا بھائی بے روزگار ہے‘ ہم کرایہ کے مکان میں رہتے ہیں‘ ابو کو اپنا مکان مل جائے۔ میرے دانتوں کا بھی مسئلہ ہے‘ میرے مسائل حل بتادیئے۔ (ن‘ ساہیوال)

# مناقب اہل بیت اطہار

انتخاب: علامہ ابوعون حیدر نقوی

المعروف کمی احمد پوری

حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ہم اہل بیت کی محبت کو لازم پکڑو پس وہ شخص جو اس حال میں اللہ سے (وصال کے بعد) ملا کہ وہ ہم سے محبت کرتا ہو تو وہ ہماری شفاعت کے وسیلے سے جنت میں داخل ہوگا اور اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں مجھ محمد (ﷺ) کی جان ہے کسی بھی شخص کو اس کا عمل ہمارے حق کی معرفت حاصل کیے بغیر فائدہ نہیں دے گا۔ (امام طبرانی)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا میں درخت ہوں اور فاطمہ اس کے پھل کی ابتدائی حالت ہے اور علی اس کے پھول کو منتقل کرنے والا ہے اور حسن اور حسین اس درخت کا پھل ہیں اور اہل بیت سے محبت کرنے والے اس درخت کے اوراق ہیں وہ یقیناً یقیناً جنت میں (داخل ہونے والے) ہیں۔ (امام دیلمی)

## جمعۃ الوداع کا خصوصی عمل برائے درد

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ عمل میں نے 2014ء جون کے شمارہ عبقری میں پڑھا تھا‘ آزمایا‘ بے شک کوئی یقین کے ساتھ کرے تو ضرور اثر کرتا ہے۔ درد کیلئے اکسیر عمل ہے۔ اس رمضان قارئین ضرور آزمائیں! اگر کوئی شخص ماہ رمضان میں جمعۃ الوداع کے دن نماز عصر سے سورج غروب تک اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ﴿فرقان ۴۵﴾ لکھ کر اپنے پاس رکھے جس وقت جسم کے کسی بھی حصہ میں درد ہو آپ اپنی درد والی جگہ پر باندھیں اور درج بالا آیت پڑھتے رہا کریں۔ جتنا بھی پرانا درد ہوگا۔ انشاء اللہ جاتا رہے گا اور چند دن میں درد کا سرے سے وجود ہی نہ رہے گا۔ ایسے اعمال دردوں کیلئے قاطع ہوتے ہیں۔ اس میں کوئی تعداد مقرر نہیں ہے۔ یقین اور اعتماد شرط ہے۔ (فہیم‘ لاہور)

خون روک شفاء

حیض اور جسم کے کسی بھی حصہ سے خون روکنے والی

خون روک شفاء حیض کو باقاعدہ مقررہ وقت اور مقررہ مقدار پر لائے جسم کے کسی بھی حصہ میں خون آرہا ہو مثلاً زخمی ہوجانا‘ پیچش میں خون آرہا ہو‘ نکسیر کیلئے بھی لاجواب ہے۔

لیکوریا‘ رحم کی تقویت کیلئے اور کمر درد کا بہترین علاج ہے۔ (قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# ہم شفاء یاب کیسے ہوئے؟

دکھیاروں کے قلم سے بے ربط تحریریں لیکن لفظ لفظ اجلی کرنیں!

# بے لطف زندگی کو پرلطف بنانے والی دوا

## روشن دماغ کھانے سے دماغ روشن ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ساری فیملی ادارہ عبقری کی ادویات استعمال کرتی ہے' الحمدللہ! جس نے جس مرض کیلئے بھی عبقری کی ادویات کا انتخاب کیا اسے سوفیصد فائدہ ہوا۔ میری بہن کی یادداشت بہت کمزور تھی' جس کی وجہ سے اس کے ساتھ تمام گھر والے بھی پریشان تھے' کیونکہ وہ چیز رکھ کر فوراً بھول جاتی تھی اور پھر اس کو ڈھونڈنے کیلئے سارا گھرانہ لگ جاتا تھا۔ ہم اپنی بہن کو عبقری دواخانہ میں لائے' اسسٹنٹ صاحب سے چیک کروایا تو انہوں نے میری بہن کو ''روشن دماغ'' دوا استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ ہم نے عبقری دواخانہ سے ہی اس دوا کی دو ڈبیاں لیں اور گھر کو روانہ ہوگئے۔ میری بہن نے لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال تو نہ کی مگر اسے فائدہ بہت ہوا۔ وہ کبھی کبھار ہی کھاتی ہے مگر اس کو بھولنے کی عادت تقریباً ختم ہوچکی ہے۔ اور ''روشن دماغ'' کی تعریفیں کرتی نہیں تھکتی۔ (و،م شیخوپورہ)

## دوبارہ زندگی میں لطف آ گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! معدہ میں مسئلہ تھا اور ساتھ بلڈ پریشر بہت زیادہ ہائی رہتا تھا۔ میں نے کافی گولیاں اور سیرپ استعمال کیے مگر مجھے صرف وقتی فائدہ ہوتا ہے' میرا دوست مجھے عبقری دواخانہ زبردستی لے آیا زبردستی اس لیے لکھا کہ مجھے شروع سے 'حکیم' نام سے ہی چڑ تھی' مگر جب میں نے یہاں آ کر نظام دیکھا تو حیران رہ گیا کہ کسی حکیم کے سٹور پر بھی اتنا رش اور اتنا بہترین جدید نظام ہوسکتا ہے۔ خیر اسسٹنٹ صاحب سے اپنی باری پر ملاقات کی۔ انہوں نے مجھے عبقری دواخانہ کی ''جوہر شفاء مدینہ'' اور ''بلڈ پریشر شفاء سیرپ'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کرنا شروع کردیا' صرف چند ہفتوں کے اندر اندر میرا معدہ بالکل ٹھیک اور بلڈ پریشر کنٹرول میں رہنا شروع ہوگیا۔ الحمدللہ! شادی شدہ ہوں مگر جب سے بلڈ پریشر اور معدہ کے امراض میں مبتلا ہوا ازدواجی زندگی بے لطف ہوگئی تھی' مگر جب سے ''بلڈ پریشر سیرپ'' اور ''جوہر شفاء مدینہ'' دوا استعمال کی زندگی کا لطف دوبارہ لوٹ آیا ہے۔ (عبدالقیوم، لاہور)

## نہ کنٹرول ہونے والی شوگر کنٹرول

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے گھرانے کو ہمیشہ خوش اور آباد رکھے۔ محترم حکیم صاحب میری بیماریاں زور پکڑتی جارہی تھیں' میری والدہ نے فون پر آپ سے ملاقات کا ٹوکن لیا اور ہم دونوں مقررہ تاریخ پر آپ کے کلینک پہنچ گئیں' اپنی باری پر آپ کی نشست گاہ پہنچے آپ نے تسلی سے میری بات سنی' دوا لکھی اور مجھے میری بیماری کے متعلق تفصیل سے بتایا۔ میں سن کر حیران رہ گئی کہ میرے بتانے سے پہلے ہی آپ نے مجھے میری بیماری کے متعلق سوفیصد درست بتایا۔ آپ نے عبقری دواخانہ کی دوا ''جوہر شفاء مدینہ' ٹھنڈی مراد' اکسیر البدن اور شوگر کنٹرول کورس'' خود اپنے ہاتھوں سے اپنے پیڈ پر لکھ کردیں۔ جو میں چھ ماہ سے استعمال کررہی ہوں' ان ادویات کے استعمال میں اکثر مجھ سے کوتاہی بھی ہوجاتی ہے مگر اللہ تعالیٰ کا لاکھ شکر ہے کہ ان ادویات کے استعمال سے میری شوگر بالکل کنٹرول ہوگئی ہے۔ دیگر امراض جن میں معدہ کی خرابی' جسمانی کمزوری بہت زیادہ تھی وہ اب نہ ہونے کے برابر ہے۔ دوا اب بھی جاری ہے۔ (حلیمہ امتیاز، فیصل آباد)

## میری دیرینہ بیماری دور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو دین و دنیا کی ہر خوشی نصیب کرے اور آپ کا سایہ تاقیامت ہمارے سروں پر قائم ودائم رکھے اور آپ کی نسلیں آباد وشاد رہیں۔ مجھے بچپن سے نزلہ وزکام تھا' جب سے ہوش سنبھالا اپنی ناک کو کبھی خشک نہ پایا' اس کے ساتھ ہی لڑکپن میں ہی لیکوریا کی شکایت شروع ہوگئی' دن بدن طبیعت خراب رہنا شروع ہوگئی' چڑچڑا پن پیدا ہوگیا' سوکھ کر کانٹا ہوگئی' بے شمار ادویات استعمال کیں مگر صرف وقتی افاقہ ہوتا' دفتر ماہنامہ عبقری کے ایڈریس پر جوابی لفافہ کے ساتھ خط لکھ کر بھیجا تو جواب میں آپ نے ''لیکوریا شفاء اور خاتون شفاء'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے یہ دونوں استعمال کرنا شروع کیں اور بعض اوقات تو مقررہ مقدار سے زیادہ کھاتی رہی' پہلے دو ہفتوں میں کچھ فرق پڑا مگر میں نے ادویات کا استعمال نہ چھوڑا' الحمدللہ چند ہفتوں کے اندر اندر میری تمام شکایات دور ہوگئیں' اب میں مکمل صحت مند ہوں' کبھی کوئی دوا استعمال نہیں کی۔ (ش،ع)

# جوڑ درد' معدہ خراب اور جسمانی کمزوری کا مکمل علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ تمام گھر والے بہت شوق سے پڑھتے ہیں' پہلی مرتبہ عبقری 2011ء میں دیکھا' پڑھا بہت اچھا لگا' بس وہ دن اور آج کا دن ہم نے عبقری سے استفادہ حاصل کرنا نہ چھوڑا۔ آپ سے پہلی ملاقات آپ کے کلینک پر 14 دسمبر 2012ء میں ہوئی' ان دنوں آپ کے مختلف شہروں میں کلینک ہوا کرتے تھے' آپ کا اٹک میں کلینک تھا' ہم نے آپ کو چیک کروایا ہے آپ نے مجھے عبقری دواخانہ کا ''الرجی کورس' ستر شفائیں' جوہر شفاء مدینہ اور اکسیر البدن استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے یہ ادویات پانچ ماہ مستقل مزاجی سے استعمال کیں۔ مجھے سارا سال زکام رہتا تھا' جوڑوں میں درد کی شدید شکایت تھی' معدہ کے بھی مسائل تھے' کھانا ٹھیک طرح سے ہضم نہ ہوتا تھا اور جسمانی کمزوری اتنی تھی کہ ساری رات سونے کے باوجود بھی صبح جسم کا جوڑ جوڑ دکھ رہا ہوتا تھا۔ سارا دن سستی چھائی رہتی تھی' کچھ کرنے کو دل نہیں چاہتا تھا۔ مگر صرف پانچ ماہ یہ ادویات استعمال کرنے سے میرے تمام مرض ختم ہوگئے اور میں بالکل تندرست ہوگئی۔ (قرۃ العین' اٹک)

دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی
جتنی پرانی اتنی انمول

نوجوان شفاء!
• قیمتی نایاب جڑی بوٹیوں کے قدرتی کیلشیم کا انمول خزانہ • خواتین کے امراض کا بھی بہترین علاج
• کھوئی ہوئی طاقتوں کو واپس دلائے • نوجوانوں کے تمام روگوں کا آزمودہ شفائی علاج
• شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کیلئے فائدہ مند • منہ چھپاتے نوجوانوں کیلئے امیدکی کرن
قیمت صرف -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# خواتین کی کمر درد اور پٹھوں کا کھچاؤ یقینی ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رب کریم آپ کو زندگی اور صحت عطا فرمائیں۔ شادی شدہ ہوں' چند سال پہلے کمر میں شدید درد شروع ہوا جو کہ صرف پین کلر کھانے سے کچھ دیر کیلئے رکتا' ہر وقت درد کے ساتھ پٹھوں کا کھچاؤ بھی شروع ہوگیا' کچھ عرصہ مستقل لیڈی ڈاکٹرز کی لکھی ہوئی دوا بھی کھائی مگر صرف وقتی فائدہ ہوتا جیسے ہی ادویات کھانا چھوڑتی کچھ عرصہ بعد بیماری زیادہ طاقت کے ساتھ لوٹ آتی۔ میری نند نے مجھے عبقری دواخانہ کا بتایا' میں نے جوابی لفافہ کے ساتھ اپنی بیماری تفصیلات خط میں لکھ دیں۔ چند ہفتوں کے بعد ہی میرے خط کا جواب مجھے مل گیا جس میں آپ نے مجھے عبقری دواخانہ کی دوا ''کمر جوڑ اور پٹھوں کا درد کورس'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے اسی دن بذریعہ ڈاک عبقری دواخانہ لاہور سے یہ کورس منگوا لیا اور لکھی گئی ترکیب کے مطابق یہی دوا کھانا شروع کردی' الحمدللہ! میں نے چار کورس استعمال کیے' اس کورس کے استعمال سے میرا کمر درد، پٹھوں کا کھچاؤ، تھکن اور پاؤں کی سوزش ختم ہوگئی ہے اور دو ماہ سے میں دوا نہیں کھا رہی اور مکمل صحت مند ہوں۔ مجھے اب سو فیصد امید ہوگئی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل اور آپ کی دعاؤں کی برکت سے یہ مسئلہ اب دوبارہ نہیں ہوگا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو ڈھیروں خوشیاں عطا کریں۔ (شہناز اختر' گجرات)

# ماہواری کے مسائل میں مبتلا خواتین شفائی راز پالیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تین سال ہوگئے ہمیں عبقری سے شناسا ہوئے' الحمدللہ اس جیسا میگزین ہم نے پہلے کبھی نہیں دیکھا' اتنا مفید شمارہ کہ اس نے ہمارے بے شمار مسائل حل کیے' ہمارے محلے میں تقریباً ہر گھر میں عبقری رسالہ آتا ہے۔ میرے ساتھ ایک مسئلہ تھا کہ مجھے ایام ماہواری بہت شدید تکلیف کے ساتھ آتے تھے' بعض اوقات کم اور بعض اوقات اتنی شدید تکلیف ہوتی کہ برداشت سے باہر ہو جاتی اور میں چلانا تک شروع کردیتی۔ میری والدہ مجھے دو مرتبہ لیڈی ڈاکٹر کے پاس لے کر گئیں وہ مجھے دوا دیتیں وقتی آرام آجاتا مگر اگلے ماہ پھر اسی شدت سے تکلیف ہوتی اور میرا برا حال ہو جاتا۔ انہی دنوں ہمارے گھر عبقری آنا شروع ہوا' اللہ کا فضل ہوا ہمیں فون پر آپ سے ملاقات کا ٹوکن مل گیا۔ میرے ابو اور امی دونوں اپنے مسائل کے حل کیلئے لاہور کیلئے روانہ ہوئے تو میں نے ایک خط لکھ کر انہیں پکڑا دیا کہ شیخ الوظائف کے دوران ملاقات یہ خط بھی دے دیجئے گا۔ میرے والدین نے دوران ملاقات آپ کو میرا خط بھی دیا' آپ نے اسی وقت پڑھا اور اسی خط پر میرے لیے عبقری دواخانہ کی میڈیسن لکھ دیں۔ آپ نے مجھے ''جوہر شفاء مدینہ، ہاضم خاص اور ہارمونز شفاء'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق کھانے کا مشورہ دیا۔ میرے ابو عبقری دواخانہ لاہور سے ایک ایک ڈبی لے آئے۔ میں نے صرف یہی دوا کھائی' اس کے بعد دوبارہ کبھی دوا نہ منگوائی نہ کھائی' اللہ کا کرم ہوا کہ میں بالکل ٹھیک ہوں' ماہواری کے تمام مسائل سے چھٹکارا پا چکی ہوں' معدہ کے چند مسائل تھے وہ بھی ختم ہوگئے' صحت بھی بہترین ہوگئی ہے۔ محلے میں کسی بھی لڑکی کو کوئی بھی پوشیدہ مسئلہ ہو میں عبقری رسالہ میں سے دیکھ کر اس کو دوا بتا دیتی ہوں اللہ شفاء دے دیتا ہے۔ (پوشیدہ' اٹک)

# 10 سال پرانا کمر کا درد چند دن میں غائب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں تقریباً پندرہ ماہ سے عبقری کا قاری ہوں آپ یقین جانئے کہ مجھے جس کی تلاش تھی وہ مل گیا اور مجھے بعض اوقات ایسی مجبوری آئی کہ میں نے کسی سے پیسے قرض لے کر عبقری خرید کر پڑھا۔ عبقری ایک ہیرا ہے جس کی قدر کسی جوہری کو ہی ہوسکتی ہے' یہ شمارہ معمولی سی قیمت میں لاکھوں سے بھی زیادہ قیمتی راز دے جاتا ہے۔ اس میں موجود نسخہ جات اور وظائف نے بلا مبالغہ لاکھوں کو فائدہ دیا اور دے رہا ہے۔ ایسا شمارہ میری نظر سے آج تک نہیں گزرا۔ مجھے مطالعہ کا شوق ہے اور میں کسی ایسے ہی شمارہ کی تلاش میں تھا' جب عبقری ملا تو میری تلاش ختم ہوگئی۔ میں نے عبقری دواخانہ کی کچھ ادویات بھی استعمال کیں جن کو میں نے بہترین پایا ہے۔ دس سال پہلے میرا ایکسیڈنٹ ہوا تھا' وقتی طور پر ادویات وغیرہ استعمال کرنے سے میں ٹھیک ہوگیا' مگر کچھ عرصہ بعد کمر میں درد شروع ہوگیا' پین کلر کھانے سے وقتی افاقہ ہو جاتا مگر جیسے ہی گولی کا اثر ختم ہوتا درد دوبارہ شروع ہو جاتا۔ درد بعض اوقات بہت شدت سے ہوتا اور میں بستر سے لگ جاتا' عبقری رسالہ میں سے ''کراماتی تیل'' کے متعلق پڑھا' فوری طور پر عبقری دواخانہ سے بذریعہ ڈاک منگوایا اور لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کرنا شروع کردیا' میں نے صرف ایک بوتل ہی اس تیل کی استعمال کی میرا درد بالکل ختم ہوگیا اور اللہ کریم نے مجھے شفاء نصیب فرمائی۔ اسی دوران میرے ایک دوست کو چوٹ لگی' اس کو دیا اس نے صرف رات کو مالش کی اور وہ صبح کو بالکل ٹھیک ہوگیا۔ (جاوید' مانسہرہ)

## خون بنانے کی مشین

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے جب سے ہوش سنبھالی میرا معدہ ہمیشہ خراب ہی رہا' والدہ اکثر کہتی ہیں کہ جب تو چھوٹا تھا تب بھی تیرا پیٹ خراب ہی رہتا تھا' ہر دوسرے دن تیرے لیے موشن کی دوا لانی پڑتی تھی' میں ہڈیوں کا ڈھانچا بن چکا تھا اور رنگت پیلی تھی۔ لوگ مجھے یرقان کا مریض سمجھتے تھے۔ چار سیڑھیاں چڑھ کر سانس پھول جاتا' نوجوانی میں ہی پچاس سالہ بوڑھے جیسی علامات مجھ میں تھیں' کچھ بھی کھانے کو دل نہیں چاہتا تھا' اگر کوئی غذا زبردستی کھا بھی لیتا تھا تو قے آجاتی یا پھر موشن لگ جاتے۔ میری والدہ نے عبقری رسالہ میں عبقری دواخانہ کے متعلق پڑھا اور مجھے اپنے ساتھ عبقری دوخانہ میں لے آئیں' یہاں آکر مجھے اسسٹنٹ صاحب سے چیک کروایا انہوں نے مجھے ''اصلاح معدہ و جگر پیکیج'' کا مشورہ دیا۔ میں نے اسی دن اس پیکیج پر لکھی گئی ترکیب سے اسے کھانا شروع کردیا' چند ہفتوں میں ہی میری صحت بحال ہونا شروع ہوگئی' بھوک خوب لگنا شروع ہوگئی' جو کھاتا محسوس ہوتا کہ جسم کو لگ رہا ہے' خون بنا اور جسم کی رنگت پیلی سے لال ہوگئی۔ الحمدللہ! آج میں صحت مند جوان ہوں۔ (کاشف' لاہور)

مشروب عبقری فرحت افزا
باہر کی گرمی باہر ہی رہنے دے
گرمی کی لو میں ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار
نبوی اور فطری جڑی بوٹیوں کے سو فیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ
نوجوانوں اور خواتین کی ہمہ گرمی کی بیماریوں کا آخری علاج
چند سالوں میں اعلیٰ کوالٹی کے سبب ہر گھر کی رونق بننے والا مشروب
قیمت 200 روپے علاوہ ڈاک خرچ

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

## جو کا دلیہ اور فوائد

مجھے جو کے دلیہ کے متعلق کچھ بتائیے' اس کے کیا فوائد ہیں؟ (مسز شاہ نواز' بلجیم)

مشورہ: ہمارے پیارے نبی ﷺ کو ستو بہت پسند تھے۔ گیہوں سے بھی ستو تیار کیے جاتے ہیں' مگر آپ ﷺ کو جو کے بنے ہوئے ستو بہت پسند تھے۔ جو جسمانی کمزوری دور کرتے ہیں' معدہ کی سوزش میں مفید ہیں' جسم سے ساری غلاظت کا اخراج کر دیتے ہیں' پیاس کو تسکین دیتے ہیں' سب سے بڑی بات حضور نبی کریم ﷺ نے جو کے بارے میں دو باتیں ارشاد فرمائی ہیں' مریض کے دل سے بوجھ کو اتار دیتا ہے' غم اور فکر سے نجات دیتا ہے۔ جو کا دلیہ عام مل جاتا ہے' دودھ میں پکائیے اور ایک چمچ شہد ڈال کر ناشتہ میں کھائیے' جسم کو تقویت اور معدہ کا السر چند ہفتوں میں ٹھیک ہو جاتا ہے۔

## عینک بھی ختم سر درد بھی ٹھیک

نویں جماعت سے میرے سر میں شدید درد رہتا ہے۔ اب دسویں میں ہوں' نظر کمزور ہو رہی۔ حافظے کا یہ حال ہے کہ شام کو سبق یاد کروں تو صبح بھول جاتی ہوں۔ کوئی ٹوٹکہ' نسخہ بتائیں کہ عینک بھی ختم اور سر درد بھی ٹھیک ہو جائے۔ (شمع' گجرات)

مشورہ: عینک نہ لگانے سے آپ کی نظر کمزور ہو رہی ہے۔ نظر کی کمزوری کیلئے ایک دیسی نسخہ ہے جو آپ گھر میں تیار کرلیں باداموں کی گری ایک پاؤ' سونف ایک پاؤ' کالے چنے ڈیڑھ پاؤ' مصری یا چینی ایک پاؤ' دیسی شکر آدھا پاؤ' کالی مرچ آدھ چھٹانک۔ ان سب کو پیس لیں صبح وشام ایک ایک چمچ پیا سفوف دودھ کے ساتھ کھالیں کالی مرچ کے بجائے تولہ بھر سفید کٹی مرچ بھی ڈالی جاسکتی ہے۔ یہ نسخہ دماغ' جسم اور آنکھوں کو طاقت بخشتا ہے۔ بادام کڑوے نہ ہوں اور چنے چھلکوں سمیت پیسے۔ اس نسخے سے آپ کا حافظہ تیز ہوگا اور سر میں درد بھی کم ہوگا لیکن آپ کو عینک بہر حال لگانی پڑے گی۔ یوں نمبر آہستہ آہستہ کم ہو جائے گا۔

## پسینے کی بدبو کا مؤثر علاج

میری عمر 19 سال ہے۔ کالج میں پڑھتی ہوں۔ نہانے کے تین چار گھنٹوں بعد میرے جسم سے شدید بدبو آنے لگتی ہے۔ اب میں کب تک نہاتی جاؤں؟ نیلوفر کے خشک پھولوں کا ٹوٹکہ استعمال کیا مگر پھر بھی بو نہیں گئی۔ مجھے بتائیے کیا کروں۔ (س۔م۔ کراچی)

مشورہ: دو تین مٹھی بھر نیم کے پتے لے کر سات آٹھ گلاس پانی میں خوب پکائیے۔ ٹھنڈا کر کے چھان کر رکھ لیجئے۔ جب نہا چکیں تو نیم کے پتوں والا پانی جسم پر ڈال لیے۔ پھر اسے خشک نہ کیجئے نہ تولیہ سے صاف کریں تاکہ پانی بدن میں رچ بس جائے۔ مزید براں نیم کے پتے سائے میں سکھا کر بار یک سفوف کی طرح پیس کر رکھیے یہ پاؤڈر جسم پر لگائیے۔ میتھی دانہ بھی منگوا کر رکھیے۔ دو پیالی پانی میں ایک چمچی میتھی دانہ ڈال کر پکائیے۔ جب ایک پیالی رہ جائے' تو ڈھانپ کر چائے کی طرح دم دیجئے۔ ٹھنڈا ہونے پر اس میں تھوڑی سی چینی ڈال کر صبح وشام پیجئے۔ دو تین ہفتے میں فرق محسوس ہوگا۔ اسی طرح پودینے کے پتے دھو کر رات کو آسمان کے نیچے رکھ دیجئے۔ صبح 21 پتے لے کر سوا پیالی پانی میں پکائیے۔ جب ایک پیالی رہ جائے تو چھان لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر ایک چمچ شہد اور آدھے لیموں کا رس ملا کر پی لیں۔ درج بالا دونوں نسخوں میں سے کسی ایک پر عمل کریں۔ تین ہفتے بعد نتائج ظاہر ہوں گے دو تین دن میں نہیں۔

## گہرے رنگ کا داغ

کوئی ایسا آسان ٹوٹکہ بتائیے جس سے میرے چہرے کا گہرے رنگ کا بدنما داغ مٹ جائے۔ چہرے کے بالوں کے لیے کریمیں استعمال کرتی رہی اب جلد حساس ہو گئی ہے آپ مجھے مشورہ دیجئے۔ (مسز شاہنواز' ڈنمارک)

آپ کو ڈنمارک میں کہیں گھیکوار مل جائے تو اس کا گودا داغ پر دن میں دو تین بار لگائیے۔ کسی ہندوستانی سٹور سے ایلوا بھی خرید سکتی ہیں یہ سیاہ رنگ کے ٹکڑے ہوتے ہیں۔ پانی میں بھگو کر اس کا لیپ لگائیے۔ کچھ نہ ملے تو زیتون کا تیل رات کو یا دن میں تین بار سادہ ہی لگائیے ہو سکتا ہے اس نسخے سے آپ کے چہرے کی جلد ٹھیک ہو جائے۔ زیتون کے ایک چمچ تیل میں آدھا چمچ شہد اور لیموں کا رس چند قطرے ملا کر بھی لگا سکتی ہیں۔

## مجھے صبر کرنے سے کیا ملا؟

میری شادی کو گیارہ سال ہو چکے ہیں۔ شوہر جسمانی لحاظ سے بالکل کمزور تھے۔ میں نے صبر وشکر کے ساتھ وقت گزارا اور ان کی خدمت میں ہمہ تن مصروف رہی۔ چند ماہ ہوئے ایک حکیم صاحب کی دوا کھانے سے ان کی صحت میں فرق پڑا۔ پانچ ماہ بعد ڈاکٹر نے بتایا اب آپ بالکل ٹھیک ہیں آپ کے ہاں اولاد ہو سکتی ہے۔ دو ماہ بعد میں نے لیڈی ڈاکٹر سے اپنا معائنہ کرایا تو پتا چلا کہ ایک ٹیوب میں ورم ہے۔ وہ ٹھیک ہو جائے تو بچہ ہو سکتا ہے۔ میں دوا کھا رہی ہوں مگر ذہنی طور پر بالکل ختم ہو چکی ہوں۔ شوہر ہر وقت مجھے کہتے ہیں کہ بچہ ہونا چاہیے۔ اب انہوں نے دھمکی دی ہے کہ چھ ماہ میں کوئی امید نہ ہوئی تو وہ دوسری شادی کر لیں گے اب وہ لڑکی کی تلاش کرتے پھر رہے ہیں۔ ہر آنے جانے والا مجھے طعنہ دیتا ہے کہ گیارہ سال سے' تمہاری وجہ' سے ہمارے گھر خوشی نہ آئی' انہیں کیا بتاؤں کہ گزشتہ گیارہ سالوں میں میرے اوپر کیا بیتی۔ مجھے آپ سے صرف اتنا پوچھنا ہے کہ پورے گیارہ برس میں نے کسی کو کچھ نہیں بتایا' شوہر کا راز سینے میں دبائے راتوں کو سسکتی رہی' چپ چاپ وقت کاٹتی رہی لیکن گیارہ سال صبر کرنے کا نتیجہ یہ نکلا کہ شوہر نے طلاق کی دھمکی دے ڈالی ہے۔ کیا اب وہ کچھ عرصہ صبر نہیں کر سکتے؟ سوچتی ہوں خودکشی کر لوں۔ وقت کا ہر لمحہ مجھے اذیت دیتا ہے۔ (دکھی خاتون)

مشورہ: آپ کسی اچھی ماہر زچہ بچہ ڈاکٹر سے الٹراساؤنڈ کرائیے اور پھر دوا کھائیے۔ اس سے صورت حال واضح ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس ہونا کفر ہے۔ آپ کو ضرور صبر کا اجر ملے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کے ہاں ضرور اولاد ہوگی۔

## پنڈلیوں میں درد

میری عمر 23 سال ہے میں سپورٹس مین ہوں فٹ بال کھیلنے سے ٹانگوں کی پنڈلیوں میں شدید درد ہوتا ہے۔ درد اندرونی جانب یا ہڈی کے وسط میں محسوس ہوتا ہے۔ میں کیلشیم لے چکا ہوں مختلف معجون بھی استعمال کیے مگر افاقہ نہیں ہوا۔ (مظہر حیات' وہاڑی)

مشورہ: میں حیران ہوں کہ وٹامن' دوائیاں' معجونیں اور شربت لینے کے باوجود آپ بدستور کمزور ہیں۔ اس عمر میں تو میلوں پیدل چلنے سے بھی ٹانگوں میں درد نہیں ہوتا۔ آپ کو در اصل وہم ہو گیا ہے کبھی زیادہ درد ہو تو دافع درد کی گولیاں کھا لیا کیجئے اور بس۔ زیادہ سے زیادہ زیتون کے تیل کی مالش کر لیں۔ آپ کو کچھ نہیں ہوا دوائیاں اور معجونیں کھانی چھوڑ دیجئے۔

**جوش جوشاندہ**

الرجی کھانسی ناک بہنا یا بند ہونا' جسم میں درد دماغی بوجھ سستی کاہلی بخار ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا' بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا جیسے امراض کا شافی علاج (قیمت: 10 روپے)

ابالنے کی تکلیف سے نجات فوری حل

# لسی فطری مشروب! رمضان میں انوکھے فوائد

سلیم اختر چوہان، لاہور

یوں تو گنے کے رس کو پاکستان کا قومی مشروب کہا جاتا ہے لیکن یہ بات بھی حقیقت ہے کہ لسی بھی اپنے استعمال کے باعث کسی بھی مقبول ترین مشروب سے کم نہیں۔ پاکستان کے تقریباً تمام ہی علاقوں میں اسے بڑے شوق سے پیا جاتا ہے۔ لسی کے دو ذائقے زیادہ مشہور ہیں، میٹھی اور نمکین لسی۔ پنجاب کا شاید ہی کوئی ایسا گھر ہو جہاں اس کا استعمال نہ کیا جاتا ہو۔ خاص طور پر گرمیوں کے رمضان میں تو افطار اور سحر کے ہر دسترخوان پر لسی ضرور موجود ہوتی ہے اور لسی کے بغیر رمضان کا دسترخوان تو ویسے ہی نامکمل رہتا ہے۔ لسی کے اہم اجزاء میں سب سے زیادہ اہمیت جس جزو کو دی جاتی ہے اسے عرف عام میں دہی کہا جاتا ہے۔ دہی کو شامل کئے بغیر لسی کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔

کہتے ہیں کہ لمبی عمر کا راز دہی کے استعمال میں چھپا ہوا ہے۔ دہی انسانی خوراک کا وہ حصہ ہے جس کا استعمال مختلف شکلوں میں سینکڑوں برس سے کیا جارہا ہے۔

## آپ کی آنتوں کے لیے مفید

ہماری آنتوں میں تقریباً 400 کے قریب بیکٹریاز ہیں کچھ ہمارے دوست ہیں اور کچھ ہمارے لیے نقصان دہ ہیں۔ دہی میں اچھے بیکٹیریاز ہوتے ہیں جن کو پروبایوٹک کہتے ہیں تو یہ پیٹ کے لیے بہترین غذا ہے تو ان بیکٹیریاز کو مزید طاقتور اور پراثر کرنے کے لیے ضروری ہے کہ پروبایوٹک کے لیے پروبایوٹک کی ہی خوراک دی جائے، پروبایوٹک وہ خاص فائبر ہے جو کہ السی کے بیج اور کیلے میں بھی پایا جاتا ہے اگر ان دونوں کو ملا کر کھایا جائے تو یہ پروبایوٹک کو طاقت ور بناتا ہے اور دہی میں موجود بیکٹیریا کو طاقتور اور مقدار میں بڑھاتا ہے۔ جس سے یہ آپ کے پیٹ اور آنتوں کے لیے فائدہ مند ثابت ہوتے ہیں۔ السی کے بیجوں سے فائبر اور پودوں سے حاصل ہونے والا اومیگا تین اور کیلے سے ایکسٹرا کیلشیم اور پوٹاشیم حاصل ہوتا ہے ایک کھانے کا چمچ پسے ہوئے السی کے بیج کو دہی میں ملائیں اس کو اچھی طرح مکس کریں اس میں تھوڑا سا شہد ڈالیں اب اس میں چاہیں تو کیلا بھی ملالیں، پھر اس کو کھانے کے بعد آپ کو پتہ چلے گا کہ دادی اماں یا آپ کی اماں آپ کا پیٹ خراب ہونے پر آپ کو دہی میں کیلا ملا کر کیوں کھلاتی تھیں۔

# گندم کی روٹی دہی کیساتھ کھائیں! طاقت و قوت کا خزانہ پائیں

اگر آپ آج رات کو گیہوں کے آٹے کی روٹی کھانے کا سوچ رہے ہیں تو اس کو دہی سے بنے سالن یا رائتے کے ساتھ کھائیے۔ یقین کریں کہ ڈیری (دہی) پروڈکٹ میں موجود پروٹین اناج میں موجود زنک کو آپ کے جسم میں جذب کرنے میں مدد کرے گا۔ اگر آپ کچھ کانٹینینٹل یا میڈیٹیرین خوراک کھانے کا سوچ رہے ہیں تو گندم کی روٹی یا بریڈ دہی کے ساتھ کھائیں یہ آپ کے لیے انتہا مفید ہوگا۔

**دہی اور بادام:** ہمیشہ یہ سوچا جاتا ہے کہ دودھ صحت بخش یا فائدہ مند کیوں ہے؟ ہمارے جسم کو ہڈیوں کی نشوونما کے لیے وٹامن ڈی کی ضروری پڑتی ہے تاکہ ہماری ہڈیاں کیلشیم کو اپنے اندر جذب کرسکیں، اور بادام وٹامن ڈی کا بہترین ذریعہ ہیں۔ یہ اگر دہی کے ساتھ استعمال کریں تو یہ دہی میں موجود کیلشیم کو جذب کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ دہی میں جو چکنائی ہوتی ہے وہ وٹامن ڈی کو جذب کرنے میں مدد کرتی ہے۔ دہی میں موجود پروٹین آسانی سے ہضم ہوجاتی ہے۔ یہاں تک کہ وہ لوگ جن کو لیکٹوز ہضم کرنے میں مسئلہ ہوتا ہے ان کے لیے بھی کیلشیم حاصل کرنے کا یہ ایک اچھا ذریعہ ہے۔ دہی کے استعمال سے آپ کی صحت اور خاص طور پر آپ کی جلد پر نکھار اور تازگی آئے گی۔ اس لیے دہی کو اپنی روزمرہ کی خوراک میں شامل کرنا چاہیے۔ خواتین کو چاہیے کہ کینڈیز کا استعمال بھی کم کریں کیونکہ اس میں شکر کا زیادہ استعمال آپ کے چہرے کی رونق کو ختم کرتا ہے۔ بادام کو بھی اپنی خوراک میں استعمال کریں اسکے استعمال سے نہ صرف آپ کی ذہانت اچھی ہوگی بلکہ جلد بھی بارونق ہوگی۔ مختصراً یہ کہ خواتین کو اچھی صحت کے لیے اور اپنے چہرے کی خوبصورتی اور تازگی کے لیے ان تمام غذاؤں کا استعمال کرنا چاہیے جوان کے چہرے کے لیے بہت زیادہ فائدہ مند ہو اور ان کا چہرہ ہر وقت سرسبز اور شاداب رہے اور کیل مہاسوں، چھائیوں اور دوسری بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔

# حضور نبی کریم ﷺ کا تمام رات نماز پڑھنا

ایک شخص نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے دریافت کیا کہ حضور ﷺ کی کوئی انوکھی بات جو آپؓ نے دیکھی ہو وہ سنادیں۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ حضور ﷺ کی کونسی بات متبرک اور انوکھی نہ تھی ہر بات انوکھی تھی ایک دن رات کو تشریف لائے اور میرے پاس لیٹ گئے پھر فرمانے لگے چھوڑ میں تو اپنے رب کی عبادت کروں' یہ فرما کر نماز کے لیے کھڑے ہوگئے اور رونا شروع کیا یہاں تک کہ آنسو سینہ مبارک تک بہنے لگے' پھر رکوع فرمایا اس میں بھی اسی طرح روتے رہے یہاں تک کہ حضرت بلالؓ نے آکر صبح کی نماز کے لیے آواز دی' میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ آپ اتنے روئے حالانکہ آپ معصوم ہیں مغفرت کا وعدہ اللہ تعالیٰ نے فرما رکھا ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ پھر میں شکر گزار نہ بنوں۔ اس کے بعد ارشاد فرمایا کہ میں ایسا کیوں نہ کرتا حالانکہ آج مجھ پر یہ آیتیں نازل ہوئیں اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ آل عمران کا اخیر رکوع یہ متعدد روایات میں آیا ہے کہ حضور ﷺ رات کو اس قدر لمبی نماز پڑھا کرتے تھے کہ کھڑے کھڑے پاؤں پر ورم آگیا لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپؐ اتنی مشقت اٹھاتے ہیں حالانکہ آپ ﷺ بخشے بخشائے ہیں آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میں شکر گزار بندہ نہ بنوں۔

## حضرت عمرؓ کا اپنی بیوی کو مشک تولنے سے انکار

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایک مرتبہ بحرین سے مشک آیا ارشاد فرمایا کہ کوئی اس کو تول کر مسلمانوں میں تقسیم کردیتا آپؓ کی اہلیہ حضرت عاتکہؓ نے عرض کیا میں تول دوں گی' آپؓ نے سن کر سکوت فرمایا تھوڑی دیر میں پھر یہی ارشاد فرمایا کہ کوئی اس کو تول دیتا تاکہ میں تقسیم کردیتا آپ کی اہلیہؓ نے پھر یہی عرض کیا آپؓ نے سکوت فرمایا تیسری دفعہ میں ارشاد فرمایا کہ مجھے یہ پسند نہیں کہ تو اس کو اپنے ہاتھ سے ترازو کے پلڑے میں رکھے اور پھر ان ہاتھوں کو (بے دھیانی میں) اپنے کپڑوں پر پھیر لے اور اتنی مقدار کی زیادتی مجھے حاصل ہو۔ (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

نورتن شفاء
بواسیر' الرجی' بڑھا پیٹ' اٹھرا' خون کی خرابی' پھوڑے پھنسی' شوگر کے زخم' رسولی لاعلاج بیماریوں کا
چاہے کینسر کی ہی ہو دائمی قبض اور گیس کیلئے انوکھی دوا ہے اس کے علاوہ بھی آزمودہ شافی علاج
150

# قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں کوئی روحانی جسمانی نسخہ ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں اپنے معمولی سے تجربے کو بھی بیکار نہ سمجھئے یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہو سکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

## قبض بواسیر معدہ کے مسائل ایک چیز سے ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! قبض، بواسیر، بادی، پیٹ کے کیڑے، موٹاپا، معدہ کے مسائل اور نجانے کتنی بیماریاں صرف ایک ہی چیز سے ختم رات کو سوتے وقت نیم کی نمولی کے دو عدد مغز ایک گلاس نیم گرم دودھ سے کھالیں آزمودہ ہے۔

## خواتین باکس بنائیں زندگی میں آسانی لائیں!

خواتین بکس بنائیں بار بار اٹھنے کی زحمت سے بے خبر ہو جائیں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ جو صدقہ جاریہ کر رہے ہیں اور جو عوام سے صدقہ جاریہ کروا رہے ہیں قابل تحسین ہے اللہ تعالیٰ آپ کو عمر بالخیر فرمائے آمین۔ قارئین کرام آپ سب پر اللہ کی رحمتیں برکتیں ہوں آپ سب کیسے ہیں آج سات آٹھ سال بعد آپ کی خدمت میں ایک تحفہ لیکر حاضر ہوئی ہوں آپ سوچتے ہوں گے بھلا کون ہو سکتی ہے یہ شخصیت تو جی عرض کرتی ہوں جنوری 2011 شمارہ میں میرا انوکھا ٹوٹکہ دیسی مرغی کا انڈا والا ٹوٹکہ شائع ہوا تھا اب آپ سمجھ گئے ہوں گے اس سے لاکھوں کروڑوں عوام کا عبقری کی وساطت سے بھلا ہوا۔ آج بھی ایک انوکھی چیز لیکر حاضر ہوئی ہوں میری بہنوں کو تجسس تو ضرور ہوگا وہ کیا ہے؟ نہیں نہیں ابھی نہیں بتاتا آپ کو اور تجسس میں ڈالنا ہے پھر کہیں آپ کو پسند آئے گی پھر آپ کو قدر ہوگی ایسے انمول موتی ہم یوں ہی نہیں پھینکتے قدر والوں ستاروں، جوہریوں کو لٹاتے ہیں۔ اچھا جی! میری اکثر بہنوں کو بھولنے کی شکایت ہوتی ہے رات کو کھانا دوا وغیرہ کھا کر پانی پی کر لیٹیں پھر بھی کوئی چیز پاس رکھنا یا کوئی ٹوٹکہ استعمال کرنا بھول جاتی ہیں میرے بھائی بہن سب بنا سکتے ہیں۔ کیا بنا سکتے ہیں وہ کیا ہے؟ خواتین بکس اس بکس میں رکھنے کے پہلے جو اس میں چیزیں رکھنی ہیں وہ عرض کرتی چلوں۔ تلوؤں کی مالش کیلئے تیل کی شیشی چھوٹا کنگھا، چھوٹا شیشہ، ڈراپر جس میں سروں کا تیل ہو ڈراپرز جس میں زمزم شریف اور بارش کا پانی مکس شدہ ہو۔ تسبیح، سرمہ دانی، کاغذ پنسل، دوائی کھانے والی جو آپ کھاتے ہیں یا چھوٹی الائچی چند ایک، روئی، ٹوتھ پکو، کاٹن بڈز آپ اگر کوئی ورد اوراد کرتے ہیں یاد نہیں رہتے وہ ایک کاغذ پر لکھ کر یا آپ جو چاہیں ضرورت کی چیز، پانی چھوٹی شیشی میں، کھلونا نما ٹارچ، چھوٹا سا الارم یا ٹائم پیس۔

جی! یہ تو ہوئی چیزیں جلدی جلدی یہ سب چیزیں اکٹھی کر لیں کر لی ہیں اچھا تو اب بکس بنالیں گھر میں کوئی پرس بے کار پڑا ہے زیادہ جیبوں والا زپ لگی ہو تو اور بھی اچھا ہے خود بنالیں کون سا مشکل کام ہے گھر میں کافی کپڑے پڑے ہوتے ہیں کسی ہمسائی سے پوچھ لیں یا ابھی لنڈے بازار جائیں سستے مل جاتے ہیں لیں بیلٹ لگالیں تا نکے کے لیے رات کو چارپائی پر رکھ لیں صبح کسی محفوظ جگہ رکھ دیں آپ کو یہ چیز معمولی لگ رہی ہوگی مگر جب آپ بنالیں تو اس سے آپ کی زندگی میں بہت آسانیاں پیدا ہو جائیں گی آپ کی ضرورت کی تمام چیزیں ایک جگہ پر آپ کو میسر آجائیں گی۔ یہ پیشکش آپ کو کیسی لگی جو بہن بھائی جلدی سے بنالیں وہ میرے لیے جلدی سے صحت یابی کی دعا کریں خصوصی دعاؤں میں بھی ضرور یاد کریں۔ عبقری کی وساطت سے آپ کی رائے کا علم ہو جائے گا۔ (بشریٰ سلطان، منڈی بہاؤالدین)

## بدگمان شوہر کی بدگمانی ختم! ٹوٹتا گھر دوبارہ خوشحال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنے شوہر، والدہ، دو بچوں اور دیور کے ساتھ عبقری روحانی اجتماع میں آئی تھی اور آج چار سال ہوگئے ہیں میں تسبیح خانہ سے جڑ چکی ہوں۔ آپ سے بذریعہ ٹوکن ملاقات بھی ہوئی۔ میں عبقری رسالہ اور دو انمول خزانہ بھی پڑھتی ہوں۔ میرا مسئلہ یہ تھا کہ میری شادی کو 17 سال ہوگئے ہیں الحمدللہ پانچ بچے ہیں میرے شوہر کاروبار کیلئے کراچی گئے ہوئے تھے جب وہ چلے گئے تو کچھ حاسدین نے میرے شوہر سے کچھ ایسی باتیں کیں جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہ تھا اور مجھ پر انتہائی گھٹیا الزامات لگائے“ میں بہت زیادہ پریشان ہوگئی کہ یہ مجھ پر بہتان باندھ رہے ہیں اگر میرے شوہر نے میرا یقین نہ کیا تو میرا گھر ٹوٹ جائے گا۔ میرے دیور جو تسبیح خانے سے جڑے ہوئے ہیں وہ چار سال سے عبقری رسالہ بھی پڑھتے ہیں اور رمضان میں قیام بھی تسبیح خانہ میں کرتے ہیں انہوں نے یہ مسئلہ آپ کے سامنے رکھا جس پر آپ نے میرے لیے یہ وظیفہ عنایت فرمایا یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ میں نے لاتعداد پڑھنا شروع کر دیا میرا گھر ٹوٹ رہا تھا شوہر بدگمان ہو چکے تھے وہ مجھے رکھنے پر بھی آمادہ نہ تھے کیونکہ ان کی برین واشنگ ہی کچھ اس طرح سے کی گئی تھی کہ ان کو میری کسی بات پر اعتبار ہی نہ رہا تھا مگر اس وظیفہ نے تو کمال ہی کر دیا چند دنوں میں ہی سب بدگمانیاں ختم ہوگئی اور میرا گھر دوبارہ سے خوشحال ہوگیا۔ میری دعا ہے تسبیح خانہ تاقیامت قائم رہے اور حضرت حکیم صاحب اور ان کی نسلوں کو اللہ اس کا اجر دے۔ عبقری روحانی (چلہ) اجتماع میں شرکت کی برکت سے روحانی سکون ملا ہے اور مجھے شکریہ ادا کرنے کا موقع ملا ہے اللہ میرے بھائی جیسے دیور کو تسبیح خانہ سے ہمیشہ جوڑ کر رکھے۔ (مسرت، کوہاٹ)

عبقری تلبینہ
عورتوں بچوں اور مردوں کے تمام امراض کیلئے نبوی ٹانک
عبقری تلبینہ نا صرف مریضوں بلکہ صحت مندوں کیلئے بہت بہترین چیز
ٹینشن ڈیپریشن تھکان جسمانی کمزوری ٹانگوں کا درد پٹھوں کا کھچاؤ ہر کمزوری کا علاج
قیمت 100 روپے علاوہ ڈاک خرچ
بچوں بڑوں بوڑھوں اور گھر بھر کے افراد کیلئے غذا ٹانک بھی دوا بھی شفاء بھی اور عطا بھی

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# 2 انمول خزانہ پڑھنا چھوڑا! میری جنت جہنم میں بدل گئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! 2007 میں دو انمول خزانہ پڑھنا شروع کیا اور زندگی کے ہر مرحلہ اور معاملات میں تمام کام خود بخود بنتے چلے گئے۔ میرے شوہر مجھ سے انتہائی محبت کرتے تھے۔ میرا بیٹا کلاس میں سب سے آگے بلکہ سکول میں سب سے آگے تھا۔ میرے حاسد تباہ ہو چکے تھے۔ میری ایک بہت بری عادت 'غیبت' (پیٹھ پیچھے کسی کی برائی کرنا) کی وجہ سے مجھ سے وہ اثرات دور ہو جاتے تھے اور غیبت کی عادت ختم نہ ہوئی تو مجھے بشارت ہوئی مجھے اپنے سلسلہ سے رابطہ کرنا چاہیے۔ شاید میں اس اشارے کو صحیح طور پر سمجھ نہ پائی اور دو انمول خزانہ پڑھنا چھوڑ دیا اور میری جنت جہنم میں بدل گئی۔ مجھے شدید ذلت و رسوائی اٹھانا پڑی۔ شوہر کی محبت نفرت میں بدل گئی' میرا بیٹا جو پڑھائی' کھیل' مقابلہ بازی سب میں سب سے آگے تھا' آہستہ آہستہ سب سے پیچھے چلا گیا' میرے حاسدین نے دوبارہ سر اٹھا لیے اور مجھے برباد کرنے میں کوئی سر اٹھا نہ رکھی۔ نو ماہ پہلے میں نے دوبارہ دو انمول خزانہ دوبارہ پڑھنا شروع کیا' جب مجھے پتہ چلا کہ دو انمول خزانہ عبقری والوں کا ہے۔ رمضان کے درس میں حکیم صاحب نے فرمایا آگے بڑھتے جاؤ پیچھے مڑ کے نہیں دیکھنا ورنہ پتھر کے ہو جاؤ گے۔ اس درس کے بعد جتنی بھی پریشانی آئی لیکن میں دو انمول خزانہ نہیں چھوڑتی گو کہ ابھی تک اس طرح سے فوائد حاصل نہیں ہوئے جیسا کہ پہلی بار میں ہوا لیکن امید ہے کہ انشاء اللہ ایک دن جنت اپنی پوری خوبصورتی کے ساتھ اور پوری رعنائیوں کے ساتھ دوبارہ میسر آئے گی۔ (اسماء بیگ، کراچی)

## شرابی کی شراب چھڑوانے کیلئے حیران کن سو فیصد تیر بہدف ٹوٹکہ

میں نے یہ ٹوٹکہ پڑھا تھا کہ اگر شرابی کی شراب چھڑوانی ہو تو اس کی شراب کی بوتل میں کوے کا خون شامل کر دیا جائے اور وہ اسے پلا دی جائے تو شرابی شراب سے ہمیشہ کیلئے توبہ کر لیتا ہے۔ **اچھے صابن کی پہچان:** ایک شیشے کے برتن میں تھوڑا سا پانی لیں اس میں صابن کا ایک ٹکڑا گھول دیں اب اس صابن ملے پانی میں ہلدی ملا دینے سے پانی اپنی سابقہ رنگت برقرار رکھے تو صابن خالص اگر پانی سرخ رنگ کا ہو جائے تو صابن ملاوٹی ہوگا۔ **سگریٹ اور حقہ چھڑانا:** سفیدے کے پتے خشک کر کے ہاتھ سے مسل لیں یا گرائنڈر میں موٹا موٹا پیس لیں اب اس کے سگریٹ بنا کر پی لیں یعنی اس خشکے کو سگریٹ میں بھریں تمباکو نہ بھریں۔ سینے میں جما ہوا بلغم نکل جائے گا اور سگریٹ کی طلب بھی ختم ہو جائے گی اسی طرح حقے میں تمباکو کی بجائے سفیدے کے پتے مسل کر کش لگائے جا سکتے ہیں۔ 50 سالہ حقے کے پینے والے بھی حقہ کا استعمال ترک کر گئے۔ (محمد وقاص انور بھٹی، لاہور)

## پرانی کھانسی اور شوگر کیلئے کامیاب نسخے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس دو کامیاب نسخہ جات ہیں جو میں قارئین عبقری کیلئے خاص طور پر لکھ رہا ہوں تاکہ لاکھوں کا بھلا ہو اور میرے لیے صدقہ جاریہ کا سبب بنے۔ **پرانی کھانسی کیلئے:** ھوالشافی: آملہ، پیپل دراز، سونٹھ ہموزن لے لیں' کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں۔ مقدار خوراک: آدھا چمچ چائے صبح اور آدھا چمچ چائے والا شام کو تازہ پانی کے ہمراہ لیں۔ ان شاء اللہ چند ہفتے مستقل مزاجی سے استعمال کریں پرانی سے پرانی کھانسی اس عمل سے دور ہو جائے گی۔

### شوگر کیلئے انتہائی کامیاب اور آزمودہ طاقتور نسخہ

ھوالشافی: گیہوں کٹا ہوا (حلیم والا) 100 گرام، گوند کتیرا 100 گرام، جو کٹا ہوا (حلیم والا) 100 گرام، کلونجی 100 گرام' تمام کو مکس کر کے پانچ لیٹر پانی میں بیس منٹ تک پکائیں پھر اس کو چھان کو محفوظ کر لیں۔ سات دن تک روزانہ ایک پیالی نہار منہ اور پھر اگلے 14 دن ایک دن چھوڑ کر ایک پیالی پئیں اور پھر اگلے اکیس دن دو دن چھوڑ کر ایک پیالی پئیں۔ کوئی پرہیز نہیں۔ اس طرح مریض کا لبلبہ کام کرنا شروع کر دے گا۔ (خضر حیات، ڈیرہ اسماعیل خان)

## پرانا ہڈیوں کا بخار اور ضدی بیماریاں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! افحسبتم اور اذان کا عمل! عبقری سے اس عمل کا معلوم ہوا' اس عمل کے ایک نہیں' دو نہیں' چار نہیں بے شمار واقعات و مشاہدات ہیں۔ (۱) بخار سے شفاء: پرانا ہڈیوں کا بخار اس عمل سے دور ہوا۔ (۲) غیر مرئی چیزوں کو شدید تکلیف پہنچی۔ صبح و شام درود شریف کے ساتھ ہر دس منٹ بعد اس کے پڑھنے کا اہتمام کیا۔ اس کو ریکارڈ کر کے رات کو کانوں میں لگا کر سو گئی۔ اس کے علاوہ نماز میں سلام پھیرنے کے بعد اوّل آخر درود پاک سورۂ فاتحہ ایک بار سورۂ اخلاص تین بار پڑھ کر اس کے بعد سات بار اذان سات بار سورۂ مومنون کی آخری چار آیات (افحسبتم کا عمل) پڑھ کے سلام پھیرتی ہوں' عجیب طاقت اور تاثیر کا مشاہدہ ہوا جس میں بڑی چیز وساوس سے حفاظت ہے ورنہ گندے وساوس نے مجھے نیم پاگل بنا رکھا تھا۔ (۳) افحسبتم کے عمل سے **نظر بد سے حفاظت:** میرا بھانجا ماشاء اللہ بہت خوبصورت ہے اسے بہت جلد نظر لگ جاتی ہے۔ ساری رات روتا رہتا ہے' نہ سوتا ہے' نہ سونے دیتا ہے۔ اگربتیوں پر اذان اور افحسبتم کا عمل دم کیا اور اس کی دھونی سارے گھر میں دی اور اس کے بستر سمیت سب کے بستروں کا اسی اگربتی سے حصار کیا وہ ساری رات آرام سے سویا رہا۔

**شوہر ناراض بیوی کو واپس گھر لے گیا:** میری بہن جو ایک سال سے ناراض ہو کر میکے میں بیٹھی ہوئی تھی' ان اگربتیوں کی دھونی کے بعد اگلے دن اس کا خاوند اسے خود ہی ملنے آ گیا' دوسرے دن وہ لوگ سسرال گئے' اپنے ساس سسر کو ملنے تیسرے دن اس کا خاوند اسے بولا فوراً سے پہلے تیار ہو جاؤ اور اپنے گھر کیلئے لوٹ آؤ۔ مجھے تمہاری ضرورت ہے' حالانکہ وہ گالیوں کے بنا نام ہی نہیں لیتا تھا اور گھر بھی الگ دینے کو تیار نہیں تھا۔ اب جب آیا تو بولا نئے گھر کیلئے پلاٹ پر بنیادیں رکھوا دی ہیں' جلدی گھر لوٹ آؤ۔ (۴) کوئی مسئلہ اٹک رہا ہو حل نہ سمجھ آ رہا ہو، کوئی حاجت ہو اس کی تکمیل کے لیے افحسبتم اور اذان کا عمل تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔ **بیت الخلاء کی دعاؤں کی برکات:** بخار میں روحانی غسل کیا اس دعا کا اہتمام کیا یَاقَھَّارُ کیساتھ بہت فائدہ ہوا۔ جذبوں میں حفاظت ملی، مسنون اعمال کی توفیق ملی۔ اللہ آپ کو اپنی شان کے مطابق جزاء خیر سے نوازے۔ آمین۔ (امینہ صادقہ' دینہ)

شوگر کورس
بے شمار کا آزمودہ!
شوگر سے پیدا شدہ تمام عوارضات ہمیشہ کیلئے ختم
آج ہی سے استعمال شروع کریں اور مردہ زندگی میں جان ڈالیں
قدرتی خالص اجزاء پر مشتمل ہر سائیڈ ایفیکٹ سے پاک
شوگر کا خاتمہ ممکن ہے
قیمت 800 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پہ کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# زکوٰۃ! مال بڑھانے اور محفوظ بنانے کا گر

عبدالرحمٰن، لاہور

آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ اے مسلمانو! زکوٰۃ نکال کر اپنے مالوں کو ضائع ہونے سے محفوظ رکھو جو شخص مال کی زکوٰۃ ادا نہیں کرتا اس کا ایمان مقبول نہیں۔ ایک دیہاتی شخص حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یارسول اللہ! ﷺ آپ مجھے کوئی ایسا عمل بتائیں جب میں اس پر عمل کروں تو جنت میں داخل ہوجاؤں تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم اللہ کی عبادت کرو، اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرو، فرض نماز قائم کرو، فرض زکوٰۃ ادا کرو، رمضان کے روزے رکھو۔ تو اس شخص نے کہا مجھے اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ میں میری جان ہے میں اس پر کوئی اضافہ نہیں کروں گا (یعنی ان کو اپنے اوپر لازم کروں گا خود سے کوئی چیز اپنے اوپر فرض نہیں کروں گا) جب وہ واپس جانے لگا تو آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا جس شخص کو یہ بات پسند آئے کہ وہ جنت والوں میں سے ایک شخص کو دیکھ لے تو وہ اس آدمی کو دیکھ لے۔ ایک شخص بنی تمیم قبیلہ کا' حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میں بہت مالدار ہوں اور اہل وعیال دار ہوں آپ مجھے ارشاد فرمائیں میں کیا کروں؟ اور کیسے خرچ کروں؟ تو آپ نے ارشاد فرمایا اپنے مال سے زکوٰۃ نکالا کرو کیونکہ یہ صفائی ہے تجھے پاک کردے گی اور اپنے رشتہ داروں کے ساتھ (اپنا) میل ملاپ رکھو اور مسکین (محتاج) اور ہمسایہ اور سائل (مانگنے والے) کا حق پہچانو۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا تمہارے اسلام کی تکمیل یہ ہے کہ تم اپنے اموال کی زکوٰۃ (بھی) نکالو۔ ایک شخص قبیلہ قضاعہ کا حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کیا "میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ اللہ کے رسول ﷺ ہیں اور میں پانچوں نمازیں ادا کرتا ہوں' رمضان کے روزے رکھتا ہوں اور اس کی تراویح ادا کرتا ہوں اور زکوٰۃ ادا کرتا ہوں تو حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص اس حالت میں فوت ہوا وہ صدیقین اور شہداء میں سے (لکھ دیا جائے) گا۔

# زکوٰۃ نہ دینے والے کو یہ آٹھ بلائیں گھیر لیں گی

آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا: تین چیزیں ایسی ہیں جن پر میں قسم کھاتا ہوں (1) صدقہ کرنے سے کسی مسلمان کا مال کم نہیں ہوتا (2) اور جس بندہ پر کسی قسم کا ظلم کیا گیا ہو اور اس نے اس پر صبر کیا ہو تو اللہ تعالیٰ اس کی شان وشوکت میں اضافہ کرتے ہیں (دنیا میں یا آخرت میں' یا دونوں جگہ میں) (3) اور جو شخص دست سوال دراز کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر فقر وفاقہ کا دروازہ کھول دیتے ہیں۔ حضور نبی کریم ﷺ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اے ابوہریرہؓ جب تم ایسے گروہ کو دیکھو جو کہ جماعت کے ساتھ نماز نہیں پڑھتے اور اپنے مال کی زکوٰۃ نہیں دیتے تو سمجھ لو کہ اللہ تعالیٰ ان پر آٹھ بلائیں نازل فرمائے گا کہ وہ بلائیں کسی مخلوق پر نہ آئی ہوں گی۔ (1) ان کے رزق سے برکت اٹھ جائیگی۔ (2) خشک سالی کی وجہ سے بے موت مریں گے۔ (3) فتنہ اور فساد اور فحاشی اور بدکاری کی ان میں کثرت ہوگی۔ ان کی اولاد اور ان کے گھر والوں پر اللہ تعالیٰ مرض کو مسلط کردیگا۔ (5) آپس میں ایک دوسرے پر ظلم کریں گے (6) ظالم اور جابر بادشاہ کو اللہ تعالیٰ ان پر مسلط کردیگا۔ (7) خدا کے ہاں کوئی عمل نیک ان کا مقبول نہ ہوگا۔ (8) ان کی دعا کبھی مقبول نہ ہوگی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس آدمی کو اللہ نے دولت عطا فرمائی اس نے اس کی زکوٰۃ ادا نہ کی تو وہ دولت قیامت کے دن اس آدمی کے سامنے ایسے زہریلے ناگ کی شکل میں آئیگی جس کے انتہائی زہریلے پن سے اس کے بال جھڑ جائیں گے' پھر وہ سانپ (اس زکوٰۃ ادا نہ کرنے والے) کے گلے کا طوق بنا دیا جائے گا پھر یہ سانپ اس کی باچھیں پکڑے گا (اور کاٹے گا) اور کہے گا میں تیری دولت ہوں میں تیرا خزانہ ہوں اس کے بعد آپ نے قرآن کی یہ آیت تلاوت فرمائی "نہ گمان کریں وہ لوگ جو بخل کرتے ہیں" اس مال ودولت میں جو اللہ نے اپنے فضل وکرم سے ان کو دی ہے اور اس کی زکوٰۃ نہیں نکالتے کہ وہ مال ودولت ان کے حق میں بہتر ہے بلکہ انجام کے لحاظ سے وہ ان کیلئے بدتر اور شر ہے۔ قیامت کے دن ان کے گلوں میں طوق بنا کر ڈالی جائے گی۔ وہ دولت جس میں انہوں نے بخل کیا (اور جس کی زکوٰۃ ادا نہیں کی) (صحیح بخاری)

# ماہانہ روحانی محفل

**روحانی محفل مرکز روحانیت وامن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے**

اس ماہ کی روحانی محفل 10 مئی بروز اتوار صبح 11 بجے سے لیکر 12 بج کر 17 منٹ تک۔ 18 مئی بروز پیر رات 8 بجے سے لیکر 9 بجکر 21 منٹ تک۔ 30 مئی بروز ہفتہ عصر تا مغرب یَاوَاسِعَ الْفَضْلِ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، دردِ دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سوفی صد قبول کررہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہورہا ہے اور مشکلات فوری حل ہورہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز واقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کرکے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

**ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں**

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر:۔ حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

## کھانسی نہ رک رہی ہو تو یہ ٹوٹکہ بھی آزمائیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ نے بہت کچھ دیا' قارئین لاجواب ٹوٹکے' نسخہ جات اور وظائف اس رسالہ کے ذریعے ہم تک پہنچاتے ہیں' میرے پاس ایک آزمودہ ٹوٹکہ ہے جو میں قارئین کی نذر کرتی ہوں۔ ھوالشافی: اگر کسی کی کھانسی نہ رک رہی ہو تو دو سیب کے چھلکوں کو ڈیڑھ کپ پانی میں اتنا پکائیں کہ آدھا کپ رہ جائے اس میں ایک چمچ شہد مکس کرکے پی لیں' اتنا گرم ہو جو پیا جاسکے' تین دن پینا ہے کھانسی کا نام ونشان بھی نہیں رہے گا۔ (ر، سیالکوٹ)

جوہر شفاء مدینہ موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج
شفاء کا ایسا بیش بہا خزانہ جس کا انتخاب بیشتر نبوی جڑی بوٹیوں سے کیا گیا سالہا سال کے تجربات نے اسے خود گارنٹی اور کسوٹی بنا دیا ہے
معدہ کا مسئلہ' بلڈ پریشر' جگر' گردے یا دل کے امراض صرف چند ڈبیاں آپ کو ان امراض سے نجات دلا سکتی ہیں
بڑی سے بڑی قیمتی ادویات جہاں ناکام ہوجاتی ہیں وہاں یہ دوا کام کرتی ہے۔
قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# رمضان نکلتا سورج اور سورۂ رحمٰن کا خاص عمل! ہر مسئلہ کا حل

## فاقے ختم' دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں "ان کی مشکلات فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا' دولت مند ہوا" شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

## دولت مند ہونے کا یہ فارمولہ عبقری میں شائع کردیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ شاد و آباد اور پھلتا پھولتا رکھے آمین۔ عبقری رسالہ اتنا اچھا ہے کہ پڑھتے جاؤ اور خوشی سے جھومتے جاؤ' اس کو پڑھنے کے بعد ایسا لگتا ہے کہ جیسے دونوں جہان کی دولت مل گئی ہے۔ اس میں دیئے گئے وظائف اور ٹوٹکے بہت اچھے ہوتے اور ہم کیا بلکہ پوری مخلوق خدا بھرپور فائدہ اٹھا رہی ہے۔ عبقری رسالہ کی برکت سے ہمارا بہت بڑا مسئلہ حل ہوا جس کے لیے ہم اللہ تعالیٰ کے بہت شکر گزار ہیں' عرصہ چھ سال سے ہمارے والدین ان کوششوں میں تھے کہ کہیں سے پیسے اکٹھے ہو جائیں اور پلاٹ پر مکان تعمیر کروائیں اور بڑے بیٹے کی شادی کریں لیکن جب بھی پیسے یا کمیٹی وغیرہ آتی وہ اتنی کم ہوتی کہ چھوٹے موٹے کاموں میں ہی خرچ ہو جاتی۔ بس ہم اور خاص کر امی اللہ تعالیٰ سے دل ہی دل میں باتیں کرتے کہ یا اللہ ہم غریبوں کا بس تو ہی آخری سہارا ہے' کوئی ادھار بھی نہ دیتا کہ یہ غریب لوگ تو واپس بھی نہیں کر سکیں گے' ہمارے پاس بہت تھوڑے سے پیسے جمع تھے۔ عبقری رسالہ سے انمول خزانہ نمبر ایک اور دو کے متعلق معلوم ہوا' دفتر عبقری سے دو انمول خزانہ منگوایا اور سارا دن کھلا دو انمول خزانہ نمبر دو پڑھتے اور ہر نماز کے بعد صرف ایک مرتبہ دو انمول خزانہ نمبر ایک پڑھتے۔ اس کے ساتھ عبقری رسالہ سے ایک وظیفہ پڑھا جس کی ترتیب یوں ہے: فجر کی نماز پڑھ کر ذکر اذکار کرتے رہیں اور جب سورج ایک نیزہ بلند ہو جائے تو قرآن پاک سے دیکھ کر یا زبانی سورج کی طرف منہ کر کے سورۂ رحمٰن پڑھنا شروع کر دیں جب فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پر پہنچیں تو دائیں ہاتھ کی شہادت والی انگلی سے سورج کی طرف اشارہ کر دیں پھر بعد میں پھر انگلی کھول دیں۔ اگلی دفعہ پھر اسی آیت کو پڑھ کر انگلی سے پھر سورج کی طرف اشارہ کر دیں۔ غرض جتنی بھی دفعہ سورۂ میں یہ آیت آتی ہے' اتنے اشارے سورج کی طرف کر دیا کریں۔ یہاں تک کہ سورت ختم ہو جائے۔ یہ عمل کم از کم چالیس دن یعنی ایک چلہ تک کریں۔ ان شاء اللہ ہر قسم کے مسائل پہلے چالیس دنوں میں ہی ختم ہو جائیں گے۔ اگر پہلے چالیس دن میں سکون نہ ملے اور مسائل حل نہ ہوں تو مزید چالیس دن کریں۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکتیں ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے اور پھر بھی کچھ مسائل رہ جائیں تو تیسری دفعہ چالیس دن عمل کریں۔ انشاء اللہ سو فیصد مسائل حل ہو جائیں گے۔ کامل یقین رکھیں۔ مسئلہ کے حل کے بعد بھی سورۂ رحمٰن کی روزانہ کی تلاوت نماز فجر کے بعد معمول بنالیں۔ یعنی سورۂ یٰسین کے ساتھ سورۂ رحمٰن بھی پڑھ لیا کریں۔ یہ دونوں سورتیں ہمارے روزانہ کے مسائل حل کرنے کے ساتھ ساتھ ہماری دنیا و آخرت کی زندگی پر خوشگوار اثر ڈالتی ہے۔ اس عمل کی بدولت اللہ تعالیٰ نے ایسا شاندار سبب بنایا کہ جو لوگ قرض دینے سے انکاری تھے انہوں نے خود فون کر کے پیسے دیئے۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ سورۂ رحمٰن والا وظیفہ بار بار رسالہ میں شائع کریں تاکہ لوگ اس سے اپنے مسائل حل کریں۔ یہ بہت طاقتور عمل ہے۔ (شگفتہ شکیل، ملتان)

## رمضان میں یہ عمل کیا! عید کیلئے غیبی نظام بن گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہماری پڑوسن نے ہمیں سورۂ کوثر والا عمل دیا اور برکت والی تھیلی بھی دی اور جب سے ہمیں یہ عمل ملا ہے تب سے ہمارے مالی حالات ٹھیک ہو گئے ہیں جس گھر میں ہم رہتے ہیں اس گھر میں ہمیں تین سال ہو گئے ہیں اور ہماری کسی نے بھی مدد نہ کی تھی' ہم نے گزشتہ چار سال سے کبھی عید پر نئے کپڑے اور جوتے نہ پہنے تھے۔ اس رمضان ہم نے سورۂ کوثر اور برکت والی تھیلی کا مکمل عمل کیا تو ہماری سامنے والی پڑوسن نے ہمیں گیارہ ہزار عزت کے ساتھ گھر میں آ کر دیئے' (باقی صفحہ نمبر 60 پر)

## عزم ہمت اور صحت مند دل

محمد مبشر، لاہور

آپ کے دل میں بڑے بڑے خواب ہوں گے کس کے دل میں نہیں ہوتے۔ قدرت کی عظیم تخلیق اشرف المخلوقات کے دل میں ہونے ہی چاہئیں۔ خدا نے یہ زندگی دی ہے ان خوابوں کی تکمیل کے لیے اس کے لیے سخت محنت کریں لیکن محنت سے پہلے عزم جواں صحت مند دل بہت ضروری ہے! دل تندرست تب ہوتا ہے جب انسان اپنے اندر جواں عزم رکھے۔ انسان ہر لمحے دل کو اس حقیقت پر مرکوز رکھے کہ تیری قوت لامحدود ہے' بے حساب ہے' سویرا ہوا ہے۔ اٹھ آج کا منصوبہ بنا! عزم جواں سے کام لے' کام کے راستے پر بڑھتا جا راستہ سب کے لیے کھلا ہے۔ جو خود اعتمادی رکھ کر چلیں گے وہ نصب العین کو حاصل کریں گے جو مایوس ہو کر پڑے رہیں گے وہ تڑپ تڑپ کر جان دیدیں گے کاہل ہو کر ہاتھ پسارے بیٹھے رہیں گے اور دوسروں کو دیکھ کر حسد سے جلتے رہیں گے۔

انسان اٹھ! خود کو پہچان! سفر لمبا ہے لیکن منزل پر تیرے خوابوں کا خوبصورت شہر آباد ہے' جہاں سکھ ہے زندگی کے راستے پر چلتے ہوئے اپنے طاقتور وجود کو قائم رکھ۔ تیرے پاس وسائل کی کمی نہیں ہے' وسائل کا پورا بندوبست کرتی ہوئی قدرت تیرے ساتھ چل رہی ہے۔ یقین کر نا محنت کر اگر تو اپنے وجود کو پہچانے رکھے گا تو اپنے خوبصورت خوابوں تک زندگی کے نصب العین تک پہنچے گا اور عظیم خوشی کا لطف اٹھائے گا اور یہ یقین اور جواں عزم راستے کے ایک ایک قدم کو بھی مسرت آمیز بنا دے گا۔ جواں عزم کرنے کے بعد چاہیے ہمت اور پھر ہمت۔ آپ بھی تین حروف کی اس خوبی کو اپنا کر اپنی زندگی کو کامیاب سکھی اور آسودہ بنا سکتے ہیں۔ یہ ایک طرح کی ایسی عظیم خوبی ہے جس شخص میں حوصلہ' امنگ' لگن اور خود اعتمادی جیسی دوسری اہم ترین خوبیوں کو پیدا اور شگفتہ کرتی ہے۔ ایک عظیم فلاسفر نے کہا ہے: "نوجوانو! اگر تم کچھ کرنا چاہتے ہو تو باہمت اور مضبوط بنو' بغیر ہمت کئے اس دنیا میں کچھ بھی اہم ترین کام نہیں کیا جا سکتا۔

گُردی

مختصر دوائی' فائدے بے شمار کمزور گردے پرانی سے پرانی گردہ مثانے کی پتھری یوریا یورک ایسڈ، کریٹنن ڈائیلاسز سے نجات کیلئے خالص جڑی بوٹیوں سے بنی گردی استعمال کریں

گردے کے مریض کو جہاں شفا یابی کا ذریعہ بنتی ہے وہاں مرض کی وجہ سے کمزوری ضعف اور نقاہت کو فوری ختم کرتی ہے۔

(قیمت صرف 230 روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# دورانِ رمضان وزن کم کرنے کی کوشش مت کریں؟

محمد جنید، راولپنڈی

مقدس ماہ رمضان میں جہاں دیگر کئی معاملات ایک ساتھ چلنا شروع ہوجاتے ہیں وہاں اس بات کا اندیشہ بھی سر اٹھانے لگتا ہے کہ کہیں ''وزن بڑھنا شروع نہ ہوجائے، یا پھر افطار اور سحری کے وقت بے تحاشہ کھانے کی بدولت عید کے دن وزن کی زیادتی کا شکار نہ ہوجائیں۔ یہ ایک بے بنیاد مفروضہ ہے دوران رمضان کسی بھی حالت میں وزن کو کم کرنے کی شعوری کوشش نہ کریں، کیونکہ ایسا کرنا آپ کی صحت کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے کچھ لوگ ماہ رمضان میں وزن بڑھانے کی کوشش کرتے ہیں اور کچھ لوگ اپنے موجودہ وزن کو برقرار رکھنے کی سعی کرتے رہتے ہیں۔ لیکن ان میں سے بہت سے افراد ایسے ہیں جو وزن بڑھانے کی کوشش کرتے ہیں اور کچھ لوگ اپنے موجودہ وزن کو برقرار رکھنے کی سعی کرتے رہتے ہیں۔ لیکن ان میں سے بہت سے افراد ایسے ہیں جو وزن کو مزید کم کرنے کے خواہش مند ہوتے ہیں اس بات سے قطعی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ روزہ ایک صحت مند جسم یا وزن کو برقرار رکھنے میں چیلنج ثابت ہوتا ہے کیونکہ رمضان کے مہینے میں روزہ کی حالت میں جسم کو مطلوبہ مقدار میں کیلوریز اور پروٹین وغیرہ نہیں ملتی اس لیے وزن میں کمی قدرتی طور پر واقع ہوتی چلی جاتی ہے۔ لیکن اس بات کی شعوری کوشش کرنا کہ پورا دن روزہ میں گزار کر افطار کے وقت بھی برائے نام اشیاء کو کھانا جو جسم کی ضرورت کے مطابق ناکافی ہوں صحت اور جسم دونوں کے لیے ہی نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔ اس بات سے آپ کو قطعی طور پر پریشان یا فکرمند ہونے کی ضرورت نہیں کہ ماہ رمضان میں آپ کو اپنے وزن کے بارے میں آگاہی حاصل کرنے کے لیے ایک انتہائی سادہ طریقہ پر عمل کرنا ہوگا اپنی ہائیٹ یا قد کی لمبائی سے اپنے وزن کو بائی اسکوائر تقسیم کیجئے اگر نتیجہ میں 18.5 یا اس سے کم نمبر آئیں تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ کا وزن نارمل سے کم ہے آپ کی اپنے وزن کم کرنے کی مزید کوشش احمقانہ ہی ہوگی۔ عام طور پر روزہ کا دورانیہ ایک دن میں 13، 14 گھنٹے یا اس سے تھوڑا زیادہ ہوسکتا ہے اس پورے دورانیے میں جسم کو گلوکوز کی ضرورت محسوس ہوتی رہتی ہے گلوکوز جسم کے دیگر نظام کو متوازن رکھنے اور ان کی کارکردگی کو برابر طریقے سے جاری رکھنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ جسم میں پہلے سے اسٹور گلوکوز صرف پانچ گھنٹوں کے لیے جسم کو انرجی یا توانائی مہیا کرتا ہے اس کے بعد مزید گلوکوز درکار ہوتا ہے جو کہ ظاہر ہے کہ روزے کی حالت میں ممکن نہیں کہ پانچ گھنٹوں کے بعد جسم میں گلوکوز کی کمی کو پورا کیا جاسکے، گلوکوز کی یہ کمی نہ صرف کمزوری اور نقاہت کا باعث بنتی ہے بلکہ وزن کم کرنے میں بھی اس کا اہم کردار ہوتا ہے اس لیے یہ کہا جاسکتا ہے کہ وزن میں کمی جسم میں گلوکوز کی مقررہ مقدار سے کم ہوجانے پر واقع ہوتی ہے۔

دوران رمضان وزن میں مزید کمی نہ کی جائے اس کے لیے آپ کو خود کوشش کرنا ہوگی۔ اپنے افطار کو دو حصوں میں تقسیم کرلیں۔ اکثر افراد اس بات کو نظر انداز کردیتے ہیں اور جیسے ہی افطار کا وقت شروع ہوا سلاد، سوپ، پھل وغیرہ بے تحاشہ کھاتے چلے جاتے ہیں اور دسترخوان کی بنیادی یا خاص ڈشوں کو نظر انداز کردیتے ہیں اسی لیے جسم کو اس کے مطلوبہ مقدار کی کیلوریز نہیں ملتیں۔ اس طریقہ افطار کے بجائے اگر آپ اپنے افطار کو دو حصوں میں بانٹ لیں تو یہ آپ کے لیے ہر طرح سے بہتر ثابت ہوگا۔ افطار کا پہلا حصہ میں کھجور، ایک گلاس پانی، سوپ اور سلاد پر مشتمل ہونا چاہیے۔ اس کے بعد آپ مغرب کی نماز پڑھنے جائیں اور پھر واپس آنے کے بعد مذکورہ بالا اشیاء کی بجائے دسترخوان کی بنیادی ڈشز سے لطف اندوز ہوں اس طریقہ سے سب سے پہلا فائدہ تو یہ ہوگا کہ آپ دسترخوان پر موجود تمام اشیاء کھاسکیں گے اور دوسرا آپ کے جسم میں کیلوریز اور پروٹین اور حراروں کی مکمل مقدار بھی پوری ہوجائے گی افطار ہمیشہ ہلکا ہی رکھیں پھر اس کے بعد ایک دو گھنٹوں کے وقفہ کے بعد آپ اپنا مکمل کھانا تناول کرسکتے ہیں یاد رکھیں یہ طریقہ افطار ہر طرح سے موثر ثابت ہوتا ہے۔

# دورانِ افطار پیٹ معمول سے زیادہ بھرا محسوس ہو تو یہ کریں

اگر آپ یہ چاہتے ہیں کہ افطار کے دوران آپ کو اپنا معدہ یا پیٹ معمول سے زیادہ بھرا ہوا محسوس نہ ہو تو افطار کے وقت بہت زیادہ پانی سے گریز کریں کھجور اور پانی کے ایک گلاس کے بعد آپ جب بھی پانی پئیں اپنے کھانے کے دوران ہی پئیں تاکہ کھانا ختم کرنے کے بعد۔ افطار کرنے کے اور کھانے کے بعد اپنے جسم میں پانی کی مطلوبہ مقدار کو پوری کرنے کے لیے اس دوران وقفہ وقفہ سے آپ کو کم از کم سات سے آٹھ گلاس پانی ضرور پینا چاہیے، پانی پینے کے دوران کا وقفہ کم از کم دس سے پچیس منٹ تک کا ضرور ہونا چاہیے۔ ایسا نہ کریں کہ ایک ساتھ ہی پانچ چھ گلاس پانی کے پی لیں اس سے آپ کے جسم کو نقصان ہوگا کیونکہ پورا دن روزہ کے ساتھ جسم کو صرف پانی ہی درکار نہیں ہوتا اس لیے ہر ایک گلاس پانی میں مناسب وقفہ ضرور رکھیں۔

یہ بات ہمیشہ ذہن نشین رکھیں کہ افطار کی تیاری میں آپ جو بھی ڈشز تیار کررہے ہیں اس میں کیلوریز اور دیگر تمام ضروری اجزاس ضرور ہوں۔ مثال کے طور پر آپ اپنا سلاد اولیو آئل میں بنائیں ایسا پنیر استعمال کریں جس میں چکنائی کا عنصر کم ہو اس کے علاوہ اگر آپ اپنے افطار میں کسی ڈرائی فروٹ کو بھی شامل رکھیں تو یہ جسمانی ضرورت کے لیے اضافی بونس ہوگا۔

پانی کی کمی بھی وزن میں کمی کا باعث بن سکتی ہے، یہ ضروری ہے کہ آپ اس بات سے بہ خوبی آگاہ ہوں انسانی جسم کے لیے ''متوازن غذا'' کیا ہوتی ہے جسم میں موجود نظام کو ہر قسم کی کارکردگی کے لیے تمام غذائی اجزاء کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس لیے جب افطار کرنے کے ایک دو گھنٹہ کے بعد اپنا ڈنر کرنے بیٹھیں تو اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ آپ نے وہ تمام اشیاء لینی ہیں جو نہ صرف مطلوبہ جسمانی مقدار کے برابر ہو بلکہ ان اشیاء سے آپ کو توانائی اور طاقت بھی مل سکے۔ اگر آپ یہ سوچ کر ہاتھ روک لیں گے کہ ان تمام غذائی اجزاء سے آپ کا وزن بڑھنا شروع ہوجائے گا تو یہ محض خام خیالی ہی ہے۔ ماہرین غذائیت اس بات کی تائید کرتے ہیں کہ دوران رمضان شعوری طور پر وزن بڑھانا یا کم کرنا انتہائی نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے اس لیے ایسی کسی کوشش کو ترک کرکے صرف اس بات کو ذہن نشین رکھیں کہ اپنی جسمانی ضرورت کو آپ کن غذائی اجزاء کے ساتھ پورا کرسکتے ہیں۔

بنفشی قہوہ
دائمی ریشہ، بلغم، کیرا، نزلہ، زکام اور کھانسی کا مکمل علاج
دردِ شقیقہ میں مبتلا افراد تسلی سے استعمال کریں
گلے کی خراش، نسیان، منہ میں چھالے پڑنا، آنتوں کے امراض
بالوں کا قبل از وقت سفید ہوجانا
قیمت 120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# روزے میں پیاس کی شدت کیسے کم کی جائے؟

پانی پیاس بجھانے کا سب سے اہم ذریعہ ہے۔ خصوصاً رمضان یا روزے کی حالت میں اس کی قدر و قیمت کا اصل اندازہ ہوتا ہے اس کے باوجود اکثر لوگ پانی کا استعمال بہت کم کرتے ہیں اور جسم کی روزمرہ ضرورت کے حساب سے پانی نہیں پیتے۔ افطار کے بعد بہت سے لوگ اس خیال سے زیادہ پانی پینے سے اجتناب برتتے ہیں کہ خالی پیٹ پانی زیادہ پینے سے پیٹ پھول جاتا ہے افطار کے بعد سحری تک ان کی جسم میں پانی کی بہت کم مقدار داخل ہو پاتی ہے۔

☆ **رمضان میں دیگر مشروبات کی نسبت پانی ہی کیوں ضروری؟:** پانی کی اہمیت و افادیت سے کسی طور انکار ممکن نہیں پانی وہ عطیہ خداوندی ہے کہ جس کی بدولت ہی زندگی پنپتی اور سانس لیتی ہے۔ اس کی اصل شدت کا اندازہ رمضان میں روزے کی حالت میں ہی لگایا جا سکتا ہے شدید گرمی میں روزہ صرف اور صرف پیاس کا احساس دلاتا ہے اور افطار کے وقت سب سے پہلے ہاتھ دیگر مشروبات کو چھوڑ کر پانی کی ہی جانب بڑھتا ہے۔ ایسا کیوں ہے؟ دراصل دیگر ڈرنکس یا مشروبات میں چینی کی بے تحاشہ مقدار شامل ہوتی ہے اس کے علاوہ ان مشروبات میں دیگر کیمیکلز بھی مکس ہوتے ہیں جس سے کیلوریز میں بے پناہ اضافہ ہوتا ہے یہ اضافی کیلوریز وزن بڑھانے میں سب سے زیادہ کردار ادا کرتی ہیں اس لیے رمضان میں روزے کی حالت اور افطار کے بعد زیادہ سافٹ ڈرنکس یا مشروبات پینے سے پیٹ جلد بھر جاتا ہے اور نظام ہاضمہ سست ہو جاتا ہے۔

☆ رمضان میں پیاس کی شدت کو کیسے کم کیا جائے؟ روزے یا رمضان کے دنوں میں جو غذا کھائی جاتی ہے وہ پیاس کی شدت کو کم کرنے میں اہم رول ادا کرتی ہے۔

☆ ہر روز کم سے کم آٹھ گلاس پانی ضرور پئیں۔ اگر آپ ایکسرسائز کرتے ہیں یا گھر سے باہر گرم موسم میں کام کرتے ہیں ہر صورت میں آٹھ سے دس گلاس پانی پینا اپنا روزمرہ کا معمول بنالیں کیونکہ ان دو کاموں میں ہی سب سے زیادہ پسینہ کا اخراج ہوتا ہے اس لیے جتنا پانی پئیں گے پانی کی کمی واقع نہیں ہو پائے گی۔ اس لیے اس بات کو ہمیشہ یاد رکھیں کہ پانی کی مطلوبہ مقدار ہی آپ کے جسم، صحت اور دماغ کے لیے بہتر ہے۔ ☆ افطار کے وقت تیز مصالحوں اور گرم گرم کھانوں کو نظر انداز کردیں کیونکہ ایسی ڈشز کے استعمال سے پیاس بڑھتی ہے جو اگلے دن روزہ کی حالت میں زیادہ محسوس ہوتی ہے۔ ☆ سلاد اور دیگر ڈشز میں نمک کا بہت زیادہ استعمال مت کریں اس کے علاوہ نمکین ڈشز جیسے کہ نمکین فش، یا اچار ایسی غذائیں ہیں جو جسم میں پانی کی ضرورت میں اضافہ کرتی ہیں۔ اس لیے ایسی غذاؤں کی بہ نسبت تازہ پھل اور سبزیوں کو استعمال کرنا ہی بہتر ہوتا ہے کیونکہ ان میں قدرتی طور پر پانی اور فائبر بے پناہ مقدار پائی جاتی ہے یہ غذا آنتوں میں لمبے عرصہ تک رہتی ہے جس کی وجہ سے پیاس کی شدت کم ہوتی ہے اور جسم کو پانی کی مطلوبہ مقدار اس غذا سے میسر ہوتی ہے۔ میٹھے مشروبات کی جگہ تازہ قدرتی پھلوں کے تیار کردہ جوسز کا استعمال زیادہ فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ موسم کے اعتبار سے پھلوں کا انتخاب کیا جا سکتا ہے۔

# تراویح کے بعد سونے سے پہلے یہ ضرور کھالیں!

رمضان میں جہاں دیگر معمولات میں تبدیلی واقع ہوتی ہے وہاں کھانے پینے کے اوقات کار اور انداز میں بھی تبدیلی ہو جاتی ہے، بسا اوقات ایسی چیزوں کا انتخاب کیا جاتا ہے جو صحت کے لیے نقصان دہ ہوتی ہیں افطار اور سحری میں ایسی کون سی غذائیں کس طریقہ سے لی جائیں جن کے صحت پر مثبت اثرات مرتب ہوں اور جن کے کھانے سے انرجی لیول کم ہونے کے بجائے اضافہ کی جانب مائل ہو۔ ذیل میں کچھ ایسے ٹپس بتائے جا رہے ہیں جنہیں رمضان میں افطار اور سحری کے وقت اپلائی کر کے آپ رمضان منظم اور بھرپور انداز میں گزار سکتے ہیں۔ ☆ افطار اسلامی روایات کا اہم حصہ ہے اس کا آغاز دو کھجوروں ایک گلاس پانی سے کریں۔ اس کے بعد گرم سوپ سے کھانے کا آغاز کیا جائے اس کے بعد سلاد اور پھر دیگر ڈشز، گرم سوپ سے افطار کرنا آپ کے معدہ کے لیے نہایت فائدہ مند ہوتا ہے کیونکہ ایک لمبے وقت تک روزہ کی حالت میں جب معدہ بالکل خالی ہوتا ہے تب یہ گرم سوپ نہ صرف توانائی کو بحال کرتا، پانی کی کمی کو پورا کرتا اور نظام ہاضمہ کو بہتر بناتا ہے۔ ☆ افطار کی مرکزی یا بنیادی ڈش کاربوہائیڈریٹ سے بھرپور ہونی چاہیے اس کے لیے چاول، پاستا اور برگر بہترین سمجھے جاتے ہیں۔ اسی طرح پروٹین حاصل کرنے کے لیے گوشت، مرغی یا مچھلی اور سبزیاں استعمال کی جاسکتی ہیں۔ ☆ پانی کم سے کم آٹھ گلاس ضرور پینا چاہیے اور بار بار یا ایک ساتھ پینے کے بجائے اسے مناسب وقفے سے پینا بہتر ہوتا ہے اس طرح معدہ پر بوجھ نہیں پڑتا۔ ☆ سحری کرنا سنت بھی ہے اور اہم بھی۔ مناسب اور متوازن غذا پر مشتمل دن بھر کے لیے طاقت اور توانائی کو بحال رکھتی ہے اور روزہ کو آسان اور قابل برداشت بناتی ہے اس بات کا یقین کرلیں کہ سحری میں جو کھانا آپ تناول فرما رہے ہیں وہ آسانی سے ہضم کرلینے والا ہونا چاہیے اور ایسی غذا جن میں کاربوہائیڈریٹ موجود ہو جیسا کہ گندم کی روٹی اور ڈبل روٹی، چاول اور گندم کی بنی ہوئی دوسری اشیاء ان سے آپ کا بلڈ شوگر لیول متوازن رہتا ہے۔ ☆ ایسے افراد جن کا روزے کی حالت میں بلڈ پریشر کم ہوجاتا ہو اور انہیں سردرد کی شکایت بھی ہو تو انہیں چاہیے کہ افطار کا آغاز تین یا چار کھجوروں سے کریں اس سے ان کا بلڈ شوگر لیول کنٹرول میں آجائے گا۔

☆ سلاد اور سوپ کو فوراً اور تیزی سے کھانے سے اجتناب برتیں بلکہ انہیں آہستہ آہستہ چبا کر کھائیں اور پئیں۔ اس سے آپ زیادہ کھانے یا اوور ایٹنگ کا شکار نہیں ہو پائیں گے اور معدہ بھرا ہوا محسوس ہوگا۔ ☆ زیادہ میٹھی ڈشز یا مشروبات ہضم ہونے میں تاخیر کرتے ہیں اور کیلوریز کی مقدار بھی بڑھاتے ہیں۔ اس لیے اس سے بچنے کے لیے افطار کے اوقات میں ہر قسم کا میٹھا اور سویٹ ڈش کا استعمال کم سے کم رکھیں۔ ☆ رمضان میں کھجور، ڈرائی فروٹ اور Nuts کا استعمال متواتر رکھیں۔ یہ غذائیں آپ کے جسم کو مکمل طور پر غذائی اجزاء فراہم کریں گی اور توانائی کے لیول کو بحال رکھیں گی۔ ☆ رمضان میں مرغی، چکنائی اور بھاری بھرکم ڈشز سے دور رہیں گرلڈ، اسٹیم اور روسٹ کی جانے والی ڈشز کو بھی نظر انداز کردیں اس کے متبادل پر آپ تازہ، قدرتی اور صحت افزاء سبزیاں اور پھل استعمال کریں۔ ☆ افطار کے بعد رات سونے سے پہلے آپ ہلکا پھلکا کھانا بھی لے سکتے ہیں جیسے کہ (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

سات تخم شفاء
اس دوا کو درویش کی دعا ہے۔ یقین والوں کیلئے اتنا کافی ہے۔ زیادہ وضاحت کی ضرورت نہیں۔
بواسیر۔ ذیابیطس۔ ہائی بلڈ پریشر۔ معدہ کے تمام امراض کا علاج۔ موٹاپا۔ ڈپریشن۔ ذہنی دباؤ کا مکمل علاج۔ پرانی خارش۔ الرجی زخموں کیلئے۔ چھائیاں داغ دھبوں کا علاج۔ (قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے

## قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر

### شادی پر پیسوں کا بندوبست

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں چند آزمودہ وظائف ہیں جو میں عبقری قارئین کی نذر کر رہی ہوں تاکہ دوسرے لوگ بھی پڑھ کر فائدہ حاصل کریں۔ میں انمول خزانہ عرصہ آٹھ سال سے پڑھ رہی ہوں' زندگی میں راحت ہے' ہر الجھن' مسئلہ' جادو جنات اور ضدی بیماری کا علاج ہے۔ میری بیٹی کی شادی قریب تھی' پیسوں کا بندوبست نہ ہو رہا تھا' میں نے عبقری رسالہ سے سورۂ والضحیٰ کی آیت نمبر پانچ کا وظیفہ پڑھا کہ جو بھی مسئلہ آجائے خاص طور پر پیسوں' نوکری کی سخت ضرورت ہو تو سورۂ والضحیٰ کی آیت نمبر 5 مسلسل سارا دن کھلا پڑھیں' میں نے یہی وظیفہ پڑھا تو میری بیٹی کی شادی پر پیسوں کا غیبی انتظام ہو گیا' ہر کام ایسے ہوا کہ ہمیں ذرا بھر بھی پریشانی نہ اٹھانا پڑی۔ الحمدللہ۔

اسی طرح رمضان المبارک میں برکت والی تھیلی کے عمل کا معلوم ہوا' رمضان المبارک میں دفتر عبقری سے اسم اعظم کی دم شدہ تھیلی لی اور اس پر روزانہ 129 مرتبہ سورۂ کوثر پڑھ کر صبح و شام دم کر دیا' الحمدللہ کبھی اس تھیلی میں پیسے ختم نہ ہوئے۔ (منزہ اعجاز، سرگودھا)

### سورۂ مزمل کا غیب سے مدد پانے کا وظیفہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے تو سارے اعمال اور وظائف عبقری ہی سے پائے ہیں لیکن پچھلے دنوں ایک کتاب پڑھنے کا اتفاق ہوا وہاں سے ایک وظیفہ کیا جس کا بہت فائدہ ہوا۔ اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف اور پھر سورۂ مزمل پڑھنی ہے۔ آیت نمبر 9 تک پڑھ کر اکیس دفعہ یہ آیت حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھنی ہے اور پھر سورۃ مکمل کر کے گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھنا ہے۔ یہ عمل دن میں گیارہ دفعہ یا کم از کم ایک دفعہ ضرور کیا جائے۔ بہت ہی سکون اور اطمینان نصیب ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ غیب سے مدد فرماتے ہیں۔ حکیم صاحب اللہ تعالیٰ آپ کو بہت آسانیاں دیں اور آپ کی اس عظیم نیکی کا بدلہ آپ کو دنیا و آخرت دونوں میں دیں۔ (آمین)۔ بخار: علامہ ابن جوزی نقل فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت ابی بن کعب نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ "بخار کا صلہ کیا ہے؟" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تک (بخار کی وجہ سے) قدم لڑکھڑاتے رہیں یا نبض تیز چلتی رہے۔ اس وقت تک اس کے حق میں نیکیاں لکھی جاتی رہیں گی۔ حضرت ابی بن کعب نے یہ سن کر دعا فرمائی کہ خدایا! میں تجھ سے ایسے بخار کا سوال کرتا ہوں جو نہ مجھے تیری راہ میں جہاد سے روک سکے اور نہ تیرے گھر میں جانے سے روک سکے چنانچہ اس کے بعد ابی بن کعب کو ہمیشہ بخار رہتا جو شخص بھی انہیں چھوتا اسے بخار محسوس ہوتا۔

سنہری باتیں: (۱) سمندر کی گہرائی علم کی گہرائی سے زیادہ نہیں ہے۔ (۲) مایوسیوں کے اندھیرے میں روشن کرن امید ہے۔ (۳) ہر چیز کا زیور خوبصورتی ہے مگر دل کا زیور سچائی ہے۔ (۴) اپنی ضرورتوں میں تخفیف راحتوں کا پیش خیمہ ہے۔ (انعم وحید، سمبڑیال)

### دماغ اور جگر کی گرمی دور! میرا آزمایا ہوا ہے!

کدو کا گودا پانچ تولہ، املی چھ تولہ، کھانڈ تین تولہ ایک سیر بھر پانی میں جوش دیں جب ایک پاؤ پانی باقی رہ جائے تو اتار کر' چھان کر' سرد کر کے ایک ہفتہ پلاتے رہیں۔ دماغ اور جگر کی گرمی دور اور دماغ طاقتور ہو جائیگا" یہ میرا نسخہ آزمایا ہوا ہے۔ **سر درد ختم:** جس کے سر میں درد ہو اسے ایک چٹکی نمک زبان پر رکھ لینا اور دس منٹ کے بعد ایک گلاس سرد پانی پینا چاہیے درد دور فوراً ہو جائیگا۔ (نوٹ: ہائی بلڈ پریشر کے مریض یہ ٹوٹکہ نہ آزمائیں) (حمزہ حنیف، کلاسن آباد)

### بلڈ پریشر لو ہوتا ہے تو یہ نسخہ آزمائیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کی خدمت میں ایک ٹوٹکہ پیش کر رہا ہوں جو لو بلڈ پریشر کا بہترین علاج ہے۔ یہ ٹوٹکہ آزمودہ ہے' بہت مفید ہے افادہ عام کیلئے لکھ رہا ہوں۔ **ھوالشافی:** تیز پات 30 گرام، چھوٹی الائچی 10 گرام، خولنجان 30 گرام، دارچینی 20 گرام تمام ادویات کو چھان کر سفوف تیار کر لیں' صبح و شام دو چٹکی یہ سفوف تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں اس سے نہ صرف لو بلڈ پریشر کی شکایت دور ہو جائے گی بلکہ جن مریضوں کے لو بلڈ پریشر کی وجہ سے ہاتھ پیر ٹھنڈے ہو جاتے ہیں اور پیشانی پر ٹھنڈے پسینے اور گھبراہٹ ہوتی ہے ان کیلئے یہ سفوف نافع ہے (حافظ محمد طلحہ، حیدرآباد)

### حاسدین کے شر سے بچاؤ کا آزمودہ وظیفہ! جس نے کیا نجات پائی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں شعبان المبارک میں آپ کے ایک درس میں شریک ہوئی' تب سے اب تک درس سنتی ہوں' رسالہ پڑھتی ہوں۔ میں حاسدین کے جھگڑوں سے بہت پریشان تھی۔ اس عمل سے مجھے ہر وقت کی لڑائی سے نجات مل گئی وہ عمل یہ ہے: **حاسدین کے شر سے بچاؤ کا وظیفہ:** جس حاسد نے فتنہ برپا کیا ہو دکھ دینے کی انتہا کی ہو یہ تصور کریں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی جالیوں کے ساتھ میں نے مضبوطی کے ساتھ اس کے ناپاک ارادے کو باندھ دیا ہے اب دیکھتی ہوں کہ یہ کیسے ناحق کوئی کام کرے گا" اس عمل کو میں نے ان کے (حاسدین کے) نام لے کر کیا اور اللہ کا شکر اللہ نے ہر وقت کے جھگڑے سے میری جان بچائی۔ اللہ آپ کو اجر عظیم سے نوازے (آمین)۔ **خارش کا آزمودہ ٹوٹکہ:** میرے پاس خارش کا آزمودہ ٹوٹکہ ہے وہ یہ کہ جس جگہ خارش ہو تھوڑا سا نمک لے کر اس جگہ تین چار مرتبہ رگڑیں انشاء اللہ خارش ختم ہو جائے گی۔ اس کے علاوہ خارش کے خاتمہ کے لیے سات دن نہار منہ صبح و شام چند پتے پودینہ اور چار پانچ سبز الائچی کا قہوہ پینے سے بھی خارش ختم ہو جاتی ہے۔ **زہریلا کیڑا کاٹ لے تو:** اگر کوئی زہریلا کیڑا وغیرہ کاٹ لے تو فوری طور پر تھوڑا سا سرسوں کا تیل اور تھوڑا نمک ملا کر اس جگہ رگڑیں انشاء اللہ کیڑے کا زہر ختم ہو جائے گا۔ **روحانی ٹوٹکہ برائے سکون:** جب کوئی پریشان ہو اور دل پریشان ہو تو چہارم کلمہ دس مرتبہ پریشانی کا تصور کر کے پڑھیں انشاء اللہ سکون ملے گا۔ **رزق کے لیے:** جو کوئی رزق کی پریشانی میں مبتلا ہو وہ فجر کی نماز کے بعد 90 مرتبہ یَامَلِکُ پڑھے تنگدستی سے نجات ملے گی۔ (شیریں گل، لاہور)

تریاق
پیٹ کے کیڑوں کا مؤثر ترین علاج
الحمدللہ! یہ دوا بے شمار مریضوں پر سالہا سال سے آزمودہ ہے۔ اس کا چند دنوں کا استعمال پیٹ سے کیڑوں کا مکمل صفایا کرتا ہے اور غذا کو جزو بدن بناتا ہے۔ (قیمت 120 روپے)

# ہماری بزرگ عورتوں کے آزمودہ نسخہ جات

## کمزور لڑکیوں کے طاقتور اور خوبصورت ہونے آزمودہ ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ان فوائد کی طرف آتی ہوں جو مجھے عبقری سے ملے۔ عبقری شمارہ میں ایک ٹوٹکہ آیا تھا کہ دو سیب کھا کر اوپر سے دودھ پی لیں تو صحت بہت اچھی ہوتی ہے جو واقعی ہی زبردست ٹوٹکہ ہے مجھے شوگر کی وجہ سے بہت کمزوری محسوس ہوتی تھی جس کے لیے میں ''Becefol'' کی گولیاں طاقت کیلئے کھاتی تھی جب سے یہ نسخہ استعمال کر رہی ہوں مجھے بہت فائدہ ہوا ہے۔ اب میں نے بی سی فول کی گولیاں لینا بند کر دی ہیں۔

## ہائی بلڈ پریشر کے مریض پرسکون ہو جائیں!!!

میرا بلڈ پریشر بھی بہت ہائی ہو جاتا تھا عبقری کے رسالے میں بلڈ پریشر کیلئے ایک نسخہ چھپا تھا جو یہ تھا کہ عناب ایک پاؤ لیں رات کو کسی مٹی یا چینی کے برتن میں پانی ڈال کر اس میں صرف سات دانے عناب بھگو دیں صبح نہار منہ وضو کر کے تین تین بار اول و آخر درود شریف درمیان میں گیارہ مرتبہ سورۂ کوثر پڑھ کر اس عناب کے پانی جس کو پہلے سے مل کر چھان لیا ہو دم کر کے پی لیں' چند روز کے استعمال سے ہی بلڈ پریشر نارمل ہو جاتا ہے۔ یہ والا نسخہ میں نے بلڈ پریشر کیلئے استعمال کیا جس کی وجہ سے میرا بلڈ پریشر اللہ کا شکر ہے اب نارمل رہتا ہے ورنہ بہت ہائی ہو جاتا تھا اور دماغ پھٹنا شروع ہو جاتا تھا جو عناب والے نسخہ سے ٹھیک ہو گیا' اللہ پاک آپ کو اتنا اچھا رسالہ شائع کرنے پر اجر عظیم دے۔ اب کچھ نسخے وہ بھیج رہی ہوں جو مجھے چند بزرگ عورتوں سے ان کے آزمائے ہوئے حاصل ہوئے۔

**بلیڈنگ نہ رکتی ہو:** اگر کسی عورت کا حمل ضائع ہونے کی وجہ سے یا ویسے بلیڈنگ نہ رکتی ہو تو اسے چاہیے کہ ٹوٹا چاول تھوڑے سے رات کو کسی مٹی کے برتن میں بھگو دے صبح اٹھ کر ان کو پیس کر نہار منہ کچے کھالے اوپر سے وہ ہی پانی جس میں چاول بھگوئے ہیں پی لے یا چاہے تو دوسرا پانی پی لے تین دن یا جب تک بلیڈنگ نہیں رکتی تب تک یہ عمل کرے انشاء اللہ بلیڈنگ رک جائے گی۔

**بے اولاد کیلئے:** جس مرد کے جراثیم کمزور ہوں اس کیلئے ایک انار کا چھلکا باریک پیس لیں اور آدھا پاؤ دال ماش لے کر اسے بھی باریک پیس کر پھر چھلکے اور دال ماش کو مکس کر کے فریج یا ٹھنڈی جگہ پر رکھ دیں تاکہ وہ خراب نہ ہوں' پھر صبح نہار منہ مکھن میں ملا کر ایک بیر کے برابر گولی بنا کر مرد کو کھلا دیں چالیس دن تک یہ عمل کریں اور عورت چالیس دن تک سورۂ مریم پڑھ کر دعا کرتی رہے انشاء اللہ ضرور اولاد ہوگی اس عمل کی وجہ سے ایک عورت کی شادی کے بیس سال بعد اولاد ہوئی۔

## بازو اور ہاتھوں کی کالی رنگت کیلئے

(۱) روغن زیتون کھانے کا ایک چمچ، (۲) روغن بادام کھانے کا ایک چمچ، (۳) مکھن چائے کا آدھا چمچ، (۴) بالائی چائے کا آدھا چمچ مندرجہ بالا تمام چیزوں کو اچھی طرح مکس کر کے رات کو سوتے وقت ہاتھوں اور بازوؤں پر مساج کریں اور صبح اٹھ کر دھو لیں چند ہفتوں میں ہاتھ اور بازو گورے اور نرم ملائم ہو جائیں گے۔ (توشیبہ عروج، حضرو)

## جلدی خارش کے لیے بھگانے کا آزمودہ راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ ہم سب گھر والے بہت شوق سے پڑھتے ہیں' میرے پاس دو آزمودہ ٹوٹکے ہیں اور میں یہ قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں۔

**جلدی خارش کیلئے آزمودہ ٹوٹکہ:** جس انسان کی جلد کی خارش نہ جاتی ہو اور علاج کروا کر تھک گیا ہو تو وہ یہ ٹوٹکہ آزمائے' 100 فیصد اثر کرے گا مجھے خود کو بہت زیادہ خارش تھی' بہت ادویات' لوشن استعمال کیے مگر صرف وقتی فائدہ ہوتا جیسے ہی لوشن کا اثر ختم ہوتا خارش دوبارہ شروع ہو جاتی' مجھے کسی نے یہ ٹوٹکہ بتایا' میں نے اسی دن آزمایا پہلی مرتبہ استعمال کرنے سے ہی فرق پڑ گیا' مزید چند دن استعمال کرنے سے میری خارش ختم ہو گئی پھر میں نے یہ کتنے ہی لوگوں کو بتایا اور ان کو بھی شفا ملی۔ طریقہ کار: تمباکو تھوڑا سا (ایک مٹھی بھر) پانی میں ڈال کر پانی ابال لیں' اس کے بعد پانی کو چھان کر تمباکو کو پانی سے الگ کر لیں اور گرم پانی کو ٹھنڈے پانی میں مکس کر کے (حسب ضرورت) اس سے نہالیں۔ یاد رکھیں کہ پانی سر پر نہیں ڈالنا اور نہ ہی آنکھوں میں جائے' نہانے کے بعد جسم کو تولیے سے نہیں صاف کرنا بلکہ گیلے جسم پر ہی کپڑے پہن لیں انشاء اللہ جلدی خارش سے نجات مل جائے گی۔ **بخار کے لیے:** جس کسی کا بخار نہ جاتا ہو تو ایک بوٹی جس کا نام ''موکڑی'' ہوتا ہے' یہ ایک کانٹے دار پودا ہوتا ہے اور اس کے ساتھ چھوٹے چھوٹے پیلے رنگ کے ٹوٹے ہوتے ہیں' اس پودے کو آگ پر رکھ دیں تاکہ اس کے کانٹے جل جائیں پھر اس پودے کو کڑاہی میں پکالیں اور اس کڑاہی والے سالن کو استعمال کریں' ان شاء اللہ بخار ٹوٹ جائے گا۔ (سعد علی، ہری پور)

## بلڈ پریشر اور تیزابیت کیلئے آزمودہ اور مجرب ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ آپ کا سایہ انسانیت پر تا قیامت قائم رکھے آمین۔ مخلوق خدا کی بھلائی کیلئے ٹوٹے پھوٹے الفاظ پیش خدمت ہیں۔ امید ہے کہ اس ننھی سی کاوش کو قبولیت کا درجہ حاصل ہوگا۔ یہ ٹوٹکہ جو کہ قارئین عبقری کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں یہ انتہائی آزمودہ اور مجرب ہے۔ ہائی بلڈ پریشر اور تیزابیت کے مریض اسے ضرور استعمال کریں۔ اس ٹوٹکے کے استعمال سے ان شاء اللہ بلڈ پریشر نہیں بڑھے گا اور معدہ کی تیزابیت اور معدہ کے امراض بالکل ختم ہو جائیں گے۔ ھوالشافی: کھانے کے بعد تھوڑا سا پسا ہوا دھنیا خشک اور اتنی ہی مقدار میں سفید چینی ملا کر یعنی دونوں چیزیں ہموزن لیکر پھانک لیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ یہ میں خود بھی اور متعدد افراد کو بھی استعمال کرا چکا ہوں' بہت مفید ہے۔ یہ مجھے یاد نہیں کہ یہ ٹوٹکہ کس جگہ پر پڑھا تھا بہر حال میرے تجربے اور مشاہدے میں بہت مفید ہے' میں خود بھی چونکہ ہومیو پیتھک ڈاکٹر ہوں اور مریضوں کو دوا کے ساتھ ساتھ یہ ٹوٹکہ بھی بتاتا رہتا ہوں۔ الحمدللہ! اس ٹوٹکے کے بہت مثبت نتائج سامنے آئے ہیں' رمضان المبارک میں اگر افطاری اور سحری کے بعد آدھا چھوٹا چمچ دونوں چیزوں کا مکسچر استعمال کر لیں تو پورا رمضان پیٹ کے مسائل درپیش نہ ہوں گے۔ (ڈاکٹر راغب حسین' واہ کینٹ)

## شوگر کے لیے ہمارا خاندانی آزمودہ راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس شوگر کو کنٹرول کرنے کیلئے ایک بہت کامیاب نسخہ قارئین کی نذر کر رہا ہوں۔ ھوالشافی: فالسہ کی گٹھلی لے کر رات کو بھگو دیں مناسب مقدار میں تقریباً ایک تولہ صبح نہار منہ اور شام دو ٹائم استعمال کریں بہت فائدہ ہوگا (عبدالرشید، نارتھ کراچی)

چھلکا اسپغول
معدے کو صاف رکھے۔ بلڈ پریشر کا لیول برقرار رکھنے میں مدد دے۔ کولیسٹرول کم اور دل صحت مند قبض سے دور۔ نظام ہضم کو تندرست رکھے۔ پیچش۔ مروڑ میں فائدہ بخش۔ گھر میں رکھنے کی چیز۔
قیمت 200 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# یاقہار تھال میں پاؤں رکھ کر پڑھا ہر مسئلہ حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے ملنے والے ایک ڈاکٹر بہت نیک تھے سال پہلے وفات پا چکے۔ ڈاکٹر صاحب کی وفات کے بعد ان کے بچوں کا گھر فروخت ہوگیا' بچوں کی نوکریاں بھی ختم ہوگئی گھر کرائے پر' ہر وقت پریشانی' گھر میں لڑائی جھگڑے بھی شروع ہوگئے حتیٰ کہ ایک سال اسی پریشانی میں گزر گیا پھر میں نے ان کو یَاقَھَّارُ کا تھال والا عمل بتایا جس کا ان کو بہت جلد فائدہ ہوا تقریباً ایک ہفتے کے اندر ایک بچے کو نوکری مل گئی اور وہ بچوں کی سی وی جمع کروادی ہے اور ان لوگوں کا ایک پلاٹ تھا جو کہ بہت کم قیمت پر فروخت ہو رہا تھا لیکن یَاقَھَّارُ کے عمل کرنے سے وہ پلاٹ بھی اچھے داموں فروخت ہو چکا ہے اور اب وہ لوگ اپنا گھر بھی لے رہے ہیں ان کے مسائل بھی حل ہو رہے ہیں اور عمل کی برکت سے گھر سے لڑائی جھگڑے بھی ختم ہو چکے ہیں اور گھر میں سکون بھی آ گیا ہے۔

## محمد رسول اللہ احمد رسول اللہ وظیفے کی برکت

میں اس سال چوتھی مرتبہ عبقری روحانی اجتماع میں شریک ہوئی ہوں پہلی بار مجھے کارڈ ملا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللّٰہِ والا یہ وظیفہ میں ہر نماز کے بعد 35 بار پڑھتی ہوں اس عمل کی برکت سے میرے بچوں کے کاروبار بھی اچھے ہوگئے اور فرمانبردار بھی ہوگئے ہیں۔

## جن کے گھٹنے ختم ہو چکے ان کیلئے کامیاب نسخہ

میرے گھٹنے کے جوڑ بھی خراب ہو چکے تھے ڈاکٹرز نے کہا آپریشن ہوگا پھر میں نے ایک ٹوٹکہ پڑھا کہ گوند کیکر اور گوند کتیرا لے کر وہ میں نے استعمال کیا آپ نے بتایا تھا ایک پاؤ گوند کیکر ایک چھٹانک گوند کتیرا یہ میں نے استعمال کیا اسکے استعمال سے میرے گھٹنے ٹھیک ہوگئے اور اس کے علاوہ آپ نے یہ بھی بتایا تھا کہ گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر سانس روک کر پڑھنا ہے سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ اس کے پڑھنے سے میرے گھٹنوں کے درد کو آرام ملا ہے اور اجتماع میں آنے کی بھی مجھے بہت فیض و برکات ملی ہے نماز کی پابندی بھی ملی ہے اور گھر میں بھی سکون ملا ہے۔ (محمد مشتاق، رحیم یار خان)

# بے جان ٹانگوں میں جان اس عمل کی برکت سے آئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ٹانگیں بہت کمزور تھیں اعصابی کمزوری بہت زیادہ ہے۔ اس لیے کھڑی ہو کر نماز پڑھنے سے قاصر تھی صرف پہلی رکعت کھڑی ہو کے پڑھتی باقی ساری بیٹھ کے پڑھتی اس کے علاوہ ایک اور چیز تھی نماز پڑھتی تو باقاعدگی سے تھی مگر تاخیر کر کر کے جب آخری وقت ہوتا تو جلدی جلدی بس فرض پڑھ لیتی منہ پر ہاتھ پھیر لیتی صرف ایک دعا پڑھ کے جسے تمام دعاؤں کی جامع مسنون دعا کہا جاتا ہے ''اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْأَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَا سَأَلَکَ مِنْہُ نَبِیُّکَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْہُ نَبِیُّکَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ، وَعَلَیْکَ الْبَلَاغُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ'' یہ دعا جلدی جلدی پڑھتی منہ پر ہاتھ پھیر کے فوراً اٹھ کھڑی ہوتی حالانکہ حافظہ، عالمہ ہوں مگر پھر بھی عبادات میں کوئی مزا نہیں آتا تھا۔ ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں ''یَاقَھَّارُ'' پانی میں پاؤں رکھ کے پڑھنے والا عمل کیا پہلے گیارہ دن کیا پھر دوسری بار گیارہ دن کیا پھر ایسا محسوس ہوا کہ میری ٹانگوں میں جان واپس آرہی ہے اور نماز بھی مکمل ہوگئی۔ حتیٰ کہ عشاء کی 17 رکعتیں مکمل ودلجمعی کے ساتھ اور بہت سہولت کیساتھ پڑھ جاتی ہیں۔ میں نے 7 ماہ تک یہ عمل کیا بہت فوائد حاصل ہوئے۔

**یَااَللّٰہُ یَاوَدُوْدُ کے فوائد:** میرے خاوند مجھے کسی اللہ والے کے پاس لے گئے انہوں نے میاں بیوی میں اتفاق کے لیے ''وَ اَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ (طٰہٰ 39)، عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَکُمْ وَ بَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْھُمْ مَّوَدَّۃً (الممتحنہ 7) کیساتھ یَااَللّٰہُ یَاوَدُوْدُ کھلا پڑھنے کو دیا۔ مگر میں نے یہ اسم اور آیات پابندی کے ساتھ تو نہ پڑھیں مگر نماز پڑھتے ہوئے رو رو کے اللہ کو پکارا یَاوَدُوْدُ بیٹھ کے نماز میری عمر بیت چلی میں نے اب بیٹھ کر نماز نہیں پڑھنی' مجھے ہمت دے' میری جوانی گزرتی جارہی بڑھاپے میں تو بھی بیٹھ کے ہی پڑھتے ہیں ایسا کوئی قبولیت لمحہ تھا رونا تڑپنا کام آیا پھر سے قوت بحال ہوگئی اور اب میں کھڑی ہو کر نماز پڑھتی ہوں۔ (ا-ص، دینہ)

# اعتکاف کی فضیلت

نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو شخص ایمان کے ساتھ اور ثواب کی نیت سے اعتکاف کرے اس کے گزشتہ تمام گناہ معاف ہوجاتے ہیں

جو شخص اللہ کی خوشنودی کیلئے ایک دن کا اعتکاف کرے اللہ تعالیٰ اس کے جہنم کے درمیان 3 خندقیں حائل کردے گا جس کی مسافت آسمان وزمین کے فاصلے سے زیادہ ہوگی۔ (بخاری)

حدیث شریف میں آیا ہے کہ ایک بار رمضان المبارک کے پہلے دس روز میں آنحضرت ﷺ نے اعتکاف فرمایا پھر بیچ کے دس روز میں معتکف ہوئے اس وقت آپ ایک ترکی قبہ میں تشریف رکھتے تھے۔ اس قبہ سے سر مبارک نکال کر ارشاد فرمایا اے لوگو میں شب قدر کی جستجو میں اعتکاف کرتا ہوں کیونکہ وہ ایک رات ہزار مہینے سے افضل و برتر ہے اس رات اللہ کی عبادت کیلئے جاگنا ضروری ہے کیونکہ وہ ایک رات ہزار مہینے سے افضل وبرتر ہے اس رات اللہ کی عبادت کیلئے جاگنا ضروری ہے کیونکہ شب بیداری سے دل کو دنیا کے بکھیڑوں سے فراغت ملتی ہے اور اپنے پروردگار کی طرف پوری توجہ ہوتی ہے اور بندہ اپنے مولا کی پناہ میں آجاتا ہے جس شخص پر کوئی بڑی مصیبت آپڑے وہ شب بیداری اختیار کرے تو اس کی حاجت برآئیگی۔ حضرت انسؓ سے مروی ہے، جو شخص رمضان المبارک کے آخری دس دنوں میں صدق واخلاص کے ساتھ اعتکاف بجالائیگا اللہ اس کے نامہ اعمال میں ہزار سال کی عبادت درج فرمائیگا اور قیامت کے دن اس کو اپنے عرش کے سایہ میں جگہ دیگا۔ پس اہل ایمان کو چاہیے کہ اس پاک مہینے میں اعتکاف ضرور کریں اور تلاوت قرآن' ذکر الٰہی میں مشغول رہیں۔ دنیاوی لذتیں چھوڑ دیں اور اپنے آپ کو مردہ خیال کریں۔ حضرت علی بن حسینؓ اپنے والد (حضرت امام حسینؓ) سے روایت کرتے ہیں کہ آپؓ نے فرمایا جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے ماہ رمضان میں دس دن کا اعتکاف کیا اس کا ثواب دو حجوں اور دو عمروں کے برابر ہے۔ (بیہقی)۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا معتکف گناہوں سے محفوظ رہتا ہے اور اس کیلئے اتنی ہی نیکیاں لکھی جاتی ہیں جتنی کہ کرنیوالے کیلئے حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ رمضان میں دس یوم کا اعتکاف فرمایا کرتے' جس برس آپ ﷺ کا وصال ہونا تھا اس رمضان میں آپ ﷺ نے بیس یوم کا اعتکاف فرمایا۔

گردے فیل شفاء
گردہ کے مریضوں کیلئے شفاء کا سچا پیغام
کمزور گردے کو صحت مند کرے۔ یوریا' یورک ایسڈ' کریٹینن' پوٹاشیم کی مقدار درست کرے۔ ڈائیلاسز سے نجات دلائے۔ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں (قیمت: 150 روپے)

# عبقری رسالہ ادویات' کتب آپ کے شہر میں

## نام شہر اور فون نمبر

احمد پور شرقیہ 0622272198 ادویات
احمد پور شرقیہ 0302-7768638 رسالہ
اٹک 057-2602020
اسلام آباد 0336-0195366
اسلام آباد پی ڈبلیو ڈی 0335-5605603
ایبٹ آباد 0344-9381998
ایبٹ آباد: 0992-335847
اوکاڑہ 0300-6968538
اوکاڑہ: 0303-7610475
باغ آزاد کشمیر 0312-5619880
بوریوالہ 0300-7591190
بھکر 0331-2344445
بھکر: 0333-8045050
بھلوال: 03027108627
بہاولنگر 0333-6320766
بہاولپور 0333-6367755
بوریوالا 0673352712
بنوں 0321-9632838
بنوں 0334-8852912
بھا گتانوالہ 0305-7655288
بٹ کھیلہ/ چکدرہ: 0344-9783610
بھل: 0334-4306823
بھکی 0306-6482488
پڑ گھر: 0300-2347638
پشاور 0314-9007293
پشاور 0333-9161237
پنڈی بھٹیاں 0308-7800424
پنڈی گھیب 0334-5800786
پاکپتن شریف 0314-3650234
پتوکی 0334-4062698
پنڈ سلطانی: 0331-5100926
تلہ گنگ 0346-5771975
ترنول (اسلام آباد): 0300-5512135
تر ناوہ 0307-832104
ٹانک 0301-8790927
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0321-7531597
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6870706
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0345-7555271
جھنگ صدر 0333-6756493
جھنگ صدر 0477-621733
جہانیاں 0321-7359861
جہلم 0333-5806101
جڑ 0333-5480393
جام پور 0336-6484471
جتوئی 0301-6956848
جلال پور پیروالا 0300-8985689
جنجیال گلگت 0312-9934607
چکوال 0333-5783167
چکوال 0333-5778810
چکوال 0306-5785684
چونیاں 0333-4398877
چیچہ وطنی 0315-6905313

## نام شہر اور فون نمبر

چشتیاں 0302-6989035
چوآ سیدن شاہ 054-3580102
چترال: 0302-8062355
چوک اعظم: 0300-6767661
چنیوٹ 0301-7070779
حسن ابدال 0306-5601613
حافظ آباد 0320-5751062
حضرو 0314-2192166
حیدر آباد: 0333-8775548
حویلیاں ہزارہ 0346-9520528
حاصل پور: 0305-2064915
حضرو 0301-5514113
خانیوال 0303-7372281
خان پور 0685-572654
خوشاب 0305-5038040
خانقاہ شریف: 0300-6812251
خیر پور ٹامیوالی: 0302-7779671
راولپنڈی 0333-5648351
راولپنڈی 051-5505194
رواٹ اسلام آباد: 0335-5490418
رائے ونڈ: 0307-7397658
رحیم یار خان 0305-5872626
راجن پور 0332-2566490
رینالہ خورد: 0331-7424506
رحیمانہ 03318671720
درگاہ پاکپتن 0333-6954044
ڈیرہ غازی خان 0348-9651523
دیپالپور 0300-4059957
دیرتی: 0343-4959350
دریا خان: 0303-9622443
دریالا جالب: 0333-5869273
دنداشاہ بلاول 0336-5953230
دولتالہ: 0336-5167423
داؤد خیل پناہ: 0343-6051987
ڈیرہ اسماعیل خان 0345-2567447
ڈسکہ 0305-6007845
ڈنگہ: 0300-6269086
ڈیرہ غازی خان 0334-6781558
ڈیرہ غازی خان 0315-8701970
ڈہاراں والا: 0304-5560006
ژوب: 0300-3904464
سرگودھا 0301-6762480
سیالکوٹ 0321-7120318
سکھر 0336-9312436
سمندری: 0300-0310313
سرائے عالمگیر: 0335-8088451
سکھو: 0334-8724786
سنگھیکی منڈی: 0342-6565723
سمبڑیال: 0300-7160811
ساہیوال: 0321-6938847
سبی: 0332-8819650
شیخوپورہ 0341-6616915

## نام شہر اور فون نمبر

شجاع آباد 0300-2539685
شہداد پور 0334-3100962
شورکوٹ کینٹ 0302-7296211
شورکوٹ شہر 0300-7505322
شاہکوٹ 0312-3710911
شکرگڑھ: 0301-6644331
شنکیاری 0346-5556265
صادق آباد 0333-7452600
صوابی 0314-9661622
ظاہر پیر 0333-6353870
ظفروال 0333-8749464
عارف والا 0322-7849580
علی پور 0333-7674684
غذر: 0344-5419941
فیصل آباد 0301-7118200
فیصل آباد: 0300-6698022
فیصل آباد: 0313-6648000
فیصل آباد: 0320-6719819
فتح جنگ: 0303-8680406
فتح پور 0333-6843333
کراچی 0300-3218560
کراچی 0333-3364127
کراچی 0300-2680248
کراچی 0333-3317134
کراچی: 0332-3501450
کوٹ ادو 0333-6003909
کوٹ ادو: 0331-6007670
کوہاٹ 0922-511760
کبیروالا 0306-9552336
کامرہ 0300-5565249
کنڈیاں 0344-4253576
کھڈیاں 0348-7098026
قصور 0322-7616470
کاموکی 0323-8240642
کوئٹہ 081-2824617
کلورکوٹ 0300-7780221
کسووال 0300-4340914
کوہاٹ 0313-4874544
کمالیہ 0334-9630911

## نام شہر اور فون نمبر

کمالیہ: 0334-7670840
کوئٹہ 0332-3801555
کوٹلہ ارب علی 0301-6267600
قمر مشانی 0301-8955413
گجرات 0302-6292132
گجرات 0333-6292132
گوجر خان 0332-5878032
گوجرانوالہ 0300-6453745
گوجرانوالہ 0300-6422516
گوجرہ: 0301-7237531
لیاقت پور 0345-8709947
لیہ 0334-6945606
لاہور 0320-9439889
لاہور شاہدرہ 0322-8081142
لاہور 0322-4614031
لاہور 0300-4526786
لاہور 0322-4574509
لاڑکانہ 0345-3228855
اورا 0321-5500221
لودھراں 0300-6348123
لالہ موسیٰ 0322-5884388
لالہ موسیٰ: 0300-6255837
مریدکے 0300-8583677
منڈی بہاؤالدین 0345-6810615
مظفر گڑھ 0333-6031077
ملکوال 0346-6565765
میلسی 0321-7982550
میانوالی 045-9233999
میانوالی: 0313-9831959
مانسہرہ 0300-2753463
مانسہرہ: 0301-8133822
ملتان 0300-6301461
ملتان: 0300-8632292
ملتان: 0300-2033826
مری 0311-5734481
مری 0300-5506082
مردان 0300-9175500
میاں چنوں 0333-8884615
مینگورہ سوات: 0345-4947759

## نام شہر اور فون نمبر

منڈی بہاؤالدین 0345-5861514
مظفر آباد 0312-4602800
میرپور آزاد کشمیر 0332-5855356
میرپور خاص سندھ 0336-3611964
منچن آباد 0331-7584075
مریدوالا: 0335-3712502
نارووال 0342-6301084
نوشہرہ کشمیر پختونخوا 0321-9702005
نوشکی 0332-7846812
ننکانہ: 0301-4130141
نورکوٹ: 0301-6195500
وہاڑی 0306-8281075
وزیر آباد 0345-6892591
واہ کینٹ 0301-5497007
واہ: 0301-3232634
ہارون آباد 0333-4985886
ہارون آباد: 0334-6188787
ہڈالی 0315-7390079
ہری پور ہزارہ: 0314-9204421

نیوجرسی یو ایس اے
01-683-1882
شکاگو 630-589-6432

یوکے
0044-7880-9842-16

آزاد کشمیر و گردونواح

اُگی 0300-2753463
ڈڈیال آزاد کشمیر 0302-5898995
لاچی 0346-9770019
اسلام گڑھ آزاد کشمیر 0345-8537064
بھمبر آزاد کشمیر 0345-6783685
شجاوی 0313-8078491
منگ آزاد کشمیر 0323-5432252
ورو چیترو 0300-9097993
کوٹلی آزاد کشمیر 0314-5602192
راولاکوٹ: 0345-3137740
باغ: 0346-5757746
میرپور آزاد کشمیر: 0345-5742600
سہنسہ: 0346-5159324

## قارئین کی موصول شدہ منتخب تحریریں

تحریریں باری آنے پر ضرور شائع ہونگی جلدی نہ کریں ہر تحریر محفوظ رکھی جائیگی۔

راشد محمود خان' حویلیاں۔ صائمہ' کراچی۔ فہمیدہ بیگم' راولپنڈی۔ شازیہ خالق' کھوئیاں۔ سعدیہ ناصر' سیالکوٹ۔ محمد اکمل' حافظ آباد۔ خالد محمود' واہ کینٹ۔ محمد اکمل فاروق ریحان' سرگودھا۔ منیزہ بتول' لاہور کینٹ۔ نسیم اختر' ملتان۔ منور زمان' لاہور۔ میر محمود احمد' گوجرانوالہ۔ لاریب نذیر' لاہور۔ نرگس بانو' کراچی۔ فرزانہ کوثر' لاہور۔ عنایت میراں' کوٹلی۔ حافظ محمد عبداللہ' سرگودھا۔ مدیحہ جہانگیر' لاہور۔ صائمہ شریف' لاہور۔ محمد عثمان شوکت' لاہور۔ محمد اظہر یونس' قصور۔ محمد شفیق' لودھراں۔ فوزیہ صدیقی' ملتان۔


چاند جیسے مکھڑے کے متلاشی عبقری کی چہرہ شفاء کیوں بھول گئے؟

آزمودہ طبی فارمولہ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں قیمت 150 روپے

داغ' کیل مہاسے' چھائیاں' داغ' گڑھے' پیپ دار الرجی' رنگت میں تبدیلی ہو یا چہرے کا سیاہ ہو جانا اعتماد سے استعمال کریں۔

چہرہ شفاء صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ

# بال گھنے لمبے اور سیاہ اس تیل سے ہوئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! شادی سے پہلے ہی میری اہلیہ کو بالوں کے مسائل تھے' شادی کے بعد یہ مسائل گھمبیر ہو گئے کچھ ہمارے علاقہ کا پانی بھی میری اہلیہ کو شاید راس نہ آیا' وہ جب بھی اس پانی سے سر کو دھوتی تو بال مزید الجھ جاتے۔ میں نے اہلیہ کی پریشانی دور کرنے کیلئے مہنگے سے مہنگا شیمپو اور کنڈیشنر لاکر اسے دیا مگر ان سے اس کے بال مزید ٹوٹنا اور شروع ہو گئے' بعض دفعہ تو وہ کنگھی میں اپنے بال دیکھ کر رونا ہی شروع ہو جاتی جو مجھ سے دیکھا نہ جاتا۔ ایک دن ہماری ایک ہمسائی نے میری اہلیہ کو عبقری رسالہ کے متعلق بتایا' اس نے مجھ سے فون پر بات کی اور کہا کہ آپ آتے ہوئے بک سٹال سے عبقری رسالہ لیکر آئیں۔ میں پہلے تو نام سن کر حیران ہوا کہ کون سا میگزین ہے۔ جب میں بک سٹال پر پہنچا تو دیکھ کر حیران رہ گیا کہ دکان دار نے مجھے بتایا کہ عبقری رسالہ تو آتے ہی بک جاتا ہے' میرے پاس کوئی کاپی دستیاب نہیں ہے' میں نے اس سے کہا کہ آپ کے پاس کوئی پرانا عبقری پڑا ہے تو وہ دکھا دیں' انہوں نے ایک سال پرانا عبقری رسالہ جس کا ٹائٹل پیج ختم ہو چکا تھا نکال کر مجھے تھما دیا اور کہا کہ آپ یہ لے جائیں۔ اسی ڈھول میں اٹے عبقری نے ہمارا سب سے بڑا مسئلہ حل کر دیا' میں وہ شمارہ گھر لے گیا' اہلیہ کو دیا تو اہلیہ نے پوچھا یہ کیا لے آئے؟ میں نے بتایا کہ عبقری اگلے ماہ کی یکم تاریخ کو جا کر ملے گا' جب اہلیہ نے اسے پڑھا تو اگلے دن مجھے بتایا کہ یہ شمارہ تو بہت ہی شاندار ہے' آپ بھی پڑھیے اس میں بہت شاندار وظائف اور نسخہ جات ہیں' اس کے آخری صفحات میں ''طب نبوی ہیئر آئل'' کے متعلق پڑھا' عبقری دفتر فون کر کے بذریعہ ڈاک منگوایا' اہلیہ نے لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کیا۔ صرف چار تیل کی چار بوتلیں میری اہلیہ نے استعمال کیں تو میری اہلیہ کے بال گرنا بند ہو گئے' بال گھنے اور لمبے ہو گئے۔ اب الحمدللہ! ہر مہینے کے شروع میں راشن گھر لاؤں یا نہ لاؤں عبقری سب سے پہلے گھر آتا ہے' اس میں موجود بے شمار ٹوٹکے اور نسخہ جات مختلف مسائل میں ہم نے آزمائے اور بہترین فوائد حاصل کیے۔ اکثر پریشانی و مشکلات اگر آتی ہے تو عبقری سے دیکھ کر ہی وظائف پڑھتے ہیں اللہ تعالیٰ کرم فرما دیتے ہیں۔ (ش، اوکاڑہ)

# سر کے دانے' پھنسیاں اور خارش چند دن میں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بال بہت روکھے' سر میں بہت زیادہ خشکی اور دانے نکلتے تھے' جس کی وجہ سے میں نے عبقری دواخانہ سے ''طب نبوی ہیئر آئل اور طب نبوی ہنیر پاؤڈر'' لیا' اور بتائے گئے طریقے سے اس کا استعمال شروع کر دیا' الحمدللہ چند ہفتوں میں ہی میرے بالوں کے مسائل ختم ہو گئے' سر سے خشکی جو کہ کسی ڈینڈرف شیمپو سے نہ گئی اس تیل اور پاؤڈر کے چند دن کے استعمال سے چلی گئی۔ شروع میں لگانے سے سر میں ہلکی سے چبھن کا احساس ہوا لیکن آہستہ آہستہ پھر وہ ختم ہو گیا۔ میری کزن کا ایک بیٹا تھا اس کے سر سے دانے اور پھنسیاں ختم نہ ہوتی تھیں' وہ اتنی خارش کرتا کہ زخم بن جاتے' میری کزن نے جلد کے بہت ڈاکٹروں کو دکھایا' انجکشن لگائے' مہنگی مہنگی کریمیں اور مرہم استعمال کیں۔ وہ ایک مرتبہ اپنے بیٹے کے ہمراہ ہمارے گھر آئیں' تو میں نے اپنی کزن کو یہ پاؤڈر اور آئل اپنے بیٹے کو لگانے کیلئے دیا' میری کزن تھوڑا سا پاؤڈر اور تیل اپنے ساتھ لے گئی' ایک ہفتے کے بعد ہی میری کزن کا فون آیا کہ یہ دونوں چیزیں تو کمال کی ہیں' انہوں نے میری پریشانی تو ایسے دور کر دی کہ مجھے یقین ہی نہیں آ رہا کیونکہ میں نے بہت مہنگے مہنگے ڈاکٹروں سے انجکشن بھی لگائے تھے اور مہنگی سے مہنگی کریمیں بھی استعمال کیں تھیں ان سے میرے بیٹے کو فرق تک نہ پڑ رہا تھا مگر اس تیل اور پاؤڈر کو صرف صبح و شام پانچ دن لگایا ہے میرے بیٹے کا سر تمام دانوں سے بالکل صاف ہو گیا ہے اور بال بھی خوبصورت و ملائم ہو گئے ہیں۔ الحمدللہ! اب وہ بھی عبقری رسالہ پڑھتے ہیں اور عبقری کی ادویات پر سو فیصد یقین رکھتے ہیں' جس کو بھی پریشان دیکھتے ہیں اس کو عبقری رسالہ اور اس کی خالص جڑی بوٹیوں سے بنی ادویات کا ضرور بتاتے ہیں۔ (محمد رستم میر۔ آزاد کشمیر)

# نوجوانوں کے امراض اور چہرے کے دانے ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! نوجوانی میں غلط صحبت اور گناہوں کی سزا مجھے فوراً یہ ملی کہ مجھے احتلام اور جریان کا مرض لاحق ہو گیا' شدید تکلیف اور اذیت رہتی' خود سے نفرت ہو گئی' بے شمار حکیموں اور ڈاکٹروں کو مہنگی مہنگی فیسیں دیں' مگر صرف وقتی فائدہ ہوتا' ہر وقت ٹانگوں میں درد رہتا' رنگت پیلی' آنکھیں اندر کو دھنس گئیں' کلائیاں سوکھ گئیں' کپڑے پہنتا تو لگتا کہ ہینگر پر لٹکائے ہوئے ہیں۔ ایک دوست نے عبقری دواخانہ کے متعلق بتایا' پھر اسی کے ساتھ عبقری دواخانہ مزنگ چونگی میں آیا' اسسٹنٹ صاحب سے ملاقات کا ٹوکن لیا' اپنی باری پر اسسٹنٹ صاحب کو بیماری کی تفصیلات بتائیں' اسسٹنٹ صاحب نے میری بات غور سے سنی اور مجھے صرف ایک دوا لکھ دی' میں ڈر رہا تھا کہ لگتا ہے کہ بہت مہنگی دوا لکھ دی ہے' میرے پاس شاید اتنے پیسے بھی نہ ہوں' مگر جب میں نے کاؤنٹر پر نسخہ دکھایا تو انہوں نے میرے ساتھ بالکل ایک چھوٹی سی پاؤڈر کی ڈبی رکھ دی' میں نے کیشیئر سے پوچھا مزید بھی دوا ہے' انہوں نے کہا کہ نہیں آپ کیلئے یہی دوا ہے' میں نے دوبارہ نسخہ دکھایا کہ کیا یہی لکھا ہے انہوں نے مسکراتے ہوئے جواب دیا جی جناب یہی دوا ہے۔ میں دوا اٹھا کر اسسٹنٹ صاحب کے پاس لے گیا' ان سے بھی پوچھا کہ کیا آپ نے میرے تمام امراض کیلئے یہ چھوٹی سی 120 والی دوا لکھی ہے' تو انہوں نے کہا کہ آپ اس کو یقین توجہ اور لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں ان شاء اللہ آپ کو اسی سے شفاء ملے گی۔ میں نے یہ دوا چند ماہ مستقل مزاجی سے لکھی گئی ترکیب اور پرہیز کے ساتھ استعمال کی' الحمدللہ میرا مسئلہ حل ہو گیا۔ اس کے علاوہ میرے چہرے اور ناک پر دانے تھے جس کیلئے میں نے آپ کے عبقری رسالہ سے دیکھ کر ''ٹھنڈی مراد'' استعمال کی جس سے دانے ختم اور میری گرمی کا مسئلہ بھی حل ہو گیا۔ (بلال' لاہور)


## کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد وبال کیوں؟

معاشرے میں پائے جانے والے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ

اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ ''کمر درد جوڑوں کا درد کورس'' آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی' طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو چکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت/800 روپے)

# رمضان! کھجور کا انرجی ڈرنک اور جدید سائنس

رومی احمد پوری

قارئین! چونکہ رمضان المبارک کے رحمتوں، برکتوں بھرے مہینے میں ہم ہر لمحہ عنایات ربی سمیٹ رہے ہیں اس شفائی مہینے میں ہر سانس کے ذریعے ڈھیروں روحانی وجسمانی بیماریاں اپنے اندر سے نکالتے ہیں اور شفاء اپنے پھیپھڑوں میں بھرتے ہیں اس میں تو کوئی شک ہی نہیں ہے کہ رمضان المبارک شفاء کا، عطا کا، کرم کا مہینہ ہے۔ آیئے! اس مبارک مہینے میں میں آپ کی توجہ ایک ایسے ہی مبارک پھل کے مشروب کی طرف مبذول کرواتا ہوں، جس کے بے شمار فوائد اور بھرپور انرجی ڈرنک ہے، جسے میرے اور آپ کے آقا حضور نبی کریم ﷺ نے بھی نوش فرمایا۔ جی ہاں وہ کچھ اور نہیں ''کھجور'' ہے جسے آپ سحری و افطاری میں خوب کھا رہے ہیں۔ یہ کھجور کا انرجی ڈرنک کیسے بنتا ہے؟ اور اس کے کیا فوائد ہیں پڑھیے، بنایئے، پیجئے پلایئے، خود اور نسلوں کو صحت مند طاقتور ذہین اور پہلوان بنایئے۔ قارئین! کھجور سارے انبیاء علیہ السلام کی سنت، سارے صحابہ اہل بیت رضوان اللہ علیہ اجمعین، اولیاء صالحین رحمۃ اللہ علیہ کی سنت ہے اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اس کے اندر شفاء کی وہ حقیقتیں ہیں جو انسان کو مصنوعی اور کیمیکل بھری ادویات کی طرف جانے نہیں دیتیں۔ آئیں! ہم ذرا کھجور کا شربت آپ کی خدمت میں پیش کرتے ہیں کہ رمضان میں اس سے بھرپور لطف اٹھائیں۔ اس کے فوائد تو بے شمار ہیں مگر بنانے کی ترکیب بالکل آسان ہے، حدیث مبارکہ میں اس کو ''نبیذ'' کے نام سے پکارا گیا ہے۔ نبیذ کیسے بنتی ہے جان لیجئے!

**نبیذ بنانے کا طریقہ:** حسب مقدار کھجور لیکر شام کو (اگر کھجوریں خشک ہوں تو ان کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرلیں اور گٹھلیاں نکال دیں) پانی میں بھگو دیں یعنی اگر کھجور ایک پاؤ ہو تو اس میں پانی تقریباً دو کلو ہو۔ صبح سحری کے وقت اٹھ کر کھجور کو ہاتھوں سے ملیں، ملتے ملتے تمام کھجور اور اس کے ریشے پانی میں حل ہوجائیں گے، جی چاہے چھان لیں اور نوش جان کریں ورنہ بغیر چھانے بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ اگر کھجوریں تازہ ہوں تو انہیں مت توڑیں اور ثابت ہی بھگو دیں صبح اٹھ کر مل چھان کر یا مل کر گٹھلیاں نکال دیں اور نوش کریں۔ چاہیں تو کھجور کے شربت میں دودھ بھی ملا سکتے ہیں اس طرح اس کی افادیت بھی بڑھ جاتی ہے اور جنت کے دو میوے یعنی دودھ اور کھجور اکٹھے ہوجاتے ہیں۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی زندگی میں اکیلا کھجور کا شربت پینا بہت زیادہ ثابت ہے۔

**احتیاط:** نبیذ کا شربت بنا کر اگر گرمی کا موسم ہے ٹھنڈی جگہ یا فریج میں رکھیں۔ صبح کا بھگویا ہوا شام کو استعمال کریں اور شام کا بھگویا ہوا صبح استعمال کریں اگر فریج میں رکھیں تو خراب نہیں ہوتا لیکن احتیاطاً 12 گھنٹے سے زیادہ نہ رکھیں۔ بھگونے کے ایک گھنٹے بعد گرائینڈ کرکے بھی فوری استعمال کرسکتے ہیں۔ ایک دن گزرنے سے اور شدید گرمی سے اس کے اندر خمیر پیدا ہوتا ہے اور خمیر کا پیدا ہوجانا اس کے استعمال کو مشکوک بنا دیتا ہے۔ لہٰذا کوشش کریں اس کو تازہ ہی استعمال کریں۔ کھجور کا شربت پینے سے جہاں قلب وجگر کی تسکین ہوتی ہے وہاں کھجور کا شربت خود ہیپاٹائٹس، معدے کی تیزابیت، پیاس کی شدت، ہاتھ پاؤں کی جلن، منہ کی خشکی، لعاب دہن کا کم ہونا، پیشاب کی جلن اور قبض کا خود بہترین علاج ہے ایسے لوگ جو کسی بھی ہٹیلی پیچیدہ مرض میں مبتلا ہوں اور روزہ رکھنے سے قاصر ہوں۔ وہ مایوس اور پریشان نہ ہوں۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے نبیذ بنانے کیلئے خشک اور کچی کھجور، خشک انگور اور خشک کھجور کے ملانے کچی اور تر کھجور کے ملانے سے منع فرمایا اور فرمایا ہر ایک سے الگ الگ نبیذ بناؤ۔ (رواہ مسلم)۔ جدید سائنس کھجور کے متعلق کیا کہتی ہے چند فوائد یہ بھی پڑھ لیجئے:۔ تازہ پکی ہوئی کھجور کا مسلسل استعمال خون کثرت سے آنے والی بیماری میں فائدہ مند ہے۔ یہ کیفیت غدودوں کی خرابی، جھلیوں کی سوزش، غذائی کمی اور خون میں فولاد کی کمی وغیرہ سے پیدا ہوسکتی ہے۔ کھجور ان میں سے ہر ایک کا مکمل علاج ہے۔ دل کے دورے میں کھجور کو گٹھلی سمیت کوٹ کر دینا جان بچانے کا باعث ہوتا ہے چونکہ دل کا دورہ شریانوں میں رکاوٹ سے پیدا ہوتا ہے۔ اس لیے شریانوں میں رکاوٹ کے باعث پیدا ہونے والی تمام بیماریوں میں کھجور کی گٹھلی تریاق کا اثر رکھتی ہے چونکہ کھجور رفع قولنج اور جھلیوں سے سوزش کو دور کرنے کیلئے مسکن اثرات رکھتی ہے اس لیے دمہ خواہ وہ امراض تنفس سے ہو یا دل کی وجہ سے اسے دفع کرتی ہے۔

# ہیپاٹائٹس سے نجات کے لیے یہ دوا آزمائیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتے ہوئے چار ماہ ہوگئے ہیں، اس رسالہ کی بہت برکات ہیں، مجھے صحت کی بہاریں اسی شمارے کے توسط سے ہی تو ملی ہیں۔ گزشتہ دو سال سے بیمار ہوں، ٹیسٹ کروانے پر معلوم ہوا کہ مجھے کالا یرقان یعنی ہیپاٹائٹس سی کا مرض ہے، بہت ڈاکٹروں سے علاج کروایا، ٹیکوں کا کورس کیا مگر چند ہفتوں بعد ہی طبیعت دوبارہ بگڑ جاتی، عبقری دواخانہ آنے سے پہلے انگریزی ادویات کا بے دریغ استعمال کیا تھا جس سے بلڈ پریشر ہائی رہنا شروع ہوگیا۔ طبیعت بوجھل بوجھل سی رہتی پھر میری ہمسائی نے مجھے ایک مرتبہ عبقری رسالہ دیا، میں نے پڑھنا شروع کردیا، اسی شمارے میں عبقری ادویات کا تعارف ملا، پڑھا دل میں امید بر آئی کہ مجھے بھی ایک مرتبہ عبقری دواخانہ میں ضرور جانا چاہیے۔ میں نے اپنی ہمسائی سے بات کی اس نے کہا کہ تم صبح ہی میرے ساتھ عبقری دواخانہ چلنا ان شاء اللہ سب ٹھیک ہوجائے گا۔ پھر میں اگلے ہی دن صبح اس کے ساتھ عبقری دواخانہ آئی جہاں حکیم صاحب کے اسسٹنٹ نے میرا چیک اپ کیا اور مجھے ہیپاٹائٹس کی شکایت بتائی، ساتھ ''ہیپاٹائٹس نجات سیرپ'' دیا میں نے پابندی کے ساتھ اس کا استعمال کیا اب اللہ کریم کا شکر ہے کہ مجھے ہیپاٹائٹس، سے ستر فیصد نجات مل چکی ہے اور میں روزمرہ کی طرح اپنے گھر کے کام خود کرتی ہوں، بیماری میں کام والی لگوائی ہوئی تھی۔ ظاہر ہے اس کو بھی مہینہ کے بنیاد پر پیسے دینے ہوتے تھے اور اپنی ادویات پر بھی پیسے خرچ ہوتے تھے لیکن اب میں صحت مند ہوں، گھر کے کام خود کرنا شروع ہوگئی ہوں۔ اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے عبقری کو دعائیں دیتی ہوں، عبقری رسالہ تو اب ہمارے گھر کی ضرورت ہے۔ اس میں موجود اکثر ٹوٹکے میں آزماتی ہوں سو فیصد کامیاب پائے۔ گھر میں کسی کو کچھ ہوجائے اب سب سے پہلے عبقری ادویات پر نظر جاتی ہے۔ چھوٹی موٹی بیماریوں کا علاج ہم گھر پر خود ہی کرلیتے ہیں۔ (عائشہ ارشد، لاہور)

آگ شفاء
جلے ہوئے کیلئے بہترین مرہم
خدانخواستہ کسی وجہ سے بھی جل جائیں مثلاً (آگ سے، ابلتا ہوا پانی گر جائے، گرم دودھ، کرنٹ لگنے سے جل جائیں، گرم استری لگنے سے کھانا پکاتے ہوئے ہاتھ جل جائے یا بچہ انجانے میں کسی گرم چیز میں ہاتھ ڈال دے، موٹر سائیکل کا گرم سلنسر لگ جائے، فیکٹری میں کام کرتے ہوئے کسی وجہ سے جسم کا کوئی حصہ جل جائے۔) گھبرائیں نہیں، آگ شفاء استعمال کریں
(قیمت 80 روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

# رمضان کا خاص عمل! حقارت سے امارت کا انوکھا سفر

حَمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ کے ساتھ ساتھ آپ نے مجھے دو انمول خزانہ رمضان 2014 میں مجھے آپ نے عنایت فرمایا تھا' اس وظیفہ نے مجھے ایسے کمالات کھلتی آنکھوں سے دکھائے کہ آج تک حیران ہوں' اس وظیفہ کے دوران میری شادی ہوگئی۔ الحمدللہ اس انمول خزانہ نے مجھے جلد ہی برے لوگوں سے بچالیا' مجھ پر قریبی رشتہ داروں نے بہت گندے سفلی عمل کیے مگر میں نے ''انمول خزانہ'' کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا اور انمول خزانہ نے مجھے برے لوگوں کے چنگل سے نکال دیا۔ شادی تو 22 دن تک چل سکی مگر انمول خزانہ نے مجھے آزاد کرادیا اور میں نے اسی میں اللہ کریم کی بہتری سمجھی اور صبر سے کام لیا اور آپ نے جو مجھے وظیفہ بتایا اور اور موتی مسجد کے نوافل باقاعدگی سے جاری ہیں۔

عبقری روحانی (چلہ) اجتماع 2017ء میں' میں تو اپنی مصروفیات کی وجہ سے شامل نہ ہوسکی مگر میری والدہ کو اس اجتماع میں ایک بہت بڑا خزانہ رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ (القصص ۲۴) ملا۔ روحانی اجتماع کے دوران درس میں آپ نے یہ خزانہ بتایا تھا کہ سورۂ قصص کی آیت نمبر 24 میں رزق کا خزانہ بھی ہے اور ہر مشکل' پریشانی' جادو' جنات' بندش کا حل بھی ہے۔ آپ نے فرمایا تھا کہ جو شخص روزانہ اس آیت کی ایک تسبیح پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک مارے گا اسے برکت' عزت' دولت بلکہ رزق کے انبار اور حور جیسی بیویاں ملیں گی اور ہمارے ساتھ بلکہ ایسا ہی ہوا میرے دونوں دبئی والے بھائی جن کو دبئی میں بغیر پیسوں فری ویزے ملے تھے' اور وہاں جاکر انہیں کمپنیوں میں منیجر کے عہدے ملے۔ اب الحمدللہ! انہیں دو اکٹھی بہنوں کے رشتے ملے ہیں' دونوں انتہائی نیک' خوبصورت اور پڑھی لکھی' ابھی ایک ہفتہ پہلے ہی ہم ان کی منگنی کرکے آئے ہیں۔

## رزق کی برسات

سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 کا ہے جب بھی رمضان آتا ہے یہ آیت پڑھتے ہیں پھر تو پتہ نہیں آسمان سے کہیں جگہ سے سوراخ ہوتا ہے اور ہم رزق سنبھالتے سنبھالتے تھک جاتے ہیں اور ساتھ میں شکر ادا کرتے کرتے بس چھ سال ہوگئے یہ آیت پڑھی آسمان کی طرف جونہی پھونک ماری ادھر سے رزق کی برسات۔

## پہلے فقیر تھے اب لاکھوں کا لنگر چلتا ہے

سورۂ الکوثر 129 دفعہ کا روزانہ کا عمل اور اپنے بچوں کی ماہانہ انکم میں سے 2½ فیصد عشر نکالنے کا ہے اور اپنے اناج یعنی گندم جو سالانہ زمینوں میں کٹائی کے بعد گھر آتی ہے' اس کا بھی 2½ عشر نکالنے کا ہے۔ اس سے پہلے ہم فقیر تھے اور غلہ جلد ختم ہوجاتا تھا' برکت نہیں تھی اب ان اعمال کی بدولت عالم یہ ہے کہ اپنے علاقے کی ساری مساجد ہیں ہمارا ہر مہینہ 2½ جاتا ہے اور مساجد کے انتظامیہ والے بھی ہم پر حیران ہیں' تقریباً ہر ہفتہ مسجدوں میں یا تو پیسے یا پھر مزدوروں کا کھانا جاتا ہے اور دعائیں جو ملتی ہیں ان کا تو شمار ہی نہیں۔

## بہن کا مال کھانے کی عبرتناک سزا

ماموں جو امی کا زمین کا حصہ کھا گئے ان پر زوال آیا' ان سے نہ جانے کیسے بندے قتل ہوگئے اور وہ رات کے وقت 18 سال بعد اچانک مدد مانگنے آئے کہ مجھے پناہ دو پولیس میرا تعاقب کررہی ہے۔ مجھے آپا معاف کردوں' اللہ نے مجھے بہت بڑی سزا دے دی اب سر پر چھت نہیں ہے' پراپرٹی میں تو گیارہ گھر لاہور میں تو بنالیے، مگر اللہ تعالیٰ نے بہت بڑی آزمائش میں ڈال دیا۔ ہم نے دو انمول خزانہ وظیفہ کیا تھا۔ آخر میں یہی کہنا چاہوں گی آج ہم خوشحال ان وظائف اور مشاہدات کی بدولت ہیں۔ (ک،ف، گوجر خان)

# ہجویری محل میں 9 راتیں گزاریئے! زندگی کا سکھ' چین اور راحت پالیجیے!

**آسیب ختم ہوگیا:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھ پر بچپن سے آسیب کا اثر تھا' جب سے ہوش سنبھالا والدین مجھے کسی نہ کسی عامل' پیر' درگاہ پر لیے پھر رہے تھے' مگر صرف وقتی فائدہ ہوتا چند دن یا چند ہفتوں کے بعد پھر وہی صورتحال ہوجاتی' مجھے دورے پڑتے' کوئی جن میرے اندر آکر گھر والوں سے باتیں کرتا' گھر میں بے چینی' نحوست اور بیماری تھی' ہر کوئی پریشان مگر اس کا حل کہیں سے نہ مل رہا تھا' میری عمر 23 سال ہوچکی تھی مگر زندگی میں کبھی کامیابی کا منہ نہ دیکھا' ہر طرف سے ناکام اور احساس کمتری کا شکار رہا۔ ایک دوست کے ذریعے عبقری رسالہ اور پھر تسبیح خانہ کا معلوم ہوا' تسبیح خانہ آنا شروع ہوا' درس نے دل کو سکون ملا' درس میں بتائی گئی مسنون دعائیں پڑھنا شروع کردیں' گھر میں برکت اور سکون آنا شروع ہوا' اسی دوران ''ہجویری محل'' میں نو راتوں کے چلہ کا علم ہوا' گھر والوں سے اجازت لے کر وہاں روانہ ہوگیا مجھے سو فیصد یقین ہوگیا تھا کہ میرا مسئلہ اب ہجویری محل میں ہی حل ہوگا۔ وہاں 9 راتیں بتائے گئے اعمال کیے' رب کریم کے آگے خوب گڑگڑا کر دعائیں مانگیں۔ 9 دن کے بعد جب میں گھر لوٹا تو بہت بدل چکا تھا۔ آج تیسرا مہینہ ہے مجھے ہجویری محل سے واپس آئے ہوئے دوبارہ مجھ پر کبھی وہ جن نہیں آیا' گھر میں بھی سکون اور نحوست چھٹ چکی ہے۔ میں بھی گزشتہ پندرہ سے نوکری پر جارہا ہوں' حالانکہ اس سے پہلے بیروزگار تھا۔ اب بھی جس دن بھی مجھے وقت ملے میں ہجویری محل ضرور چکر لگاتا ہوں۔ (کاشف محمود' فیروزوالہ)

**مسائل اور جوڑوں کا درد ختم:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ دس سال سے گھریلو جھگڑوں' کاروباری مسائل' الجھنوں' ٹینشنوں کا شکار تھا' ان مسائل سے لڑتے لڑتے تھک چکا تھا اس کے ساتھ جوڑوں کے درد نے برا حال کردیا' ایک دوست کے بتانے پر حسب موسم بستر لے کر ہجویری محل چلا گیا' وہاں نو راتوں کا چلہ کیا' دوران چلہ سب سے پہلے مجھے جو چیز محسوس ہوئی وہ یہ کہ میرے جوڑوں میں درد دن بدن کم ہورہا ہے اور چھٹے دن میرا درد بالکل ختم ہوگیا' اسی طرح دیگر مسائل کے حل کیلئے میں نے رب کریم سے خوب مانگا' بتائے گئے اعمال کیے' چلہ کے بعد جب گھر لوٹا تو گھر میں سکون تھا' اب میرے گھر میں جھگڑے نہیں ہوتے' کاروباری حالات دن بدن بہتر ہورہے ہیں' آمدن میں اضافہ ہوا ہے۔ دل میں سکون رہتا ہے' نماز چھوڑنے کو اب دل نہیں چاہتا۔ (ابوعبداللہ' لاہور)

''ہجویری محل'' میں ہونے والے اعمال کی تفصیل صفحہ نمبر 64 پر ملاحظہ فرمائیں!

پوشیدہ کورس
ایام کی کمی وزیادتی' بوجھ پڑنا' کمر میں درد' کولہے میں درد اور کھچاؤ' اندرونی ورم حتیٰ کہ پرانی سے پرانی لیکوریا کا یقینی طور پر خاتمہ
صرف دس دن کی دوائی سے حیرت انگیز رزلٹ کے آپ خود حیران و پریشان
خواتین کے تمام پوشیدہ امراض کیلئے سالہاسال تحقیق کے بعد کامیاب علاج
مایوس اور غیر مطمئن خواتین جن کا ہر جگہ سے اعتبار اٹھ چکا ضرور استعمال کریں
قیمت 600 روپے

خواب اور روشن تعبیر
اوپری اثرات کا معاملہ
پوتے کا فوری صدقہ دیں
آپ کا رشتہ آپ کی پسند سے ہوگا
یہ بندش جلد ختم ہوجائے گی
وظائف پڑھنے سے ترقی مل رہی

## اوپری اثرات کا معاملہ

میں نے دیکھا کہ میرے چند جاننے والے اور ہم ایک آدمی کو پکڑتے ہیں اور اسے لٹا کر اس کی گردن تلوار سے کاٹ دیتے ہیں۔ میں دل میں سوچتی ہوں کہ انہوں نے میرے سامنے ایک آدمی کو ماردیا اور میں کچھ نہیں کر پائی۔ پھر دیکھا کہ غیبی گھوڑی ہے اس کی لگام میرے ہاتھ میں ہوتی ہے اس کا رنگ سنہرا ہے اور وہ بے جان ہوتی ہے اور سونے کی بنی ہوتی ہے اس کی ایک طرف میان میں تلوار لٹکی ہوتی ہے وہ بھی گولڈن رنگ کی ہوتی ہے پھر میں نے دیکھا کہ وہ لوگ میری طرف آرہے ہیں تو میں کہتی ہوں کہ میں اب انہیں نہیں چھوڑوں گی میں نے وہ تلوار میان سے نکالی پھر میری آنکھ کھل گئی۔ (ک، اوکاڑہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ پر اوپری اثرات کا مسئلہ کافی عرصہ سے چل رہا ہے۔ تاہم اس طرف اشارہ ہے کہ انشاء اللہ جلد ہی یہ اثرات دور ہوں گے۔ آپ آیت الکرسی 125 مرتبہ روزانہ پڑھ کر دم کرلیا کریں۔ یہ عمل 41 دن کرلیں ان شاء اللہ مکمل صحت نصیب ہوگی۔ واللہ اعلم۔

## پوتے کا فوری صدقہ دیں

میں نے خواب میں دیکھا کہ میرا پوتا پنجرے سے کبوتر نکال رہا ہے، اس کا رنگ گہرا اٹھیالا یا کالا ہے۔ میں اس سے کہتا ہوں کہ نہ نکالو اسے بلی کھا جائے گی۔ پھر وہ کبوتر اس کے ہاتھ سے نکل جاتا ہے۔ پھر دیکھتا ہوں کہ وہی کبوتر الٹا لٹکا ہوا ہے اور اس کے ساتھ کبوتر کا بہت ہی چھوٹا سا بچہ بھی لٹکا ہوا ہے۔ اچانک بلی کہیں سے آجاتی ہے اور ان پر جھپٹ پڑتی ہے۔ پھر دیکھتا ہوں کہ دونوں کبوتروں کے سرتن سے جدا ہوتے ہیں۔ (فیاض الحسن، جدہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اندیشہ ہے کہ آپ کا پوتا کسی شدید بیماری میں مبتلا ہوجائے تاہم فوری طور پر اس کا صدقہ کچھ گوشت ہاتھ لگوا کر بلی کو یا چیل کوؤں کو کھلادیں اور اس پر آیت الکرسی سات بار پڑھ کر پھونک دیا کریں۔ انشاء اللہ اس کی اور سب گھر والوں کی حفاظت رہے گی۔ واللہ اعلم

## وظائف پڑھنے سے ترقی مل رہی

میں نے خواب میں دیکھا کہ میں میدانِ بدر میں کھڑا ہوں، مسلمانوں اور کفار کے مابین جنگ ہورہی ہے (صرف جنگ دیکھی، نہ تو کسی صحابیؓ کو دیکھا اور نہ آپ ﷺ کو) پھر دیکھا کہ شیطان میرے پاس سے جنگ کے میدان سے بھاگتے ہوئے گزرتا ہے تو میں اس سے پوچھتا ہوں کہ کہاں جارہے ہو، تو وہ کہتا ہے کہ تمہیں نہیں پتا جو میں دیکھ رہا ہوں آسمان سے مدد اتر رہی ہے، فرشتے اتر رہے ہیں، اس کے بعد میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ (محمد نوید، اوکاڑہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ انشاء اللہ آپ کی غیبی مدد کی جائے گی اور آپ کے سارے معاملات بفضل خدا بہت جلد بہتر انداز میں طے پا جائیں گے، جو وظائف آپ پڑھ رہے ہیں ان کو پابندی سے پڑھتے رہیں اور مالی ترقی کے لیے سورۂ مزمل روزانہ 11 مرتبہ اوّل وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور ایک بار سورۂ واقعہ رات میں تلاوت کرکے دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم۔

## یہ بندش جلد ختم ہوجائے گی

یہ خواب کافی عرصے سے دیکھ رہی ہوں کہ میرا پیپر ہے اور میں سینٹر پہنچ نہیں پاتی، راستے بہت تنگ وتاریک ہوتے ہیں اور اگر میں پہنچ بھی جاؤں تو مجھے پیپر سمجھ میں نہیں آرہا ہوتا اور اس کے علاوہ میں یہ بھی دیکھتی ہوں کہ میرا جوتا ٹوٹ جاتا ہے یا گم ہوجاتا ہے اور مجھے میرا جوتا نہیں ملتا۔ دوسرے خواب میں مجھے کسی کی آواز سنائی دیتی ہے۔ کوئی مجھ سے کہہ رہا ہوتا ہے کہ تم سورۂ واقعہ پڑھا کرو تمہارے مسئلے حل ہوجائیں گے۔ (ص، ح۔ حیدرآباد)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کے تمام اہم کاموں میں بندش کی وجہ سے رکاوٹیں ہیں جس کی وجہ سے بنتے ہوئے کام بگڑ رہے ہیں۔ جیسا کہ خواب ہی میں بشارت دی گئی ہے کہ ان شاء اللہ یہ بندش جلد ختم ہوجائے گی۔ آپ بعد نماز مغرب ایک بار سورۂ واقعہ اور بعد نماز عشاء ایک بار سورۂ ملک ہمیشہ پڑھا کریں اور حسب استطاعت کچھ صدقہ بھی دیتی رہا کریں۔ ان شاء اللہ جلد ہی بندش ٹوٹ جائے گی۔ واللہ اعلم۔

## آپ کا رشتہ آپ کی پسند سے ہوگا

میں نے دیکھا کہ میرے نکاح یا پھر شادی کی تقریب ہے۔ ابو گاڑی لائے ہیں۔ میں تیار نہیں ہوئی ہوں اور امی، ابو بھی کچھ نہیں کہہ رہے ہیں۔ ابو تھوڑے سے پریشان لگ رہے ہیں۔ ایسا لگ رہا ہے کہ ابو میرے چلے جانے سے زیادہ دکھی محسوس ہورہے ہیں۔ امی بھی بس ایسے ہی بیٹھی ہیں، میں اور میری بڑی بہن گاڑی کے اندر بیٹھ کر دیکھتے ہیں۔ گاڑی صحن میں ہی کھڑی ہے۔ ابو صحن میں چارپائی پر منہ جھکائے بیٹھے ہیں کہ اچانک گاڑی سامنے دیوار سے ٹکرا کر الٹ جاتی ہے، پھر ابو اسے سیدھا کردیتے ہیں۔ وہ ویسے ہی سجی سنوری ہوتی ہے۔ اسے کچھ نقصان نہیں ہوتا۔ مہمان بیٹھے ہوئے ہیں۔ میری ممانی مجھے کہتی ہیں کہ بارات کب تک آئے گی؟ میں انہیں کہتی ہوں کہ امی سے پوچھیں مجھے کیا پتہ۔ اتنا کہہ کر اپنے کمرے میں آتی ہو، وہاں میری کزنز اور بہنیں بیٹھی ہیں۔ وہ کہتی ہیں کہ چلو تمہاری شادی ہوجائے گی تو پھر تم ہماری شادی کروانا، ہمیں سجانا اور سنوارنا، میں اسے مسکرا کر دیکھتی ہوں پھر اپنے آپ کو دیکھتی ہوں، میں ویسے ہی کپڑوں میں ہوتی ہوں جیسے کہ عام طور پر گھر میں ہوتی ہوں۔ باہر ابو اور امی پریشان ہوتے ہیں کہ بارات ابھی تک نہیں آئی، ایک ایک کرکے مہمان چلے جاتے ہیں لیکن بارات نہیں آئی۔ پھر رات کے دو بجے جاتے ہیں میری بھانجی (ی) دوڑتی ہوئی اندر داخل ہوتی ہے اور امی سے کہتی ہے کہ ہم آگئے اور بارات بھی آگئی۔ (ل۔ لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ جس جگہ آپ پسند کرتی ہیں، ممکن ہے کہ وہیں پر آپ کا رشتہ طے پاجائے۔ تاہم اس معاملے میں دیر لگ سکتی ہے۔ آپ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد 489 مرتبہ یَافَتَّاحُ پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم۔

**عبقری اسٹیکر اپنی گاڑیوں پر ضرور لگائیں**

عبقری کی ویب سائٹ کا سٹیکر اپنی موٹر سائیکل اور گاڑیوں پر لگا کر دکھی انسانیت کو پریشانیوں کے حل اور دکھوں کے مداوے کی طرف متوجہ کریں۔ نوٹ: گاڑی کیلئے ایسے سٹیکر جو رات کے اندھیرے میں لائٹ پڑنے پر چمکے گا' لائف ٹائم گارنٹی بارش سردی گرمی سے خراب نہ ہونے والا۔ گاڑی کی زینت اور خوبصورتی کو بڑھانے والا۔ اپنی گاڑیوں اور موٹر سائیکل پر ضرور لگائیں۔ (قیمت: سٹیکر گاڑی: 200 روپے' موٹر سائیکل: 10 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# دورانِ وضو کے چند عمل لاکھوں نیکیاں

وضو کے دوران ان آداب کا خیال رکھیں انشاء اللہ فلاح دارین حاصل ہوگی۔

۱) وضو شروع کرنے سے پہلے ہاتھ دھوکر مسواک کرلیں۔ مسواک کرنے سے نماز کا ثواب ستر گنا زیادہ ہوجاتا ہے اور جان کنی کے وقت اللہ پاک اسے کلمہ یاد دلاتے ہیں۔

(۲) پھر پوری بسم اللہ شریف پڑھ لیں اور ساتھ ہی بِسْمِ اللهِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ پڑھ لیں۔ جب تک وضو رہے گا ہمارے محافظ فرشتے ہمارے لیے دعا کرتے رہیں گے۔

(۳) وضو کے دوران ایک دفعہ کلمہ شہادت پڑھ لیں۔ جنت کے آٹھ دروازے اللہ پاک کھول دیتے ہیں۔ جس دروازے سے چاہو جنت میں داخل ہوجاؤ۔ جب وضو مکمل ہوجائے یعنی پاؤں وغیرہ دھولیں تو پھر فوری طور پر یہ چار دعائیں پڑھ لیں۔

(الف) ایک دفعہ مجلس کے خاتمے کی دعا پڑھ لیں۔ سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ

(ب) ایک دفعہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں۔

(ج) تین دفعہ سورۃ القدر پڑھ لیں۔ حدیث شریف کے مطابق جو ایک دفعہ پڑھے گا اس کا حشر اللہ پاک شہداء کے ساتھ کریں گے۔ جو دو دفعہ پڑھے گا اللہ پاک اس کا حشر صدیقین کے ساتھ کریں گے۔ جو تین دفعہ پڑھے گا اللہ پاک قیامت میں اس کو گروہ انبیاء کے ساتھ اٹھائیں گے۔ (راوی حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

(د) تین دفعہ سورۃ اخلاص پڑھ لیں۔ وضو کے آداب مکمل ہوگئے۔ آپ نماز و تلاوت شروع کردیں۔ دوران وضو یہ چھوٹے چھوٹے اعمال آپ کی عبادات پر قبولیت کی مہر لگوادیں گے۔ ان شاءاللہ۔

# پانچ الفاظ یاد کرلیجئے! 30 فرشتے ثواب نہ اٹھا پائے

صحیح مسلم شریف میں کتاب المساجد کے باب میں ایک حدیث شریف لکھی ہوئی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں:۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص آیا اور نماز کی صف میں مل گیا اور اس کو سانس چڑھ گیا تو اس نے کہا حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ (بہت تعریف اور پاک اور برکت والی) پھر جب رسول اللہ ﷺ نماز پڑھ چکے تو آپ نے فرمایا کہ یہ کہنے والا کون تھا؟ جس نے یہ کلمات کہے۔ سو قوم کے سب لوگ چپ ہورہے پھر آپ نے فرمایا کس نے کہے یہ کلمات کیوں کہ اس نے کوئی بُری بات نہیں کہی تو ایک شخص نے عرض کی کہ میں آیا اور میرا سانس چڑھ گیا تو میں نے ان کلمات کو کہا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں نے بارہ فرشتوں کو دیکھا کہ ایک پر ایک گر رہے تھے کہ کون ان میں سے اس کو اوپر لے جائے (یعنی اللہ تعالیٰ کے پاس)۔ یہ حدیث شریف صحیح مسلم شریف سے کتاب المساجد کے باب سے اخذ کی گئی ہے جو صفحہ نمبر 158 پر ہے۔ مفہوم: اس حدیث شریف کا مفہوم عرض کیا جاتا ہے کہ یہ مبارک الفاظ ادا کرنے چاہئیں جن کی فضیلت بہت زیادہ ہے یہ مبارک الفاظ یعنی حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ نماز کے دوران اس وقت ادا کرنے چاہیے جب بندہ رکوع کی تسبیح یعنی سبحان ربی العظیم مکمل کرلے تو یہ کہہ کہ کھڑا ہوجائے "رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ" "حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ" (یہ الفاظ کھڑے ہوکر ادا کرنے ہیں) کھڑے ہوکر یہ الفاظ ادا کرکے سجدے میں چلا جائے اور معمول کے مطابق اپنی نماز مکمل کرے۔ جب بھی نماز پڑھیں یعنی فرض، سنت، نوافل اور وتر وغیرہ ہمیشہ رکوع کے بعد کھڑے ہوکر یہ دعا ضرور پڑھا کریں یہ دعا چھوٹی سے ہے جو محض پانچ الفاظ پر مشتمل ہے لیکن اس کی فضیلت اور ثواب بہت زیادہ ہے لہٰذا اسے یاد کرکے آج ہی سے اپنی نمازوں میں شروع کردیں۔ میں اور میرے تمام گھر والے ہمیشہ رکوع کے بعد اس دعا کو پابندی سے پڑھتے ہیں آج بیٹھے بیٹھے یہ خیال آیا کہ ماہنامہ "عبقری" لاکھوں لوگ پڑھتے ہیں کیوں نہ اسے عبقری میں دیا جائے کہ سب لوگ اس سے فائدہ اٹھائیں اور شیخ الوظائف اور ان کا عملہ جو اس ماہنامہ کے ذریعہ سے لاکھوں لوگوں کی خدمت کررہے ہیں تاکہ یہ ان سب کے لیے صدقہ جاریہ کا باعث بن جائے۔

ایک کتاب میں' میں نے یہ حدیث مبارکہ پڑھی جس کا مفہوم ہے کہ اللہ کے نبی ﷺ ایک دفعہ مسجد نبوی میں جماعت کرارہے تھے تو یہی الفاظ رکوع کرنے کے بعد یعنی "رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ" "حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ" ایک صحابیؓ نے کہے جب جماعت ختم ہوئی تو اللہ کے نبی ﷺ نے پوچھا کہ یہ الفاظ کس صحابیؓ نے کہے تھے وہ صحابیؓ خاموش ہوگئے کہ شاید مجھ سے کوئی غلط بات ہوگئی ہے یہ صحابیؓ حضرت ابوطلحہؓ تھے۔ انہوں نے کہا یارسول اللہ ﷺ! یہ الفاظ میں نے کہے تھے تو اللہ کے نبی ﷺ فرمانے لگے کہ میں نے تیس سے زائد فرشتوں کو دیکھا ہے جو اس ثواب کو اللہ کے پاس پہنچانے کے لیے دوڑ دھوپ کررہے تھے۔ اللہ کے نبی ﷺ کہنے لگے کہ مجھے بھی یہ الفاظ بہت پسند آئے ہیں اور میں تمام اُمت کو یہی الفاظ رکوع کے بعد کہنے کی تاکید کرتا ہوں۔ عبقری کے تمام بہن بھائیوں سے گزارش ہے کہ آج ہی یہ پانچ الفاظ یاد کرلیں اور ہر نماز کے ساتھ آج ہی سے پڑھنا شروع کردیں کیونکہ ان کا ثواب بہت زیادہ ہے۔ (آمین)۔

(بندہ خدا، واہ کینٹ)

## دادا ابو کی صحت مندانہ سوسالہ زندگی کا راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک ٹوٹکہ قارئین کی نذر ہے' میرے دادا ابو کی عمر تقریباً سو سال سے زیادہ تھی' وفات تک ان کی نظر اور دانت بالکل ٹھیک تھے۔ ان کو میں نے اپنے بچپن سے ہی نظر کیلئے سفید پیاز میں سلائی لگا کر آنکھوں میں ڈالتے اور اس کے علاوہ وہ جب بھی کھانا کھاتے تو خلال اور کلی ضرور کرتے تھے۔ (صائمہ شکیل' لاہور)

**عبقری ٹوٹکہ سیکشن:** قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے نئے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کے راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

عرق شوگر شفاء

شوگر کی وجہ سے دل کی کمزوری' پٹھوں کا کھچاؤ' سستی رہنا' دماغی کمزوری' یادداشت کی کمی' آنکھ کی کمزوری' خاص طاقت اور قوت کی زبردست کمی' ڈیپریشن' ٹینشن' بیزاری' بے قراری ہو تو "عرق شوگر شفاء" جسم میں روح اور اندھیرے میں چودھویں کے چاندکی مانند ہے۔ ہزاروں نے آزمایا' "عرق شوگر شفاء" چند بوتل پینے سے شوگر مکمل کنٹرول ہوجاتی ہے۔ (قیمت -/350 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# فالودہ گھر پر بنائیں چاہے کھائیں چاہے پئیں موج اڑائیں

امبر سلیم، لاہور

فالودہ ایک مشہور معروف روایتی ٹھنڈا مشروب ہے جو بنیادی طور پر ایرانی مشروب سے مماثلت رکھتا ہے اور یہ برصغیر میں مغل دور میں متعارف ہوا تھا۔ پاکستان بھر میں قصوری فالودہ بہت مشہور ہے۔ یہ فالودہ ربڑی، سویّوں، شیرے اور قلفی پر مشتمل ہوتا ہے لیکن گزرتے وقت کے ساتھ اس میں جدت آگئی ہے اور اب اسے مختلف شہروں اور علاقوں میں جیلی، پھلوں اور آئس کریم کے ساتھ بھی کھایا جاتا ہے۔ بڑوں کی طرح بچے بھی اسے خاص طور پر بہت پسند کرتے ہیں۔ عام طور پر یہ سارا سال ہی کھایا جاتا ہے لیکن موسم گرما میں لوگ اسے زیادہ شوق سے کھاتے ہیں کیونکہ یہ جسم کو ٹھنڈک اور فرحت کا احساس بخشتا ہے۔ فالودہ غذائی اعتبار سے بھی بہترین ہے کیونکہ دودھ وٹامن ڈی کا ذریعہ ہے اور اگر اس میں تخم بالنگا شامل کرلیا جائے تو یہ مزید فائدہ مند ہو جاتا ہے جو جسمانی گرمی کو کم کرنے میں مدد دیتا ہے۔

فالودہ گھر میں تیار کرنا بظاہر مشکل لگتا ہے پر ایسا نہیں ہے۔ یہ وقت طلب ضرور ہے لیکن آخر میں ملنے والی تعریف خاتون خانہ کی ساری تھکن کا خاتمہ کردیتی ہے۔ اسے بنانے کے لیے کسی خاص سامان کی ضرورت بھی نہیں ہے صرف آپ کو فالودہ کی سویاں بنانے والی مشین لانی پڑے گی۔

سویاں بنانے کے لیے آپ کو چینی ایک کپ، کارن فلور یا اراروٹ ایک کپ، پانی تین کپ کی ضرورت پڑے گی۔ ایک کپ پانی میں چینی مکس کرکے پکائیں جب چینی حل ہو جائے تو باقی دو کپ پانی میں کارن فلار یا اراروٹ مکس کرلیں اور اسے چینی والے پانی میں شامل کردیں۔ اسے دس سے بارہ منٹ پکائیں۔ یہ لئی کی طرح بن جائے گا۔ باؤل میں ٹھنڈا برف والا پانی لیں، گرم گرم کارن فلور آمیزے کو سویاں بنانے والی مشین میں ڈال کے سویاں بناتے ہوئے ٹھنڈے پانی میں ڈالتے جائیں۔

حسب ضرورت تخم بالنگو بھگو کر رکھیں، یہاں تک کہ وہ اچھی طرح پھول جائے۔ ڈبے پر لکھے طریقہ کار کے مطابق ہری اور لال جیلی کی کیوبز اور چینی کا شیرہ بھی بنا کر رکھ لیجئے اب اپنے خاندان کے افراد اور آنے والے مہمانوں کی تعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ فالودہ شیک بنا سکتی ہیں، کیونکہ یہ بچوں اور بڑوں میں یکساں مقبول ہے۔ کون ہے جو اسے کھانا پسند نہیں کرے گا۔ سویاں، تخم بالنگا، جیلی کیوبز اور چینی کا شیرہ تیار ہے۔ دودھ، برف، کیوڑہ، لال شربت، پستہ بادام کترا ہوا ہر گھر میں رکھا رہتا ہے۔ ان تمام چیزوں کو ملایئے، مزیدار فالودہ شیک تیار کیجئے۔ اگر آپ چاہیں تو آخر میں آئسکریم اور تازہ موسمی پھلوں کے قتلے بھی شامل کرسکتی ہیں۔ لیجئے ہوم میڈ فالودہ تیار ہوگیا۔ گلاسوں میں نکال کر سرو کرسکتی ہے۔

# نکسیر سے نجات کا آزمودہ ٹوٹکہ! بلغمی دمہ کا یقینی خاتمہ

## نکسیر کے لیے

کشتہ صدف مرواریدی یا کشتہ صدف سادہ دو یا تین رتی صبح نہار منہ گاجر کے مربہ میں رکھ کر کھائیں پہلی ہی خوراک سے خون بند ہوجائے گا ویسے پانچ یا سات دن استعمال کرلیں ساری عمر دوبارہ نکسیر نہیں پھوٹے گی۔ میرا بھائی یوکے میں رہتا ہے اسے نکسیر تھی اور گاڑی چلاتے ہوئے بیٹھے ہوئے اور سوئے ہوئے کو بھی ناک سے خون بہتا تھا اور بہت زیادہ خون بہتا تھا تین بار ڈاکٹروں نے ناک میں کیمرہ ڈال کر چیک اپ کیا انہیں کچھ پتہ نہیں چلا وہ گولیاں دے دیتے تھے اور خون بند نہیں ہوتا تھا میں نے اسے کشتہ صدف کی ڈبی بھیجی وہ اس نے سات دن کھائی ڈیڑھ سال گزر چکا ہے دوبارہ اسے خون نہیں آیا۔

## بلغمی دمہ کے لیے

بڑی الائچی کے بیج ایک چھٹانک کو تمباکو کے پھول ایک پاؤ پانی میں کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بنا کر کوری ہانڈی میں بند کرکے چالیس دن روڑی میں دفن کریں اور دمہ کے مریض کو ایک گولی نیم گرم پانی سے دیں اگر الٹی آئے تو ٹھیک ورنہ ایک گھنٹہ بعد ایک گولی اور دے دیں الٹیاں آئیں گی اور تمام جمی ہوئی بلغم نکل کر سانس کی نالیاں صاف ہوجائیں گی یہ نسخہ میرے دوست نے اپنے والد کو بنا کر دیا تھا اور الٹیوں کے ذریعہ اس کی بلغم نکل کر اس کی سانس صاف ہوگئی تھی اور بالکل تندرست ہوگیا تھا۔

## کچھ خریدنے جائیں تو یہ پڑھ لیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بہن یوکے میں رہتی ہے اس نے ایک انگریزی سے گاڑی خریدی جو کہ انگریز نے اس کی قیمت انٹرنیٹ پر 3500 پونڈ لگائی ہوئی تھی جب گاڑی لینے گئے اس نے ریٹ 3 ہزار پونڈ لگایا تو پہلے وہ بہت ناراض ہوا پھر اس نے 3200 پونڈ میں دے دی یہ سب سورۃ المومنون کی آخری چار آیات کی برکت سے ممکن ہوا۔ اس نے جب بھی آزمائی کبھی مایوس نہیں ہوئی۔

## گھروں سے لڑائی جھگڑا ہمیشہ کیلئے ختم

میری بہن نے محلے میں دو عورتوں کو انمول خزانہ دیا ان کے گھروں میں لڑائی جھگڑا رہتا تھا ان کے گھروں میں سکون ہوگیا پڑھنے سے۔

## غیر مسلم بچی اور بسم اللہ کے تعویذ سے شفایابی

ایک عیسائی عورت کی بچی بہت بیمار تھی ڈاکٹروں سے بہت علاج کروایا صحت یاب نہ ہوئی اسے بسم اللہ کا تعویذ پہننے کے لیے دیا وہ صحت یاب ہوگئی۔ (محمد طاہر، فیصل آباد)

## ستر شفائیں کے استعمال سے نسوار چھوٹ گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنا ایک ذاتی تجربہ لکھ رہا ہوں میں تقریباً چالیس سال سے نسوار کا عادی تھا اور ایسا عادی کہ پندرہ روپے کا نسوار روزانہ استعمال کرتا تھا لیکن ایک دفعہ عبقری رسالہ میں پڑھا کے دواخانہ عبقری کی بنی ہوئی دوا ”ستر شفائیں“ اگر حسب طلب نسوار کی طرح رکھ لی جائے تو نسوار سے جان چھوٹ سکتی ہے‘ میں خود اپنی اس عادت سے بہت بیزار تھا‘ بہت مرتبہ چھوڑنے کی کوشش کی مگر چھوڑ نہ پایا۔ مگر جب سے ستر شفائیں کا استعمال شروع کیا ہے‘ نسوار کی طلب بالکل ہی ختم ہوگئی ہے۔ اب تک میں چار ڈبی ستر شفائیں استعمال کرچکا ہوں اور اللہ کا شکر ہے کہ میری صحت بھی پہلے سے بہت بہتر ہوگئی ہے اور اس موذی نشہ سے جان بھی چھوٹ گئی ہے۔ عبقری رسالہ سے ایک ٹوٹکہ جو میں کرتا رہتا ہوں بیت الخلاء سے فارغ ہونے کے بعد پاؤں دھونا یہ ٹوٹکہ نزلہ زکام کیلئے بہت اکسیر ہے کوئی بھی آزما کر دیکھ لے۔ (خان آباد خٹک، نوشہرہ)

جوانی گولیاں
سمجھدار والدین نسلوں کو ضرور استعمال کروائیں
جب جوانی بے لگام ہوجائے اور اپنے پرائے کی پہچان ختم ہوجائے خواہشات اور چاہتیں اپنا رخ موڑ لیں تو مندرجہ ذیل علامات شروع ہوجاتی ہیں۔ چہرے پر دانے‘ داغ دھبے۔ خواتین کا مسلسل ناپاکی کی حالت میں رہنا۔ جنسی جذبات اور خیالات کا سوار رہنا۔ غصہ‘ چڑچڑاپن۔ ڈپریشن‘ ٹینشن۔ لیکوریا۔ احتلام۔ مادہ تولید کا پتلا ہوجانا۔ ایسی تمام حالتوں میں ”جوانی گولیاں“ استعمال کریں۔
قیمت صرف 150 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پہ کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# معدہ خراب ہے! آئیے علاج بتاتا ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو درازی عمر بالخیر عطا فرمائے‘ آپ کا رسالہ بہت اچھا ہے اور اس میں ٹوٹکے اور وظیفے استعمال میں لاتے رہتے ہیں اور آپ کی ادویات بھی میں نے استعمال کی ہیں وہ بھی بہت تیر بہدف ہیں خاص کر جو میرے زیر استعمال رہیں اور جنہوں نے مجھے بہت زیادہ فائدہ دیا وہ عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ’’جوہر شفاء مدینہ‘‘ اور ’’ہاضم خاص‘‘ ہیں۔ میرے ساتھ بچپن سے ایک مسئلہ تھا پہلے تو مجھے بھوک ہی نہ لگتی اگر کچھ زبردستی کھالیتا تو کھانا ہضم ہی نہیں ہوتا تھا۔ بہت پریشان رہتا کہ کھانا ہضم کیوں نہیں ہوتا‘ والدین نے مجھے بے شمار سیرپ استعمال کروائے‘ خود ذرا بڑا ہوا تو کافی انگریزی ادویات استعمال کیں مگر کچھ فرق نہ پڑتا بلکہ ادویات کھا کھا کر معدہ مزید خراب ہوگیا۔ میری بڑی بہن کی سہیلی نے ایک مرتبہ اسے عبقری رسالہ دیا اور وہ گھر لے آئی‘ عبقری پڑھنا شروع کیا تو زندگی میں بہت بہتری آئی‘ اپنے امراض کے علاج کیلئے عبقری رسالہ کے آخر میں دی گئی ادویات کے متعلق پڑھا تو میں نے اپنے شہر میں موجود عبقری ایجنسی پر رابطہ کیا اور انہیں کہا کہ مجھے ’’ہاضم خاص‘‘ اور ’’جوہر شفاء مدینہ‘‘ چاہیے۔ انہوں نے مجھے فراہم کردی‘ بس لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق میں نے ادویات کا استعمال شروع کردیا۔ چند ہفتوں کے استعمال سے ہی میری طبیعت سنبھلنا شروع ہوئی‘ میں نے جوہر شفاء مدینہ کی پانچ ڈبیاں مستقل مزاجی سے استعمال کیں جبکہ ہاضم خاص کا تو میرا گھر کیا ہمارا پورا محلہ دیوانہ ہوگیا ہے۔

اللہ کریم کا لاکھ شکر ہے کہ اس نے مجھے ان ادویات کے وسیلہ سے شفاء سے نوازا ہے۔ میری صحت دن بدن بہتر ہوگئی‘ چہرے پر رونق لوٹ آئی‘ آنکھیں اندر کو دھنس چکی تھیں جو کہ اب بارونق ہورہی ہیں‘ خوب بھوک لگتی ہے اور خوب ہی کھاتا ہے‘ کھانا جزو بدن بننا شروع ہوگیا ہے۔ اب تو عبقری رسالہ ہمارے گھر کی رونق بن چکا ہے‘ میں جہاں عبقری ادارہ کو دعائیں دیتا ہوں وہی اپنی بہن اور اس کی بہن کو بھی دعاؤں سے نوازتا ہوں جن کے وسیلے سے مجھے عبقری رسالہ ملا۔ اور آج میں شفاء یاب ہوں۔ (شعبان علی‘ راولپنڈی)

# رسولی کی تکلیف ختم اور ماہواری کا مسئلہ حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے تمام ساتھیوں کو لمبی زندگی دے۔ آمین! حکیم صاحب میں آپ کو اپنی بیماری کے متعلق بتانا چاہتی ہوں کہ پہلے مجھے خون کی رسولی کی تکلیف تھی اور تکلیف بھی بہت سخت تھی میں نے آپ کو بذریعہ خط (جوابی لفافہ کے ساتھ) ساری تفصیل بتائی تھی‘ چند ہفتوں کے بعد ہی مجھے جواب موصول ہوا جس میں آپ نے مجھے عبقری دواخانہ کا ’’پوشیدہ کورس‘‘ استعمال کرنے کو کہا تھا کہ 90 دن استعمال کریں، میں نے اسی دن عبقری دواخانہ لاہور سے بذریعہ وی پی پارسل منگوا لیا۔ جیسے ہی ’’پوشیدہ کورس‘‘ مجھے ملا لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال شروع کردیا‘ ان دنوں بہت تکلیف میں تھی‘ مگر میں دوا ضرور لیتی تھی‘ پہلا کورس ختم کیا تھا کہ میری طبیعت سنبھلنا شروع ہوگئی‘ میں نے تین کورس استعمال کیے تو میں حیران رہ گئی کہ میری بیماری ختم ہوگئی یہ بات آج سے تقریباً تین سال پہلے کی ہے اب میں پنج وقتہ نماز بھی پڑھ لیتی ہوں اور پورے روزے بھی رکھے ہیں اور میری ماہواری کا مسئلہ بھی حل ہوگیا ہے۔ عبقری سے ملنے سے پہلے میں نے انگریز ادویات کا بے دریغ استعمال کیا جس سے میری حالت دن بدن خراب ہوتی ہوگئی اور صحت یکدم ڈاؤن ہوگئی تمام گھر والے پریشان تھے کہ اس کو کیا ہوگیا ہے‘ دن بدن کمزور ہوتی جارہی ہے پھر ایک دن عبقری رسالہ بک سٹال پر نظر آیا میں نے خرید اور پڑھنا شروع کیا بہت اچھا رسالہ ہے۔ الحمدللہ! آپ کو ایک خط لکھنے کی برکت سے میری صحت کے مسائل حل ہوگئے‘ ابھی گزشتہ ماہ کا عبقری پڑھا تو اس میں اکثر قارئین نے عبقری ادویات سے شفاء یابی اپنے آزمودہ واقعات لکھے تو میرے دل سے بھی آواز آئی کہ میں بھی لکھوں اور مخلوق خدا کو بتاؤں کہ مجھے شفاء اسی در سے ملی ہے۔ (ی۔ الف)۔

# ہارمونز کے مسائل میں میری آزمودہ دوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں اور آپ کے درس ضرور سنتی ہوں۔ ایک مرتبہ میں نے عبقری دواخانہ سے شہد خریدا تو انہوں نے شہد کی بوتل کے ساتھ ایک چھوٹا سا کتابچہ ’’عبقری ادویات کی شفایابی‘‘ بھی ڈال دیا‘ گھر آکر میں نے اس میں سے عبقری دواخانہ کی ادویات کے فوائد پڑھے تو مجھے میری کزن کی بیماری یاد آگئی‘ اس کو ماہواری کا مسئلہ تھا‘ جس کی وجہ سے بہت زیادہ پریشان تھی۔ میں نے عبقری ادویات کی شفاء یابی کتابچہ سے دیکھ کر عبقری دواخانہ کی دو ادویات ’’ہارمونز شفاء‘‘ اور ’’خاتون شفاء‘‘ منگوا کر اسے دیا‘ اس نے لکھی گئی ترکیب کے مطابق اس کو استعمال کرنا شروع کردیا۔ اس کا یہ دیرینہ مسئلہ حل ہوگیا جو عرصہ دراز سے علاج کروارہی تھی لیکن اس کو افاقہ نہیں ہورہا تھا لیکن ان دو دواؤں نے اس کو مکمل ٹھیک کردیا ہے۔ اس میں اور بھی بہت سی ادویات ایسی ہیں جن کا دوسروں کو استعمال کروایا ہے‘ جنہیں بہت افاقہ ہوا ہے۔

آپ کی ادویات کا سب بڑا فائدہ یہ ہے کہ ان کا کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں کیونکہ ’’عبقری دواخانہ‘‘ کی ادویات کا استعمال میں نے بھی کیا تھا ان کا کوئی نقصان نہیں ہے فائدہ ہی فائدہ ہے۔ میرے گھر میں عبقری دواخانہ کی مختلف ادویات موجود رہتی ہیں جس سے میں اور میرے گھر والے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہیں۔ ہم سب گھر والوں نے انگریزی ادویات کا استعمال بالکل ختم کردیا ہے‘ کوئی بھی بیماری ہو‘ عبقری دواخانہ کی ادویات میں اس کی شفاء محفوظ ہے۔ میں اپنے جاننے والوں کو بھی عبقری کی ادویات استعمال کرنے کا مشورہ دیتی ہوں۔ الحمدللہ! جس نے بھی میرے کہنے پر عبقری دواخانہ کی دوا استعمال کی اس نے اس کی تعریف ہی کی ہے۔ وہ چھوٹا سا کتابچہ جو کہ مجھے بالکل مفت ملا آج بے شمار کیلئے شفاء کا پیغام لایا ہے۔ الحمدللہ! اس سے پڑھ کر جو دوا استعمال کی جائے کرم ہوجاتا ہے۔ (م۔ ن)

پتھری ڈائیلاسز کورس
پراسٹیٹ یعنی غدود بڑھ جائیں اور آپریشن کے بغیر چارہ نہ ہو تو پھر ’’پتھری ڈائیلاسز کورس‘‘ کا کمال دیکھیں۔
یوریا یورک ایسڈ اور کریٹینن بڑھ گئی ہو تو یہ کورس اعتماد سے استعمال کریں۔
قیمت: 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ (دوا برائے پندرہ یوم)
مسئلہ پرانی پتھری کا ہو یا آپریشن کے بعد بار بار پتھری بن جاتی ہو اعتماد سے استعمال کریں۔

# میرے معدہ کا السر چند دنوں میں ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے معدے کا بہت زیادہ مسئلہ تھا جس کی وجہ سے ہر وقت تکلیف رہتی تھی اگر کچھ کھاتی پیتی تو دل بھاری ہوجاتا تھا پھر آہستہ آہستہ تکلیف اتنی بڑھ جاتی کہ میں بیٹھ یا لیٹ بھی نہ سکتی تھی۔ پھر میں نے عبقری رسالہ سے دیکھ کر آپ کا ''معدے کا السر کورس'' استعمال کرنا شروع کیا۔ پہلے پوری ترتیب کے مطابق نہیں کرسکی پھر آہستہ آہستہ روٹین بنی تو دوسرے ہفتے ہی اس کا رزلٹ ملنا شروع ہوگیا۔ دراصل میں نے انگریزی ادویات کا استعمال کثرت سے کیا جس سے معدے کا السر ہوگیا۔ انگریزی ادویات ہر وقت میرے پرس میں رہتی ہر جاننے والی مجھے ایک ہی لفظ کہتی ہے تم تو میڈیکل سٹور ساتھ لیے پھرتی ہو' کیوں کھاتی ہو اتنی ادویات؟ معدے کی تکلیف سے جان چھوٹ ہی نہیں رہی تھی تھوڑا سا بھی کھانا زیادہ کھاتی تو معدے میں جلن' درد' ساری ساری رات رہتا جس وجہ سے میں سو بھی نہیں پاتی لیکن جب سے عبقری دواخانہ کی دوا ''معدہ کا السر کورس'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کیا تو چند ہفتوں میں ہی میرا معدہ آہستہ آہستہ بالکل ٹھیک ہوگیا۔ اب درد کا نام و نشان بھی باقی نہیں رہا۔ اب ملنے والے خواتین کہتی ہیں کہ تمہارا ادویات سے بھرا ہوا پرس کہاں ہے؟ تو میں کہتی ہوں کہ عبقری کی مہربانی سے ادویات سے بھرے پرس سے جان چھوٹ گئی۔ (ص۔الف)۔

# عبقری دواخانہ کی ادویات نے مجھے حکیم بنا دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم نے آپ کے عبقری دواخانہ سے بہت سی ادویات استعمال کی ہیں اور رشتہ داروں کو بھی استعمال کروائی ہیں جن سے ان کو بہت افاقہ ہوا ہے۔ ان دواؤں میں ''سچا منجن'' استعمال کیے۔ دانتوں کے مسائل کیلئے بہت ہی لاجواب چیز ہے' مجھ سے کوئی بھی ٹھنڈی یا گرم چیز ہرگز نہ کھائی جاتی تھی' میں نے یہ منجن استعمال کرنا شروع کردیا' الحمدللہ میرے دانتوں کو ٹھنڈا گرم لگنا ختم ہوگیا۔ میرے کزن کو ہیپاٹائٹس تھا بہت جگہوں سے اس نے علاج کروائے مگر اسے شفاء نہ مل رہی تھی' میں نے اسے عبقری دواخانہ کی ہیپاٹائٹس نجات سیرپ کے استعمال کا مشورہ دیا' اس نے 24 بڑی بوتلیں مستقل مزاجی سے استعمال کیں۔ اب اس نے ٹیسٹ کروایا تو خوشی سے مجھے کال کی اور بتایا کہ میرا مرض 80 فیصد ختم ہوچکا ہے میں نے اسے مشورہ دیا ہے کہ کم از کم بارہ مزید بوتلیں پی لو ان شاء اللہ تمہارا مرض ختم ہوجائے گا۔ اسی طرح عبقری دواخانہ کی ''روحانی پھکی'' تو ہمارے گھر ہر وقت ایسے موجود رہتی ہے جیسے نمک اور چینی۔ جیسے ہی ختم ہونے والی ہوتی ہے شور برپا ہوجاتا ہے کہ روحانی پھکی مزید منگوالیں ختم ہونے والی ہے' جب سے یہ ہمارے گھر آئی ہے چھوٹے موٹے امراض تو نامعلوم کدھر گئے' ہر کوئی روزانہ دن میں کم از کم پانچ مرتبہ تو ضرور کھاتا ہے۔ ''روحانی پھکی'' پیٹ کے امراض' موٹاپا' سردرد جیسے امراض کو تو کچھ سمجھتی ہی نہیں۔ امراض گرما کیلئے ہم نے ہمیشہ عبقری دواخانہ کی ''ٹھنڈی مراد'' پر ہی بھروسہ کیا ہے۔ جیسے ہی موسم گرما کا آغاز ہوتا ہے صبح و شام صرف آدھا چمچ چائے والا ٹھنڈی مراد کھالیتے ہیں سارا دن تندرست رہتے ہیں۔ گرمی کے امراض ہمارے قریب سے بھی نہیں گزرتے۔ ''ستر شفائیں'' تو واقعی ستر بیماریوں سے شفاء ہے۔ جوڑوں کا درد ہو' کمر درد ہو' معدہ کا کوئی مسئلہ ہو' جگر خراب ہو' دل گھبرا رہا ہو بس ستر شفائیں کا استعمال جاری رکھیں انشاء اللہ آپ بالکل تندرست ہوجائیں گے اور اسی طرح ''کان شفاء'' بھی ہمارے گھر میں موجود رہتی ہے جس کسی کو بھی کان میں درد ہو یا کان کا کوئی مسئلہ ہو' لکھی گئی ترکیب کے مطابق کان شفاء کا استعمال کرتے ہیں ہمارے کان کے مسائل حل ہوجاتے ہیں۔ لوگوں کو عبقری دواخانہ کی ادویات بتا بتا کر میں آدھی حکیم بن چکی ہوں۔ اب تو گاؤں میں لوگ آکر مجھ سے پوچھتے ہیں کہ ہمیں فلاں مسئلہ ہے؟ تو میں ان کو عبقری دواخانہ کی دوائی استعمال کرنے کیلئے بتاتی ہوں اور وہ بھی پورے یقین کے ساتھ عبقری کی ادویات کا استعمال کرتے ہیں جس سے اللہ کریم ان کو شفاء دیتا ہے اور وہ آکر میرا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ آپ نے عبقری دوائی دی جس سے ہمیں بیماری سے شفاء مل گئی۔ میں دل ہی دل عبقری کو دعائیں دیتی ہوں۔ (ن۔ع)

# میری پانچ بیماریاں صرف ایک دوا سے ختم ہوئی ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ کئی سال سے عبقری اور تسبیح خانہ کے ساتھ جڑی ہوئی ہوں اور جڑنے کی وجہ میری 'درزن' بنی وہ ایسے کہ میری ٹانگوں میں بہت عرصہ سے درد ہو رہا تھا جس کیلئے میں نے بہت سے ڈاکٹروں سے علاج کروایا لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا اگر فائدہ ہوتا بھی تو صرف وقتی طور پر۔ ایک مرتبہ اپنی درزن کے پاس سوٹ سلوانے کے سلسلے میں اس کے گھر گئی تو اس کے گھر میں عبقری رسالہ پڑھا تھا' میں نے اٹھا کر دیکھا تو اس نے اس کی تعریفیں شروع کردیں اور بتایا کہ اس میں بہت کچھ ہے اس میں سے اپنے مرض کے مطابق دوا ڈھونڈ کر استعمال کریں ان شاء اللہ آپ کو فائدہ ہوگا' ساتھ اس نے میرا یقین بڑھانے کیلئے ایک واقعہ بھی بتایا کہ میں نے یہ رسالہ پہلے بھی کسی کو پڑھنے کیلئے دیا تھا' انہوں نے اس میں سے ''ستر شفائیں'' دوا استعمال کی اور اب بھی کر رہے ہیں جس سے ان کے معدے، جگر، گیس، قبض اور دیگر بیماریاں صرف اس ایک دوائی سے ختم ہوگئی ہیں۔ میں نے اس کی بات کو سنجیدگی میں لیا اور اس میں چھان بین شروع کردی' عبقری رسالہ میں بہت مفید معلومات ہیں' اس کے علاوہ اس کے آخر میں عبقری دواخانہ کی ادویات کا تعارف پڑھا تو میں نے اپنی طبی کیفیت کو دیکھتے ہوئے عبقری دواخانہ کی ''جوہر شفاء مدینہ'' اسی رسالے پر لکھے ہوئے عبقری دواخانہ کے نمبر پر کال کی اور بذریعہ وی پی یہ دوا منگوالی۔ ابھی مجھے یہ دوا استعمال کرتے ہوئے تقریباً تیسرا ہفتہ ہے جس سے میری یہ دیرینہ تکلیف ختم ہوگئی ہے۔ ٹانگوں کا درد ختم ہونے کے ساتھ جو معدے کے نظام تھا وہ بھی درست ہوگیا ہے۔ طبیعت فریش ہوگئی ہے' ورنہ صبح جب اٹھتی تو جوڑ جوڑ درد کررہا ہوتا تھا۔ (ن۔ ف گجرات)

نامراد بیماری کا تیر بہدف علاج
بستر پیشاب شفاء
اچانک پیشاب کا نکل جانا سب کے سامنے شرمندہ کردیتا ہے
بار بار پیشاب یا بستر پر پیشاب کا نکل جانا بہت بڑا مسئلہ! مگر اب نہیں!
قیمت 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

تجربات رومی (قسط نمبر 3)

# سحری ڈبل روٹی اور افطاری برگر؟ ذرا خیال کیجئے!

سارے مہینوں سے افضل مہینہ رمضان المبارک کا ہے جو کہ اس مرتبہ تقریباً مئی میں ہی آرہا ہے۔ تقریباً اس لیے لکھا کہ اپریل میں صرف پانچ یا چھ روزے ہونگے باقی سارا مہینہ مئی میں ہے۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں رمضان میں روزہ رکھنے کی وجہ سے بعض لوگوں میں بھوک اور پیاس کی شدت بڑھ جاتی ہے اور کچھ لوگ اس مہینے میں بھی اکثر بیمار ہوجاتے ہیں حالانکہ یہ مہینہ سراسر شفاء ہی شفاء ہے۔ جو لوگ بیمار ہوتے ہیں اس میں بھی ان کی اپنی کوتاہی ہے' روزہ تو ہے ہی سراپا شفاء۔ اگر روزہ کو اس کی صحیح روح کے مطابق رکھا جائے تو بڑی بڑی بیماریاں ختم ہوجاتی ہیں جس کا اقرار آج کی جدید سائنس گلا پھاڑ پھاڑ کر رہی ہے۔ میں آپ کو بتاتا ہوں کہ لوگ اس ماہ مبارک میں کیوں ہوتے ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ہم نے غذاؤں کا غلط انتخاب کیا ہے! سحری میں ڈبل روٹی اور افطاری برگر! یہ کیا زندگی ہے؟ اس طرح کی غذائیں کھائیں گے تو بیمار تو ضرور ہوں گے۔ رمضان المبارک میں خود کو بیکری کی اشیاء سے سوفیصد دور رکھیں صحت مند سادہ دیسی غذائیں کھائیں پھر دیکھیں رمضان المبارک میں کیسے آپ کو بیماریوں سے چھٹکارا نصیب ہوتا ہے اور ہمیشہ کی شفاء اور تروتازہ صحت مند زندگی آپ کا مقدر بنتی ہے۔ آپ کو میں آج ایسی غذائیں بتاتا ہوں جو آپ کو رمضان میں اور رمضان کے بعد میں بھی صحت مند ہشاش بشاش رکھیں گی۔ سحری میں آپ دہی اور اس کے اندر شکر دیسی ڈال کر روٹی یا پراٹھا (جو دیسی گندم اور خالص دیسی گھی سے بنا ہو) کے ساتھ کھائیں۔ دوسرا: ایک چھوٹی سی پیالی میں دودھ کے اوپر سے بالائی اتار کر اس میں شکر یا شہد ڈال کر کھائیں یا لسی کے ساتھ روٹی یا پراٹھا کھائیں اور پانی ہمیشہ کھانے سے پہلے پئیں۔ آپ نے اکثر غور کیا ہوگا کہ سحری کا وقت ختم ہونے سے ایک منٹ پہلے پانی کی شامت ہوتی ہے۔ نہیں! ہرگز نہیں!!! پانی ہمیشہ پہلے پئیں اور افطاری میں املی آلو بخارا کا شربت صرف ایک گلاس پئیں اور پھر گھر سے مسجد میں مغرب کی نماز پڑھنے جائیں۔ نماز کے بعد پھر تسلی سے بیٹھ کر کھانا کھائیں اور ہاں اتنا زیادہ نہ کھائیں کے تراویح نہ پڑھی جائے۔ یہ ایسا شیڈول یا ترتیب ہے جو کہ ایک کامیاب ترین انسان کی ہے جو کہ دین اور دنیا میں بہت ہی آگے ہے۔ اگر آپ یہ اپنالیں گے تو ان شاء اللہ آپ رمضان المبارک میں اور رمضان المبارک کے بعد خود کو پہلے سے بہت زیادہ صحت مند چاق و چوبند اور تندرست محسوس کریں گے۔ (انشاء اللہ)۔ میرے ابا جی دامت برکاتہم نے ہمیشہ سادہ غذائیں خود بھی کھائیں اور مخلوق خدا کو وقتاً فوقتاً اپنے درس' آرٹیکلز کے ذریعے انہی فطری غذاؤں کے فوائد و کمالات بتاتے رہتے ہیں جس سے مخلوق خدا کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ اکثر فرماتے ہیں کہ تین "ب" اور تین "چ" سے ہمیشہ پرہیز کریں۔ جیسے ب سے بوتل' برگر اور برائیلر اور اسی طرح چ سے چاول' چکنائی اور چٹخارا۔ آپ بھی عمل کیجئے صحت مند رہیے۔

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

## مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سوفیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلاتعداد مسلسل يَا غَفُوْرُ يَا وَدُوْدُ پڑھیں' اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ "آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہوکر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سوفیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں" یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سوفیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔ مراقبے کے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

## مسواک
### عظیم شخصیات کی نظر میں

(۱) حضرت محمد ﷺ کا فرمان ہے مسواک کیا کرو کیونکہ مسواک منہ کی پاکی ہے اور حق تعالیٰ کی خوشنودی ہے۔ جبرئیل مجھے ہمیشہ مسواک کی وصیت کرتے رہے یہاں تک کہ مجھے خوف ہوا کہ کہیں مجھ پر اور میری اُمت پر فرض نہ ہو جائے۔ اگر مجھے اپنی امت پر دشواری کا خوف نہ ہوتا تو میں ان پر مسواک فرض کردیتا اور میں اس قدر کثرت سے مسواک کرتا ہوں کہ مجھے اپنے منہ کے اگلے حصے کے چھیل جانے کا خوف ہے۔ (۲) حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مسواک قوت حافظہ کو بڑھا دیتی ہے اور بلغم کو دور کرتی ہے۔ (۳) حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں مسواک موت کے سوا ہر مرض کی شفاء ہے۔ (۴) حضرت حسان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مسواک کرنا نصف ایمان ہے اور وضو بھی۔ (۵) حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں مسواک انسان کی فصاحت میں اضافہ کرتی ہے۔ (۶) حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی شہر کے باشندے مسواک کا انکار کریں تو امام ان سے مرتدین کی طرح قتال کرے۔

### آیت قرآنی سے کینسر کا مکمل علاج

سورۂ انعام کی آیت نمبر 45 "فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ" تک نہایت کثرت عاجزی، مفلسی، مستقل مزاجی سے پڑھیں۔ انشاء اللہ کینسر کا خاتمہ ہوجائے گا۔

کینسر کے علاج کا نسخہ: کلونجی 100 گرام، قسط شیریں 200 گرام، میتھی کے بیج 25 گرام تمام اشیاء کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک چھوٹا چمچ صبح و شام کھانے کے بعد پانی سے استعمال کریں۔

(بقیہ: رمضان میں یہ عمل کیا' عید کیلئے غیبی نظام بن گیا)
ہم نے جوتے کپڑے وغیرہ بنائے اور عید کے پندرہ دن بعد ہمارے والد صاحب نے ہمیں زندگی میں پہلی بار چالیس ہزار روپے دیے۔ رمضان سے لے کر اب تک ہمیں پیسوں کی تنگی نہیں ہوئی اور یہ سب کمالات سورۂ کوثر اور برکت والی تھیلی کی وجہ سے ہوئے اور میری ماما ہر نماز کے بعد سات مرتبہ سورۂ قریش پڑھتی ہیں اس سورۃ کی وجہ سے ہمارے رزق میں بہت برکت رہتی ہے۔ اس کے علاوہ سورۂ قریش کو 101 مرتبہ دم کرنے سے راشن میں برکت رہتی ہیں۔ (کائنات اظہر، راولپنڈی)

بے پناہ امراض گھیر لیں تو صرف (شوگر والے حضرات استعمال نہ کریں)
ٹھنڈی مراد
شفاء کا انوکھا فرحت بخش ٹھنڈا خزانہ ہے

ہاتھ پاؤں میں جلن' سر چکرانا' منہ کی خشکی' آنکھوں کے سامنے اندھیرا' جگر و مثانے کی گرمی، یورک ایسڈ' قبض' ہائی بلڈ پریشر' زنانہ و مردانہ پوشیدہ امراض کیلئے آخری حل

جسم ٹوٹے' دل گھبرائے یا پتھری ستائے
صرف ٹھنڈی مراد سے چین پائیں
قیمت-/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

## رمضان میں ماہنامہ عبقری
## خاص رعایتی قیمت پر

مخلوق خدا کے مسائل حل کیجئے! ماہنامہ عبقری ہر دکھی تک پہنچائیے! مئی 2020ء کا رمضان خاص شمارہ
خاص طور پر حسب توفیق تقسیم کیجئے اور ڈھیروں نیکیاں، زندگی کا سکون پائیے۔ تقسیم کرنے کیلئے رعایتی قیمت پر دستیاب ہے
منگوانے کیلئے ابھی کال کریں 0332-7552382 0332-4091206

LIVE
رمضان المبارک مئی 2020
”شیخ الوظائف کے ہمراہ“ گزاریئے!
LIVE

| | |
|---|---|
| روزانہ درس<br>سوال و جواب کی نشست | دوپہر 3 بجے سے<br>شام 5 بجے تک |

پاکستانی وقت کے مطابق

پروگرام ”شیخ الوظائف کے ہمراہ“ گھر بیٹھے عبقری سوشل میڈیا کے ذریعے لائیو دیکھیں اور دوران درس اپنے طبی و روحانی کے حل کیلئے اس نمبر پر کال کریں اور شیخ الوظائف سے براہ راست بات کیجئے۔ 0306-7579883

نہ کوئی کیمیکل نہ اضافی اشیاء! بالکل تازہ اور خالص ترین اجزاء پر مشتمل

لاجواب ذائقہ! بے مثال صحت
ہر بچے، جوان، بوڑھے کی پسند
# مشروب املی آلو بخارا

”مشروب املی آلو بخارا“ پرانے بخاروں اور یرقان کی عمدہ اور خوش مزا ترش و شیریں ذائقہ کی حامل موثر دوا ہے

تازہ اور خوش مزہ مشروب جتنا دل چاہے استعمال کریں، ہر گلاس آپ کو نئی راحت، نئی ٹھنڈک اور بھرپور تازگی و قوت کا احساس دلائے گا۔

Rs: 250

## رمضان المبارک کا خصوصی مشروب

نبوی اور فطری جڑی بوٹیوں کا
سو فیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ

ہر گھر، ہر فرد کی پسند اور ضرورت، چند سالوں میں اعلیٰ اور خالص ترین کوالٹی کے سبب ہر گھر کی رونق بننے والا مشروب
تھکاوٹ، جھنجھلاہٹ، کمزوری، گرمی، تپش، پیاس کے علاج کیلئے تسکین اور راحت جاں کا پر اعتماد مشروب

### افطار ڈسکاؤنٹ آفر
جو مخیر حضرات رمضان المبارک میں افطاری کا خصوصی اہتمام کرتے ہیں ان کیلئے ”مشروب عبقری“ پر خصوصی ڈسکاؤنٹ آفر۔

مشروب عبقری

Rs: 200

مغل اعظم شاہی
# معالج آٹا

شوگر، کولیسٹرول، موٹاپا، ہائی بلڈ پریشر، یورک ایسڈ، امراض قلب، پیٹ کا بڑھنا، جوڑوں کا درد، قبض اور اعصابی و جسمانی کمزوری اور بیماریوں سے نجات کیلئے انتہائی مفید

جو، مکئی، چنا، باجرہ، جوار، کلونجی، اجوائن، سونف اور سفید زیرہ کا انوکھا امتزاج

بچوں، بڑوں، صحت مند اور مریضوں کی یکساں غذا
صحت مند اور کامیاب نسلوں کیلئے کامیاب فطری ٹانک
بالکل تازہ اور زود ہضم۔ طاقت کا خزانہ

Rs: 400

طریقہ استعمال:
2 کلو معالج آٹے کو دس کلو گندم کے آٹے میں بھی مکس کر سکتے ہیں اور چاہیں تو صرف معالج آٹا بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

Rs: 950
عبقری خالص دیسی گھی

خوشخبری
دیسی گھی اب ایک پاؤ کی دلکش پیکنگ میں بھی دستیاب ہے!
قیمت 250 روپے

## دیسی گھی
نسلوں کی تعمیر، پرانی ریت
اور روایتوں کے ساتھ
وہی سچا ذائقہ
مہکتی خوشبو
اور لاجواب صحت

### پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ
شیخ الوظائف کو پاکستان کی پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز مثلاً برتن، تانبے، کانسی، چمڑے، لکڑی کی بنی ہوئی چیزیں یا الیکٹرانکس کی پرانی بے کار چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کے پرانے سکے، ایشیٹیں،

شیخ الوظائف سے دعائیں لینے کا

0332-7552382
0332-4091206